شب گذشتہ اسی فکر پیچ مرتا تھا

کدھر کو جاؤ یہین تا دل کرے مرا وا شد
دو ہین خیالمین قدسی کا یہ سخن گذرا

ہوئے بزم حریفان شگفتہ شو چون قد
کہ جان برائے تو دارد در آستین ملنا

یہ سنکے مژدۂ جان بخش میکدہ کیطرف
چلا مین گھر سے پٹ خوش ہو یہ غزل پڑھتا

مطلع

نہ سنگ پا ہو یہ دل ایخدا نہین یہ حنا
بتان کرین ہین اسی پائمال کیون اتنا

شکست وعدۂ ساقی سے دل ہوا تنا چور
کہ جائے اشک نکلتے ہین ریزۂ مینا

جو درد دل کے مرے پیے ہو تو شاید رو
عجب کہ ہر بن مو پر نہ دل کرے پیدا

بجای سرمہ کردن میل گرم مین اسمین
نمک سے اشک کے جس چشم نے مزا چکھا

گرہ مین غنچہ صفت زر کری دنی گو جمع
ولے سخی ہی اور اوڑا ویگے اوسکو مثل صبا

کہے وہ گنبد زرین کہ جسکا ہے یہ شکوہ
فلک نے دیکھ جسے دلمین پیچ کھائے کہا

کہ کہنہ جانکے مجکو جناب اقدس نے
بنا کیا ہے سرنو سے آسمان طلا

شعاع نور سے خورشید جسکے قبہ کی
پلک جھپکنے سے یک ذرہ بھی نہین رہتا

زبس کیا ہے مرصع اوسے جواہر سے
ہے کان لعل سے خالی گہر سے ہے دریا

اگر نہووے یہ کم یاب وان کے مصرف سے
بنا دے لعل یہ قیمت نہ دُر کو ہووے بہا

جبین آئینہ مہر و مہ نہو روشن
غبار در سے یہ اوسکے اگر بنا دے جلا

ہر ایک حلقہ زنجیر سقف مین اوسکے
عجب ہی لطف سے ہر قمقمے کو نصب کیا

بیان نہین کیا کرون اس لطف کے تئین جس سے
پھنسا ہو زلف مین محبوب کے دل عاشق کا

مسان دیدہ پُر آب عاشقان جاری
ہے اوسکے صحن مین ایک حوض فخر کوثر کا

دکھاؤن کسکو مین اس گنبد طلا کا عکس
کہ جسطریق ہے پانی مین اوسکے جلوہ نما

ہوا ہے دلکو یقین یہ کہ حوض کوثر مین
کرے ہے آن کے گرد و نسے آفتاب شنا

نہے وہ حوض کہ جنت سے جسکے چشمہ خضر
ہمیشہ پردہ ظلمات مین رہے ہے چھپا

دلا طویل نہ کر مدح غائبانہ کو
نیاز لیکے یہ مطلع حضور مین تو آ

مطلع

مدح حضرت امام ثامن

رضا علی موسی رضا شاہ

خراسان صلوات اللہ علیہ

وکنایہ وطن بہ شاعر

فاخر یکتن ہو اسکو استاد او

مستغنی ذاتی ہو ہوس کی ہو

سخن ہو جہان ہو بنکا وان خاک ہو

کیا کیسہ ذر کمون سے جن کا

کب بنہ فروشون کو حضور اونکے ہو

ہے اصل سے نسبت بلیغ کو جن کے

ز بسکہ خوف ہو اسباب منع کے دلمین
شہا اس عہد مین تیری غضب سے صولت

شراب پنبہ مینا سے چاہتی ہی نمک
صدائے رفتہ سو کہتی ہی نے کہ آچھپ جا

تیری کمان کے آگے حریف روز نبرد
کمان سے لائے بہ طاقت جو ہو سکی سیدھ

کہ جسکے تیر کے ہیبت سے آسمان نے کبھو
بغیر خم کیے پشت اپنی سر اوٹھا نہ جا

ق

کہ آسمان کو اوٹھا کر سپر کرے منھ پر
ترے عدو مین یہ قوت ہی مین نے فرض کی

جو روز رزم مقابل ترے کمان کے ہو
صفای شست ترا اوسکو ذبح کے دکھلا

کہ جس صفا سے نگہ پار نکلے شیشہ سے
اوسی صفا سو نکل جاوے تیر بھی تیرا

شہا عجب ہی وہ شمشیر جسکی صولت سے
ترے عدو کو ہزیمت سے شوق ہی اتنا

اگر اوسکے بعد مصور جو کھینچے اوسکی شبیہ
تو رخ اوسکی بنا کے کہ پہلے پانون تلے

ترے سمند کے میدان مین نقش پا جو پڑے
کرے وہ خون مین اعدا کے روز رزم شنا

شرار قطرۂ خون ہون ٹپک پڑین دہن
ملے جو کوہ کو گر پنجۂ غضب تیرا

ہی عرض حال غرض مجکو ورنہ مدح تیری
بجائے ہر بن مو ہو زبان نہو وے ادا

نہین ہون گر کسی لائق لیے ہی ترم تجھے
کہ دو دعا نہین حامی کو ہون نہین تجھسا

کیا ہے دہر نے عرصہ کو مجھپر اتنا تنگ
کہ جان لب پہ ہون وے جی نہین نکل سکتا

نہ اتنی کی لگ پڑے ذکسو کی تن مین جگہ
جو گھر کرے ہی مرے تن کے بیچ تیر بلا

پکڑی جو لوٹے نے کہین کھیتی سو چڑیا
سمجھا کہ نہین باز کوئی مجھسا کلان کیر

یا شب کو بیا گھونسلے مین جگنون کو لا کر
جانے یہ دل اپنے مین کیا ماہ کو تسخیر

صاحب سخن اس طبقۂ شعرا مین کئی ہین
ہم بزم سخن انکو نہ اسنے کرے تقریر

مصرعہ مین اگر پستۂ معنی ہو قلمبند
زعم اپنے مین سمجھی ہین کیا پیل کو زنجیر

نقارہ کا مضمون بدرستی جو یہ باندھین
کوس لمن الملک کے ٹھونکین جو بم و زیر

سمجھین ہین کلام اپنا بہ از سورۂ یوسف
معنی جو ہین سو خواب فراموش کی تعبیر

کرتے ہین مجالس مین پھر اوسکو یہ بدی یاد
سامع کرے تحسین ہین اونکے جو کچھ دیر

اس خط کے عہد سے وے وہ نہ براوین
جو ملک سخن کے ہین مہتو نہین مشاہیر

اوستاد کی انکے ہو انھونکو یہ نصیحت
لفظی نہ تناسب ہو تو کچھ مت کرو تحریر

اتنا تو ملازم رکھو الفاظ کا ملحوظ
بے پنجہ و ناخن نہ لکھو دودھ کو تم شیر

جبتک کہ نہ منظوم ہو پاسنگ ترازو
باندھو نہ کبھو شعر مین تم لفظ شکم سیر

تم شعر و سخن اپنے کی بندش مین کمان ہین
بولو نگہ یار کو یارو نہ کبھو تیر

چہرہ کو نہ معشوق کے دو شمع سے تشبیہ
تا زلفونکو باندھو نہ کسو شکل سے گلگیر

مضمون جو قد و زلف کا معشوق کے باندھو
لکھو الف و لام کے سیپارہ کی تفسیر

ملحوظ قراین رکھو ہر آن نظر مین
مرجع ہو مونث تو ضمیر اوسکی ہو تذکیر

سودا تجھے کیا سود جو ابنائے زمان سے
ناحق تو بے ربط سے کرتا ہے تو تقریر

کر اوسکی عوض مدح شہ ہر دو جہانکی
تا عفو جرایم تیرے طالع مین ہون تحریر

وہ شاہ جزا سان نگہ فیض سے جسکے
ہوتے ہوئے اکسیر نہ مٹی کو لگے دیر

جسکے در مسجود کا معمار ازل نے
پارس کے عوض سنگ کیا معرف تعمیر

نالنگا کرے ہی ہاتھ کو پھیلا کے فلک پر
مہر اوسکے سد اقبہ درگاہ سے تنویر

کیا تاب جو صیاد اجل منھ کرے وہ سمت
لیجائے پناہ اگر اوسکے سایہ مین نخچیر

سجدے کو وہ عالم کے وہ محراب ہو اوسکی
زایر کا جہان نقش قدم ہووے زمین گیر

مومن یہ تصور نہو جو مقتدی اوسکا
مقبول نہ اوسکے ہو صلوٰۃ اور نہ تکبیر

عدل اوسکے سے لرزے ہی خس و خار سے شعلہ
عہد اوسکے مین سم رکھے ہو تریاق کی تاثیر

جس دشت مین باجے دہل حرم بزنگیبار
ہیبت سے اودھر آنکے جھانکے نہ کبھو شیر

مفقود عداوت یہ عدالت سے ہوئی ہے
ضدین کو ہے ربط بہم جون شکر و شیر

شاہا تو وہ ہے عالم و آگاہ کہ جسکے
تدبیر کے ایما سے نہ باہر ہوئی تقدیر

جسجا تیرے ایما سے خداوند جہان نے
بخشی ہے اگر ایک گنہگار کی تقصیر

وہ چاہے بلاشبہہ و شک عفو گنہ اوسکی
جو خلق ہے نزدیک خدا واجب تعذیر

وہ جزو کہ کہتے ہین جسے لا یتجزے
تو اور خدا ہے جو نمانون تو ہی تکفیر

اور اوسمین جو بدخواہ ترا ہو نیلے عرق | موج اوسکو نکلنے نہ دے ہو پاؤن زنجیر

قصیدہ در منقبت فخر دودمان نبوی خلاصۂ خاندان مرتضوی امام عسکری صلوات اللہ علیہ

عیب پوشی ہو لباس چرک سی کیا ننگ ہے | مان لے آئینہ بہتر اس صفا سی زنگ ہے
وضع سے کم مایہ اپنی کیا ترقی کر سکے | چاہیے دریا ہو یہ کب آب گھر مین دھنگ ہے
غش ہم پہونچا نہ محروم تجلی دلکو رکھ | صیقل اس آئینہ کے گرد شکست زنگ ہے
مرد وہ اپنی ہنر پوشی سے جو مارے ہو دم | فی الحقیقت تیغ کو جوہر سے بہتر زنگ ہے
اپنے بھی مرہون منت ہون نہ عالی ہمتان | کوہ کی شمشیر کو کب احتیاج سنگ ہے
تاک پر رکھنا قدم اس آستانے کے گرد باد | خاکساری کو ہماری سرکشی سے ننگ ہے
ابروان کے کھینچے ہی شمشیر مژگان نے چھری | حسن کی خوبی مین تیرے تجھسے ہم جنگ ہے
آہ کس منھ سے کہون تجکو کہ ٹک ادھر تو دیکھ | شکل سے میرے سدا بیزار میرا رنگ ہے
محو حیرت کے تئین ہو دوست اور دشمن سے کیا | آئینہ تصویر کا دور از غبار و زنگ ہے
صبحدم سودا چمن مین مجکو آیا تھا نظر | اندنون شاید وہ کچھ شور جنون سے تنگ ہے
پای گلبن بیدماغانہ سا کچھ بیٹھا ہوا | اک غزل پڑھتا تھا یہ مطلع کا جس کے ڈھنگ ہے

مطلع

پشت خار آہوی صحرا ہو وے پنجہ شیر کا
بار کا چڑیا کی خاطر آشیانہ چنگ ہے

ہو حباب اور آب شیریں بط فانوس و چراغ
گلشن انصاف پر اوسکے یہ آب و رنگ ہے

روئے کار حشر سے پردہ کا اوٹھنا ہو محال
پردہ پوشی پر جو اوسکے حلم کا آہنگ ہے

ہو سموم قہر کا جس بر و بحر اوپر خیال
خشک و تر دریا میں پانی کوہ سے پاسنگ ہے

سنی سے بجز امر کے اب یا امام المتقین
بسکہ منہیات پر عرصہ جہان کا تنگ ہے

چشم خوبانمیں شراب آتی ہے لینے کو پناہ
کلرخان کے خط نہیں آتش کے اوپر بنگ ہے

مطرب اپنی آخرت کو یاد نالاں ہے سدا
روز و شب ہر ایک ہولاک کے تئیں سر جنگ ہے

استخوان و پوست سے کھینچے ہو رکھتا ہو رباب
زیر چوب سنگ نٹ اوٹھ رو سیہ مرد ننگ ہے

ہیں گدا اون کا تری در کے کہوں ہمت سو کیا
اوسکی ہو یہ گفتگو جو اونمیں لبخ دلنگ ہے

کہ سلیمان سے نگین اپنے پہ تو نازاں نہو
پیش ارباب ہمم یہ دست زیر سنگ ہے

اوس زمین کو جس پہ اوسکا دست ہو یہ سا فگن
کچھ سوا گل اشرفی کے سبز کرنا ننگ ہے

منفعہ یہ تیغ برق دم الماس پیکر کے رہے
ایک قدم آنا عدو کو راہ سو فرسنگ ہے

گر سر دشمن پہ ہو میدانمیں وہ سایہ فگن
خود و قاش زین و حصہ نا بحد تو تنگ ہے

پر نہیں یہ وصف اوسکے جو بیان ہو سکے
بلکہ یہ تعریف تو اوسکی برش کا ننگ ہے

آسمان سو تا زمین اور گاؤ سے ماہی تلک
استخوان گر کیجیے اوسکو تو اک چو رنگ ہے

روشن ہو شمع کشتہ کی پھر کر جلا ہے
پیتے کہ بعد مرگ بھی آرام ہے محال

روشن طبیعتوں سے برا ہے یہ تیرہ عقل
کرتا ہے نور مہر کو سایہ کے پایمال

رکھتا ہے پر غرور کو جون تیرہ سر بلند
جو جادہ خاکسار کو وہی ہو زمین پہ ڈال

یک تن نوالہ خوار ہو اس سے تا ابد
ہو سرنگون ازل سے یہ اپنا سہ سفال

ہر روز نعمتوں سے کرے سفلہ کو غنی
محتاج مال شب ہو سدا صاحب کمال

پارے کو دے ہے رتبہ اکسیر بعد مرگ
دولت کبھی کسو کو ندی دن نہ بے زوال

گر پائے سوختن نہ ہے اونکے رہیان
ہرگز کرے نہ شمع سے پروانہ کا وصال

سو پردہ بین رکھے بدی گل کو یہ بے تمیز
پھاڑے نقاب رخ سے جا کے یہ بد خصال

ڈھانپے ہے جانماز تلے زاہد دغا کا عیب
دنیا ہو راز عشق کو پردہ سے یہ نکال

ہم پر سپر رکھے ہے مگر ننگ کو حرام
خون بہار تیغ خزاں پر کرے حلال

ہر روز اٹھ کے غنچہ گل کو کرے ہے تنگ
ہر شب رکھے ہو خاطر بلبل کو پر ملال

بوجھ اوسکے ہاتھ سے دل ہر دشت خار خار
گر لخت لخت ہے جگر کوہ کو خیال

ایدل غرض کسیکو ندے چین آسمان
شکوہ نکر تو اس سے کہ ناحق ہے یہ جدال

حاصل نہو سوائے مشقت کے اور کچھ
آہن کو سر کو ٹنے کرتا ہزار سال

ہم سپت فطرتوں پہ چلی کب تیغ چرخ
دوڑی ادھر ہی آپ جدھر ہو نہیں پہ ڈھال

جسد نے اوسکے عہد نے جگ کو دیا شرف
ہر خم کے بیچ تب سے تو مے پر ہی یہ بال

اوس آب کے نمط کہ جو کائی کے ہو تلے
چھپتا ہی پنجے دُرد کے دہشت سے یہ زلال

بعد از بہار رنگ خزان پر طپانچہ زن
گلشن مین اوسکے عدل سی ہر برگ ہی نہال

کر اسکو تو یقین کہ درندہ و گزندہ کے
یہ خوف اوسکے عدل نے دلمین دیا ہی ڈال

آہو کی دشت مین جو سنی ہی صدائے پا
چھپنے کو بر ڈھونڈھتے ہین خانہ شغال

از زور ہوئے ہین سہم کے یا تنگ ضعیف و خشک
کرتے ہین ان سے منہ مین سدا مورچہ خلال

جو کچھ لکھو نہین اوسکی سخاوت مین ہے بجا
یہ مطلع حضور مری بات پر ہے دال

چاہے اگر کوئی دو جہان کا متاع و مال
تیرے گدا سے در سے کرے آکے وہ سوال

برسے ترا جواہر کرامت زمین پر
پیدا بجا ہو دانہ گہر ہون ہر ایک سال

مرضی مین گر چلے نہ ترے ایکدم سپہر
دست قضا بٹھا دے اوسے دیکے گوشمال

جون موم تفتہ آن مین ہو جائے مضمحل
گر تجھ فشار پنجہ سے آگاہ ہون جبال

شمشیر گر علم ہو ترے جن و انس کا
ہیبت سے آب ہو جگر و زہرہ و طحال

ہر پہ غرور کے رگ گردن مین خوف سے
ہو جاے خشک خون رگ یاقوت کی مثال

مارے اگر تو بر کمر آسمان اوسے
گا زمین کو تن سے نہ لاگا ہے دو دال

شاہا ترے جو نشتر خنجر سے ایک دم
دشمن کے دلمین سہو سے گذرے اگر خیال

تیرے

یترے ہر ایک دست کا مانند صبح عید — صفحے مین روزگار کے روشن ہو جاں
جون شام صلح آہ محرم تمام عمر — ظلمت ہی مین بسر کرین اعدائے خصماں

در منقبت خلیفۃ الرحمن امام مہدی الہادی آخر الزمان صلوات اللہ علیہ السلام و طعن بہ شاعر کہ ایراد بر شعر میرزا گرفتہ بود

منکر خلاصی کیون نہ حکیمونکی ہو زبان — جب شہر دے مرے ہو ملا اسقدر جہان
ممکن نہین کہ اب سخن غیر کون ملے — راہ اسقدر جو پہونچ وہ تا گوش سامعان
نام آوری کیواسطے حاسد نکر تلاش — جاگہ کسیکے نام کو اس عہد مین کہان
گویان کے تو رنجیدہ ایرانیون فارسی — چاہو جگہ جو شہرہ کو ہو تو نہ یہان نہ وہان
عالم کی السنہ پہ مرا اسقدر ہے شعر — گویا ورق بیاض کا ہر منہ مین ہو زبان
بینے سنا کہ تجکو مرے ایک شعر پہ — خوردی کا اپنے معنی کے ہو دہم مہربان
شاید باتفاق تو ارد ہو پر مجھے — لفظون کا اپنے غم کہ ہوے کیونکہ ایگان
گو زشت کو پنہاؤ کسی رنگ کا لباس — خوبی نہین اوسکے جاتہین جز پہلو بدان
از راہ دوستی مین کہون تجھسے ایک بات — طبع شریف پر جو نہ آوے ترے گران
زنہار ہمسری کا مرے تو نہ کر خیال — ہوگا غریب مضحکہ نزدیک شاعران

مطلع کہا اور اے قلم اب لائق حضور | تا دہ جہان صلہ مجھے شاہ خسروان

مطلع

اے وہ کہ کار جن و بشر تجھ سے ہے رواں | تیری وہ ذات جس سے وہ عالم ہی کامران

تجھ خاکپا سے فیض جو اکسیر کو نہ ہو | مس کو طلا نہ کر سکیں اوس سے موسان

شاہا علو مرتبہ تیرا جو کچھ کہ ہے | جز عالم الغیوب بشر پہ ہے وہ نہان

اپنی نگاہ چشم کو قاصد جو کرے وہم | بھولے طول راہ کی کر نیلا استخوان

پائے نگہ مین اول منزل ہو آبلہ | پہونچے نہ واں تلک ہی تیری ضربت جہان

قربان مین خاندان کے تیرے شاہ دین پناہ | جس عزت و شرف سے کہ تیرا ہی خاندان

جبریل کی جگہ وہ نہین جس مقام مین | پشتین سے دیا ہی تجھے حق ذی عز و شان

جو امر کارخانہ ایزد مین ہو ترا | کیا تاب عقل کل کی کچھ اسمین ہین آن

ناقون کے واسطے ہو جرس مرسلون کا دل | نکلے جو تجھ قدم کی زیارت کو کاروان

اس مرتبہ کا مرتبہ ہے اوس کاروان کی گرد | جسکے لیے ہو چشم ملائک کی سرمہ دان

پہونچے فلک کو موج گہر بر فیض سے | تیرے گرے جو قطرے بدریاے بیکران

ہیبت سے تیرے عدل کی شاہا بہ زیر چرخ | خلقت کو اب زمانہ ہی اس امن کا امان

آتا ہی جسگھڑی کہ نمازت پہ آفتاب | بال عقاب ہی سر کنجشک کا سایہ بان

رکھے ہمیشہ تری تیغ کار کفر تباہ
بحق اشہد ان لا الہ الا اللہ

فلک پہ سبعہ سیارہ تا قیام جہان
پھرا کرین تری مرضی شریف کے ہمراہ

ترا چراغ ہے تجھسے اسطرح روشن
کہ جیسے پرتو خورشید سے ہو مشعل ماہ

سجود سے ترے بہرہ ور ہوں اہل زمین
رہے رکوع مین تا قامت سپہر دوتاہ

بسان رشتہ کہ دانوں مین سبحہ کی ہووے
ترے ولا کو رہے اسطرح دلونمین راہ

یہ نام پاک کہ کہتے ہین جسکو عالمگیر
خدا ہمیشہ رکھے زیب و زینت افواہ

بجا ہے تجھکو سلیمان جلال گر کہیے
کہ ہو وزیر کا تیرے خطاب آصف جاہ

علو مرتبہ تیرا نظر کرے جو کوئی
رہے فلک ہی کو اوسکے برنگ شمع نگاہ

شہا جو سب تیرا آفتاب کو پہونچا
ہر آسمان نے پھینکی ہو آسمان پہ کلاہ

نہین کلف یہ فلک سیر کا ترے لیکر
بغل مین خانہ اپنے چلو ہو ہر شب ماہ

کرے جب آپ نکلا تو عزم پشت پر اوسکے
رکاب دار کے اقبال بولے بسم اللہ

جدھر کو ہو تو جلو زیر پھر تیے آگے
ظفر جو طرفدار ہوئے تو فتح پیش نگاہ

جہان پناہ ترے درگہ عدالت مین
کسیکو دیوے اذیت کوئی معاذ اللہ

جلے جو شام کو پروانہ بزم مین تیرے
تو صبح شمع کے آتا ہے سر پہ روز سیاہ

شرار سنگ سے خاشاک کو جو پہونچے ضرر
لے آئے کھینچ کے دیوان کوہ کو پرکاہ

ورق ۱۰۷

اردو کی مرضی ہے طول کلام ہو کوتاہ
الٰہی تا ہو جہان تو ہو اور دین ہو
جہان خوبی سے اوسکے جہانون کے پناہ

قصیدہ در ثنائے شاہ
بزم جاہ خسرو فلک بارگاہ
عالی کرم محمد شاہ عالم بادشاہ
بادشاہ غازی

دریا کو سیر کشتی سے تیرے ہو یہ شرف
لائے عجب نہین جو ہما بیضۂ حباب

روشن دلون کو گر نہو مسجود در ترا
رکھے نشان سجدہ جبین پر نہ ماہتاب

معراج وہ نبی کی جو ہو عرش کے پرے
معراج امت اسمین جو اسجا ہو باریاب

یہ عدل ہی ترا کہ قوی کو ضعیف پر
کرنیسے اب تعدی کی اتنا ہی اجتناب

کنجشک کے چلے نہ وہ تیر آشیان تلک
پر گیری مین لگائیے جسکے پر عقاب

پہونچا نہ تیرے عہد مبارک مین ایکروز
از دست محتسب کوئی تا پای احتساب

ہیبت سے کانپتی ہے مناہی اب اسقدر
ہو جائے کیا عجب عرق بید گر شراب

سامان تیرہ روزی ہی بہر سر عدو
تیری وہ تیغ قبضہ ہو جسکا سیاہ تاب

کیا تاب ہی عدو کی جو ٹھہرے ترے حضور
سنکر نہیب قہر کو تیرے گہ عتاب

ہر پرت پرت کوہ کا یون اوڑ چلے کہ جون
کھل جائے باد تند سے شیرازۂ کتاب

جز ماہ نو قرینہ نہین تجھ کمان کا
ترکش کا چھٹ خطوط شعاعی نہین جواب

اوس خش برق وش کی ترے وصف مین شہا
مینے کیا ہے مطلع روشن یہ انتخاب

مطلع

رانو مین اوسکو صورت سیماب اضطراب
چالاک تر خیال سے اور دہم سے شتاب

گلگون بھی اوسکو کہیے تو ہی یہ سخن بجا
آتی ہی پاس جسکے عرق سے یہ از گلاب

مطلع

ہے خوشی نام مرا ہو نہیں عزیز دلسا
زندگانی کی حلاوت ہو جہاں نہیں مجھ تک

کھول آغوش دل اور لے مجھے جلدی دان
پھر خدا جانے یہ دن کب تجھے دکھلائے فلک

سنکے یہ مژدۂ جان بخش جو میں کھولی آنکھ
اشعۂ نور کی سی مجھکو نظر آئی جھلک

آنکھیں ملکر کے جو دیکھوں ہوں تو ملکہ بادلہ پوش
سر سے لے غرق جواہر میں وہ ہے پاؤں تلک

حسن ایسا کہ جسے ماہ شب چاردہم
یک بیک دیکھو تو کچھ ہو رہا ہے بھوچک

چہرہ میں ایسی ہو گرمی کہ شب و روز جسے
باد کرتی رہے ہو دامن مژگان کی جھلک

رنگین یوں چہرہ پہ بکھری ہوئی مانگیں تھی کل
جسطرح ایک کھلونے پہ بنیں دو بالک

جعد وہ قہر کی بنے میں ہو جسکے برابر
گھر ڈوبا دینے کو عشاق کے دریا ہے اشک

مانگنی بیچ میں آونگے نہ مانگے پانی
کھیل جاوے وہ وہیں کالا جو ڈسے اوسکی لٹک

جبیں ایسی کہ جگر ماہ کا ہو جاوے داغ
اوسکی تشبیہ سے جب اوسکو تجاوز دے فلک

قتل کرنیکا یہ جوہر نہو شمشیر کے بیچ
اوسکے بارے سے مشابہ نہ بناوین جبتک

ڈھیٹ وہ تیر کہ عالم میں نہیں جسکی پناہ
چشم وہ ترک کہ ہو قوم حبشو نکا اوزبک

فتنہ اوس چشم کا ایسا کہ مژہ سے خونخوار
متصل چونکتے پا کر دیا کرتے ہیں تھپک

حسن سے کان کے آویزہ میں یہ لطف کہ جو
مستعد قطرۂ شبنم کہ پڑے گل سے ٹپک

بحر خوبی کی گویا مچھلی ہو قلاب کے بیچ
نتھ کے حلقہ میں جو دیکھی کوئی نتھنی کی پھڑک

مطلع

جب رخسار سے شرمندہ ہو گلرخان کی دمک
آئے غنچے کے خجالت زدہ ہو سینکی دلک

دیکھے پیچ اوسکے نگرون کا بڑھا یا چین
جو ورق شمع ہو جیسے تہ دامان بیتاب

لاکھ دوست خانہ سے کی ایسی حرکات
شاخ نہیں کی کے یوں ہو جوں آنی پلک

دیکھے جو دوسرے کو یوں کہ پیش ہو اوسے
تیر وہ تان کے یہاں کام کا اور اب کے کنک

یاد وہ جوں بھی کی جیں ذیب ان ایسی
اوسے بیجان میں پیچ نے چھین رنج ملک

پیاری پیاری وہ دلکش نظر دیکھیں لیکن
بھی چاہے کہ کچھ پاس سے اوسکے نہ ترک

نگاہ سے نہ یہ قصد رکھے دل میں بھی آجاے کہ دیکھا کو دیکھا کو دیکھا کو

پیس مین انو کو کہون کیا کہ وہ ہین آئینہ
اوس سے بھی چھوٹے نہ آنکھ اوسسے اگر جائے تک

اوسی جین بزم مین اوس ساق بلورین کا ذکر
جلوۂ شمع کا پامال جسد ہووے نہ تک

پشت پا چھینے سے لیلی سی مجنون کا دل
خون فرہاد سد اشیرین سی چاہ دو کفک

وقت نظارہ مری جب نگہ دیدۂ عور
سے اوس قدر عنا کی گئی پاؤن تلک

فندق پالگی کہنے کہ نہ دیکھا ہوگا
سرو کی بیچ سے پھولا گل رنگ اتنا تک

قامت ایسا ہو کہ ہنگام خرام اوسکے اگر
آگے آجائے قیامت تو یہ بولے کہ سرک

قدم اوس وضع سے رکھے ہو کہ سر عالم کا
موجب شور نہ ہو خلخال کی پاؤن کی جھنک

کج و راکج چلے جسطرح وہ اٹکھیلی سے
موج دریا بھی اوسے دیکھے تو رہجائے ٹھٹک

زرق برق ایسی ہے پوشاک مین اوسکو کہ جسے
کوندبجلی کی کہون یا کہون شعلے کی جھپک

جیسی بیچ سر تھی گلیچہ جمائل گل کی
ویسی ہی عطر کی بو ویسی ہی سوندھی کی مہک

کیفی یا تک کہ یہ انداز سخن مین اوسکے
کسیکو ہشت کہ اوٹھنا کسیکو دوت دہک

بات اس لطف سی بہکی تھی دہن سے اوسکے
بادہ جون ساغر لبریز سے جاتا ہو چھلک

غرض اس شکل سی آئی جو نظر وہ کافر
کہا مین دلکی طرف دیکھکے اللہ معک

تا کہ اوس شوخ نے مجھسے یہ کہا اے سودا
اب تو شیشہ ہے اندوہ کا پتھر سے پٹک

یہ بھی کوئی طرز ہے ہنسنے کا زمین پر نادان
یہ کوئی طور ہے جینے کا ترے زیر فلک

عدل یہ عصر میں اوسکی ہو کہ ہر آہو کو طپ
شعلہ تپ کو بھی تبرید لکھی خار خسک

کرنے دیوے نہ فوجاک کتان کو انصاف
تانہ رشتہ کے لیے ماہ کی کھوے چپک

رائج اتنی ہو مروت کہ عزا لونکو پلنگ
اسطرح سمجھے ہو فرزند کو یا بے پالک

دور ہین اوسکی ہو یا تک تو مہمات و لیل
کنتکس سے پہ ٹٹ اوٹھ بنگ سدا زنجیر کنک

ہمت اوسکی پہ نظر کیجو تو اکان کے بیچ
ویسی پہونچی ہو دو صد بار یہ مطلع لب تک

مطلع

تجھسے ممنون نہ فقط روے زمین پر ہر یک
بار احسان سے تیرے ہو دو تا پشت فلک

ہو گہر بار تجھ آگے جو سحاب نیسان
برق ہو کر تبسم اوسے مارے چٹک

آگے تجھ بحر کرم کے صدف پر گوہر
مٹھی اوسکی ہو جسے نکلے بشدت چھپک

چل سکے ہو نہ کسی امر مین تدبیر حکیم
مہر سے رائے کے تیسے وہ نہ تا دستک

حلم تیرے کے جو ہموزن فلک سے کچھ شے
ڈال دیوے ذرہ سہو و خطا کوئی ملک

بار تجھ حلم مین ہو یہ کہ تیرے وقت خرام
ہووے ذرہ بھی اگر مرکز خاکی کو دھمک

صدمہ المیا کمر گاو زمین کو پہونچے
شاخین ہر چند وہ کھچوائے تو نکلی نہ کسک

دست دوران سے موالید کا سر رشتہ کار
نعرہ قہر کی ہیبت سے ترے جاے ٹھٹک

پیل دنیا نہین کچھ پیل کا پشہ کو کام
جول قوت سے ترے چاہیے تک اوسکو کمک

مطلع

اوسکے گلکا کی امت سے ہم سے ہو تک
گلستان جون شب پا لین نہ پاہان بیخار

بیت

غصے مین ہی وہ کوہ اوٹھنے مین ہے ابر سیاہ
عرش رفعت مین وہ اور چلنے مین ہین چرخ اٹک

شجر طور کا چہرہ پہ ہو اوسکے جلوہ
رنگین زمین کیلیے جگہ ڑی اوسکی مشک

جھول پر اوسکی ستارونکا کہون مین کیا حسن
تارے جسطرح رہین رات اندھیرے مین چھٹک

لیکے خرطوم مین زنجیر پھرے آوے وہ اگر
اوسکی دانتونکو یہ سمجھے جو کوئی ہو زبرک

لیلی نے ہاتھ نکالے ہین سیہ خیمہ سے
ملنے کو مجنون سے سن سلسلۂ پا کی جھنک

روز میدان اوسکو دیکھو تو دلاور استا
سر کے دانسے نہ جہانسے کہ زمین جاے سرک

سامنے اوسکو وہ چھوڑی ہی پٹا خونکی لڑی
داغین اک مرتبہ سو توپ جو ہم سنگ اٹک

چرخی کیا چیز ہی لاوے وہ جسے خاطر مین
بان بجلی کی کڑک کا کبھو پہونچے اوس تک

چاہے وہ توڑ کے جن منتر کر اوسکے چھڑ کو
پانون کھجلائینگے سو زمین لیکر پوپک

بے نکان اسقدر اوسکا ہی چلا دا جیسے
مہر مین ابر کے آنیسے ہو سایہ کی ڈھلک

اسقدر ہے کہ سبکرو کہ کبھو چلتے وقت
پانونکی اوسکے دل مور کو پہونچے نہ دھمک

آدمی کی ہو بوج پہ تجھے دیکھکے سمجھے ہی خلق
کرسی پر عرش کے ہی صورت انسانکا ملک

خیمۂ جاہ کا تیرے سو کرون کیا مذکور
ہووے اوستاد جہان تیرے جلو کی آپک

آسمان کو نہ کرین اوسکے تلے بے چرخ
کہ نپٹ کمنہ ہے یہ اور نہایت کو چک

اللہ اللہ نرے مطبخ کا تجمل جس کا
طبق رکھے زمین ہی پہ خوان چینک

وہ سلطنت کہ نمونہ جسے خدائی کا
کہین ہین شرق سے تا غرب ہر صغیر و کبیر

سنا نہین ہے کہ غازی دین و الملک
جو میر بخشی تھا وانکا سو اب ہوا ہے وزیر

اگر طلب کرے کاغذ وہ مجھسے اے نادان
تو کر سکیگا پھر اوسوقت اوسکی کچھ تدبیر

دیا جواب یاون نے کہ میرے کاغذ مین
حضور اوسکی کسی وجہ کی جو ہو تقریر

یقین ہے خامۂ دست کرم سے اوسکے مجھے
سوائے عفو مرے حق مین کچھ نہو تحریر

مری خطا بھی ہے کچھ چیز اوسکی ہمت پاس
ہر ایک لحظہ جو بخشا کرے ہے گنج خطیر

گہر فشان ہے سدا دست فیض کا اوسکے
مگر گہر بار نہو جسکے ابر عشر عشیر

غنی ہوا ہے یہ اوسکے کرم سے ہر محتاج
کہ فرق ہو نہین سکتا ہم امیر و فقیر

تیز کیا کہون اجرائے کارکی اوسکے
کہ جسکے رمز کو پہونچے نہ آسمان کا دبیر

دو دام زلف بتانسے کرے اوسے تنخواہ
جو مانگے فرقۂ عشاق سے کوئی جاگیر

بیان نہین کیا کرون اوسکی شجاعت جسکو
یہ کہتے ہین صف مردانہین کیا جوان کیا پیر

عجب نہین ہے کہ قالب تہی کرے مرتیخ
اگر وہ چرخ پہ چڑھتے سے تری شمشیر

برش کی اوسکے جو دہشت نہو زمانیکو
تو ہووے رنگ اوسکا ہر ایک دم تغییر

جہان کی باغ مین نقاش تیرے گلگونکے
جو چاہین شکل بنا دین تو کیا کرین تدبیر

کہا مصور باد بہار نے جس کو
اگر قیاس مین ٹھہرے تو کھینچے تصویر

قصیدہ در مدح نواب وزیر الممالک دین پناہ دوران

جو کھینچے یاد مین تجھ خلق کے چمن نقاش
تو بو مشام مین عالم کے دے گل تصویر

نہیب قہر ترا ہو جو بحر و بر او پر
جگر نہنگ کا تیرے ہو آب زہرہ شیر

وہ کنہ کونسی ہے پردۂ عدم کے بیچ
کہ تیرا در کہ اوسکا ہوا نہوے مشیر

مدبری کی تری کیا ثنا کرے کوئی
کہ جسکے حق مین یہ مطلع ہو مثل مہر منیر

مطلع

نہین ہو معجزہ عیسیٰ سے کم تری تدبیر
کیا ہو زندہ سر نو سے جتنے عالمگیر

رواج دین نبی کا یہ عہد مین تیرے
کہ شکل انس پہ عائد نہوے اب تکفیر

شکست دی ہے تو نکو جو سومنات کے بیچ
صدا نکلتی جرس سے ہے کیا ہے وہ تکبیر

اگرچہ فتح دکن بیچ جا کے اکبر نے
لیا ہے بھاگ نگر اور قلعۂ آسیر

عدو بہت اسم کو تیرے اگر پڑھے کوئی
کرے وہ ہند مین بیٹھا ستار تکو تسخیر

جو تیری ذات سے ہر نیک و بد نے اپنا کام
کیا درست سو اوسکو مین کیا کرون تقریر

کہ جیسے اہل مذاہب نے جلد قرآن سے
لکھی ہر ایک نے اپنے طریق پر تفسیر

غرض نہ خلق ہو دنیا مین آدمی تجھ سا
کرین خو خاک کو آدم کے لاکھ بار خمیر

پس اسطرح کے بشر کی کوئی ثنا مجھ سا
اگر کرے تو وہ ہوتا ہے واجب التعذیر

اگرچہ مین یہ قصیدہ کہا تو ہے لیکن
تری ثنا کی مصنف ہو یہ زبان تقصیر

جس جا کہ ہیں لغات فراہم کروں تو وان
آئینۂ سخن پہ معانی کے شکل کا
رہنا روش سے یہ نہ پھریں اپنے جسطرح
صنعت ہیں شعر کی غزل پنج بیت کا
مجکو نہنگ بحر معانی سے کام ہے
یعنی شجاع الدولہ بہادر کے فیض کا
کر اس غزل کو در کہ تیری جناب ہیں

ذرہ سکے نہ صاحب ہنگ رنگ ڈھنگ
رکھتے ہیں جنکے لفظ تہ رنگ رنگ ڈھنگ
کہتے سخن کا وسوسہ ننگ رنگ ڈھنگ
کرتا ہے ان پہ قافیہ کو تنگ رنگ ڈھنگ
سمجھے سخن کو کیا کوئی خرچنگ رنگ ڈھنگ
پہونچا ہو جسکے لاکھوں ہی فرسنگ رنگ ڈھنگ
داد اسکا چاہتا ہو بہر رنگ رنگ ڈھنگ

غزل

دیکھا جو دیر و کعبہ ہمنگ رنگ ڈھنگ
کرنا پرستش اونکی جو پاتا اونھوں کے بیچ
کیا تجھ لبوں سے لعل کو نسبت کہ اونکی طرح
ساقی نے بھر کے جام زمرد کو یہ کہا
[illegible] ہیں کہوں در و دیوار باغ کا
جس مجکو مغتنم ہے کہ میرے سخن کے بیچ
تیری تو وہ زبان ہو کہ جسپر ہر آن نطق

کچھ ایک سا رکھیں ہیں ہم سنگ رنگ ڈھنگ
یار و وقار لکھے ہیں ہمسنگ رنگ ڈھنگ
پہونچا سکے ہو کوئی ہم سنگ رنگ ڈھنگ
ہم بادہ اسمیں خوب ہمسنگ رنگ ڈھنگ
رکھتا ہے یار بن غم و ہم سنگ رنگ ڈھنگ
اتنا بھی دہر کا جو رکھو ڈھنگ رنگ ڈھنگ
ہوں گلستان رکھے ہو بہر رنگ رنگ ڈھنگ

قصیدہ در مدح نواب وزیر الممالک شجاع الدولہ و جلال الدین حیدر بہادر رستم زبردست جنگ

مرغ معنی کے اگر صید پر اپنا ہو خیال
عرش پرواز ہو تو کھل نشیمن اوسکے بال

نہ بچے طائر مضمون نظر انداز مرا
فکر عالی کی ہی شاہین میری اوج نوال

آوے ہو شعر سخن پر جو طبیعت میری
معنی پر ویسے عدم کے کری ہین استقبال

کچھ مجھے تازہ مضامین کی نہین سعی تلاش
پھرتے ہین ناطقہ میرے کے سدا وہ دنبال

شست و شو دون ہو نہین الفاظ کو جس بات سے
دُر دہے آب گہر سامنے اوسکے وہ زلال

نور خورشید ہو شب گھر سے فلک کے زائل
نور معنی سے مری بیت کے ہو دور زوال

جس زمین پر مین کرون بیٹھ کے مصرع موزون
وان بجز سرو ہے روئیدگی نخل محال

جو زباندان متتبع ہو زبان کا میری
چہرہ ہو نیکی فصیحی کو نہین اوس سے محال

خامہ کہتا ہی مرا ہے جو فصاحت اک چیز
سو زبان کی ہی مری خادمہ بے زر و مال

یہ زبان مجھسے کی خامہ کو عطا کرنے سے
مین سمجھتا ہون جو منشی ازل کا ہے مال

کہ ہے مدح مین ایسے کی جسے تا باید
پرورش کرنے نہین گذری کہ دمہ کی مہ و سال

یعنی نواب فلک رتبہ شجاع الدولہ
قائم اوسکا رہے تا حشر یونہی جاہ و جلال

مطلع تازہ کرلے خامہ قلم اب ایسا
کہ یہ از مطلع انوار کیا جاے خیال

مطلع

تمنا سے جبین بدر بھی ہوتا ہی ہلال
بسکہ یان سجدے کے مشتاق ہین ارباب کمال

شرق سے غرب تلک رعب ترے تیغے کا
دھاک ہے تیغ ہندی کی تری تا بشمال

اوسکی خونریز سے یوں فوج عدو گھٹ گھٹ کر
جوں ہو نو سے محرم کے پلٹنا ہو سال

کافر حربی و موذی و منافق ملحد
ایک چورنگ ہے چار ونکا اسے استیصال

کیا بیان تجھسے کروں وصف سپر کا تیرے
سایۂ مہر نبوت ہے تری پیٹھ پہ ڈھال

شست انداز ایسے تیرے ہو عدو کب جانبر
دائم انگشت قضا تیرے ہو بھال

تیرے شبرنگ کے جلوے کے تئیں جو دیکھے
کہے وہ اوسکو کہ تیغ از رہ حسن و جمال

پہونچے کب اوسکی چلاوے کے تئیں ہم و گمان
سالہا گر وہ کریں دوڑنے کا استعمال

دیکھے اوسپر جو تجھے وقت کماندار کے
ہے حیران نشانے کی طرح چشم غزال

تیری پیکر میں جو دیکھا ہے میں اوسکا ہتھیار
برق کے ابر ہوا میں نظر آئی تمثال

روز میدان وہ اگر فوج عدو پر کڑکے
بدتر از ساعقہ لاوے صفت اعدا پہ زوال

تیرے ہاتھی کا بیان تجھسے کروں میں لیکن
چھوٹا منہ اور بڑی بات نہیں اوسکا قال

رفعت و شان بزرگی میں کہوں کیا اوسکی
مرتفع جسکے مہ و مہر سے ہو دیں گھنٹال

اسطرح مشک نگین پہ ہے اوسکی گجباگ
جوں فلک پر شفق شام میں نکلے ہلال

جلوہ گر ہیں شب یکجا ہیں گویا دو شمع
حسن کو وانتوں کے اوسکے جو کیا ہے تمثال

پائل اتنا وہ چلے ہے کہ لے باد کرا
بخشے دشمن کے تئیں عمر ابد جسکی چال

قصیدہ در مدح نواب نجف الدولہ جلال الدین حیدر جنگ

مطلع ثانی

ہو خام طمع کو قدح چشم سے ان کے
باد یکی مروت کے طلب سوسۂ بنگ

اظہار کرین کو سے دین چشم مین سرمہ
وان اوٹھ کے لگین دوڑنے بیٹھا ہو جہان لنگ

اوپھرتے ہوئے اونکے دل و دیدہ کی اطراف
نت مہر و وفا عار کرین شرم و حیا ننگ

تہمان سے گرفت اتنی ہو یہ ماحضر اوپر
دل مرغ کے سینے پہ گویا باز کا ہی چنگ

ہے لفظ غلط چاہیے صہبای ترحم
شیشے کا اونھونکے ہی ٹھکانا جگر سنگ

دنیا مین توقع نہین انسان کو کبسو
چھٹ اوسکی وزیر اب ہی جسے ہند کا اورنگ

کیا منہ مرا اور کیا لب لہجہ ہی کہ اوسکا
لون نام مفصل نہین آداب کا یہ ڈھنگ

اس بحر مین وہ نام بزرگ آدمی سو کیونکر
چلو مین سمندر نہین آتا ہی کسی رنگ

ان بیتون کے ہر حرف سر مصرع نظر کر
جو اہم شریف اوسکے سمجھنے کا ہی آہنگ

شمہ جو بیان کیجیے انصاف کا اوسکے
جو خوبی ہے دنیا مین لگی اوسکو نہ یا سنگ

الطاف و کرم کا جو شمار اوسکے کرین تہین
عاری رہین امواج کو کنکر لب گنگ

انصاف یہ اب عہد مین اوسکی ہی کہ فریاد
لا نہ لبون تک کوئی غیر از جرس و زنگ

دیکھا نہ یہ مین حوصلہ جز اوسکے بشر کا
وسعت بھی زمانیکی حضور اوسکی ہی کچھ تنگ

لعل اوسکے تئین بخش نے کنکر سے ہین کمتر
ہمت کا جہان بیچ بھلا کسکا ہی یہ ڈھنگ

بازو کا اوسے زور شہ ہند کا کیہے
ہیبت بجہان اوسکے بہر صاحب اورنگ

کھینچا ہی زبس سر بفلک عدل نے تیرے
میزان کیطرف دیکھ کہ ذرہ نہین یا سنگ

آتش رہی یون آب مین انصاف سے تیرے
آئینے مین جس شکل ہو عکس رخ گلرنگ

تجھ چشم کا ہی نرگس شہلا چمنستان
پاتا ہون مروت کی تئین اونمین صد رنگ

دل بھر نہ گیا شیوہ احسان سے تیرے
خالی ہو کوئی در عدن سی جن و گنگ

پس جو کوئی تجھسا ہو ثنا اوسکی ہو مجھسے
ہرگز نہ اسے مانیو کب مجھ مین ہین یہ ڈھنگ

جس مرتبہ مین تجکو سمجھتا ہون مین ممدوح
یہ مدح تو وان عار ہے مداح سو ہی ننگ

کتنے سخن واقعی مین عرض کیے ہین
خواہ اونکو گہر سمجھے تو اب خواہ انھین سنگ

سودا نہ چل اب آگی کہ یہ جای ادب ہے
گر قطع سخن کا تو دعا ئیہ پہ آہنگ

قبضے مین ترے قوت شمشیر سے تیرے
بے شام سے تا روم رہی روم سی تا زنگ

پرواز ہما جب ہو سوے اوج سعادت
شہباز کا طالع کی ترے اوسپہ رہی جنگ

در مدح نواب وزیر الممالک شجاع الدولہ بہادر ہزبر جنگ

خون مرے دلمین نہین تشنہ ہی گویا زنار
شرم سے خوکی تری پہونچی ہی آتش بگذار

گردش دہران آنکھونکی بلا گردان ہے
بخت برگشتہ کا مژگان کے تصدق اندار

جنبش لب سخن آبروے چشمہ خضر
دم عیسی کیلیے موج تبسم دمساز

کسطرح سے یہ ستم چاہیگا انصاف اوسکا
استخوان کو ہو مرے جور ترا تو پیاسا ساز

دہر مین وہ اوس خلق ہو اب جسکی جناب
اور ابنا ہو جہان مین ہو سبھون سے ممتاز

یعنی موسوم بہ نواب شجاع الدولہ
ذات سے جسکے زمانیکو ہو مخزیہ و ناز

کیا بیان اوسکی عدالت کا زبان پر لاؤن
سحر ہو صولت عدل اوسکے تئین کر اعجاز

بازو کجنشک کی کھینچے جو مصور تصویر
رعب کجنشک سے پرواز کرے صورت باز

پیش خس تاب نہ آتش تو بجز خاموشی
نہ یہ طاقت کہ زبان اپنی کرے شعلہ دراز

عدل جسکا یہ ہو لازم ہو کہ اب اوسکی حضور
جاؤن اس مطلع ثانی کے مین کر نیکو ناز

مطلع ثانی

دُر نہو قطرے سے اے بحر سخا کے ممتاز
گر ترا دست کرم ابر سے ہو وے ناساز

ہمت عام نے تیری یہ جہان ابنا کو
ہاتھ پھیلانیسے باہم کے رکھا یا تنک باز

سیر چشمی ہو اب اتنی کہ کسی باغ کے بیچ
شاخ مانا نہ پڑے نخل کے با دست دراز

یہ مسلم ہو کہ دہر پر کہ آفاق کے بیچ
زندگی بخش مسیحا کا ہے لاشک اعجاز

لیکن انجام کو پہونچا ہی تو کار شفا
مفلسی کی جو مرض کا ہو کسیکو آغاز

عہد مین اپنے شجاعونکی وہ اشجع ہے تو
کہ تہور کو ہی تجھ دل کے شجاعت پر ناز

نعرۂ قہر کو تیرے جو سنے روئین تن
استخوان اونکی طرح شمع کی ہو جائین گداز

ایضاً قصیدہ در تعریف تیر و کمان و صفائی شست و اصابت تیر بہدف و اوزان ایمائی

اوڑکے رہجائے جہان اوسکے تکاپو کی گرد
طائر وہم کو پہونچا ہی نہ وان تک پرواز

کیا کرون وصف تری فیل فلک پیکر کا
نا بلند اپنی زبانسے نہ سخن ہو آغاز

یون مہاوت کی ہو اوس مشک رنگین پہ قبا
ماہ نو جون شفق شام مین ہو جلوہ طراز

حسن مین سیاہ قلم کی ہو وہ تصویر اسکے
خامۂ صنعت حق کی نظر آوی پرواز

اسطرح دانتو مین خرطوم ہی اوسکے جیسے
موسم دے کی ہون کوتاہ دن اور رات دراز

پایل ایسا کہ عجب کیا ہے بوقت رفتار
سایہ اپنے کو رکھے ہر ہی اپنے سے باز

بے تکان پیرے ہو دریا مین وہ اسصورت سے
رشک کھاتی ہین جسے دیکھ سواران حجاز

اسقدر ہے وہ دلاور کہ بروز ہیجا
استقامت کرے اوسکی جگر کوہ گداز

لاکھ گر توپ دغے اوسکے محاذی تو وہ
سمجھے پشہ کی طنین اونکی دغا مین آواز

غرض اس نظم سے تو یہ نہ سمجھیو ممدوح
کہ طمع پر ترے مداح کی ہو عرض نیاز

خلعت و اسپ گہر تیرے نہ آگے کچھ چیز
نہ وہ ہین اسلیے تجھ پاس کرون ست دراز

ہو تصدق جو مقرر سری خاطر اوسمین
نمکین شیرین کو ہو ذائقہ سے میرے ساز

بہر پوشش مجھے ملتا ہو وہ جامہ جس کا
دامن آلودہ کی گو حرص سے رہتا ہے باز

مجھکو کچھ کام نہین تو مجھے جو چاہو رکھ
مین ہون بندہ ترا اور تو ہی مرا بندہ نواز

مطلب اس سے یہ جو سودا ہی ترا پیر غلام
اور کیا ہو سکے جز یہ کہ دعا بعد نماز

اوڑتا ہی جیت ہے اوسکا ہی جو خنجی کمان ہو
خوبی کا حق ترے ہے سب معشوق اوسپہ ہو
قربان جاے تجھ کمان کا ہو ہے دوا کرے
رسن تیغ تیرے ہاتھ سے بولے تبھی کہ جب
تو دی ہے تیرے ہاتھ سے اجل کا پیام تیر
پہونچے ہے تیرے ہاتھ سے جز تا تھی تیر

حکایت سودا

کا صفائی شست بایں الفاظ ہے
جون بیل کھینچا چاہے مو بھی شم سوار
بجا ترے سوا ترے ایسا کدام تیر
پہونچے نہ وان قیاس کا ما صد مقام تیر
چشم قضا کا حلقہ ہی لاشک تری کمان
نکلے ہے تیر تیرے نہ کرکے ہے کیونکہ کام تیر
اے حلقہ تیرے ہے کمان حلقہ گوش غلام تیر
ہے بان کمان حلقہ گوش ہو جنبی کمان ہو
ہے

لیکر کمان کرے جو تو عزم شکار صید
ہرگز بکھے ہوا مین نہ طائر کا نام تیر

اُڑتے کہین نہ دیکھ سکے ملک ہند سے
جز اپنے اک پرند کو تا روم و شام تیر

سودا کی یہ دعا ہو کہ تیرے مراد کا
بیٹھا کرے نشانے پہ یارب مدام تیر

در مدح نواب وزیر الممالک جلال الدین حیدر شجاع الدولہ بہادر ہزبر جنگ و در فتح کردن بحافظ رحمت خان

آیا عمل مین تیغ سے تیرے وہ کارہ ادا
دیکھا جسے نہ ترک فلک نے بروزگار

بے سر ہوئے ہین آج یہ سرکش کہ کرمہا
خاک اونکی پہ ہو تو نہ ثمر لاوے نیشا خار

سر جنگ اسطرح کی نہ کھائی کہ تا بہ حشر
مدفون ہون جس زمین پہ تو ان اوٹھسکے غبار

آتش غضب کی تونے یہ اونکی فسردہ نے
تن مین نہین ہو قطرۂ خون صورت شرار

نام اوسکا تیری تیغ نے معدوم یہ کیا
نہ عف کری ہو سگ ہے نہ خان زاغ کو مہار

اک خم تھا دل دھنو لکا پر از بادۂ غرور
مین اوسمین کر دیا نمک تیغ آبدار

تھا عزم یہ ہر ایک کا گا دینگے بیٹھ ہم
تانون کو کھینچ کھینچ کے قلقاری مار مار

آئے تھے وہ چنانچہ اسیطرح روز جنگ
پایا تھا جون دلونمین خیال اونکے نی قرار

گاتے بجاتے ناچتے اور کودتے ہوئے
سائیمین جھنڈیون کی صفین باندھ بیشمار

محبوب اور نسبت و لطافت تھی یکطرف
یکسو تھا میر سید علی مستعد کار

لیکن اونھونکو آدمی کہیے کہ دیو دو
اونکا قدم دغا مین یہ پایا ہم استوار

ایدھر سے بان و رہکلہ و توپ متصل
پڑتی تھی وہ بڑھتی ہی آتی تھی سرگذار

بڑھ بڑھ کے آخرش وہ لگے توپین داغنے
اوس پلے پر جہان سے جزائر کے ہو دے مار

لیکن مین تجھسے کیا کہون ای یار اسگھڑی
دکھلائی تھی اجل نے عجب طرحکی بہار

تھی کرتیان تلنگون کی مانند لالہ زار
تھا وہ توپ پر سیاہ تگرگ بار

توپین جو داغتے تھے فتیلونسے آن آن
رنجک مثال برق چمکتی تھی بار بار

گھنگھال مثل رعد کے کڑکے تھی دمبدم
آواز شترنال تھی طاؤس کی جھنکار

بارود و گولہ توپ مین تھا یا وہ باد تھی
جیتے کہ قوم عاد اوڑائے تھے جون غبار

فرصت کسونے اتنی نپائی کہ وہ کرے
بندوق و تیر و تیغ سے جا اونمین کارزار

ہر ایک جا یہی نظر آیا ہر ایک کو
گھوڑا ادھر جو تڑپے ہے اودھر پڑا سوار

اوڑتے تھے یون پیادہ کہ تو دیکھ سوئی کے
نداف کا کمانچہ جو جون دی ہو انتشار

تھے ہاتھیونپہ بیٹھے جو حافظ کے ہمنشین
ساتھ اوسکے ہم پیالہ و باہم نوالہ خوار

وہ بھاگے اسطرح کہ یہ کہتی تھی اونکو خلق
بھاگا وہ دیکھو جاے ہی میدان سے کو سوار

ڈر لڑنیکے حواس تھے نہ بھاگنے کا ہوش
نے سوچ مرنیکا ہی نہ جینے کا کچھ بچار

خلق کو اسقدر ہے استغنا
نہین ممکن کہ وہ بیان ہووے

رہرو آگے اگر پڑا ہو گہر
دور ٹھوکر سے گر روان ہووے

کبھو دیکھا نہ یون کہ زر بے قدر
اسقدر زیر آسمان ہووے

رہ نوردونکی نظر مین اکسیر
بدتر از گرد کاروان ہووے

در گنجینہ پہ نہین اب رسم
کنجی اور قفل پاسبان ہووے

متمول یہ خلق ہے جن کی
قاصر اب کہنے مین زبان ہووے

جو گدا روز و شب کہ سائل تھا
چاہیے رشک خسروان ہووے

در و دروازہ یون ہے اب کسکا
کہ نہ وان پیل و پیلبان ہووے

کون ہے جسکے تازی و کتے
نہ پھرا کتا بزیر ران ہووے

نہین برمین کسیکے اب وہ لباس
کہ نہ قیمت مین جو گران ہووے

نہ کوئی باندھے جب تلک ہتیار
نہ طلایا نہ نہ نشان ہووے

خوان نعمت نہین ہے ایک کا یون
جس پہ تا سو نہ میہمان ہووے

عیش و عشرت سے ہے سدا دمساز
پیر ہو کوئی یا جوان ہووے

ہو جو کچھ جس کے ہے اوسکی عطا
آصف الدولہ اور جہان ہووے

دیکھکر جسکو خلق بولے ہے
تو ہو اور عمر جاودان ہووے

تیر تیرا نگاہ چشم قضا — اوسکو دیدار دشمنان ہووے

باد پیما ترا تعالے اللہ — جلوہ گر آکے وہ جہان ہووے

زیر ران دیکھکر تڑپ اوسکی — خلق کا اوسپہ یون گمان ہووے

کیا عجب ہے کہ برق کا شعلہ — اسکے تیہے کے درمیان ہووے

صرصر اوسکے قدم کو پھر نہ لگے — ٹک کشادا اوسکی گر عنان ہووے

جہد کرنے کا دلمین ہو جو خیال — مجھ سے آگے تو کیا بیان ہووے

اوس جگہ تک جہانمین جسکا بعد — دور از وہم انس و جان ہووے

لاکھ بار ایک پل کے عرصے مین — پہونچے جسجا سے پھر یہ وان ہووے

فوج کا تیرے کر سکے نہ شمار — گو عطارد حساب دان ہووے

کثرت اوسکی ہو جب تو ہووے سوار — بسکہ پُر گرد آسمان ہووے

آنکھین مل مل یہ مہر ہو بے نور — جیسے شبشہ بتا بدان ہووے

دود ہو یہ بلند توپون کا — آتش انگیز جب وہان ہووے

سقف حمام جس طرح ٹپکے — قطرہ زن چشم اختران ہووے

اونکی آواز سے بدشت و کوہ — زلزلہ یہ جہان تہان ہووے

بکف دست جس طرح سیماب — حالت کوہ یون عیان ہووے

خامہ بیش از گناہ کیا ہے جسے
ہو رقم سے یہ خوشدلی کا وفور

گر اس امر پیچ کرتا ہے
اوس طرف انتقال ذہن شعور

کہ لکھا چاہتا ہے اوسکی مدح
خلق ہین جسکے خلق ہی مشہور

یعنی نواب آصف الدولہ
ہو سلیمان پہونچکے جس تک مور

ہے توان بخش ناتوان کا وہ
شاہد اس کا ہے متفق جمہور

لیگیا پیل پیل کو پشہ
اوسکے آگے کیا جو باہم زور

شعلہ پیرا ہو جسدم اوسکی تیغ
ہووے خاک سیہ عدم مین فتور

اوسکی برش کا وصف کیا مین کرون
سخت اور نرم پہ باین دستور

سخت پر جیسے تار صابن مین
نرم پر جون ہوا مین بال طیور

یاد مین اوسکے باندھے جو کمر
رن سے پھرے منظفر و منصور

مدح غائب کا دل ہے اپنا تنگ
ہو تک لے خامہ بار یاب حضور

وہ جو تیری کمان کی سیر ہے
کسکو اوسکے اوٹھانے کا مقدور

وصف شوخی مین بادپا کی ترے
کرتی ہے اب زبان برق قصور

ہے فرس کسکے زیر ران ایسا
جسکے جلوے کا ہووے یہ مذکور

کرے پل مین تمام روے زمین
سینہ باز نقش نعل ستور

ختم سودا کرے سخن بدعا — آمین سب بولین بندگان حضور
فضل سے حق کے تو بہ حشمت و جاہ — رہے تا حشر خرم و مسرور

قصیدہ در مدح نواب وزیر الممالک آصف الدولہ بہادر رستم جنگ

سودا پہ جب جنون نے کیا خوب و خوار — لائی گھر اوس طبیب کے ہی عقل جنکا نام
احوال اوسکا دیکھ کے کہنے لگا طبیب — اب فصد و مسہل اوسکے لیے ہی مفید تام
کہنے لگا سن اوسکو وہ دیوانہ در جواب — مجھ مین لہو کہان یہ ترا ہے خیال خام
جو کچھ کہ میرے تن مین لہو تھا سو ابکی سال — عادل نے خیر آباد کے پی کر کیا تمام
مسہل طلب کری ہی غذا کی زیادتی — مجکو تو ماہ عید بھی گذرا ہے صیام
کیا سودا اس علاج سے کہ اوسکے ماسوا — تا اپنی مین دوا کرون اب کرکے قرض وام
تب اوسنے یون کہا کہ بتاؤ نہین علاج — اس درد سے تو پا کے شفا ہو جو شاد کام
ہو سکے حضور عرض یہ کر جسکے سایہ مین — مور ضعیف پیل سے لے اپنا انتقام

سنتے ہی یہ نوید قصیدہ برائے نذر
لیکر اب اس جناب مین حاضر ہوا غلام

در مدح نواب وزیر الممالک آصف الدولہ بہادر

پہونچا نہ اوسکا سایہ بھی اوسکے قدم تلک
تا اوسکے تونے روبہ عنا نکو لیا نہ تھام

اعدا سے بدخصال کی تنبیہ کیلیے
اوس برق وش کی پشت پہ تیرا ہو جب قیام

ہو طرقو کنان ترا اقبال پیش پیش
نصرت کرے جلو تری فرخ اہتمام

کچھ کم نہیں جہانبین سلیمان سے تیرا جاہ
گو اسنہ پہ آصف دولہ ہے تیرا نام

تو وہ وزیر ہند کہ حیران ہو رہیں
شاہان عصر دیکھ کے تیرا یہ احتشام

مطبخ کا ایک چرخ ترے گر بیان کروں
اوس ذکر کو کفاف نہو صد زبان بکام

فیض اوسکا اسقدر ہی جو اوسکی ہیں ریزہ چیں
خوان کرم پہ اپنے وہ دے ہیں صلائے عام

رتبہ ترا ہے وہ جو کرے قصد اودھر کو ہم
پہونچے نہ ماندگی سے بیک کوچ دو مقام

ذرہ کرے ہی خاک کا اوسکے فلک پہ ناز
جس گلزمین پہ پیرہن کرتا ہی تو خرام

تجھسے کی کوئی مدح و ثنا مجھسے ہو سکے
میں کیا ہوں کیا زبان مری اور کیا مرا کلام

اس نظم سے غرض ہی مجھے عرض مدعا
مقصد مرا قلیل ہی پہونچے بانصرام

اپنی تری جناب میں اتنی ہی عرض ہے
کس کسکا ملتجی ہوں کہا کر ترا غلام

انصاف ہی کہ ہو وہ عطا اس جناب کی
اور اونکی میں سماجت و منت کروں مدام

دیہات جو ہیں مصرف مطبخ کے اوسمیں سے
اوس نقدی کے عوض ہو مجھے صحنک طعام

اے گنج بخش خلق مرا ہے جو مدعا
کر نارواحضور ترے کسقدر ہے کام

ہاتھ سو فرسنگ تک نہ پہونچے کبھو
اگر سے بھر عمر وہان کوئی جو کھدنت

زہرہ برق آب ہو جاوے
تیرے توسن کی گر سنے کرکنت

وہم آسا ہے اوس پری وش کی
شرق سے تا بہ غرب یک ڈھنت

بیشۂ عدل مین ترے ہر موش
سامنے بر کے رہے چو دنت

کوئی کیسا ہی ہو قوی اوس سے
نہین دل کو ضعیف کے دکبنت

وہ بھی روباہ جسکو ہو خارشت
سمجھے ہو شیر کو ہے کیا پشمنت

حلم کا بار گر نہو تیرا
ارض تشکل سمار ہے نہ نخنت

دست زر بخش کا ترے خورشید
ڈھونڈھے بھر عمر تو نپاوے انت

آگے سائل کے تو کرے برہین
اشرفی اور روپے کی یون بکھرنت

جلوہ نظر و نہین اسطرح دیوے
جون فلک پر ہو تارونکی چھٹکنت

ختم سو دو اوعا پہ کرتا ہے
وصف کا ترے کون پاوے اونت

ہے نواب آصف الدولہ
دل سے تیرے خوشی کو نت لپٹنت

حال یون روسیہ عدو کا ہو
جاہ و دولت کی ترے دیکھ بڑھنت

مہر کے جون حمل مین آئے
شب کو آفاق مین لگے ہو گھٹنت

کوئی تو سیم کوئی زر کوئی گہر کوئی لعل
ہر ایک ہو شرف اندوز یان بدنیوال

ہوا ہو بندہ بھی حاضر در سخن لیکر
پے حصول سعادت بدرگہ اقبال

اگرچہ تو ہے مسمی بہ آصف الدولہ
ترا فزود سلیمان سے بھی ہو جاہ و جلال

تری تجلی طالع ہے کہ چرخ اوپر
غلام داعی ہو اختر کا تیرے بدر کمال

علو جاہ کی آگے ترے نہین کچھ قدر
کسو طرح کا کوئی نذر یان کرے زر و مال

مگر یہ نذر ہے شایان ابن آستانیکے
نشاط عید جو لایا ہے عزۂ شوال

یہی جناب مین حق کو دعا ہو سودا کی
جہان ہو جب تئین ای میرے قبلۂ آمال

رہے محبون پہ سایہ ترا سپہر کی طرح
سدا بخون عدو تیغ جون شفق مین ہلال

قصیدہ در مدح حکیم میر محمد کاظم

علم ظنی ہو طبابت تو یہ سن رکھ ہمدم
متفق اسپہ اطبا ہین جہانمین باہم

قاعدہ فن طبابت کا بیان تجھسے کرون
فہم کی گوش جو اپنی تو نہ رکھتا ہو اصم

کام اس فن مین کرو سب سے ہی تشخیص مرض
یہ نہو جسمین تو پھر سیف سمجھ اوسکی قلم

فی الحقیقت ہو اطبا مین وہی شخص طبیب
جو کما ینبغی ان چیزون کا ہووے عالم

جنبش نبض سے اور لون سے قارورہ کے
ہوئی فی الفور جسے اصل مرض مستفہم

نسخہ میر نہین نقش سے عالم کے کم
گر مرض جن ہو تو اوسکا نہ کہین ٹھہرے قدم

یہ عجب کیا ہی جو اچھا کرے وہ موتی کو
ناے مین اوسکے قلم کے ہی مسیحا کا دم

چلتی ہی عہد مین اوسکے رہ ہر شہر و دیار
ہی جو مسدود جہان مین تو رہ شہر عدم

گھر تک آتے کرے پیدا وہ خواص تریاق
اوسکے کوچہ سے مرے باند جو لے آئے سم

بولین ہین جسکو کہ تشخیص و کہین ہین تدبیر
دو کنیزین ہین گھر اوسکے مین یہ بیدم و دم

ہوش اس فن مین تو یہ ہی یہ حواس خمسہ
ہین نصیبونکی علاج اپنے مین درہم برہم

عہد مین اوسکے ہی وہ خوان کرم پر جسکے
ریزہ چین ہند مین ہی لاکھ طرح کا عالم

اسم پاک اوسکا ہی نواب شجاع الدولہ
منبع جود و سخا یعنی وزیر اعظم

قصیدہ در مدح نواب سرفراز الدولہ حسن رضا خان بہادر

صبح عید ہی اور یہ سخن ہی شہرہ عام
حلال دختر رز بے نکاح روزہ حرام

پھر اے آج بمقصود بادہ خواران چرخ
ہی اب بروی زمین دور دور ساقی و جام

بعیش گاہ جہان خوش ہو خرمی سے آج
گئے بدل بمباحث مناہی کے احکام

معانقہ بجہان آج مے پرستونکی
کرے ہی محتسب آکر بانبساط تمام

اوسکی عید مبارک کا ہو مگر یہ سبب
جس افتخار زمان کا حسن ضا خان نام

رہو وہ خان رفیع المکان عالی قدر
رہو وہ خان فلک مرتبت ذوی الاکرام

کہ جسکی ذات فیوضات سے کہائی ہے
جہانبین صاحب فرزند مادر ایام

پہونچکے ہو ورد ولتنہ اتلک اوسکے
وہ کامیاب جو ہو سرنوشت کا ناکام

جو وہ کیا نہ کرے دستگیری بخت سا
قدم کا ایک کے اوس سرزمین پہ ہو نہ قیام

ہم چشم کان مروت دل اوسکا معدن
وخائر کرم وجود دست فیض مدام

ہی خلق واسطے خلقت کے گویا اوسکو خلق
حیا و شرم ہوئی ختم اوسپہ حلم تمام

وہ اوسکا خوان نعم ہی کہ جسکے مطبخ مین
صدا کھڑکنے کی ہی دیگ کی صدائے عام

یہ قصد خامہ ہوا اوسکی مدح غائب سے
کرے یہ مطلع انور حضور مین ارقام

مطلع

ترا وہ عدل ہے اے ملجا تمام انام
کہ باز بچہ نکالے ہی سب کے تخم حمام

کرے نظر جو سوی صید عہد مین تیرے
جو کور دیدہ صیاد شکل دیدہ دام

بروز جمعہ سدا ہاتھ لے کے ناخنگیر
پھری ہی شیر کو بیشے مین ڈھونڈھتا حجام

اسی امید پہ تا قصر کرکے ناخن شیر
برائے ہیکل اطفال دیکھے انعام

بیان ہو کب تلک انصاف و عدل کا تیری
یہ معدلت کا تری جزرسی سی پہونچا کام

قصیدہ در مدح سرفراز الدولہ حسن رضا خان بہادر

نہ عدل و عمل کا تیرے صفت ہو کچھ مجھسے
کہ رفعت و شان تیری پر دی ہی خوش فہام

سوائے وصف کا تیرے مجھے نہ بھاوے کچھ
خدا ہمیشہ رکھے اوسکو باعز و اکرام

مرا ہمیشہ یہ مقصد بدل نہفتہ ہے
رہین بحلقۂ طاعت یہ بندگان و غلام

تیرے مخالف مذہب ہون کیسے ہی جلدی
یہ سمجھیو کہ انھونکا بخیر ہوا انجام

خدا کو اونکی عبادت سے ہی نہین منظور
ثواب و زجر آو ہی اونکا تیرے کام

ہو اسقدر ترا آلودگی سے دامن پاک
کرین طواف حرم اوسکو باندھکر احرام

یقین ہی کہ وہ ہے کے تئین کہ نزد خدا
نہین جو دوست ترا ہو وہ دشمن اسلام

بس اب جہان مین کوئی ہو جو تجھسے کا بدخواہ
ہے زہر مرگ حلال و سپہ شہد لذت حرام

ہمیشہ حق کیطرف سے وہ مورد لعنت
زبان خلق سے دائم ہے مورد دشنام

عروس دولت دنیا نے کار خیر اپنا
کیا ہو تجھپہ ہو عاشق باشتیاق تمام

اگر ہزار طلاق اوسکو دیوے تو لیکن
نجاویگی ترے در سے یہ تا بروز قیام

غرض کہ اسلیے تیری یہ مین نہین کی مدح
کہ چاہون تجھسے مین اسکے صلے مین درہم و دام

عوض مین اسکے صلہ کے کرونمین تجھسے عرض
قبول ہو جو مرا حرف اے ذوی الاکرام

مجھے تو گوشۂ خاطر مین اپنے دے جاگہ
کہ تا بسر کرون لیل و نہار باآرام

کرے ہی ختم دعائیہ پر سخن سودا
ادب سے دور ہی خدمتمین تیری طول کلام

قصیدہ در مدح نواب

سیف الدولہ احمد علی خان

بہادر پسر سعادت خان

دیا ہو قوت اعضائے دلکو میرے جناب
سبب ضعیفی کی طاقت ہوئی ہو میری طاق

سپہ گریبان تو گذرا شباب کا عالم
نہین وہ عمر کہ اب آؤ نہین بکار سیاق

جو باندھون اسپہ کمر اب تو بندھی اسطرح
کہ جو کمان کا قبضہ بندھو مقابل فاق

جو دست و پا مین نہ اسکے رہی ہو اطاقت
لیا ہین فن سخن کھو لکر کمر سے یراق

سواب مین تیغ زبان سے لڑون ہون سخت کیساتھ
ہون فتحیاب وہ کی جو ہووے تیری وفاق

سلامتی ہین تو اپنے روانہ رکھ مجھے
ذلیل و خوار ہیو نہین بچشم اہل نفاق

پھر اگر وہین لیے منشی استخوان اپنے
بیانہ ہین بے عمال زیر کہنہ رواق

سواب تو اس سے بھی نوبت گذر گئی ہو مگر
گلے مین کرنہ بپا کفش ہاتھ مین ہو چاق

سپرد تجکو ہو سر رشتہ سب کی حرمت کا
کیا ہو اتنی وہ مخلوق کا ہو جو خلاق

سو طالب اتنی ہین حرمت کا اب نہین جس سے
کرون معاش بسر اپنا ہین ہ ظلم و طراق

عوض مین دی مجھو اس نقد کی تو ایسا گانون
بسر ہو عمر مری جس سے تیرے کہنہ رواق

نہ ایسا گانون کہ جس سے بڑے دستر خوان
ہزار طرح کی نعمت ہو نان و مشک و فاق

نہ مثل نور علیخان ہون کھا کے مین فربہ
نہ سو کھکر ہون طرح میرزا رفیع کے قاق

بنان دوال مین سازش کرے ایک گوشہ مین
مدام مدح مین تیری لکھا کرون اوراق

دعا پہ ختم کرتے ہے یہ عرضی منظوم
ہو اس بیان مین سودا جو فن شعر مین طاق

معمول سے زیادہ مقید ہون ابکی سال
جسطرح چاہیے کرین اس فوج کا شکار

پس ہلکارہ لالہ خود روسے یہ کہین
رنگین شتاب مستک فیلان کوہسار

دگلے ہزار رنگ کے پہنا دین ابر کو
موج ہوا تلک ہو زرہ پوش ابکی بار

تقسیم کردین فرقہ غنچہ ہین جل تہین
دین دو پنے رسالہ گل ہو امیدوار

کہدین کہ چار ہفتے گلشن کی صحن باغ
چار آئینہ کو سیج کے رہین مستعد کار

بارود گولی پیر مغان میکدہ کے بیچ
رکھین نہ اب سوائے کمر کیسہ زینہار

بندوقین بند کیشیشونکے بھر بھر کے مغبچے
آکر شتاب صحن چمن مین کرین نثار

جتنے ہین ذی نواز جہان بیچ اب کرین
پیشہ وہ کرنا نے بجانے کا اختیار

باور اگر نہین تو اسے آن دیکھ لو
پایا ہے امر مطلع ترے نے اشتہار

ترکش لگا کے دینے کو تصحیحہ بہار
گلگون پہ اپنے ترک ہزارا ہوا سوار

لازم ہے تجکو پیکے شراب طرب کا جام
گر مرے تو سیر گلستان کرا ابکی بار

یک گلزمین نہین کہ جہان آب تیر سے
کرتا نہو وے کھینچ کے شمشیر آبدار

غصے سے گر کٹے مرتے ہین آکے موج
گرداب ڈھال رو کے ہو مارے جب کٹار

بن خود ایکدم نہین رہتا سر حباب
ڈالے رہے ہو منہ پہ جہلم سنگ آشتبار

از سایہ ہائے بید مولہ ہر طرف — دارد زمین کمان سیہ تو زور کنار
ترک صبا کو ہی مرا تیر باز گشت — ہو پشت پر حریف تو نکلے جگر سے پار
خالی سمجھ کے ہاتھ کو اپنے ہر ایک دم — مانگے ہی برگ بید سے خنجر کو ہر چنار
دامن کو باندھ باندھ ہوئے مستعد سرو — قمری ہر ایک کہتی ہی یون نعرہ مار مار
ایسا نہو کہ طعن کرین ہمکو بلبلان — لڑیو قدم کو گاڑ کے یاران طرحدار
نرگس کو باوجود ہی بیماری شدید — نشتر چمن مین آن کے وہ ناتوان زار
للکارتی ہی یہ کہ دو میان ہو جو کوئی — ٹالی تو باری آن کے میرے عصا کو وار
گمرکھ کے ہر درخت سے یون سنگترہ کا نخل — کہتا ہو گرچہ ہاتھ مین شیشہ ہی تیرے یار
لیکن تو دیکھیو کہ خدا وہ گھڑی کرے — کتون کا سر مین توڑ دونگا پتھر ہی مار مار
کوکون کے ہر درخت کو غصہ نے اندنون — کچھ آگ سی لگائے ہی کیجو تم اعتبار
ولمین غرض ہر ایک کے مین کیا بیان کرون — پایا ہی آتش غضب و کین نے یہ قرار
نکلین بجای دانہ شرر کچھ عجب نہین — دبجے اگر انار کو پنجہ مین لے فشار
القصہ آج پیک صبا سے مین صبحدم — پوچھا کہ سن تو کس لیے خاور کا تاجدار
قتل خزان پہ مستعد اتنا کہ جس لیے — کی جمع فوج قاہرہ اتنی کہ بے شمار
ایسا تو اس سے آجتک کچھ نہین ہوا — ہان امر سلطنت کا نرالا ہی اختیار

دیوے نہ تیرے نام سے گلشن میں گر بہار
پھولونکو آب رنگ کا لینا ہو ناگوار

تیری سخا کے یاد سوا خاک پر نہال
بنلا دے باغبان تو شرمے نہ شاخسار

ناخن بغیر غنچونکے گانٹھیں نہ کھل سکیں
تیری سخا جو باد سحر کی نہووے یار

میخانۂ جہان میں کرم سے ترے نہیں
کوئی شکستہ حال بجز توبہ و خمار

برسا ترا سحاب کرم یاں نہیں کہ آب
ہوتا ہے رنگ آتش یاقوت آبدار

جو کچھ کہا میں اسکو خوشامد نہ پوچھیو
یاں ارث ہے شجاع و سخی ہونیکا شعار

داد اترے کاوست کرم کیا بیان کروں
سائل کو نان و حلوے کی اونٹونکی دی قطار

رکھیو اب آگے مطلع تازہ پہ گوش جان
خورشید کی ثنا کوئی کرتا ہے ذرہ وار

مطلع

موج گہر سپہر سے اودھر کرے گذار
گر اپنی ابر فیض سے آتنا کہے بیار

اور اوسکے پوچھتے ہو شجاعت میں سن رکھو
اژدر کی چیری جڑی کہ جب تھا یہ شیر خوار

یکدم جو اوسکی تیغ کی برش نہ اوسہو
دلمیں اگر خیال کرے اپنے کوہسار

اجزاء منجمد ہیں جمادات کے یہ سب
پا جاویں جون حلس جہان ملیں انتشار

جس تو دے پر کہ تیر قضا گر کارا نہو
خاکی کو اپنے اوسمیں سے پھوٹے ہو دو سار

تیری ہی تیغ و تیر کی دہشت ہو یا تلک
تا وحش و طیر نے کی سلح پوشی اختیار

اس عرصہ مین پھر آئے کہ شاید نہ کبھی پائے
گر چھینکنے مین نعل سے اوسکی جھڑی سر

پر ہو مین پتیرہ نکا عدو کے تو ہو غلام
میدان کے روز تجھسے جو ہو جائے دوچار

اوٹھے اوسے تو اسپہ لو جانا وہ یون رکھے
اوڑ جاوے باد تند کے آگے سے جون غبار

رتبہ کی تیرے جاہ کی مین کیا بیان کرون
جسکے تئین نہ وہم فلک کر سکے حصار

ہوتا نہ رنگ اطلس گردون جو ماتی
خیمہ کے استرون کا ترے تھا یہ جامہ وار

شبنم کہکشان کے تئین بھی برابر آپ
دو کرتے پھر کرتو نہ بنتی وہ استوار

سنتے مہر و مہ بھی خوب ہی کچھ پاوے یہ کو
پرمندرس ہین برسون کے اتنے کہ بیشمار

پیکر مگر خطوط شعاعی کو اسمین سے
بٹوائیے طنابین سو کتنا یہ لو دو تار

سرکار عالم فلکی مین تو کچھ نہین
بیخون کیواسطے ہین زمین پر یہ کوہسار

قالی کا اوسکے فرش کا اتنا ہو عرض طول
صد فصل گل نہو سکین جسکی نمونہ وار

جتنا ہو سطح روے زمین اوسپہ گر اوسے
جس فصل مین بچھاؤ تو ہو موسم بہار

جس آن تو قدم رکھے اوسپر ہو آبخیز
کھلجائے دیکھتے ہی تجھے چشم روزگار

اور ہوویگا بھی یون ہی خاطر کر جمع رکھ
صدقے سے پنجتن کے بتائید روزگار

سودا کری ہو عرض کہ تیرے خزانہ سے
بھر بھر پھر ہی لیتا ہے مجکو زر عیار

بالفعل اس قصیدہ کا انکے ہی صلہ
اوسکے تئین خطاب ہو زمیہ بہار

یعنے وہ سیف دولہ بہادر کہ جس سوا
پائے کوئی نہ لطف و کرم کا کہین دھنگ

ہمت کی عظم و شان کو جسکے دُرِ یتیم
تعداد موج بحر تلک بخشتا ہے تنگ

نواب ملک حاضر و غائب اگر تری
بولے نہ جو زبان ہی وہ گویا دہن ہین سنگ

بیٹھے سے اوسکے نسل کے نکلا کرے تھا
تجھ مزرع کرم سے چنے دانہ گر کھلنگ

جس دشت کیطرف ہو تری یک نگاہ مہر
لے بوستان چشم مروت سے آب و رنگ

پائے غزالہ دام مین وان بند ہو اگر
ناخن سے اپنے کھول دے جا کر گرہ پلنگ

حکم صلاح سے تے اے صالح زمان
عرصہ اب استقدہ منہیات پر ہو تنگ

ہو کشمکش شراب کو جب کیجیے نظر
جسوقت دیکھیے تو ہی خنجر کے نیچے بنگ

سید مین کیا بیان کرون تیری کمان کا زور
سینہ عدو کا توڑ کے نکلے ہے جب خدنگ

بیٹھے زمین پر تو اوسے پھر نہ پائیے
گر سو کروڑ کوس تلک کھوئیے سرنگ

ظلمت کا بحر و بر کے ہیبت سے ہو یہ حال
شمشیر گر علم کرے اپنی نور روز جنگ

مانگے پناہ پشہ سے اوسکا فیل مست
ہو جائے آب ہو کے وہین رہرو نہنگ

لے نذر صفای برش اوسکے تیغ کی
باقی کسو ہی طرح سے ضارب کے دلمین زنگ

گر پشت آسمان پہ وہ آئے تو بہر حکم
ہو خرق والتیام فلک بکھر کے دنگ

ہے دلکو یہ یقین کہ ہنگام کارزار
روئین تنون کے صف پہ اگر ڈانٹ کر ترنگ

قصیدہ در مدح نواب احمد علی خان سیف الدولہ پسر سید صلابت خان بہادر

بے سخن سنج ایک جوان مہین
فخر صائب جو وہ کرے تحسین

رات جا کر ہین اوسکی خدمت مین
اوسے دیکھا تو تھا نپٹ غمگین

مین جو پوچھا سبب کہا مت پوچھ
خبث کرنا کسی کا خوب نہین

نہ کچھ اس سے حصول دنیا کا
نہ کچھ اس سے برآوے مطلب دین

لیکن اے یار تجھسے کہتا ہون
ملکے گو تجھپہ سب کرین نفرین

داغ ہون ان سے اب زمانے مین
بزم شعرا کے ہین جو صدر نشین

یعنے سودا و میر و قائم درد
لے ہدایت سے تا کلیم و حزین

کیا غرور و دماغ کیا نخوت
کونسا کبر ہے جو اونمین نہین

مثل شیرازہ کتاب اللہ
سمجھے ہر ایک اپنی چین جبین

تنگ جانین جو بزم کا اونکے
بوعلی ہو صف نعال نشین

بعد صد منت و سماجت کے
جاوین گر یہ مشاعرے مین کہین

میر مجلس کی تاب و طاقت کیا
کرے تکلیف شعر اونکے تئین

گلشن دہر مین چہار طرف
ایک مفلس جو ڈھونڈھے تو نہین

غنچہ کی بھی گرہ مین بند کیا
اوسکی بخشش نے مشت زر کے تئین

ہو تک اے خامہ باریاب حضور
مدح غائب سے کسکو ہو تسکین

اس چمن مین غرض ترا محتاج
ہے تو نگر سے لیکے تا مسکین

لالہ سان گر پیالہ ہے مرے ہاتھ
کف نرگس پہ کاسۂ زرین

دست و پا اپنے گم کرے ہے عدو
یاد کر تیرے تیغ و خنجر و کین

پوچھتا ہے ہر ایک سے سچ کہ
سر مرا تنگر یونین ہے کہ نہین

فکر مین قہر کے ترے ہر شب
حالت نزع سے زبس ہو قرین

نیند اوسکو نہ آوے تا نہ پڑھین
جاے افسانہ سورۂ یسین

تیرے شبرنگ کا کرون کیا وصف
تو ہے جسکا چراغ خانۂ زین

جون پتنگ و سپہ تجھکو دیکھ سوار
جلکے بسمت ہو عدوے لعین

غرض اس گفتگو سے اے نواب
نہین ہے اسپ و خلعت سنگین

کیا کرونگا مین تو سلامت رہ
تیرے دروازہ کا ہون خاک نشین

خوان نعمت سے تیرے مجکو سدا
صبح شیرین ملی ہے شب تمکین

سنگ تجھ آستان کا بعد از لوس
خواب کرنے کو ہے مجھے بالین

جامہ پہنے ہون جسکے دامن کو
نیزہ ابرو کی آستین سے نہین

ہو جا اب دلین اپنے کر انصاف
کچھ ترا ظہار شاعری تجھ پہ

سو تو لازم سمجھی ہی طبع نہین
متصل تجھ زبان پہ ہے جاری

اس سوا کچھ نہین بجز تعریف
جز و مائیہ اس قصیدے مین

نہین کچھ مطلب اور اپنے تئین
ہے جنکی ہو سو اسکی زبان سے کرین

تو بھی اپنی زبان سے کرین

۱۴۱

قصیدہ در مدح نواب
نسبت علی خان خواجہ سرا
محمد شاہی

کی ہے جو نام سے ہو دلیر و دلیر
بولا نصیب تیری سب دولت جہان ہو

گو اشرفی زر دیکھی کی خواہش ہو تیری دل مین
ظاہر ہے ہم جا کے تجھکو زر ہستان ہو

تیری ہی ایسا ہے جو دکان ہو
محمد تو اسقدر ہو تیرا کارنامہ

صورت ہے تیری ایسا ہے جو دکان ہو
جاہ و جلال یا شک دیوے سے تیری

مورد ہے تیرے زیادہ خیل ملازمان ہو
جب ہو تیری سواری صد فیل پر نشان ہو

کر ملک چاہتا ہو تو تخت پہ تیری
ہندوستان سے لیکر اور تا اصفہان ہو

اسے

آگے تو کیا کہوں میں دل چاہتا ہو تیرے
قبضے میں ہے زمین اور تا بآسمان ہو

سنکر یہ حرف بولا سوداگر قدر دریہ
کب اشرفی روپے کی نزدیک عاقلان ہو

یہ تو پڑے ہیں لتنے آفاق میں کہ جنکو
کیسے سے دور جیسے کام اپنا تب روان ہو

لعل و گہر جو پوچھو پتھر ہیں اور پانی
رتبہ نہ انکو پیش ارباب ہمتان ہو

عمدہ تو وہ کوئی ہو نزدیک ہم جسکے
اہل کمال آگے دنیا میں عزو شان ہو

نام نکو سے بہتر دنیا میں کیا نشان ہے
وہ بھی کوئی نشان ہو جو فیل پر روان ہو

ملکوں کے سر زمین سو حاصل یہی ہو آخر
وہ مشت خاک جسمیں اکثیت استخوان ہو

ارض و سما کا ہونا قبضے کے بیچ اپنے
بے دعوی خدائی کیونکر مجھے گمان ہو

جو کچھ کہا ہے تو نے یہ تجکو سب مبارک
ہیں اور میرے سر پہ پیر السنت خان ہو

دیکھے ہو جسکے جلوہ پاکیزہ طینتونکی
آنکھوں کو امن ہووے جنکے تئیں امان ہو

ہو مرتبہ ہی جہاں میں ہو بے نیازیوں کا
سمجھے ہو وہ کوئی جو اوسکا مزا جہان ہو

یہ وضع لاابالی رکھتا ہے وہ کہ جسکا
اشعار میں غزل کے ممکن نہیں بیان ہو

مطلع

بلبل کو گاہ سنکر انعام بوستان ہو
پھولونکی بوسے تھی ہو گلشن میں سرگران ہو

لاکھوں ہو جسکی جنکے ہیں گرگ کو خریدے
بکتا ہو کیا نگہ کو یوسف تو وان گران ہو

مطلع

صحن چمن میں گلگون گرتے زیر ران ہو
ہر گل پیادہ ہو کر دان طرفہ گلستان ہو

تک چھیڑیے روش پر اسکو تو اب تک
جس جس طرف وہ پلٹے اوسطرف یہ رواں ہو

انداز چھیڑنے کا یہ کچھ ہے جو کہا میں
تک ہم ڈالنے کا دل کے جو درمیان ہو

اس سرعتوں سے تڑپے ہو تنگی ہو اسکے اوپر
عرصہ یہ تنگ بہت کا دام کبوتران ہو

کہتا ہے وہ جو دیکھے اوپر سوار تجھ کو
یارب جبینہ جگمیں یہ اسپ بیجوان ہو

شان و شکوہ تیرے ہاتھی کا کیا کہوں میں
چرخی بجا ہے اوسکے گر چرخ آسمان ہو

ہے سربلند اتنا یہ بھی عجب نہیں ہے
آنکھیں پہ ماہ نو کے گر دست پیلبان ہو

مستک پہ رنگ اوسکے جسطرح جلوہ گر ہو
گو سا بخود لاکھ پھولے یہ لطف پر کمان ہو

دانتوں کے بیچ اوسکے ہو جسقدر پھیونڈا
وصف زخامت اوسکا کیجے تو کیا بیان ہو

اس دانت سے تو ہم اوس دانت تک جو لنڈے
پہونچے تو ایک نہیں تا شب درمیان ہو

ابر سیہ ٹپکنا آوے ہو جسطرح سے
مستی میں حسن اوسکے چلنے کا یوں عیان ہو

اس قد و قامت اوپر یہ حسن ہو کہ اوسکے
زنجیر پا بجا ہے گر زلف ہو شان ہو

پائل بجھول سا پر کیا کیا کہوں میں اوسکی
اصلا کہیں ہوا ہے سوچی کا چونکان ہو

گجا کے تک صاحب چھیڑ تو دیں چلے ہو
عاشق کے وصل کی شب جسطرح سے روان ہو

دل چاہتا ہو یون کہ بنا کیجے ایک باغ
وہ گل جو ہین زیر فلک کرکے جستجو

فیض دم مسیح کا جسکے ہوا ہو فخر
آب اوس جگہ کا آب خضر کی ہو آبرو

لاوے نہ اوس زمین کی درختونکی اکشاخ
غیر از برامید خلائق ثمر کبھو

ہووے ازل سے تا ابد ہر چمن کے بیچ
سرسبز وانکی خاک سے صد تخم آرزو

مانا فراغ خاطر آسودہ سے ہو کل
جمعیت دلی سے پڑے غنچہ ہو بہو

بینائی و مشام کو عیسی کی تقویت
دیوے ہمیشہ وانکی گلستانکا رنگ و بو

مرغ اوس چمن کے بیچ ہون ایسے عنبر سرا
مطلع یہ جنکے حق مین سخن کی ہو آبرو

مطلع

بلبل ہو وانکی بلبل آل سے دو بدو
طوطی کرے ہمیشہ فصیحی سے گفتگو

یون منعکس صفای عمارت مین ہو چمن
جو ایک و مکان ہو سو معلوم ہو دو رو

آئینہ خانہ اوسمین ہو ایسا کہ ایک سب
موزون نہ اس صفای گلستان مین ہو کبھو

ایسا ہو سطح کرسی پہ اوس گھر کے ایک حوض
کوثر ہو آب شرم سے وان جسکے روبرو

چادر ہو تلے آب کے یون سنگ آب بشار
چین بر جبین نقاب تلے جون رخ نکو

پاکیزگی سے جاری ہو ایسی ہی ایک نہر
خوبی کا جسکے ذکر نہ کر سکیے بے وضو

جوجی کو بہر چمن کے روان یون ہو اوسکا آب
جون سوح دوڑتی ہو رگ جانکی سمت کو

جس دشت میں ہو اندنوں سودا کی بود و باش
دیکھا جو میں تو ہے وہ عجب اک مقام ہو

اور اوس جگہ وہ یوں نظر آیا کہ کیا کہوں
نے طاقت شنود ہے نے تاب گفتگو

گذرا ہے سر سے پانوں کے اوسکے ہر ایک خار
اور پانوں سے گذر گیا اوسکا ہر ایک مو

ہمصحبتان بزم سے اوسکے اگر کوئی
وان جا کے پوچھتا ہے کبھو اوسکی حال کو

مانند شیشۂ مے کھلتے ہیں دہن کو کھول
چاہے کہ کچھ کہے تو لہو کی ہے وہ لہو

احوال تو یہ کچھ ہے جو میں نے کیا بیان
اسمیں حواس اوسکو جو آجائیں ہیں کبھو

اوڑتا ہے جو پھیرو تو کہتا ہے اوس سے یہ
جاتے ہے بسنت خان بہادر کنے جو تو

بعد از سلام شوق یہ کہیو ہمارے دوست
اے بوستان دل کی تمنا کی رنگ و بو

پر تو نہیں کہ پہونچے دو پانوں ہیں مگر
کوڑی رگڑ نیکی ہے سدا جنکو آرزو

جیسے ترے قدم سے جدا ہو کے رہ گئے
نے دین کی ہے تلاش نہ دنیا کی جستجو

مانند برگ خشک کہ ہو نخل سے جدا
کرتے پھرے ہیں دشت میں نالے ہر ایک سو

اب آرزو یہی ہے کہ آوے جو باد تند
جو شعلہ آگ اپنے تئیں دیں نشست و رو

تقصیر عفو کی ہے ترے یا گناہ کی
انصاف یہ نہیں مجھے مجرم جو سمجھے تو

تیرے کرم نے مجھکو بد آموز کر دیا
ممکن ورنہ معصیت کی کب اس روسیہ کو خو

سود اگر ہے ہو تم دعا یہ پڑھیں
لائق تری ثنا کے نہیں ہو یہ گفتگو

تا زیر آسمان ہو زمانے میں صبح و شام
اپنی ہے یہ جناب الٰہی سے آرزو

روشن ہو تیرے دوست کا ہر دم چراغ عیش
بدخواہ کے نصیب ہو زخوش کہو

قصیدہ در نصائح بخش شعر و طعن شاعری در مدح مہربان خان

جب سے مورد تحسین ہیں اکثر اشعار
کیا اور شاعر نے بھی سنا کر اشعار

اے پسر چار نصائح میں کروں ہوں اظہار
کر کے تحویل دل اپنے تو کہا کر اشعار

ہیں جو خاقانی و فردوسی و سعدی مشہور
کیا عجب ہو کے اونکے جو برابر اشعار

اتنا یہ کہ مجالس میں زبان دانوں کے
ترے آگے جو پڑھے کوئی سخنور اشعار

سخن ایسا نہ سرزد کہ پہل دستا دو ہم
گو ہو اتنے زبان کا ترا جوہر اشعار

دوستی یہ جو تو چاہے کہ نہ جھنجھلا ہو کوئی
شعر سے میرے کیسے نہ ہوں بہتر اشعار

شعر تحسین پہ بھی نادان کے نہ پڑھیو کبھی
پڑھیو دانا کی تو نفرین پہ مکرر اشعار

سوقی کے کہے کوئی نادان کہ ہیں
تیرے دیوان میں دو لین کو افسر اشعار

شعر ایسے تو نہ پڑھیو جو ہو اصلاح
ہو کہیں بالفرض تیرے اپنے بھی بہتر اشعار

چار میں بال زن اونکو سمجھ پہ فلاں
نرخ معنی سے تیرے پاویں جو بہتر اشعار

بوجھ کر اپنی ترقی کو تنزل تیری
عرش پر ہوں تو سمجھ فرش کے اوپر اشعار

تو دیکھا آپ میں صنعت ہو کہ سبحان اللہ
اب پڑھتے نہیں ہیں کہ ہیں نثر اشعار

یہ کتاب نہ سمجھ کر جو پڑھا سب دیوان
تھے وہ چار ہی قبیلے میں مرصع اشعار

مطلب اس شمع سے پایا نہیں عشرت
ہمدم اس کو ہوں رسوائی پیمبر اشعار

نطق کے باغ کا پھول نام نکالا ہے تو
خاکساروں کو ہیں ہیں نخوت برتر اشعار

عجز ہو تو جہاں پائے سخن حسن قبول
یوں سنوں نقش دل اکثر و مہتر اشعار

خوف دل کو کہا تو کہ صدف کا موتی
کہ صدف کے کے سے ہوئے گوہر اشعار

نہیں آفاق میں دلکش سخن بے تاثیر
کہ اثر فکر ہیں دل کو سخن اشعار

بے اثر جس کے سخن ہو ہیں وہ شعر کے لیے
پیشے تو ملک بلکہ ہے کر اشعار

آئے جو منہ میں نکالا وہ کہے ہیں
پونجیں کہو جو دان کے باہر اشعار

حق کی امداد سے مقبول سخن کا ہونا
یوں لکھتے ہیں بھی بہتر و بدتر اشعار

آدمیت ہو بڑی شوخ کا شعر کیا
کس پہ داغ ہے ارشاد پیمبر اشعار

شاعری سے نہ طلب کیجیے ہو فرقت
خلق کی نظر ہیں کہ ہیں ہیں اختر اشعار

مہربان خان بہادر ہیں ہو کیا خلق
بنتے ہیں جو معانی کے شناور اشعار

اس کمال پہ پہنچے ہیں سخن سنجی کے
دیتے ڈھنگ زبان لائے ہو اکثر اشعار

یوں کے فہم ہو خواص کی دلیل اپنے
کہتے موتی ہیں نگاہ کے صدف پر اشعار

یقین تو جان کہ سب شاطرونکو اس فتن مین
کرے ہو شہ نمرے آگے عبید ذاکانی

جو رودکی سی یہ پوچھو مین فن شعر مین بات
بجا کے تانت کہو دھن تلانک تادانی

مری یہ فکر سخن صفحۂ زمانہ پر
کرے ہو مدح و مذمت مین جوہر ارزانی

حیا یہ پردہ پہ کھینچی ہے نقش تاریکی
کرے ہو ظلمت جو انکو پل مین نورانی

نہووے کیونکہ مرا رتبہ شعر مین یا تک
مین کسکے پیر کی کرتا ہون اب ثنا خوانی

کہ جسکی دم گئی مشرق سے لیکے مغرب تک
انھونکی اب کوئی دم دار یکا نہین ثانی

فرشتے داڑھی کو اونکے لگاتی ہین صندل
کرے ہو طائفہ حور اونکا آنکھ افشانی

جو کوئی وصف کرے اونکی دینداری کی
کرین ہین لعن اوسے ملکے انسی و جانی

اونھونکی ذات مبارک مین یہ تعصب ہے
کرین ہین چشم مین سرمہ ہو گر صفاہانی

کوئی جو اوسکا سبب جا کے پوچھے ہو اونسے
تو کہتے ہین کہ ہے یہ بھی کوئی مسلمانی

لگا نا سرمہ کو وانکے جہان رہین شیعہ
بھلی ہین اس سے تو یہ آنکھین کور ہو جانی

علی کا لے کوئی جو آگے تم مجلس مین
کہین ہین قتل کرو اسکو ہو یہ ایرانی

معاویہ کو سمجھکر خلیفۂ پنجم
کرین ہین مو بمو اپنے کو اوسپہ قربانی

اونھونکی اپنے مریدونکو یہ وصیت ہے
جو چھوڑ جاے مری روح عالم فانی

منڈا کے ریش کو اوس شخص کے بنا چوری
کرے معاویہ کی گور پر مگس رانی

سنا ہی ہین یہ کسی نے بہ دعای فساد
کہا یہ مولوی ساجد سے جا کے سنا یا داد

مین تمسے پوچھنے آیا ہون مولوی صاحب
کسی کتاب مین ہو وی تو کیجیے ارشاد

کہ دیکھ ماہ محرم نبی کی امت مین
درست ہی کہ یہ دین یکدگر مبارکباد

پہن لباس مکلف بروز عاشورہ
کرین معانقہ آپسمین ہو کے خرم و شاد

دیا جواب کہ ہم سنیونکے مذہب مین
عمل یہ بدلون کرتے نہین ہین کچھ ایجاد

یہ بات ہوتی ہی آتی ہی عہد حضرت سے
ہزار جا ہی کتب بیچ اس کا استشہاد

حنا کو ہاتھون سے ملنا لگانا سرمے کا
لباس پہنکے پڑھنا وظیفہ و اوراد

بڑا ثواب ہی اسکا کہ ہی یہ روز عید
کرین نہ گو یہ عمل شیعان نژاد عناد

یہ سنکے کہنے لگا پھر وہ مولوی جیسے
غم حسینؑ کا پاس اسمین ہی مگر ایجاد

دیا جواب پھر مولوی نے اوسکے تئین
غم حسینؑ سے جاوے نہ یہ خوشی برباد

حسین دیگیا ناحق غم اپنا شیعونکو
ملا کے پنجہ کو اپنے بہ پنجہ فولاد

مگر نہ سمجھے تھا وہ آیۂ اطیعوا اللہ
بغی پر اوسکے کلام خدا سے ہی استناد

خلاف امر اولی الامر کا ہی ایسا کچھ
کہ جون چراغ رکھے کوئی بر دریچہ باد

اگر یزید کی جانا حسین بیعت کو
نبی کے آل کی برباد ہوتی کیون بنیاد

علی نے صلح کی تھی کیون معاویہ سے
حسنؑ بھی کر گیا بیعت برای رفع فساد

یزید کو تو مسلمان گنے ہو اے نسناس
پھر اوسکو کہکے اولی الامر مین کرے ہے یاد

جسے کہ کہیے اولی الامر ہو حسین شہید
امام برحق و معصوم پاک از اجداد

کہ جو نبی کا نواسا علی کا تھا فرزند
امام ہر دو جہان آپ اور امام نژاد

یزید کیونکہ اولی الامر ہے بتا ملعون
کیا یہ فرض ہوئی جا و اوسکو جون شداد

یزید کو تو اولی الامر سمجھے ہو مردود
تف اس عقیدے پہ اے خارجی ما در زاد

خدا رسول کی اے بیحیا اطاعت سے
نہ فرد و فرد دین مین رہی ہی نہ افراد

یہ وہ اطاعتین ظاہر مین تھین محمد تک
مگر مطیع بدل تھی سو آلہ الامجاد

خبر حدیث سے قرطاس کی بھی رکھتا ہو
کہ ہے وہ بہر اطیعوا الرسول استشہاد

علی کے ساتھ جو پوچھی نبی نے کیون ڈالی
بتا بجنگ بدیبیہ صلح کی بنیاد

حسن کی صلح کا باعث یہ تھا معاویہ سے
کہ اوسکے ساتھ ہوئے جمع تجھسے نشت نہاد

حسین لکھنے پہ تجھ جیسے سلینونکے
گیا مدینہ سے کربل کو لیکے آل و اولاد

حدیث ہی کہ اگر مومنین ہو کر جمع
جہانمین صاحب حق کیطرف کرین امداد

نہ باندھے صاحب حق گر کسے پہ انکو کمر
ثبوت حجت ایزد ہے اوسپہ روز معاد

بھلا حسین نہ بچاتا تو اسپہ کیا کرتا
خدا کے نزد کی حجت ہو قتل سے بھی زیاد

ندان اہل دغا سے تمام کر حجت
رکھا سر اپنے کو جا زیر خنجر بیداد

اس رنج سے جب چڑھ گئے چھتیس مہینے
تنخواہ کا بیٹھا اس شکل سے یان ہے

لیتے ہیں بایں وسیبی و تو دو ماہ
تک حوصلہ ہر کی جنھیں تاب و توان ہے

قاضی کی جو مسجد ہے گدھا باندھے اوسمیں
بیٹھا ہوا اوس شکل سے ہر پیر و جوان ہے

ملا جو اذان دیوے تو منھ موند کے اوسکا
کہتے ہیں کہ خاموش مسلمانی کہان ہے

بولا جو خطیب اوسمیں تو مارے اوسی کے دھول
ہاتھ آگیا واعظ تو پھیٹرا وہان ہے

رہتے ہیں گدھا آٹھ پہر گھر میں خدا کے
نے ذکر نہ صلوٰۃ نہ سجدہ نہ اذان ہے

اور وہ جو ہیں کمزور وہان آنکے بیٹھیں
رتبے کے جو آگے کی یہ ہر ایک دکان ہے

اوٹھ بیٹھ کے دکھاتے ہیں انھیں حال وہ اپنا
دربار اور اس عہد میں جو خرد و کلان ہے

یوں بھی نہ ملا کچھ تو ہر اک پالکی آگے
اس سج سے رسالہ کا رسالہ ہی روان ہے

کوئی سر پہ کیے خاک گریبان کسیکا چاک
کوئی روئے ہے منھ پیٹ کوئی نعرہ زنان ہے

ہندو مسلمان کو پھر اوس پالکی اوپر
ارتھی کا تو تم ہے جنازہ کا گمان ہے

یہ مسخرگی دیکھکے جو صاحب ارتھی
کرتے ہیں جو وان عرض تو فی پھر ہو نہ ہان ہے

گر ہو جیے جا کر کسی عہدے کے مصاحب
اوسکی تو اذیت ہے بڑی آفت جان ہے

وہ جا کے جو راتوں کو تو بیٹھے ہیں دو زانو
کیسا ہی اگر اپنے تئیں خواب گران ہے

بیوقت خوشامد کی جو ہو اپنے تئیں بھوکا
سو کیا کہوں تجھسے کہ مصیبت کا بیان ہے

آخر کو جو دیکھو تو نہ پیسے ہیں نہ جنس
ہر اک متصدی سے بیان اور بیان ہے

ناچار ہو پھر جمع ہوئے قلعہ کے آگے
جو پالکی نکلے ہو تو فریاد و فغان ہے

دو بیل کی جا کر جو کہیں کیجیے کھیتی
اور مینھ بھی موافق ہو پڑے تو تو سمان ہے

ہیں خشکی و قرقی کے تفکر میں شب و روز
نہ امن ہو دلکے تئیں نے جیکو امان ہے

گر خان و خواتین کیلیے کوئی وکالت
اوسکا تو بیان کیا کرون تجھسے کہ عیان ہے

ہر عمدہ کے در دانیہ زین پوش پہ بیٹھا
پوچھو ہو اجی مرتبہ جی نواب کہان ہے

ہر گھر میں وہ چاہو کہ ہین فوارہ سا چھوٹون
ہر کوچہ میں جون آب چکا بو وہ دوان ہے

دیوان کے بخشی کے پیوتات کے حاضر
مانند کنھیا کے جہان دیکھو تہان ہے

ہر بات پلٹتا ہی رہے صبح سے تا شام
پیپل کے پتے کیطرح منھ میں زبان ہے

لائے جو کچہری سے وہ دامونکا سیاہا
للچاوے موکل کو یہ کیا خوب مکان ہے

سو ماہی پہ بیٹھی ہوئے پانسو ہو خرچ
اور نرکے اجاریکی بھی اردو میں دکان ہے

بتاوے غرض پیسے اوڑا کر ہوا روپیس
گھر جا کے پکا لیے جو کوئی لالہ کہان ہے

جسوقت سنا یہ وہین آواز بدل کر
آپ ہی کہا گھر میں کشن چند کی مان ہے

پھر ہو جو موکل سے کہین راہ مین بیٹھا
اسنا دکا جاگیر کے یہ اوس سے بیان ہے

عرضی پہ ہوا ایم سیاہے پہ ہوا جیم
پروانہ مین تمپر ہون تصدق مرجان ہے

ہدیہ ہو سوا پانچ ٹکے گذر ہین آکر
یاقوت پکارے جو لکا دو قرآن ہے

دمڑی کو کتابت لکھین دھیلے کو قبالہ
بیٹھے ہوئے واں میر علی چوک جہان ہے

چاہے جو کوئی شیخ بنے بہر فراغت
چھٹتی ہے وہ شعرا کی تو مطعون زبان ہے

دیتا ہو دم خر سے کوئی شملے کو نسبت
گنبد سے کوئی پگڑی کو تشبیہ کنان ہے

اور اوسکو جو دیکھے کوئی وہ بہر معیشت
اس فکر و تردد ہی مین ہر ایک زبان ہے

پوچھے ہو مریدون سے یہ ہر صبح کو اوٹھکر
ہو آج کدھر عرس کی شب کہان ہے

تحقیق ہوا عرس تو کر داڑھی کو کنگھی
لے خیل مریدان گئے وہ بزم جہان ہے

ڈھولک جو لگی بجنے تو وان سبکو ہوا وجد
کوئی کودے کوئی رہ وہ کوئی نعرہ زنان ہے

بجے تال ہوئے شیخ جو تاٹ جدین آکر
سرگوشیون مین پھر بد اسلوبی کا بیان ہے

کر تال سے پڑتا ہو قدم تو سبھی ہنس ہنس
کہتے ہین کوئی حال ہو یہ رقص کنان ہے

اور یا حصل اس رنج و مشقت کا جو پوچھو
ڈالا ہوا وان دال نخود فلیہ نان ہے

سب پیشہ یہ تج کر جو کوئی ہو متوکل
جو رو تو سمجھتی ہے نکھٹو یہ میان ہے

اور بیٹی کے دلکو ہے حرافت کا تشفین
بیٹے کو جنون ہونیکا بابا کے گمان ہے

پھر چوم کے جب لڑکے لگی بھوک سو مرنے
ہر خان و خوانین کے ہمراہ دوان ہے

جب راہ عدم پہنچے لگا کوئی نواب
تب اونکی سفارش مین اوسی رقعہ خان ہے

مانند نقش نعل زمین سے بجز فنا
ہرگز نہ اوٹھ سکے وہ اگر بیٹھے ایکبار

اس مرتبہ کو بھوک سے پہونچا ہی اوسکا حال
کرتا ہو راکب وسکا جو بازار مین گذار

قصاب پوچھتا ہو مجھے کب کروگے یاد
امیدوار ہم بھی ہین یون کہتے ہین چمار

جسدنسے اس قصائی کے کھونٹی بندھا ہے
گذرے ہو اس نمط اوسے ہر لیل و نہار

ہر رات اختر ونکے تئین دانہ بوجھکر
دیکھے ہو آسمانکی طرف ہوکے بیقرار

تنکا اگر پڑا کہین دیکھے ہو گھانس کا
چوکی کو آنکھ موند کے دیتا ہو وہ بسیار

خط شعاع کو وہ سمجھ دستہ گیاہ
ہر دم زمین پہ آپ کو پٹکے ہو بار بار

پیدا ہوئی ہے تپہ اگن باد اسقدر
ہرگز دروغ اوسکو تو مت جان نہیار

گذرے وہ جسطرف سے کبھو اوسطرف نسیم
باد سموم ہووے وہین گر کرے گذار

دیکھے ہو جب وہ توبڑہ دھان کیطرف
کھووے ہو اپنے سم سو کنوئین ٹاپین مار مار

فاقونسے ہنہنانیکی طاقت نہین رہی
گھوڑی کو دیکھتا ہو تو پاوے ہو بار بار

ہو اسقدر ضعیف کہ اوڑ جاے باد سے
میخین گر اوسکی تھان کی ہووین نہ استوار

نہ استخوان گوشت نہ کچھ اوسکے پیٹ مین
دھونکی ہو دم کو اپنی کہ جون کھال کو لوہار

سمجھا نہ جاے یہ کہ وہ ابلق ہو یا ترنگ
خارشت سے زبسکہ ہو مجروح بیشمار

یہ حال اوسکے دیکھ غرض یون کہے ہو خلق
چنگل سے موذیکے تو چھوڑا اوسکو کردگار

مانند اسپ خانۂ شطرنج اپنے پانون — جز دست غیر کے نہین چلتا ہے زینہار

اگدن گیا تھا مانگے یہ گھوڑا برات مین — دولھا جو بیاہنے کو چلا اوسپہ ہو سوار

سبزے سے خط سیاہ و سیہ سے ہوا سفید — تھا سرو سا جو قد سو ہوا شاخ بار دار

پہونچا غرض عروس کے گھر تک وہ نوجوان — شیخوخیت کے دبدبے سے کر اوسطرف گذار

مٹھا تو اسقدر ہے کہ وہ جو کچھ کہ تم سنا — لیکن اب اگدن کی حقیقت کہو نہین یار

دہلی تک آن پہونچا تھا جسدن کہ مرہٹہ — مجھسے کہا نقیب نے آکر ہے وقت کار

مدت سے گوڑیونکو اڑایا ہے گھر مین بیٹھ — ہو کر سوار اب کرو میدان مین کارزار

ناچار ہوکے تب تو بندھایا مین اوسپہ زین — ہتیار باندھکر مین ہوا جا کے پھر سوار

جس شکل سے سوار تھا اوسدن مین کیا کہون — دشمن کو بھی خدا نکرے یون ذلیل و خوار

چابک تھے دونون ہاتھ مین پکڑے ہوئے تھا منھ مین باگ — تک تک سے پاشنہ کے مرے پانون تھے فگار

آگے سے تو بڑھا اوسے دکھلائی تھا نسیم — پیچھے نقیب ہانکے تھا لاٹھی سے مار مار

ہرگز وہ اسطرح بھی نہ لاتا تھا رو براہ — ہلتا نہ تھا زمین سے مانند کوہسار

اس مضحکے کو دیکھ ہوئے جمع خاص و عام — اکثر مدبرون مین سے کہتے تھے یون پکار

پہنے اسے لگاؤ کہ تا ہووے یہ روان — یا یا دبان باندھو یون کے واختیار

مین کیا کہون غرضکہ ہر اک اوسکی شکل دیکھ — تیغ زبان سے کاٹکے کرتا تھا گل نثار

یہ کہکے مین خدا سے ہوا مستعد بجنگ
اتنے مین مرہٹہ بھی ہو مجھسے آدو چار

گھوڑا تھا بسکہ لاغر و پست و ضعیف جنگ
کرتا تھا یون خفیف مجھے وقت کارزار

جاتا تھا جب پٹکے مین اوسکو حریف پر
ڈرون تھا اپنے پاؤن سے جون طفل نے سوار

جب دیکھا مین کہ جنگ کی یان اب بندھی ہے شکل
لے جوتیون کو ہاتھ مین گھوڑا اچھل مین مار

دھر دھمکا و اسنے لڑتا ہوا شہر کیطرف
القصہ گھر مین آن کے مینے کیا قرار

گھوڑے کی مرگی شکل یہ ہے تمنے جو سنی
اس پر بھی دلمین آئے تو اب ہو جیو سوار

سنکر نبا و نسے مینے یہ قصہ دیا جواب
اتنا بھی جھوٹ بولنا کیا ہے ضرور یار

گفتن ہمین بس ست کہ اسپ من ابلق ست
سمجھونگا دلمین اپنے اگر ہو تمین ہوشیار

سو وانے نبت قصیدہ کہا سن تاجرا
ہو نام اس قصیدہ کا تضحیک روزگار

قصیدہ چہل و ششم فارسی در تعریف مسجد نو

باعندلیب گلشن ایمان برابر ست
گل بانگ مرغ خانہ ام اللہ اکبر ست

دارم من از لباس حرم صوف در مداد
ہر سو کہ او روان شود اسلام رہبر ست

بر صفحہ پاے خامۂ من کج نمی فتد
کز رشتۂ محبت حق تار مسطر ست

بین السطور او کہ بہر صفحہ نقش زد
زچاک جیب صبح سعادت منور ست

آید صدا ز گنبدش از جنبش نسیم
بنگر که شان رفعتم از عرش برترست

دل در تعجب ست که گلدستهای او
هم در بهار و هم بخزان تازه و ترست

وصف کتابه اش چه نویسم که در نظر
چون سرنوشت صاحب ایمان مقررست

حاجت دران حرم بفروغ چراغ نیست
شب تا سحر تجلی حق شمع منبرست

فی الفور میرسد بدر خانهٔ قبول
آنجا برای مرغ دعا فیض شهپرست

بر سطح او مقابل محراب حوض نیست
چشم پر آب جانب بروی دلبرست

دیدم چو عکس قبهٔ زرین او در آب
پنداشتم که مهر بکوثر شناورست

کرسی او ز مرتبهٔ انبیا بلند
صحنش بوسعت کرم حق برابرست

جاروب صحن شکل خطوط شعاعی ست
جاروب کش بصورت سلطان ورخاست

هر چند جای رفته بسی دیده ام ولی
دل را ازان صفا که برو دیدیاورست

آیند در شمار نظر ذره های خاک
عکس اگر درون زهوای مکدرست

چاهی باین لطافت و خوبی بکنج او
آبش چنان قریب بالب برابرست

مردم بگرد او همه وقت از پی وضو
چون صورت صف مژهٔ دیدهٔ ترست

نقاشی عمارت آن سجده گاه خلق
در تازگی ز باغ جنان هم فزون ترست

نقاش او که رنگ طرازست چون بهار
اگلشن بهر گلی که زد بوی تا درست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثنوی اول قصہ در عشق پسر شیشہ گر بہ زرگر پسر بطور ساقی نامہ و دیگر حکایت شیخ و دعا بادشاہ

مرا دل نام پر اوسکے ہے شیدا
کیا ہے جس نے حسن و عشق پیدا

وہی ہے آب و رنگ اپنے چمن کا
وہی معنی ہے طوطی کے سخن کا

چمن مین ذکر سے اوسکے ہو تفریح
گلونکو دانۂ شبنم ہے تسبیح

یہ جلوہ حسن کا ہو گل مین اوس سے
اثر ہے نالۂ بلبل مین اوس سے

دلونکا عاشقون کے محرم راز
اداؤ ناز کا خوبان کے دمساز

کہین نور چراغ خانہ ہے وہ
کہین سوز دل پروانہ ہے وہ

کسو کے دل مین پاتا ہون اوسے درد
کسی سینے مین تاثیر دم سرد

اوسی کا جلوہ حسن زلف مہرو
اوسی کے نافۂ آہو مین ہے بو

کسی جاگہ مین عیسے کا ہو وہ دم
کسی جا ہو سموم آکر پر از سم

چراغ دیر کعبے سے نہین دور
یہ دونون روشن از یک عالم نور

ہر یک جادہ با انداز دگر ہے
گہر مین آب پتھر مین شرر ہے

تمنا ہے یہ ہر اک چشم روئے
کہ سنگ آبستنا راب سینہ ہووے

روان رکھ تو مرے خامہ کو دن رات
لکھون تا حمد مین بعد از مناجات

تری حمد اے چمن آرا کہان ہو
اگر جون سرو سر تا پا زبان ہو

ثنا سننے کو تیری گل ہو اگوش
دہن مین سوزبان غنچہ کی خاموش

جہان اس باغ مین آب روان ہے
تو موج اوسکی تری رطب اللسان ہے

ثمر جب سے دیا تین شاخ کے ہات
زبان ہو شکر کی خاطر ہر اک بات

چمن کو دیکھ مرغان خوش آہنگ
کرین ہین وصف تیرا سب بہر رنگ

بھنور تک دیکھ تجھ صنعت گری کو
نظر کر نسترن اور جعفری کو

سدا پھر پھر کے ہر اک پھول کے گرد
کیا کرتا ہے تیرے نام کا ورد

ترے بار کرم سے شاخ ہے خم
بھرے ہے بلبل بستان ترا دم

چراغ شام کو ہر شب تری لو
نسیم صبح ہے تری تگ و دو

نہ تنہا خلق کی نسرین و سنبل
بنائی خلعت انسان بہ از گل

بتان کا حسن ہے تیرا ثنا گو
خط پشت لب اونکا اور ابرو

رباعی مدح کی تیری ہو اے پاک
سمجھتا ہی اسے عارف کا ادراک

عطا کی جب سے مشت خاک کو جان
فراوان ہے دم آب و لب و نان

در مناقب حضرت امیر المومنین حیدر کرار

محمد جگ مین سالار رسل ہے — محمد ماہر ہر جزو کل ہے
یہ بولے روز مولود اوسکے اطوار — نبوت کے ہے مسند کا سزاوار
دو عالم کی بنا وہ رہبری کو — جلا دے منصب پیغمبری کو
نہ پیدا خاک سے ہوتا جو وہ پاک — نہ پھرتی آسمان گرد سر خاک
اوسیکی ذات سے اثبات حق ہے — کہ اوسکی ذات عین ذات حق ہی
لیا جب نام پاک اپنا بہ تعظیم — یہ فرمایا انا احمد بلا میم
خدا کا اوسکو ہم سمجھین نہ ثانی — پر اوس سے ہو حدیث من یرانی
ہمین کیونکر نہ رحمت پر یقین ہو — کہ جب ایسا شفیع المذنبین ہو
جہان بخشش ہو اوس شاہ کا حکم — رکھے کوہ گنہ وان کاہ کا حکم
وہ بیٹھے جب صف محشر کے آصدر — وفور اپنی سے آمرزش ہو بیقدر
زبان پر اوسکے جب بخشش سے ہو قال — پھرے جنت گنہگارونکے دنبال
کہون کیا خلقت انسان مین کیا ہے — شرف آدم کا فخر انبیا ہے
کرے جو ہمسری اوس سے کسے تاب — کہین نبیون سے بہتر اوسکے اصحاب
کوئی صدق و عدالت حلم مین طاق — کوئی علم و سخا مین شہرہ آفاق
غرض طاقت کسے وصف و ثنا کی — سوا اوسکے رسول مجتبی کی

دیا دنیا مین سب کچھ سب کو بھرپور
بعضے بخشنو ادینا ہے منظور

علیؑ ہے مظہر فیض فتوت
علی کان سخا بحر مروت

زسر تا پا کرم ہے ذات اوسکی
کئی بخشش ہی ہین اوقات اوسکی

غرض ہو ذات حق اوس سے یہ خورسند
عطا ایسے کیے اوسکو دو فرزند

دو محرم کہنہ وحدت کی وہ لاریب
وہ ہین دو راز دار پردہ غیب

دو حافظ عرش علیین کے ہین وہ
دو حامی مصطفےٰ کے دین کی ہین وہ

دو شمع کلبۂ عرفان وحدت
وہ نور خانۂ چشم حقیقت

دو پروانہ چراغ امر حق کے
دو بلبل ہین وہ باغ امر حق کے

دو عاشق ہین وہ مرضی خدا کے
دو والہ ہین وہ تسلیم و رضا کے

دو دم تیغ جلال حق کے ہین وہ
دو آئینہ جمال حق کے ہین وہ

دو والا گوہر تاج امامت
دو روشن اختر برج سعادت

غرض سر دفتر اثنا عشر کے
یہ دو معصوم ٹکڑے ہین جگر کے

سوان دو کے نسل اونکی سنو کس
امامت کے سریر آرا ہین وہ بس

وہ بارہ ہین ستون عرش اعظم
رہا ہے سب کچھ انکی ذات سے نظم

کریم اپنے کو ہین کر لون گار آشنی
دہن سے شیشہ کے گو ریش قاضی

سنے ہو ساقیا تک آن کریان
مری آنکھون سے کر سیر گلستان

رکھے ہو دست فندق بند کا رنگ
چمن ہین اندنون ہر شاخ اور نگ

یہ مستی کو گھٹا کے ٹک نظر کر
یہ آتی ہے پری دوش ہوا پر

زبس باد بہاری مین نشا ہی
پڑا کیا بیخبر تاک اینڈتا ہے

گل مخمل پہ بیداری ہے نایاب
جہان دیکھو تو ہے آلودۂ خواب

کھلے داؤدی کے غنچہ چمن مین
تو کف لائے ہین مستی سے دہن مین

اوٹھا سکتے نہین سر ہو یہ بیحس
جھکی ہی جاے ہے کچھ چشم نرگس

قبا گل پھاڑتی ہی ہو کے سرشار
رہی ہو لپٹی یان سوسن کی دستار

جھکا دیتا نہین بار ثمر شاخ
نشے سے جھوم جھوم آئی ہو ہر شاخ

ہوا سے شاخ گل یون جھومتی ہی
کہ آکر وہ لب جو چومتی ہے

پھری ہی لوٹتی مستی سے ذرات
چمن مین کیا ثمر گیا شاخ کیا پات

نسیم صبح تک اتنی ہے ماتی
حنا بانہین پھرے ہو لڑکھڑاتی

غرض اہل چمن ہین اسقدر مست
کہ بہکے بولتے ہین مرغ یکدست

زبس کھینچے ہی باد تند جاروب
ہوا صحن چمن آئینہ اسلوب

جہان دیکھو تو وان گلہائے خودرو
نظر جس جا پڑے سبزہ ہے اور جو

یہ جلوہ آپ کا سبزے پہ گر ہے
نظر آتا ہے آتش در نظر ہے

غنیمت جان لے ظالم تو یہ دم
کہ عرصہ اس ہوا کا ہے نپٹ کم

نہیں کھتا چراغ عیش بنیاد
نظر آتا ہے زیر دامن باد

خوشی کا جھلکے ہو جس بادہ مین رنگ
سدا مینا ہے اوسکا مور و سنگ

سخن میرے کو گوش اپنے مین دو راہ
ابھی اس صفحے کی خوبی پہ ناگاہ

جو کرتا ہے تلون دہر کا گل
کہان ساغر کدھر شیشہ کجا مل

خدا جانے زمانے کا ہو کیا طور
ہوا ہے آنہین کچھ اور سے اور

نہ پھر بلبل ہے نہ گل ہے نہ یہ باغ
بہو پر ہو فغان اور دلپہ ہے داغ

روا مت رکھ تو میری تشنہ کامی
قسم تجکو بہ مولانائے جامی

قسم ہے تجکو اپنے زلف و رو کی
قسم ہے تجکو گل کی رنگ و بو کی

تجھے اپنے دہان تنگ کی سون
تجھے غنچے کی آب و رنگ کی سون

تجھے اپنی ملاحت کی قسم ہے
مرے دل کی جراحت کی قسم ہے

تجھے جھوٹی قسم اپنے کی سوگند
مکرنے دمبدم اپنے کی سوگند

تجھے ہو اپنی بدمستی کی سوگند
تجھے اپنی زبردستی کی سوگند

خدا کی یاد مین رہتے تھے دن رات
نماز و روزہ مین گذرے تھی اوقات

بجز تسبیح رہتے تھے وہ بے کل
مصلے پر سے اوٹھتے تھے نہ اک پل

مریدون کی ہوئین پر نور عینین
کیا جب اونکی سرمہ خاک نعلین

بلا شک اوسکا جنت مین ہو ماوا
اوٹھائے جو اونھون کا آفتابا

غرض کیا کہیے اونکی ذات عالی
نہ رہتی تھی کراماتون سے خالی

جہان وہ گاڑ دیتے اپنی مسواک
لگے تھے ناپتاتی سیب و ترتاک

ہوئے عازم وہ کعبہ کے سفر کے
کہ ہون تا معتکف خالق کے در کے

ملے اک روز سودا سے وہ ناگاہ
کہا مجکو ہے قصد کعبۃ اللہ

مسلمان ہو جو ہے اوسکو یہ لازم
کہ تا مقدور راو دھر کا ہووی عازم

نجات اپنی اگر تجکو نظر ہے
تو آمرزش کا موجب یہ سفر ہے

یہ بہتر ہے کہ چل ہمراہ میرے
جرائم عفو وان سب ہونگے تیرے

کہا تنک اے دیوانے زیر افلاک
رہیگا میکدے کی در کی تو خاک

کریگا بادہ خواری با دف و نے
رکھیگا مغبچون سے ربط تا کے

موذن کی صدا سننے سے رکھ ذوق
کہ ہے وہ لحن داؤدی کے مافوق

رکھیگا تو سخن میرا جو منظور
پیے گا جام شربت از کف حور

نصیبونکا ہین آگے کیا کہون پھیر
مریدون کے قیمت اونکو لیا گھیر

کیا غارت اونھین ایسا ہی آکیار
نہ چھوڑا ایک کی تسبیح کا تار

تھی اونکی یا تو وہ کچھ عظم اور شان
رہے یا ایک پیراہن کو حیران

کرون کیا آگے اب غارت کی تصریح
نہ تھی جز دانہ ہائے اشک تسبیح

پیادہ کس طرح یہ کاٹتے راہ
عصا گر رہ گیا پاس انکے سو آہ

نظر کر بعد غارت راہ کا بیچ
لگے کرنے دل اپنے مین شش و پنج

نہ زاد راہ پاس انکے نہ مرکب
اب اپنے عزم کعبے کا بندھو کب

توکل پر چلین کعبے یہ کیا ذکر
انھین اسباب کی اپنے پڑی فکر

کبھو عمامہ کے جانے کا مذکور
کبھو تھا فکر پیراہن سے دل چور

سلیمانی کی گہ یاد آتی تسبیح
ہوئی جاتی تھی جسکے غم سے تشریح

کبھو کہتے مصلا تھا چکن کا
کہ جس پر تھا چکن کا بوٹہ دکن کا

کبھو کہتے کہ یارو کیا عصا تھا
بڑے حضرت کے میرے ہاتھ کا تھا

کہا کیا ٹپکا تھا میری کمر کا
سفر درپیش آیا یہ کدھر کا

عقیق سرخ کا جو ناسدان تھا
اگر بکتا تو قیمت مین گران تھا

کبھو کہتے تھے ہو معموم از حد
نجا ہین کونسی تھی ساعت بد

کہا سوداگر نے قصہ ناگہانی — کہے جو وہ سنین اوسکی زبانی
کہا سوداگر نے حضرت کو تو ہے خبط — مجھے قصہ کہانی سے ہو کیا ربط
کہون اک شہر کی مین واردات اب — جو گوش ہوش سے اپنے سنین سب

حکایت پسر شیشہ گر کہ در حلب بود از سبب قضا و قدر او بر پسر زرگر عاشق و فریفتہ گردید

الا اے ساقی میخانہ عشق — چھکا دے گر مجھے پیمانہ عشق
مے الفت کا پیارے شیشہ لیکر — لبالب ساغر زرین کو تو بھر
مجھے اوس مے کے تو دو چار جام — سخن کو عشق کے مین دون سرانجام
حلب مین تھا پسر اک شیشہ گر کا — نہایت لاڈلا مادر پدر کا
پدر کا وہ دل و جان و جگر تھا — پدر عاشق وہ معشوق پدر تھا
بنایا حق نے سب سے دور اوسکو — پری پہونچے نہ ہرگز حور اوسکو
چمن کی سیر کو جاتا جو گھر سے — تو مان کہتی تھی یون اوسکے پدر سے
سبب ہوگا یہ روشن چشم بد کا — تصدق سرو کو دو اوسکے قد کا
پیالی بیچ دان نرگس کے جاکر — کچھ آنکھون سے بھی تم دیجو چھوا کر

سبب جوش عشق بیقرار شدن پیر شیخ بر سجاب صحرا رفتن از خانمان آواره شدن و بسر بشدن پیر

لگا کہنے کہ تم ہو اسکے دل خواہ — کریگا تم کو راز اپنے سے آگاہ
خدا کے واسطے ٹک کیجیو غور — کرو تفتیش حال اوسکا کسی طور
اوسنون نے دیکھے جب اوسکے یہ حالات — کہی ہر ایک نے اک طرح کی بات
کوئی بولا کہ سایہ ہے پری کا — عمل ہے اسپہ یا جادوگری کا
کوئی بولا کہ یہ وہم غلط ہی — پری کی آپ ہی تو یہ نمط ہی
بنایا حق نے اسکو خوبرو پیکر — ہوا اسکا چاہیے سایا پری پر
بھرا ہے اسکی آنکھونمین وہ جادو — دوانہ ہووے ساغر دیکھ جسکو
لگا اونمین سے کہنے ایک ذی فہم — کہ گذری ہے مری دلمین تو یون وہم
یہ لڑکا تھا تو شمع بزم افروز — کیا پیدا دل پروانہ کا سوز
بقدر فہم ہر کس یک گمان تھا — سخن ہر اک طرح کا درمیان تھا
اوسے تو چڑھ رہی تھی عشق کی تاب — پڑا اوسکے تھا وہ کیا روز کیا شب
نگہ پڑتی جب اوسکے پیرہن پر — نظر آوے تھا خاکستر وہ تن پر
نکرتی تھی اوسے تدبیر کچھ سود — بدن پر موتھے یون آتش پہ جون دود
پر آخر سایہ اوسپر سے اٹھانا — کوئی ملا کوئی لایا سیانا
کسونے اوسپہ جب کچھ پڑھکے پھونکا — اوٹھا اوس آگ سے دونا بھبھوکا

نہ تھا وہ یوسف ثانی کچھ آگاہ
کہ میرے سامنے خندق ہو یا چاہ

کسی در پر گرے تھا کھا کے ٹھوکر
کسی دیوار سے جا لگتا سر

گرے تھے جا بجا با جان ناشاد
فغان کرتے تھے اور روتے تھے فریاد

کٹے تھی اوسکو ہر کوچے مین یون رات
کھڑا کتا باوسے پھرتا ہو جون پات

بیان کیا کیجیے اوس رات کا طول
فلک گویا سحر کرنا گیا بھول

کٹی جب اسطرح سے وہ شب تار
ہوئی عالم مین صبح اوسدم نمودار

پدر بالین تک اوسکے جو آیا
تو بستر خالی اوسکا اوس سے پایا

لگا کرنے تجسس اوسکی ہر سو
کسی جا گہ نپایا گھر مین اوسکو

تب اوسکا نام لے لے کر پکارا
محلہ گرد سے سب ڈھونڈھ مارا

پھرا گھر گھر مین وہ حیران و خاموش
گرا بستر پہ اوسکے ہو کے بیہوش

ہوئی اوس حال سے مادر جو آگاہ
کیا بھر کر دل ناشاد سے آہ

از جوش عشق آوارہ شدن از خانہ پسر شبیشہ گرد شب سوی صحرا و آگاہ شدن پدر و مادر و تجسس کردن آنہا

گھر احباب دل محزون مادر
نگر قتل پدر او خون مادر

اونھون کو ایک دن رحم اپنہ آیا
عمل سے اپنے ان کو یون بتایا

نہو تم زندگی سے اپنی مایوس
طرف مشرق کے یا سنے ہو وہ سوکوس

پر ایسے وہ بیابان مین کہین ہے
گذر انسان کا جس جا نہین ہے

مگر جاوے کوئی ایسا ہی جانباز
جو اپنی زندگانی سے ہو ناساز

کہا سنکر پدر نے سو وہ ہم ہین
کہ روز و شب میان درد و غم ہین

خدا پر کر نظر جاوینگے ہم وان
اور اوسکو ہر طرح لاوینگے ہم یان

نہین ہے ہمکو حفظ اونکے سے انکار
ہوئی گلزار ابراہیم پر نار

جنھون کے ساتھ ہو حفظ الٰہی
بچین سو طرح کی کھا کر تباہی

غرض وانسے اوٹھے یہ شاد و خرم
کیا عزم سفر دل پر مصمم

گھر آکر اپنے یارون کو بلایا
منجم کا سخن اونکو سنایا

وہ بولے ہم بھی ہین چلنے کو حاضر
جہان ہو وہ چلینگے اوسکے خاطر

یہ کہکر سب نے مارا ہاتھ پر ہاتھ
کہے یہ قول ہم ہین آپکے ساتھ

پھر اوسکے بعد باہم ہوکے یکدل
چلے طے کرتے یہ منزل بمنزل

غرض پہونچے یہ جون تون بعد یکماہ
نواحی بیچ اوس صحرا کے ناگاہ

پڑے نزدیک جسدم انسے وہ ٹھانون
جگر کسکا کہ پھر آگے دھرے پانون

کہ ناگہ اک نسیم آئی ادھر سے
جہان بیٹھا تھا وہ آوارہ گھر سے

گئی یوسف کی جب یعقوب تک بو
پدر نے ڈھونڈھکر پایا پسر کو

نظر آیا اوسے یون اوسکا دلبند
کہ اوسمین وحشت اوس صحرا سے چند

دل اوسکا وان نہ تھا خوف و خطر مین
وہ صحرا بلکہ تھا اوس سے حذر مین

بسے تھا گرم یہ آنکھون سے خونناب
کہ تھا گرد اوسکے اک آتش کا گرداب

جمی تھی چہرے اوسکے پر زبس گرد
کرے پاک اوسکو ایسا کون تھا مرد

وہ آنکھین جس پہ جی دیتا تھا عالم
نہ تھین کچھ رخنۂ دیوار سے کم

پٹے تلوون مین خار دشت سے چھید
قدم تک سے سر تھے صورت بید

جب اس صورت سے پایا وان یہ مہوش
پدر تو دیکھتے ہی کر گیا غش

جو اوسکے اور وان تھے ہمدم و یار
لگے کہنے وہ یون با چشم خونبار

یہ تیرا حال کیا ہے اے فلانی
نہ تو نے قدر حسن اپنے کی جانی

نظر بھر دیکھ تو حال پدر کو
خدا کیواسطے چل یان سے گھر کو

الے ظالم تری ماں کا ہے یہ حال
ہے ہو خون مین تر آنکھون سے دامن

کبھو پوچھے مجسم سے کہ تم
وہ میرا مہ ہوا ہے کسطرف گم

کبھو رمال سے قرعہ پھنکا دے
کہ میرا لال گھر مین کب تک آوے

رکھا کرتے تھے سب اوسکو نظر بند
جو کچھ پوچھے تھا کوئی گاہ بے گاہ
جواب اوسکو وہ دیوے تھا باکراہ
زبان تو آشنا تھی گفتگو سے
نہ کہہ سکتا تھا پر دل کی کسو سے

ظاہر شدن عشق او بر ہمگنان و بیرون رفتن از خانہ بطرف زرگر پسر

پلا ساقی شراب آتش آمیز
مجھے جلدی پیالا کر کے لبریز
بجھی کو اوسکے ہو پینے کا یارا
کھنچی ہووے جو آتش پر دوبارا
جب آیا تنگ وہ گھر کے اک روز
چلا وہ گھر سے بھرتا آہ جانسوز
چلے ساتھ اوسکے سب روتے ہوئے زار
کہ جوں شبنم سے ٹپکیں گل خار
اور اوسکے والدین اون سب مین غمناک
برہنہ پا سرون پہ ڈالے تھا خاک
ہوا جسوقت یہ احوال طاری
در و دیوار سے تھی آہ و زاری
ہر اک اس واردات اوپر نظر کر
کف افسوس ململ آہ بھر کر
کہے تھا یہ سخن با چشم پر نم
اس آہ ہونے کیا بستی سو پھر رم
کوئی تھا دیکھ اس صورت کو گریان
کوئی انگشت حسرت زیر دندان

نہ مانی بات تو کیجو نہ وہ کام
کہ اُس آتش کے جلتو نہین ہو بدنام

گریزاب اس سے خفت کو بکو ہے
اسی آتش کے اندر آبرو ہے

نہ سمجھا تو شراب عشق ہے زہر
ڈری موج اوسکی سے کالے کی لہر

چراغ عشق مین تو دیکے روغن
نہ کیجو عاشقون مین نام روشن

کہ ہی یہ پنبہ روغن سے کہین دور
نہ پکڑے خون عاشق بن کبھو نور

جہان مین عشق اگر شان عسل ہی
مزا لیتے ہین اوسکے چہل ہے

جو کیسا ہی ہو کوئی صاحب ہوش
نہ بچے گر نیش سے جیتا تو ہے نوش

ہوا ہے تو اگر پروانۂ عشق
تو جانبازی مین رہ مردانۂ عشق

تلے تیغ جفا کے سر علم رکھ
بسان شمع یان ثابت قدم رکھ

یہ باتین سنکے سب حیران تھی نیو ش
رہا کیونکر یہ راز آتش مین خس پوش

سخن یہ جو کوئی خاطر مین لایا
اوسے عاشق کسی کا اون نے پایا

ہوا تفتیش کا ہر ایک مائل
کہ دے بیٹھا ہے یہ ظالم کسے دل

ملاقات کردن زرگر پسر از پیشہ گر بجذبۂ محبت و کشش عشق عاشق و معشوق

ہوا ہے یہ گلستان جب سے ایجاد
ترانہ گل کو ہو بلبل کی فریاد

وہی اے دوست میرا مدعا ہے
مرے حق مین جو کچھ تیری رضا ہے

مرے زنجیر پا مین جو کڑی ہے
محبت ہی نے یہ تیری گھڑی ہے

مجھے خاک آپ کو باد سحر جان
جدھر تو جاے اوسکو بیشتر جان

چو ہین چونکا غرض وہ دیکھ خواب
چلا گھر سے نکل ہو سخت بیتاب

بہے تھے ہر مژہ سے اشک کے نیل
چلا سر مارتا ہر سمت جون سیل

اوسے وان جذب کامل کھینچ لایا
چلا خس کہربا کے ساتھ آیا

جہان تھا وہ محبت کا گرفتار
کھڑکتی تھی بپا زنجیر ہر بار

سنی زنجیر کی جب ان نے آواز
کھلا ہے دل پہ اوسکے پردۂ راز

ہوا سنتے ہی شوق اوسکو دوبالا
قدم پر جاتے ہی سر اوسنے ڈالا

لگا کہنے کہ میری جان عاشق
مین سر تا پا ترے قربان عاشق

جو تو عاشق ہے مین معشوق تیرا
تو مین عاشق ہون تو معشوق میرا

اب اوٹھ کر یان سے تو چل گھر کو میرے
کمر دل شانہ مین بالون بیچ تیرے

سلاسل تیرے پاؤن سے نکالون
مین تیرے موے سر دھو دھو کے پالون

سپش سر سے تمہے چن چن کرون دور
تری خدمت مجھے نور اعلی نور

دیوان دوم شاہ مدح شاہ عالم بادشاہ و آصف الدولہ وزیر الممالک

ہوئی جسطرح کی اوسوقت تاثیر
نہین کی جاتی اوس عالم کی تقریر

کسی سے مینے یہ قصہ سنا تھا
پر اب اظہار سے یہ مدعا تھا

طلب مین وہ جوان اک شیشہ گر کا
ہوا عاشق جو اک زرگر پسر کا

رہا از بسکہ عشق اوسکے مین محکم
ہوئے اک روح دو و قالب وہ باہم

جو کوئی آپ کو اس طرح کھووے
خدا کا وہ خدا تب اوسکا ہووے

ہوا زرگر پسر جون اوسمین موجود
محبت یون ہو تو ہو عبد معبود

محبت حق کی جسمین یون در آئی
کرے ہو بندگی مین یون خدائی

جو حق کے عشق مین ثابت قدم ہو
مکان دیر بھی اوسکو حرم ہو

جو آگے اوسکے ہو دیوار یا در
نہ سمجھے حق سے خالی ہو یہ اب گھر

خدا کب عشق کو ایسے کے مانے
جو اوسکو ہر جگہ خاصہ بنانے

سنی حضرت نے یارو یہ کہانی
اگر سمجھین زراہ نکتہ دانی

تو لون مین دوڑ کر اونکے قدم چوم
وگرنہ یان ارادت اپنی معلوم

بھلا تک منصفی کے ہو کر دیکھے
کہو یارو یہ سچ ہے یا غلط ہے

لگی ہو گر بری تم کو یہ تقریر
بجل تو کیجیے سودا کی تقصیر

خرف

خزف ریزہ کو اپنے مت گہر جان
سخن کا رتبہ اپنے آپ پہچان

کہین ہین گو کہ سب اس فن کے ماہر
گہر تیرے وہ خوش ہونگے خاطر

سخن تیرے پہ ہر اک ہے جو مصروف
قبولیت پہ ہے یہ بات موقوف

خصوصاً خان عالم خان بہادر
سخن جنکا ہے گوش فہم مین دُر

زراہ دوستی لوے وہ سنکر
نہین یہ مثنوی ہے گنج گوہر

خیال اس مثنوی کا تجکو کب تھا
محرک ہونے کا اونکے سبب تھا

رہین وہ شاد یارب صبح اور شام
کہ آغاز اوسکا پہونچا تا بانجام

مثنوی دوم در تعریف شکار کردن نواب آصف الدولہ بہادر

سر صفحہ پہ آج یون صبحدم
لگا دست سودا مین کہنے قلم

جو اس عہد مین ہند کا ہے وزیر
بہمت جوان و بتدبیر پیر

بدہر آصف الدولہ جسکا ہے نام
سلیمان شکوہ و ذوی الاحتشام

جہان تو لے وہ اپنی شمشیر کو
تو روباہ سمجھے ہے وہ شیر کو

کیا اون نے ناگہ بعزم شکار
قدم رنجہ اپنا سوے کوہسار

گیا اسطرح سے سوے صید گاہ
بچا کر مگر صید کی وہ نگاہ

پنچھوڑا ہوا جب چرندونسے سیر	پرندونہین لی تعذری تا بسیر
پرندہ نظر بین جوان پیر کے	نہ آیا ہوا بین بجز تیر کے
اگر دیو و دوان جو آیا نظر	پنچھوڑا اغرض صید اوسے بوجھکر
مگر وان سے جیتے گئی پیل لائے	سو حلقہ بگوش اوسکے وہ ہو کے آئے
سبھی پیل ہرچند محبوب ہین	سواری کے خاطر بہت خوب ہین
پر اک پیل کا اونہین ایسا جمال	زبان وصف بین جسکے ہی مبر لال
کبھو پیل ایسا بچشم جہان	نہ آیا نظر زیر نہ آسمان
وہ ہی قد و قامت بین اتنا بلند	لگا کہنے دیکھ اوسکو ہر ہوشمند
بدانست اپنے یہ ہاتھی نہین	ہوا دیکھ اسکو مجھے بالیقین
رہے جب نہ وان صید سو سو کروہ	تو زنجیر کر کھینچ لائے ہین کوہ
نہین اوسکی خوبی مین ذرہ قصور	خدا چشم بد سے رکھے اوسکو دور
ترے سایے مین یہ جیے تا ابد	تجھے پرورش کی رہے اوسکے کد

مثنوی سوم بطور خط

خان صاحب مشفق والا نشان	مظہر لطف و انیس و مہربان
بعد اظہار تمنائے دلی	در جواب نامہ لکھتا ہون جلی

شمع سان سر رشتۂ الفت تمام
سب پہ روشن ہو کہ ہے تم سے مدام

کچھ نہ پوچھو ماہی بے آب ہون
تشنۂ دیدار ہون بیخواب ہون

تم بن اب با چشم نظارہ کنان
روز و شب حیران ہون آئینہ سان

یاد مین شب کو بیاض صبح کی
چشم اختر سے لگی ہے ٹکٹکی

چشم طوفان خیز ہے کیا اپنی آہ
تار مژگان ہے رگ ابر سیاہ

دل گرفتہ غنچۂ تصویر ہون
وا شد سر پنجۂ تقدیر ہون

مختصر کرکے کرو نہین کیا رقم
قصۂ فرقت نہین ہوتا ہے کم

آپنے لکھا تھا ہم نے چند خط
تمکو بھیجے یان نہین پہونچے غلط

خط اگر آتا تو لکھتے ہین جواب
اے کرم فرمائے من وہ ہین شتاب

صورت مہر لفافہ چشم یان
انتظار خط مین تھی وا مہربان

یہ نہ تھا معلوم کچھ کیجے یقین
ڈاک بیٹھی ہے ادھر کو یا نہین

خط کے آنے پر نہ کرنا انتظار
نامہائے شوق لکھنا لاکھ بار

گر پہونچ سکتے نہ جلدی ڈاک مین
یک قلم نرگس نمط وہ تاک مین

بھیجتا با آرزوہائے تمام
اپنی آنکھون سے تمھین اے نیکنام

کیا لکھون بس حال مہجوری بھلا
جب قلم کا سینہ شق ہونے لگا

مثنوی

پہلے پہونچے میری طرف سے سلام
پھر جو ہے اشتیاق ملنے کا
سر بھی ہے طریقہ اسلام
پھر جو ہے اشتیاق ملنے کا
ہو ادا
پھر جو ہے زبان سے کہنے کا
ہو ادا
پھر جو ہے زبان سے کہنے کا
ہو ادا
پھر جو ہے زبان سے کہ

لکھی رندانہ اک دو ہی بات — ہے بگیڑ خرابی اوقات
لیکن اب دل کی بیقراری ہے — وصل کے دن کی انتظاری ہے
اب قدم رنجہ کیجیے جلدی — کہ نہیں تاب صبر کی باقی
دل جو مشتاق ہووے ملنے کا — خط کتابت سے اوسکو فائدہ کیا
چاہیے یوں کہ خط کے دیکھتے ہی — وہ ہیں تشریف لائیے جلدی
حد سے افزوں ہے اشتیاق مجھے — نہیں اب طاقت فراق مجھے
یہی ہے دلمیں آرزو دن رات — کہ سدا ایک جا کٹے اوقات

مثنوی پنجم در بیان معانی بیت مثنوی مولوی روم

حق تعالے نے ہر صاحب کمال — کی عطا منہ میں زبان ہر مقال
مدعا پردہ مقال میں ہے نہیں — گفتگو دنیا کی ہو جس میں کہیں
یا سخن ایسا کہ جس میں ہو کشش — پہونچے اپنی جس کو جس سے ضرر
چاہیے نکلے زبان سے وہ سخن — آوین جس پر کرے ہر مرد و زن
سن کے عالم جس کے ہو وہ مستفید — سر بسر ہو فائدہ اوس سے پدید
نطق کے ہر باغ کا پھل اور پھول — ذکر قال اللہ یا قال الرسول

معنی ہم اس شعر کے سمجھے ہین یون | اور کی فہمید مین کچھ اور ہون

مثنوی ششم تعریف چھڑی

ہوتی ہے دنیا مین جو کچھ تحفہ چیز | سب سے ہے سودا کو یہ لاٹھی عزیز
کوچ و مقام اسکا ہو سب اپنے ہاتھ | جب کہین چلیے تو ہو بعد رسا ہاتھ
ہاتھ مین رکھتے ہین اسکو ہوشمند | ڈرتے ہین سب اس سے درندو گزند
کھینچ نہ سکیے جہان شمشیر و تیغ | اسکو لگا بیٹھے وان بید ریغ
اتنا کم آزار اور ایسا شفیق | اور بھی کوئی ہے کسیکا رفیق
کس مین یہ توفیق ہو کیجو خیال | ہاتھ پکڑ دے گرتے کو لیوے سنبھال
چوب نہین دلبر خوشخو ہے یہ | یار ہے یہ دوست بازو ہے یہ
مرتبہ اسکا ہے نہایت بلند | کوچہ تحقیق ہے ہر بند بند
اسکے گھرانے کو جو کیجے خیال | چھوٹے بڑے جلتے ہین دیپال
کوئی تو ہے خانۂ معجز طراز | کوئی ستمگر ہے نے نغمہ ساز
تیر نمط ہے کوئی صاحب ہنر | کوئی ہے نیچا کوئی ہے نیشکر
خرد جو ہون ہمسر تیر و قلم | نام بزرگان پہ بزرگی علم

زیادہ غرض کچھ نہین کہنا رو
بس ہے یہی آہ میری یہ صدا

سحر ہے یا لکڑی کی تقریر ہے
جسمین کہ عبرت کی یہ تاثیر ہے

دل ہے مرا برق نمط بیقرار
دیدہ ہین جو ابر سدا اشکبار

غم کی سیاہی کی گھٹا رات ہی
آج بھی یان موسم برسات ہی

چپ رہ اے سودا نہو بیخود غلط
بس ہو ترے حق مین یہ نکتہ فقط

لکڑی کی نسبت سے تو معذور ہے
آدمی ہونا تو بہت دور ہے

مثنوی ہفتم در تعریف دیوان و اشعار مہربانخان

صاحبا سیر کے ہین یہ ابیات
فکر عالی کی آپ کی کیا بات

یہ سفینہ ہے رشک ابر بہار
ہر ورق اس مین قطعہ گلزار

اوسکی ہوتی نہ گر چمن پہ نظر
شعر اس مین ہین گل سے رنگین تر

اوسکے پھول پہ جلد کی یہ بہار
در باغ بہشت کے ہین کوار

صرف شیرازہ جو ہوا بیتار
ہے رگ جان عاشقان زار

نہ کرے سیر اسکی دل کو اوداس
منتشر ہون تو جمع کردے حواس

نہین ایسا جو دیکھو ہفت اقلیم
دردمندونکی خاطر اور ندیم

اوسکو ہر طرح تو غنیمت جان
پھر ملے گا نہ سوز سا انسان

کیسی ہی رام ہون کسیکے ساتھ
پیچھی بھڑکے ہوئے نہ آوین ہاتھ

یون تو صید آگے اے کرم گستر
دام الفت سے تیرے جاوے کدھر

تجکو بخشی ہے خلق کی خوبی
حق نے ایسی کی بہ زمحبوبی

سنکے باہم تری وفاداری
نبھے ہو عمر و حضر مین یاری

دستگیری کا تیری دیکھ پناہ
ہو نہ مژگان سے طفل اشک تباہ

گر مروت سے تیری کچھ مذکور
کیجیے تو نہین یہ عقل سے دور

کرے تحلیل سنتے ہی وہ ذکر
شعلہ کو خس کی دوستی کی فکر

جز جو یہ تجھ مین ہے سخاوت کا
انتہا اوسکی بے سکون مین کیا

وہ کوئی تجھسے عرض ہمت لے
جو ترے آگے دو جہان رکھدے

تجھ شجاعت پہ متفق ہے گروہ
تو سراپا جگر ہے صورت کوہ

رزم اور بزم مین علم ہے تو
صاحب سیف اور قلم ہے تو

صف اعدا مین یون ترا سر جنگ
جاے ہے بیٹھ جیسے تیر و تفنگ

لیکن اس نظم سے نہ سمجھیو تو
کچھ صلہ سے غرض ہے سودا

اس سے رکھتا ہے یہ دل مجبور
مہربان دوستی تری منظور

گرین ہین آفرین اوسپر سو کیا ہو
نہ لگواوے کبھو مستک پہ سیندور
ہوا کیا گر نہین کرتا ہے تزئین
ہوے قد و قامت مین وہ موجود
بھلا اس شان کا ہاتھی کہین ہے
مہاوت دل ہو نالہ بھالہ بردار
نہ کچھ پیوے کبھو نہ کچھ وہ کھاوے
کوئی ہاتھی کی ہوتی ہی یہ اوقات
غرض ہاتھی خدا دیوے تو ایسا
مچائی جسکی گھڑیالی نے یہ دھوم
کوئی ہاتھی ہی یا آفت وہ چنڈال
کلا وہ کو نہ سمجھے اوسکے گلگون
کہے کون اوسکو بچہ فیل کا ہے
پکڑ خرطوم مین اوسوقت زنجیر
جو ہتیائی پہ آجاوے وہ خونخوار

گویا وہ اوسکی آواز در ہے
بہت اوسکی بزرگی سے ہی یہ دور
اوسے کہتے ہین اہل طبع رنگین
بلندی عرش سے پر اوسکی افزود
کہ جسپر ہر کوئی ایسا یقین ہے
ہے چرخی پیچش آہ شتر بار
نظر وہ اس بزرگی پر نہ آوے
نہین دم مارنے کی اس جگہ بات
نہ فیل راجہ نرپت سنگھ جی سا
کہ لڑتے ہی پڑا اے شام تا روم
مہاوت پر کرے آقا کے سر کال
یہ گردن پہ ہی اوسکے خلق کا خون
وغا کے روز ٹیکا نیل کا ہے
پلے ہی فوج پر اپنے ہی بے پیر
ہزارون نیزے مارین بھالہ بردار

تو کہ اوسنے کہ اسکو بیچ ڈالین — عوض کاش اسکے چڑھنے کو گدھا لین

کچھ ایسے پیل کے رکھنے مین ہی شان — سواری جسکی ہووے آفت جان

دیا اون نے جواب اے میرے مخدوم — خریداری تو اس کافر کی معلوم

بڑا ہے بدقوا وہ زشت ناپاک — کہ پیٹھ اوسکی بلند اور پیٹ کا واک

جو ہاتھی ہو تو نے کوئی خان و نواب — ہے بے ایمان کی مسجد کی محراب

بکانے کی نہین اوسکے کوئی بات — نصیبون سے مگر آجاوے نسبرات

سمجھنا فیل اسے دیوانہ پن ہے — کسی مدت کا یہ بام کہن ہے

ستون اسکے تلے یہ پاؤن ہین چار — ہے دو دانت آگے سو ہین اڑدار

جو بیٹھے یہ تو اوٹھنا ہو اسے دور — لگین اسکو نہ جبتک لاج و منزور

اٹم ہے خاک کا یا راکھ کا ڈھیر — کہین ہین اسکو ہاتھی ہو لیدھیر

ہلاتا یون ہے یہ کانون کو ہر بار — کہ دھونکین پنکھون سے کو یونکا انبار

ہے اتنا چلنے مین بجز یہ بدذات — نہین ہاتھی صعوبت کی ہی یہ رات

یہ عالم چلنے مین خرطوم کا ہے — کہ دست کور مین گویا عصا ہے

جو کیسے فیل اسے بہتان ہے یہ — عجائب تو وہ طوفان ہے یہ

خورش کے وقت بولی فیل ہو کین — مجھے من بھر لبیدا روز دے تین

مثنوی نہم در ہجو شیدی فولاد خان کوتوال شاہجہان آباد

کیا ہوا یارو وہ نسق ہیہات
لیمون کے چور کا کٹے تھا ہات

باندھا جاوے تھا چور پگڑی کا
مارا جاوے تھا چور لکڑی کا

شہر مین کیا ہے تھا امن و امان
کیسی کرتی تھی خلق خوش گذران

تھانہ رشوت سے کوتوال کو کام
شہر مین تھانہ چوٹے کا نام

اب جہان دیکھو وان جھمکا ہے
چور ہے ٹھگ ہے اور اچکا ہے

دیکھی ہمنے جو راہ چاوڑی کی
پشم ہے رہزنی تلاوڑی کی

خاص بازار کا جو سینے بیان
اون نے نزدک کے کاٹ ڈالی کان

دمڑی کے سودے کو جو وان جاوے
پگڑی کھوسر کو پیٹتا آوے

کس طرح شہر کا نہو یہ حال
شیدی فولاد اب جو ہے کتوال

چور کب اوسکا زور مانے ہے
کالا بال اپنا اوسکو جانے ہے

ہو یہ کتوال تو وہ مانے زور
یہ تو مچھر کی جھول کا ہے چور

اُنسے رشوت لیے یہ بیٹھا ہے
اُسکے دل مین یہ چور بیٹھا ہے

کیا جب آپ نے یہ انصاف
آپ کے سر پہ یہ جو پگڑی ہے
دس روپے وہ مجھے دلاتے ہین
دوسرے نے کہا کہ مین ہون غلام
پگڑی آقا رکھے نہ سر سے اوتار
پردہ شالے کے تئین لگا کر گھات
میری محنت پہ ٹک نظر کیجے
غرض اس گفتگو سے ہو یہ حال
شہر کے بیچ کیا کہو مین اب
شب ہو نرسنگیونکی قال و قیل
کتنے آہٹ سے اونکی بھونکین ہین
آنکھ تو کس بشر کی لاگے ہے
آسمان پر بھی منعدم ہو خواب
لاکھ بندوق رات کو چھوٹے
ہین یہ سرگرم دزد بد انجام

مین بھی کرتا ہون کیسے بھلا وقت
دو خریدار اسکے ہین درپے
کیسے اب آپ کیا لگاتے ہین
نہین ہون جس سے ہووے ایسا کام
اور قیمت کی اوسکی ہو تکرار
آج جاگا کیا ہون ساری رات
آگے جو دلمین آوے سو دیجے
واہ واہ واہ رے زہے کتوال
روز محشر کی دھوم ہے ہر شب
گویا پھنکنی ہے صور اسرافیل
مرے خواب عدم سے چونکین ہین
چورونکے ڈر سے فتنہ جاگے ہے
کھلا رہتا ہے دیدۂ مہتاب
کوٹھی پہ ساہوکار کی پھوٹے
لوٹے ہے تا خزانۂ حمام

یار و کچھ چل سکے ہے بیر از ور
مٹ سکے مجھ غریب سے یہ خلل
دیکھیے گر بتان کو بھی بخدا
کسکو مارو نہین کسکو دون گالی
چڑھ گئے جب مفسد و پتہ جاتا ہون
بچ رہا ہے اب اسطرح کا سانگ
بچ سکے کیونکہ اب کسیکی شے
کرین انصاف واب جوان و پیر
رتبہ دزدی کا اسقدر ہے بلند
یہ جو سودا کیے ہے لا یعنی

دیکھو تو ٹک کہان کہان ہے چور
ہے امیرونکے گھر مین چور محل
ہاتھ مین ہے انھونکے دزدینا
چوری کرنیسے کون ہے خالی
وقت پر مین بھی جی چراتا ہون
ہو خدا کے بھی گھر مین چور کی تھا
ملا مسجد کا صبح خیز یا ہے
کیا ہے اسمین بھلا مری تقصیر
چرخ کے گرد یہ کہکشان کی کمند
آپ کرتا ہے دزدی معنی

مثنوی دہم موسم گرما

کیون ہوا اسقدر ہے عالم سوز
آتشی رنگ پر ہوا نوروز
ابکی رت سے یہ ہوتے ہو معلوم
چمن آرا ہو شب برات کی دھوم
گرم ہو یہ بہار کا موسم
شاخ گل پھلجھڑی سے نہین کم

سرو کا حال کیا کروں میں بیان
پانوں اسکا ہے اور آب روان

جوش ہے یہ بہار میں اس سال
لب جو پر ہے عکس کا تبخال

ہے عرق اس سے بھی گلوں کے تئیں
گرچہ پنکھا نسیم چھوڑتی نہیں

گرم گل کا نہیں فقط گل گوں
ہے جلو میں صبا کے سیکڑوں لوں

رنگ گل اسطرح درخشاں ہے
ہر خیابان یک چراغاں ہے

لالہ کے ہر چراغ پر اس آن
لٹ دھوئیں کی ہے شاخ نالہ ہمان

ہے حرارت گلوں کو اب یا تک
نہیں شبنم پہ نکلی ہے چیچک

پانی کو بلبلیں پھریں بھٹکی
طفل غنچوں کو لگ گئی چنگی

شاخ ہر گل کی ہو گئی گلریز
جل گیا آہ سبزہ نوخیز

یہ نہ لالہ کی پاتی جھرتی ہے
آگ جامے سے نکلی پڑتی ہے

گیا تالاب میں ہر ایک کنول
کنول کاغذی کی طرح سے جل

جل گئیں بیلیں رہ گیا ہے کاٹھ
روشنی کا سا دار بست ہے ٹھاٹھ

خوشے انگور نے کہاں پائے
تاک کے یہ چھٹک گئے خالے

بوند کو دل صدف کا ترسے ہے
ابر نیساں سے آگ برسے ہے

ہے پسینے سے میخورونکا یہ حال
باد گویا ہے آب در غربال

زمین سمجھے ہو تفتگی سے ہر آن
توے کے بوند لوح کا طوفان

سو سمندر کا صرف کرکے جو آب
صحن یک خانہ کیجیے چھڑکا

کیا عجب ہے نہووے اتنا نم
خاک رہ جاے اوڑ نیسے یکدم

پانی سے پوچھیے عرق ہر چند
رسی کنکڑ کے کوزے کے مانند

خلق کا تشنگی سے ہو یہ حال
طفل کو مشک و جوان کو کھال

تو بھی نیت اوسنھو نکی بھرتی نہین
پیاسے مرتے ہین پیاس مرتی نہین

پیالے پانی کے آرزو کے بیچ
خواہ گدلا ہو خواہ اوسمین کیچ

شکل نرگس ہے سب کو حیرانی
نرخرے تک بھرا ہو گو پانی

یہی سوچے ہے دلمین تشنہ آب
بحر کو منھ لگاوے مثل حباب

رنگ یاقوت کا زبانی ہے
آب آتش کی زندگانی ہے

پانی کیسا ہی پیٹ مین ہو آب
شکل آئینہ خشک رہتے ہین لب

پھوڑ کر حلق کو زبان کے خار
نکلے گدی سے طرح گل کے پار

ہوش جن بادہ خوار ونمین کچھ ہے
کہتے ہین وہ نہین ہو شیشہ مے

بسکہ گرمی کی آن مانی ہے
شرم سے آگ پانی پانی ہے

آگ سے دن کی جلگئی ہو رات
ملی ہے اب سیاہی لیکے دوات

چرخ کی اطلسی قبا پہ ہمیں — نہیں یہ کہکشان ہو وانہ آکیش
جتنا عالم تھا کاشمیر ہوا — بلک کیسے کہ زمہریر ہوا
اندنون چرخ پر نہیں ہو مہر — گود مین کانگڑی رکھے ہو سپہر
کہر پڑنے کو کہتے ہین سب یار — ٹھنڈ سے ہو جہان کے دلمین غبار
لیک دیکھا جو غور کرکے مین آپ — نکلے ہو منہ سے آسمان کی بھاپ
وہ ہین پوشش زمین کو پانو نسے جھاڑ — پا بدامن ہین جسقدر ہین پہاڑ
پانی پر جس جگہہ کہ کائی ہے — سبزہ وہ شال کی رضائی ہے
بسکہ یخ بستہ بحر یخ ہے آب — برف کی ہو رکابی ہر گرداب
عکس پانیمین یون ہو شکل پذیر — رہتی ہو زیر شیشہ چون تصویر
نہین ہو نہر باغ مین اسدم — بچہ بط بھی یخ بچہ سے کم
تیغ سے کاٹنا ہے اب دہ چند — آب مین اسقدر ہوئی ہو گزند
جیسے جاڑے سے پڑ گیا پالا — سرد ہے داغ عشق چون لالا
اکڑے جاتے ہین دیکھ سنبل کو — گٹھری ہو جاے گل کی غنچہ مین لو
دیکھ گل پر صبا نہیب برد — بھرتی پھرتی ہو ہر طرف دم سرد
پات جھڑ شاخین ہو گئین کنڈمنڈ — رہ گئے اینٹھ اینٹھ ڈنڈ کے ڈنڈ

ہے گرفتار حال ہے جو شخص
نہین مل سکتے گرم ہو وہ شخص

اگر کسی شخص کو مرض ہو اب
تو وہ جاڑے ہی سے کری ہو تب

فرط سرما سے دیکھیے جسکو
دست زیر بغل ہے مثل سبو

کرے ہو اندنون جو کوئی بیاہ
ساس سسر کے آگے رو ہو سیاہ

پڑا اسکے ہو نہ کنار نہ بوس
زانو آغوش مین ہین جاے عروس

منعمون کے گھرون مین آج اور کل
ہین پڑے پردے وہی ہے منقل

پہرتے ہین سمور اور قاقم
ٹھنڈ سے کھینچے ہین بہم سو دم

تشپہ جاڑے سے ہے یہ انکا حال
ناک سے چھوٹتا نہین رومال

جھیکنا جاڑے کا جو جھینکین ہین
اک سخن ہو تو لاکھ چھینکین ہین

کوئی اب جاسے ہل نہین سکتا
گھر سے باہر نکل نہین سکتا

پھر جو کوئی ندان نکلے ہے
ٹھنڈ کے مارے جان نکلے ہے

لیٹے رہتے ہین روئی مین مجبور
جسطرح ناشپاتی وانگور

اہل حرفہ کو کیجیے جو نگاہ
کار و بار انکا ہو گیا ہے تباہ

پیٹ کر سر کے ہے بھٹیارا
ہاے اب کیا کرو مین بیچارا

سقا بولے ہے بھر کے آنکھون مین اشک
یارو پانی نکالو چیر کے مشک

جو ہین وارد ہوئے یہ وان ناگاہ
اوٹھا چارون طرف سے ابر سیاہ

انکے آتے جو ابر گھر آیا
صاحب خانہ سخت گھبرایا

نہ خبر انکی پوچھی نہ احوال
بیٹھتے ہی کیا یہ اوسنے سوال

کچھ ہوا پر بھی تم رکھو ہو نگاہ
گھونگھری پٹو کچھ بھی ہو ہمراہ

بولے یہ منھ نہ تھا مجھے معلوم
ورنہ لاتا مین ساتھ اے مخدوم

جب نہ سمجھے یہ اوسکے رمز کی تئین
سوجھی یہ بات اوسکے تئین وہین

جون لگی ہونے قطرہ افشانی
لا رکھی انکے آگے بارانی

پھر لگا کہنے یہ بھی اپنے نصیب
آوے مدت کے بعد اپنا حبیب

اور منھ آسمان یہ برساوے
بھیگتا اپنے گھر کو وہ جاوے

یہ تو سادے غریب کیا جانے
اوس مزور کو کیونکہ پہچانے

بولے یہ سادگی سے کیا ہو ضرور
بھیگتا جاؤنگا مین اتنی دور

رکھے خالق سلامت آپکی ذات
نہ کھلیگا تو مین رہونگا رات

یہ سخن جو ہین پہونچا اوسکے کان
لگی اوسکی وہ ہین نکلنے جان

سنتے ہی اسکے یون ہوا مضطر
اپنے بیگانے کی رہی نہ خبر

جسکے منھ کی طرف کرے تھا نگاہ
یہی کہتا تھا اوس سے بھر کر آہ

کہا اوسنے کہ بھر کے افتابا
محل کی جا ضرور مین رکھو

غرض اوٹھکر چلا وہ جب وانسے
کہ گیا کان مین یہ مہمان کے

چاہو جو کچھ کہ اب تناول کو
کہدو بلوا کے اب بکاول کو

اونھون نے اوسکے موجب ارشاد
کی بکاول کے تئین وہین فریاد

آیا بعد از سماجت بسیار
اونھون نے پوچھا ہے کچھ اب تیار

بولا تیار تو نہین ہے کچھ
جاؤن ڈھونڈون اگر کہین ہو کچھ

تو تو لاؤن ہون آپ کی خاطر
ورنہ کھاؤ مجھے مین ہون حاضر

بولے یہ کچھ اگر نہین تیار
دیکھو ہووے گا موذی سرکار

اوس سے تم جا کے جنس منگواؤ
واسطے میرے کچھ تو پکواؤ

لگا کہنے وہ کوئی مانے ہے
آپ ہی بھڑوا خاک چھانے ہے

جب کہ اوسکا حساب ہوتا ہے
جان کو وہ برون کی روتا ہے

اور قصاب بھی جو آوے ہے
چھری بغدا مجھے بتاوے ہے

جب مین کچھ کو نجڑ سے کہتا ہون
لہو پی پی کے اپنا رہتا ہون

بھنتے ہے مجھسے یون وہ دو بردو
لیجو ترکاری کی جگہ کدو

سفرہ چین وے ہمیشہ یون گالی
منھ رکھین چکنا اور شکم خالی

کھانا یان کھاوے ہاتھ وان دھووے
گرمیون بیچ پیٹ بھر سووے

بسکہ مطبخ مین سردی رہتی ہی
ناک باورچیون کی بہتی ہے

اونکے مطبخ سے دو دو اوٹھے اگر
سقے لے دوڑتے ہین مشکین بھر

لگے ہے دینے کوئی اوٹھکے اذان
کوئی دکھاوے ہی کھولکر قرآن

ڈالے ہے کوئی چھیرا اپنے کاٹ
کوئی پھرے سر دھرے کھٹولا کھاٹ

یان پکانا ہے خانہ خالا
خلق ہو جاوے ہی تہ و بالا

انکے باورچی خانہ کا احوال
چولھے ہر گھر کے جب کرین ہین خال

ڈالے ہین سر پہ خاک ماتم سے
لکڑی جلتی ہے آتش غم سے

سینے دیگون کے مارتے ہین جوش
روتے ہین ڈھانپ ڈھانپ منھ سر پوش

روز باورچی یون کرین فریاد
کبھی تو کچھ کرو ہمین ارشاد

کیا تمسے بعد کرکے کھاوینگے
جب کسب اپنا بھول جاوینگے

دیگ شوکو نہ دیگ سے سروکار
چھتری دھونے ہمیشہ جائین کہار

بسکہ مہمان وعدہ سے آیا
کھانا اونہین سے اب نہین کھایا

اس خجالت سے دیگچے نکلے
سرنگون ہی پڑے ہین چولھونپر

دورے سے دیگچون کا ہی یہ حال
سینہ کف گیر کا ہوا غربال

پیدا جو کر گئے تھے یون اجداد
سو یہ بدبخت دے ہے یون برباد

مین تو آپ ہی کو جانتا تھا فضول
پر یہ مجھسے بھی نکلا نا معقول

گرتے پیسے یہ سب اوڑا دے گا
اینٹون تک بیچ بیچ کھا دیگا

اسکے دادے کے باپ کا اکروز
آشنا تھا سو وہ نپٹ دلسوز

لایا کچھڑی پکا شراکت سے
دونون کھانے لگے رفاقت سے

اون نے اک دو لیے نوالے بڑے
جدم خوم دو ہین ہوکے کھڑے

لگے کہنے نہین شراکت نیک
میرے سو لقمے اور تیرا ایک

تھی بزرگون کی اپنے تو یہ چال
کرتے ہین یان ضیافتین پامال

خوب جو کچھ اوٹھا خزینے سے
لو اتالیق کے مہینے سے

سنا اس گھر کا یار تو نے حال
مجھسے کھانے کا پھر نہ کیجو سوال

ایسی ہی بھوکھ ہے تو میر بجان
بندہ خانہ بھی دور نہین چندان

ٹک قدم رنجہ وان تلک کیجے
کھانے کو چاہیے جو کچھ تو لیجے

بولے یہ خانۂ شما آباد
ہو کرم آپ کا تو اس سے زیاد

ہو غنیمت یہان تو آپ کی ذات
کٹ گئی اب تو باتون ہی مین رات

غرض اس آشنا نے صبح کو آ
مجھ سے یہ ماجرا تمام کہا

آدھ سیر آٹے کا خدا ہے کفیل
پیٹ اسکا ہے عمرو کی زنبیل

گھر مین اب جسکے دیگچہ کھڑکے
در پر اوسکے یہ بیٹھے یون اڑکے

گور سے پھر جو رستم اوٹھکر آئے
میت اسکی اوٹھائے یا نہ اوٹھائے

خوردنی کی ہو جس مین پر پاس
جمع وان کرکے اپنے ہوش و حواس

بیٹھے مکھی کی طرح پے در پے
دونون ہاتھون سے سر کو پیٹے ہی

آگ لگ کر کسی کے گھر سے دود
ایک ذرہ بھی گر کرے ہے نمود

لوگ تو دوڑے ہین بجھانے کو
دوڑے یہ لے رکابی کھانے کو

ہر کسی بنیے کی دکان پر جا
اپنی باتو نمین اوسکو لے ہی لگا

کام ہر وجہ اپنا کر لیوے
کلے بندر کی طرح بھر لیوے

توڑ کھاتا ہے جا کے پاخانے
یہ بوا سیر اپنی کے دانے

اسلیے ہجو خلق کرتا ہے
گالیان کھانے تک بھی مرتا ہے

شادی مین گر کسی کے گھر یہ جاے
صاحب خانہ رنڈیان بلوائے

کیا طمع اسکی وسگھڑی مین بتاؤن
کھچڑی یہ چاہے پھر مین ہی لیجاؤن

راگ گر ہو کلاونتون کا وہان
اس جگہ گا رہا ہو جیون خان

اور کھاجا بجاے دیبی داس
سرون کی بندھ رہی ہو ہم آس

جب تلک کھانے پک چکین سارے
ان ہی کو لا کے میرے سر مارے

جتنے دنیا کے بیچ ہین اشکال
اشتہا اونمین تھا منا ہی محال

جب تلک کھانا آوے ہی آوے
اسی بک بک مین جان کھا جاوے

کھانا آوے تو اسطرح ٹوٹے
جیسے کوئی کسی کا گھر لوٹے

مارے لقمے تو اسطرح بدذات
جیسے جھاڑے کوئی پٹے کی ہات

وہ جو نوکر کھڑے ہون جس تس کے
منھ کو حیران ہو تک رہین اسکے

دیگچی جب یہ چاٹ کر چھوڑے
منھ کو کھانیسے موڑے تو موڑے

کھانا کھانے مین ایک دن ناگاہ
پڑ گئی اسکی آئینے پہ نگاہ

بولا دیکھ اپنے عکس کو وہ لئیم
کب سے اے بھڑوے تو مرا ہے ندیم

غرض اس طرح کا جو ہووے بخیل
کب زمانہ کرے نہ اوسکو ذلیل

ایک تھا اسکا آشنا دل سوز
وارد اوسکے یہ گھر ہوا اک روز

ظاہری اوسکے گھر تھی کچھ شادی
سر مجلس بلائے جا دی

بیٹھے باہم تھے آشنا بہ تمیز
صاحب خانہ کا ہر ایک عزیز

اور وہان ہو رہا تھا راگ و رنگ
ناچ ہوتا تھا باجے تھی مردنگ

نہ تھی اسکو کسی سے بات اور چیت
بھوک سے اسکی لگ رہی تھی پیٹ

گوشت چاول مصالح ترکاری
سب سمیٹ اسنے ایک ہی باری

مطلق اسنے نہ مانی ڈانٹ ڈپٹ
دل سے نہ گئی آدھوس سیر چمن کی
اور ہمنے کیا رخنۂ دیوار فراموش

یا نالے کو کر منع تو یا گریہ کو ناصح
دو چیز نہ عاشق سے ہو یکبار فراموش

بھولا پھرون ہون آپکو اک عمر سے لیکن
تجکو نہ کیا دل سے مین زنار فراموش

دل درد سے کس طرح مرا خالی ہو سودا
وہ تا شنوا حرف مین گفتار فراموش

آشیان کو مت اجاڑ و کے فریاد و فغان
باغبان ظالم ابھی سویا ہے ای بلبل خموش

دیکھے وہ آنکھین کوئی محراب ابرو کے تلے
ای مسلمانون ہے مسجد مین کمان سیفروش

لالۂ و گل سے نہ پوچھو یہ زمین سرخ رنگ
خون ناحق نے ہماری خاک سے مارا ہے جوش

ابھرے ہے کیا حباب نمطاے حریر پوش
یان جسکو دیکھیے سو ہوا ہے کفن بدوش

سکھ نیند زیر سقف فلک کیونکہ سو سکون
ایدھر دل بجھے ہے اودھر نوحۂ خروش

یک قطرۂ مے نے آڑی سودا کو جگہ سے
باروت کے توڑے رہے بس ایک تل آتش

دین شیخ و برہمن نے کیا یار فراموش
یہ سبحہ فراموش وہ زنار فراموش

دیکھا جو حرم کو تو نہیں دیر کی وسعت
اس گھر کے فضا کر گیا معمار فراموش

بھولے نہ کبھی دل سے مرا مصرع جانکاہ
نالہ نہ کرے مرغ گرفتار فراموش

دل سے نہ گئی آدھوس سیر چمن کی
اور ہمنے کیا رخنۂ دیوار فراموش

یا نالے کو کر منع تو یا گریہ کو ناصح
دو چیز نہ عاشق سے ہو یکبار فراموش

بھولا پھرون ہون آپکو اک عمر سے لیکن
تجکو نہ کیا دل سے مین زنار فراموش

دل درد سے کس طرح مرا خالی ہو سودا
وہ تا شنوا حرف مین گفتار فراموش

آشیان کو مت اجاڑ و کے فریاد و فغان
باغبان ظالم ابھی سویا ہے ای بلبل خموش

دیکھے وہ آنکھین کوئی محراب ابرو کے تلے
ای مسلمانون ہے مسجد مین کمان سیفروش

لالۂ و گل سے نہ پوچھو یہ زمین سرخ رنگ
خون ناحق نے ہماری خاک سے مارا ہے جوش

ابھرے ہے کیا حباب نمطاے حریر پوش
یان جسکو دیکھیے سو ہوا ہے کفن بدوش

سکھ نیند زیر سقف فلک کیونکہ سو سکون
ایدھر دل بجھے ہے اودھر نوحۂ خروش

ایک ہمسے تجھے نہین اخلاص
گھر بگھر تجکو ہر کہین اخلاص

روسیاہی سوا نہین حاصل
نام سے مت کرای نگین اخلاص

دیکھ تجھ زلف ورد کی الفت
کرتے ہین آج کفر و دین اخلاص

روز ہی ہمسے تین رکھا پیارے
واہ وا رحمت آفرین اخلاص

مثل نقش قدم یہ رکھتی ہی
تیرے در سے مری جبین اخلاص

گر تمنا گہر کی ہے تو کر
چشم میری سے آستین اخلاص

آدم اس دام مین پھنسا سودا
رکھے دانے سے خوشہ چین اخلاص

ردیف ضاد معجمہ

چھوڑا ہین کفر و دین فقط یار سے غرض
تسبیح سے نہ کام نہ زنار سے غرض

سینے مین دل جو ہی سو تری یاد کی لیے
جز دید کیا ہی دیدۂ خونبار سے غرض

طوبی کی تجکو چھاؤن مبارک ہی زاہدا
ہی دلکو اپنے سایۂ دیوار سے غرض

پیارے کہین یہ مفت نہ دام مرجائے
غافل نہو تو مرغ گرفتار سے غرض

آتے ہین تیرے کوچے مین سر سے کفن کو باندھ
اسکو ڈرا نہ شوخ تو دو چار سے غرض

ردیف طاء مہملہ

سرسبز حسن رکھتی ہی تیرا ابھار خط
دل کسطرح سے ہو نہ ہمارا نثار خط

آنکھین برنگ نقش قدم ہوگئین سفید
اس سے زیادہ خاک کرون انتظار خط

بے مہر خط جو ہو تو نہین اسکو اعتبار
عارض کے خال سے ہی ترا اعتبار خط

اور ولکے خط کی طرح سمجھتا نہین یہ خط
گرد آئنہ کے منھ پہ ہی تیرے غبار خط

آنکھین تو صید تھین تری چہرے کی خال کے
دل اندنون ہوا ہی پیارے شکار خط

آفاق کو خراب ترے حسن نے کیا
رسوائے زلف خلق ہی عالم ہی خوار خط

پہونچا ہی کوئی قاصد سودا ابھی یار تک
دل کسطرح سے ہو نہ ہمارا نثار خط

تری آنکھون کیطرح سے نہ رکھی جام نشاط
مے مین کدھر ہی جو رکھتی ہین یہ بادام نشاط

مطلع ثانی

تو ہو گر پاس تو ہی صبح طرب شام نشاط
دیکھنا تجکو ہی اے جان دل آرام نشاط

فضل حق جسکی طرف ہو تو اسے بخشے ہی
دور ساغر کیطرح گردش ایام نشاط

دل جنھونکا ہی اسیری کے مزے سے آگاہ
ہی قفس بیچ اسے عیش تہ دام نشاط

دیدہ کچھ منع نہیں عیش جہان کا پر اسے
سمجھیے گر نہ تماشائے سر راہ غلط

جز مین کل کو وہی جانے ہی جو ہو واقف راز
قطرے کو بحر نہ سمجھے دل آگاہ غلط

بادہ سے شیخ کو نفرت ہی بہت زاہد کے
پر گزک سے ہو پر اسے اکراہ غلط

بزم آراستہ کی جسکے لیے ای سودا
آج آنے کی خبر اسکی ہی افواہ غلط

چودھوین رات ہی اور وہ دل عالم کا چور
دزد کا گھر سے نکلنا بشب ماہ غلط

تجھسے چاہون کہ محبت کا ہو نرباہ غلط
یارو اللہ غلط فہمی ہی باللہ غلط

نہین نادان ہین کہ ہون مہر کا طالب تجھسے
شعلے سے چاہے محبت جو پر کاہ غلط

جیوے تو جیوے کوئی اپنے نصیبون پر رنہ
جان اسکی ہی تو لے جسکا ہو دلخواہ غلط

سنکے سو وصف ترا ہم تو ملے تھے تجھسے
پر جو دیکھا تجھے بھی محض یہ افواہ غلط

جی سے نفرت ہی کسی سے جو تجھے سو ہم ہین
صحبت بد سے ترے دلکو ہوا کراہ غلط

بخیطر مجھے ہی جو تو دکھ یہ کہان سے جانا
تیری تاثیر سے ہر بار مری آہ غلط

درد دل جن نے کہا تجھسے مرا لاکھ طرح
یہی سن سنکے کہا تو نے کہ واللہ غلط

وعدہ کرتے ہین جو طناز جہان عاشق سے
گاہ کرتے ہین وفا اسکے تئین گاہ غلط

یہ غضب جھوٹ نہ دیکھا ہین کہیں ای کاذب
عہد روزانہ غلط قول شب ماہ غلط

زہے وہ معنی قرآن کے جو تو واعظ
پھنسے دہن کے تئین اپنے کر رفو واعظ

مجھے یہ فکر ہے تو اپنی ہرزہ گوئی کا
جواب دیویگا کیا حق کے روبرو واعظ

خدا کیواسطے چپ رہ اتر تو منبر سے
حدیث و آیہ کو مت پڑھ تو بیوضو واعظ

سنا کسی سے تو نام بہشت پر تجھ کو
گل بہشت کی پہونچی نہیں ہے بو واعظ

ثبوت حق کی کریں سبھوں پہ ہے لیکن
تری تو نفی کرم پر ہے گفتگو واعظ

ڈرون ہوں نہیں کریں نہ تیری داڑھی کا
تبرکات میں داخل ہے ایک مو واعظ

ہزار شیشۂ مے اسمیں تیں چھپاتا ہے
تری جو پگڑی ہے یہ صورت سبو واعظ

سخن ہے وہ کہ موثر دلوں کا ہو نادان
یہ لوح گوئی ہے جس سے ہے تجھکو خو واعظ

کہا تو مان لے سودا کا توبہ کر اس سے
لب و دہن کے تئین کر کے شست و شو واعظ

ردیف عین مہملہ

اشک کے قطرے نیسان کا اثر رکھتی ہے شمع
سر سے لیکر تا قدم سلک گہر رکھتی ہے شمع

کون ہے میرا بجز پروانہ مرغ نامہ بر
شرح سے مکتوب کے میرے خبر رکھتی ہے شمع

تو مرے غم سے نہ رویا اور میری خاک پر
شام سے تا صبح اپنی چشم تر رکھتی ہے شمع

کٹتی ہی عمر تاسف ہی مین اس غم کی بیچ
لو ہی انگشت کہ جسکو بدہان رکھتی ہی شمع

ترے بیمار کے بالین پہ تنہا آپ ہی
شام سے صبح تلک اشک روان رکھتی ہی شمع

شمع شہلائے محرم کی طرح اپنے ساتھ
ایک عالم کے تئین گریہ کنان رکھتی ہی شمع

شہرۂ تاب و تب از بس ہی زبان زد اسکا
ہم بھی کہدین جو کوئی پوچھے کہان رکھتی ہی شمع

سوز تا سوز تفاوت ہی یقین کر سودا
داغ جو دلپہ ہی اپنے سو کہان رکھتی ہی شمع

مژگان کی گر خلش کا بدا ڈھنگ ہی وسیع
سینہ بھی یان بے صف جنگ ہی وسیع

زاہد جگہ نہ دان ہو تو حاضر ہی گھر مرا
میخانہ شکل کعبہ نہین تنگ ہی وسیع

نقص صفائی اپنا نہ پہونچا تو دان ملک
آئینہ خانہ ورنہ بہر سنگ ہی وسیع

دامان سیل اشک مرا ہجر مین ترے
مانند دامن چمن و گنگ ہی وسیع

بے ہمتی سبب تنگ دو کا ہی ورنہ یار
روزی برائے کور و کر لنگ ہی وسیع

چڑیا سے بے بچا ہی نہ سیمرغ تک کبھو
شہباز عشق کا بھی عجب چنگ ہی وسیع

تکمون کیواسطے ترے نیمہ کے سر و ناز
گلشن مین تختۂ گل اور رنگ ہی وسیع

خواہش جنین ہی ملک کی انکو نہین نہم
دو گز زمین ندان تہ سنگ ہی وسیع

بادہ پہ گو کہ عرصہ کیا محتسب نے تنگ
سودا کیواسطے قدح بنگ ہی وسیع

جانے کا کسی طرح نہین دل پہ یقین ہے
ہوتا ہون خجل مفت مین پروانہ کے آگے

جو جرم عقیق آہ ہمارا جگری داغ
جب شمع کو کرتی ہی تری جلوہ گری داغ

طائر کو مین پرواز مین جب دیکھون ہون سودا
کرتی ہی تب اپنی مجھے بے وبال پری داغ

سرد مہری سے بیان کے مٹ گیا ہی سوز داغ
کر دیا اُن ظالمون نے ملک دل کا بے چراغ

وای اس پیشہ پہ ای بلبل کہ جسکی ہی یہ قدر
خوار ہین کوچہ بکوچہ تو ہی رسوا باغ باغ

مملکت ساری مین یارو گر سلیمان کو نہ تھا
گوشۂ خاطر مین اپنے ہی مجھے جو کچھ فراغ

بلبل خوش نغمہ ہون لیکن اس گلستان خیال
نالۂ مرغ چمن سے کم نہین فریاد داغ

خوش کبھی اس بزم مین دو دل نہ دیکھے ایکجا
دم بدم مینا ہی روتا ہی جو ہنستا ہی ایاغ

حیف اس گلشن مین عاشق سی کوئی راضی نہین
گل سدا بلبل سے ناخوش مجھ سی توبہ بید باغ

دل اگر کھویا ہی سودا چھوڑ مت دنبال اشک
شاید اس دیوانے کا لڑکون سے تو پاوے سراغ

کسطرح دل مین چھپاؤن تجکو مین سینہ مین داغ
دل ہی یہ گھر کی بستی پر جو روشن ہی چراغ

زلف دیکھو یا کمر چشم یا ابرو کی سمت
اتنی راہین دل کے گم ہونگی تو کیدھر سراغ

قہقہہ مارے ہی شیشہ ہی نہ میرے عیش پر
تجھ بن ای ساقی مرا منھ دیکھ ہنستا ہی ایاغ

ردیف قاف

ثابت نہوئے خون مرا روز باز پرس
بولین گے روز حشر سو جلاد کیطرف

پتھر کی لیک تھا سخن اُسکا ہزار حیف
بولی زبان تیشہ نہ فرہاد کی طرف

طرے کے تیرے واسطے صد چوب شاخ نہ دار
قمری گئی ہی کاٹنے شمشاد کی طرف

سودا تو اس غزل کو غزل در غزل ہی کہہ
ہوتا ہی تجکو میر سے اُستاد کی طرف

مائل تھا بسکہ دل مرا بیداد کیطرف
خون بہ چلا بدن سے تو جلاد کیطرف

غیر دن کی بات پر نکہون کان مت رکھو
لیکن کبھی تو میری بھی فریاد کیطرف

پہچانین ہم نہ گل کو نہ ہم گل کے روشناس
منھ کرکے آنکھین کھولیان صیاد کیطرف

جور و ستم تعدی و اندوہ و درد و غم
مائل ہوئے ہین اس دل ناشاد کیطرف

سامان نالہ شب ہی تمہارا ہی اثر
مین دیکھتا ہون تیری بھی امداد کیطرف

خون کر رہا ہی جوش رگ جان مین تری
سودا نہ دیکھ نشتر فصاد کی طرف

مرضی جو آئی چرخ کی بیداد کی طرف
مائل کیے دل اُس ستم ایجاد کی طرف

تصویر ہوکے آپ ہی حیران رہ گیا
بیٹھا تو منھ کو پھیر جو بہزاد کیطرف

دیکھے جو ایک آن ترا سرو خوشخرام
قمری نہ دیکھے پھر کبھی شمشاد کی طرف

گر کہیں عاشق ہوا ای سودا تو ہیں تجھے کہوں
وہ عمل ہیں لائیو جو نیک ہو کردار عشق

عشق کے درہ شریعت سے قدم باہر نہ رکھ
سمجھے ہو دوزخ کو اپنا ایک شمہ نار عشق

ناصح دانے بک جو ہیں آگاہ راز عشق
وہ کر چکیں ہیں جن دل و جان نثار عشق

جھکے ہو انہیں حقی کہ جو کوئی
جون شمع ہو رہی ہیں سراپا گداز عشق

پروانہ رات شمع سے کہتا تھا راز عشق
مجھ ناتوان نے کیا کیا اٹھایا ہے ناز عشق

سینہ سپر ہے اسکا سدا پیش تیغ یار
ہیں کیسے ہوئے جہان سرفراز عشق

گر سخت تر ہے سنگ سے بھی جان عشقان
ہے مثل موم دان ہی جہان ترکہ ناز عشق

ہے حق بجانب آپکے پیارے غرور کا
دیکھا نہیں ہے آجتلک اسنے ناز عشق

محراب تیغ دوست سلامت رہے مدام
کعبے میں کب ہیں جاکے پڑھونگا نماز عشق

سودا یہ قصہ خط سے نہ کوتاہ ہو سکے
ہے حسن زلف یار سے عمر دراز عشق

حسن کے بازار میں کیا ہے جز اشیا فراق
دیکھے نقد دل نہ کر زنہار سودائے فراق

دوستان فتنہ کا اتنا فراق ایدل تجھے
مل رہینگے ایکدن ہرگز نہیں جائے فراق

لطف ان دو راز وفاؤں سے محبت کا نہیں
خانہ دل کو عبث کیوں کیجیے یاد کے فراق

دل نہ دے ان سادہ وکے تو نک کو دیکھکر
تخم الفت کو نہ پہونچا اس زمین عشق تک

باغ ہاتھ آوے تو کریں غصب اہل اتقا
نسبت مے سے نہ پکیں دانہ انگور تک

کونسے عارف کو یان دعوی خدائی کا نہیں
یہ ترا زخم لیکن ہو چکا منصور تک

فی الحقیقت جو مقام وجد ہے اے شیخنا
وہ نہیں بستہ ہرگز ڈھونک و طنبور تک

خوبی میخانہ و ساقی نہیں اسکے نصیب
پہونچے گو زاہد عبادت سے تصور حور تک

ہجو ہے اس لف کی تشبیہ دینا مشک سے
شاعرو یہ بات پہونچی ہے دراز دور تک

یہ غزل سودا کہی ہے تو نے اس انداز کی
ہند سے پہونچیگی ہاتھوں ہاتھ نیشاپور تک

رہے اس فصل سے اے بلبلو گل ناتوان تک
کہ نالہ لب تلک پہونچا نہ چاک جیب دامان تک

کوئی بیمار وارد ہے یہ کہیو جا کے جانان تک
مریض عشق کا تیرے نہ پہونچا کافر درمان تک

عجب باندھوں ہیں لکھ لکھ شرح دل اہل کبوتر سے
دلونکے اڑ گئے پرزے نہ پہونچی کچھ خبر ان تک

ترے غم کا دل پرخوں سے استقبال کرنیکو
وہ قطرہ نارسا طالع ہے جو پہونچے مژگان تک

روا کرتا ہے کیا دل کو کھو اکر خال پر سودا
کہیں خطرا گیا اسکے تو ظالم حرف ہے جانتک

ابھی تو شہر دل تھا اسکے شہریار تک
پہونچا نہ آ کوئی پھر اس اجڑے دیار تک

عالم سے کی ہے صلح مگر ایک میرے ساتھ
جھگڑے وہی عبث کے وہی جنگ اب تلک

دیکھے نہ مجکو تا نہ کرے تیغ پر نگاہ
یا تک ہے میرے قتل کا آہنگ اب تلک

سنتا ہے جس جگہ وہ مرا ذکر ایک بار
بھاگے ہے واں سے لاکھ ہی فرسنگ اب تلک

سودا نکل چکا ہے وہ ہنگام ناز سے
پر مجھ سے ہے ادا کا وہی رنگ اب تلک

رخ سے دیکھوں ہوں نہیں اس لعل سے کام تلک
شام سے صبح تلک صبح سے لے شام تلک

یک نفس گر چمن ہم نہ لئے بال افشان
آشیانوں سے اٹھا اک رات گئے دام تلک

آپ سا مجکو تو زاہد نہ سمجھ کر سودا
خط خوبان سے پڑھا ہوں میں خط جام تلک

شاعروں میں کب کھی ہے شیر کی تقریر جنگ
نہ جدل تقریر میں انکی نہ در تحریر جنگ

بعضے ایسے بھی ہیں نامعقول ہے جنکا سخن
اپنی شہرت ہے نیکی سمجھیں ہیں وہ تدبیر جنگ

پوچ گوئی سے نہیں ہٹتے بہ میدان سخن
کرتے ہیں گویا وہ جڑ کر بانو نہیں زنجیر جنگ

یکدگر ہوتا ہی ہے قسم سخن پر اعتراض
اسپہ کیا لازم جو کیجیے ہو گرہ پا گیر جنگ

ابرو و مژگانکے مضمون میں کری جو انکے دخل
کرنے یہ اس سے لگیں ناوان تیغ و تیر جنگ

میں تو حیران ہوں اب ان شاعروں کی وضع پر
کرتے پھرتے ہیں جو پڑھ پڑھ شعر بے تاثیر جنگ

بچ مین ہی دھوم ہوگی ولیکن تجھ بغیر
یہ گلال آڑتا نہین بھڑکی ہی اب تمن مین آگ

گو بہار آئی کسے سودا بھلا لگتا ہی باغ
یون چمن مین گل نظر آتے ہین جون گلخن مین آگ

عدد ہی دوری مین ایک اور خمار ہی ایک
گل ایک دشمن جان ہی مرا بہار ہی ایک

پہونچ شتاب کہ بیٹھا ہون سگھڑی ساقی
دو چار ایک ہوتے ہین یہ دلفگار ہی ایک

بچے تو بچ رہے آنکھون سے دل مرا لیکن
غضب ہی یہ کہ ہین صیاد دو شکار ہی ایک

بدن مین جسکے ترے عہد تک خیال و جان ہی
ادا پہ ایک فدا ناز پر نثار ہی ایک

یقین ہی یہ کہ درازان سے عمر خضر نہو
ہی ایک اپنی شب ہجر زلف یار ہی ایک

ڈبو دین ہین یہی جان و مال عاشق کے
دل ایک خون شدہ ہی چشم اشکبار ہی ایک

رہی نہ دین کی عزت نہ حرمت دنیا
خراب ایک ہوا عشق تجھسے خوار ہی ایک

ہوس رہی نہ چمن کی ہمین کہ واعظ شیخ
دل ایک باغ ہی اور آنکھین آبشار ہی ایک

نہ کیجو تکیہ تو اس جان و جسم پر سودا
ہوا تو ایک ہی ان دو مین اور غبار ہی ایک

ہین بتاؤن تمکو یارو کر کر تدبیر ایک
بس ہی مجھ دیوانیکو اس زلف کی زنجیر ایک

دل دھڑکتا ہی مبادا اجل نجاوے قفس
درد ہی صیاد کرتے نالہ شبگیر ایک

لذت ہے دل کو آنکھ لڑانے سے یار نے
دیکھا کہیں نہ اسکے سوا جنگ اور نمک

ملنا ترا ہر ایک سے پھیکا کرے نہ دل
چاہے ہے دوستی میں تو ڈھنگ اور ڈھنگ

موزوں ہے اس چمن میں بہنگام میخوری
بھر کبابہ مرغ ہذا ہنگ اور رنگ

خط سا اور دنکے چہرے پہ نکلا نہیں ہے لطف
ایسا کچھ اسکو جان کہ جوبن ہنگ اور رنگ

کب سیر ہوں وہ نان قناعت سے جو کوئی
کھاتے ہیں خوان دہر پہ سرخنگ اور رنگ

جز خط سبز عارض دلدار ہمنشین
دیکھا ہے آپ نے یہ کبھی رنگ اور رنگ

سودا سے کیونکہ یار کو ہووے موافقت
پیر و جوان ہیں بادہ گلرنگ اور رنگ

کرتی ہے مرے دل میں تری جلوہ گری رنگ
اس شیشہ میں ہر آن دکھاتی ہے پری رنگ

کس رنگ میں دیکھا نہ ترے رنگ کا جلوہ
سب رنگ میں ہے تو یہ ترا سب سے بری رنگ

اے شیشہ گران دل کوئی ٹوٹا جو بنا ہے
پیدا کرے پھر اور ہی کچھ شیشہ گری رنگ

ہر مرغ کو پہچان کے نامے کو تو لینا
نالے کے کبوتر کا ہے میرے جگری رنگ

ہے خاک بسر آج خدا جانے چمن کا
دیکھ آئے ہے کیا جا کے نسیم سحری رنگ

کس گل میں بہ جلوہ ہے جواب کہ قفس میں
دکھلاتی ہے میری مجھے بے بال و پری رنگ

کر جامۂ عریانی کو خاکستری سودا
ہو عزم سفر یاں سے تو ہے یہ سفری رنگ

کوے میخانے سے رکھ دل تو کنارا ای سودا
شیشہ ٹوٹا ہی نہ جا کر رہ احباب میں ڈال

پوت پیتے ہیں ورد دیدۂ نمناک کے مول
مژۂ ترکو بتان لیویں زخاشاک کے مول

دل پر خون کو نہ وہ مغبچہ لیوے بہ نگاہ
جرعۂ می جو ہو شیشے میں تو دے ناک کے مول

زاہد انطوع گہر بار پہ واعظ کے نجا
ابلہی بیچے ہی بیٹھا ہوا ادراک کے مول

مرغ دل کے جو شکاری ہیں اگر صید حرم
بکنے آوے تو خریدیں وہ فتراک کے مول

تڑپ اپنے دل بیتاب کی خاطر ای شوخ
برق سے لے ہی تری غمزۂ صد چاک کے مول

شوق کسکو ہی پتنگوں کے لڑانیکا کہ خلق
شیشہ ٹوٹا ہو تو لے ہی دل صد چاک کے مول

عکس رو اپنے سے کہتا ہی لب آئینہ میں دیکھ
ان نگینوں کا پتا کیا ہی بے حکاک کے مول

کوزہ پشت اتنے ہوے شیخ ہمارے کہ عصا
بیچے اپنا تو وہ شاید بکے مسواک کے مول

محتسب رحم کر اب مفلسی رندان پر
بنگ قلعی سے ترے بکتی ہی تریاک کے مول

بے زری خلق کو ہی یہ کہ کسی کا کیسا
کوئی کاٹے تو بکے کیسۂ دراک کے مول

جنس دل اپنی کے بکنے کو کہوں کیا سودا
مفت بر لیگئے دہتی دے اسے خاک کے مول

مرا لگتا نہیں ای باغبان تیرے چمن میں دل
لگے کیونکر کسیکا بار بن سرو و سمن میں دل

جون لالہ داغ داغ ہو دل تہ آب ہین
رکھنے کی اس چمن سے ہی سر پر امید گل

جس جا کہ ذکر حسن ہو تیرا تو اس جگہ
لائق نہین جو کیجیے گفت و شنید گل

بندہ ہین بیدرم ہون ترا اسکو جان لے
بلبل چمن مین مہر کی ہی زر خرید گل

نسبت نہ عندلیب سے سودا کو دیجیو
بسمل یہ آن کا ہی تری وہ شہید گل

جاتا ہی دل تو جائیو ہشیار آجکل
چلتی ہی اسکے کوچہ مین تلوار آجکل

خنجر مژہ ہی تیر نگہ تیغ ابروان
مجروح کس سے ہی یہ دل زار آجکل

کوئی دوا نہین ہی موافق بغیر وصل
مرتا ہی تیرے غم مین یہ بیمار آجکل

گزرے مزہ یہی ہی ہمارا تو ہم صفیر
ہوتے ہین اس چمن مین گرفتار آجکل

تسبیح گر یہی ہی جو رکھتا ہی شیخ شہر
ای یار ہم تو پہنین گے زنار آجکل

عرصہ سمجھ بہار کا ساقی پہونچ شتاب
جاتی ہی اس چمن سے یہ گلزار آجکل

گر ہی ترا سلوک یہی ہمسے ای صنم
بت سے کریگا برہمن انکار آجکل

مت چل تو اس لٹک سے کہ ظالم قدم تلے
مل ڈالے گی جہان کو یہ رفتار آجکل

تیری زبان سے عہدہ برآ کیونکر ہو کوئی
سودا سے ہی جو کچھ تری گفتار آجکل

مبدا جو بلا کا ہی سو ہی وہ نظر چشم
آتے ہی کسی دل پہ جب آفت زدہ چشم

آتا ہی نظر رونے سے ہر دم کے یہ مجکو
ہی قافلہ اشک کے ہمرہ نظر چشم

اور لگتے ہی جلوے پہ حسینوں کی مری آنکھ
دیدانکی سے پہونچی ہی ہم بال پہ چشم

مکتوب غم اس شوخ تلک سیل سے پہونچا
دیکھا نہ بجز اشک کوئی نامہ بر چشم

دیدار کے وعدے پہ نرکھ منتظر اتنا
تا مجکو برابر پڑے سود و ضرر چشم

چاہے تو جہاں ہی مرے پیارے کہ تصور
رکھتا ہی ترے جلوے کو میری بہ بر چشم

موتی کو صدف کے ہی مرے اشک پہ رشک
عالم میں نہیں قدر شناس گہر چشم

سرمہ تو ان آنکھوں میں ہی پر کیا کہوں سودا
آفاق کے ہی موجب نور بصر چشم

قاتل کے دل سے آہ نہ نکلی ہوس تمام
ذرا بھی ہم تڑپنے نہ پائے کہ بس تمام

صیاد سے ہوں ای اثر نالہ منفعل
آتش دی اسنے دام کو توڑے قفس تمام

اشک آنکھ سے تھمے تو رہے نالہ سے دل
جب قافلہ تھکے تو ہو بانگ جرس تمام

آتش کو رنگ گل کے صبا تو نے پھونکدی
جلوائے آشیان کے مرے خار و خس تمام

سودا ہوئی ہی شانہ کو زلفوں میں اسکی راہ
اس دست نارسا کو ہی کیا دسترس تمام

کیا مچائی اسنے میرے دلکے کاشانے مین دھوم
شور ہی جسکے لیے کعبہ مین بتخانے مین دھوم

مٹ گئے وہ شور دلکے ہاتھ آئی بیدلی
ورنہ کیا کیا ہم بھی کرتے شہر ویرانے مین دھوم

زلف کو کھولا تو کل اس دلکی شورش کا علاج
سخت دیوانے نے کی زنجیر کھلجانے مین دھوم

تجھ نگاہ گرم کی حسرت سے دل ماری ہی جوش
راتکو دیکھون نہین جب شمع پروانے مین دھوم

اسقدر رہتی ہین غمزی میری خوش ایناے دہر
جون ہلال عید ہی میرے نظر آنے مین دھوم

دلکو اس کو چین تیرا جب چلے ہین سیل اشک
ہوئیگی بیوجہ وان طفلان دیوانے مین دھوم

کب سے ای سودا شراب اس بزم مین پیتے ہین یار
تونے ای کم ظرف کی پہلے ہی پیمانے مین دھوم

لے دیدۂ تر جدھر گئے ہم
ڈبرے جو تھے خشک بھر گئے ہم

تجھ عشق مین روز خوش نہ دیکھا
دکھ بھرتے ہی بھرتے مر گئے ہم

تیرا جو ستم ہی اسکو تو جان
اپنی سی تو خوب کر گئے ہم

یہ قطعہ پڑھے تھا سوز دل سے
سودا کے جو رات گھر گئے ہم

جون شمع لبون پہ آرہا جی
تھا تن سو گداز کر گئے ہم

اتنی بھی پتنگ پیش قدمی
گر شام نہین سحر گئے ہم

ہوگی نہ کسی کو یہ خبر بھی
اس بزم سے آکدھر گئے ہم

کام نے شمع حرم سے نی چراغ دیر سے
جسجگہ تیری تجلی ہین وہان پروانہ ہم

دوستی کا غیر کے کیا ذکر اس دل مین کہ دوست
آشنائی مین ترے ہین آپ سے بیگانہ ہم

جب تصور پیچ ان زلفون کے جھپکے ہی پلک
کرتے ہین انکو خیال اپنے مین سودا شانہ ہم

عاشق تو نامراد ہین پر اسقدر ہم
دل کو گنوا کے بیٹھ رہے صبر کر کہ ہم

کہتا تھا کل کسو سے کرونگا کسیکو قتل
اتنا تو کشتنی نہین کوئی مگر کہ ہم

دیکھین تو کسکی چشم سے گرتے ہین لخت دل
تو اسطرح سے رو کے ای ابر تر کہ ہم

بیٹھا نہ کوئی چھانون پایا کسینے پھل
بے برگ و بر نہین کوئی ایسا شجر کہ ہم

قاصد کے ساتھ چلتے ہین یون کہکے ہیر اشک
دیکھین تو پہلے پہونچے ہی وان نامہ بر کہ ہم

اتنا کہان ہی سوز طلب دل پتنگ کا
رکھتی نہین ہی شمع بھی ایسا جگر کہ ہم

یا اشک ہون نہین ضعیف کہ کہتے ہین میرے عضو
باریک نا توان ہی اب اسکی کمر کہ ہم

سودا نہ کہتے تھے کہ کسیکو تو دل نہ دے
رسوا ہوا پھرے ہی تو اب در بدر ہم

خانہ پر در چمن ہین آخر ای صیاد ہم
اتنی خفت دے کہ ہو مین گل سے تک آزاد ہم

خندۂ گل بے تک فریاد بلبل بے اثر
اس چمن سے کہ تو جا کر کیا کرینگے یاد ہم

ردیف نون

وہ بولی اُنکے وہ یون بھی ہوا بالفرض اگر سودا
تو کیا چھینے تھی مین گل کا کہ لیگئی توڑ کر شبنم

مجھے وضع جہان اس رشک سے محفوظ رکھتا ہے
بہار آخر ہی اک پل مین کہان پھر گل کدھر شبنم

ترے آگے اُسے خورشید کا مُنھ خوش نہین آتا
چمن سے ورنہ کیون جاتی رہی وقت سحر شبنم

پیتا ہون یاد دوست مین ہر صبح و شام جام
بے یاد دوست مجکو ہی پینا حرام جام

ای شمع سرکشی نہ کر اتنے فروغ پر
ہی کلبۂ فقیر کا بدر تمام جام

کیون شیخ اسکو مُنھ نہ لگاوین کس لیے
لاتا ہی لب سے یار کے ہر دم پیام جام

رہتا مثال جام دہن وا تمام عمر
دیتا نہ زخم دل کو اگر التیام جام

جمشید کو تھی مملکت جم یہی ستم
کرتا نہ جلد آن کے گر انتظام جام

سودا تھا وقت نزع کے کلمے کا منتظر
جنبش لبون کی دیکھی تو کرتا تھا جام جام

وہی ہین دن وہی راتین وہی ہی فجر و شام
وہی ہی روشنی مہر و مہ جو کچھ تھی مدام

نجانو دور محبت کا کیا ہوا یارب
کہ دوستون سے جدا کر کے گردش ایام

ہمین لے آئی ہی شہر غریب جسد بسے
کبھو اُنھون کی طرف سے نہ نامہ و پیغام

علی الخصوص تغافل کو میر صاحب سے
کہو نہین کس سے کہ با وصف اتحاد تمام

گر نہین باور تو دیکھ آئینے مین ہنا جمال
عکس گلبن رنگ ہی گل کا پر گل کی بو نہین

بولنا بھانا نہین اسکا جو بی سود ہو
خوش صدا ہوتی ہی وہ چیزی کہ جسمین مو نہین

جب امید وصل ہوتی ہی تو یون بولی ہی یار
مختلط انسان سے ہو جنسیت ہی کی خو نہین

تیغ کہ سکتے نہ اسکو ذی کمان ذی ہلال
شی ہی اک ناخن ہلال اس چشم پر ابرو نہین

شانہ کھولے گا صبا میرے دل صد چاک کا
زلف کی اسکی گرہ کچھ غنچہ و شبو نہین

اسکے ترک عشق میرا ہنسکے یون بولا وہ شوخ
نیل بگڑا ہی کہین بار و یقین مجکو نہین

روئے برسون پر نہ پہونچی منزل مقصد کو چشم
حاصل کشتی ہی دریا ہی کچھ آب جو نہین

خط سبز اسکا سیہ کچھ رد ہوا میرا سفید
خواہش ترک نیاز و ناز دونون کو نہین

مین کہا سودا سے وہ بھی جانتا ہی تجکو یار
یون لگا کہنے محبت ہم مین کچھ یکسو نہین

مجھے عاشق نہ سمجھ اپنا جفا کا کب مین حامل ہون
لگا لو ہو شہید دشمن کے کا ہیکو دخیل ہون

جہان لو چھو مجھے جرم وفا پر اپنے قاتل ہون
مین سر سے تا قدم یار و نثار تیغ قاتل ہون

نہ سمجھا داد اسکے تو ہر کو چہ مین ہین لیکن
گرہ کا مین پیشانی کے دقت نا بسمل ہون

نہ دانہ آبلہ چھٹ کے شیشہ مین میرے ہاتھ آوے
جو ہر دم برق کا مورد ہی اس خرمن کا حاصل ہون

خم وحدت مین کیا کیا بادہ جوشی یار رکھا
فلک کے شیشے مین آ کر اسی فرنسے غافل ہون

دل و جان بدہ صبح و شام تیری راہ تکتے ہین
رہے ہین منتظر پیارے کئی ہمارا آپس مین

ہمارے درد کی تدبیر ایسی ہو نہین سکتی
تاسف ہی مرا کرتے ہین یہ غمخوار آپس مین

چکے انصاف حسن و عشق کا تب جھگڑے ہمارے
اکیلے بیٹھکر ہم تم کرین گفتار آپسمین

تری تسبیح کا دشمن نہین ہی دیر مین پہنے
رہے ہی شیخ ہمکو الفت زنار آپسمین

دو ہین مارے ہی سنگ تفرقہ سودا کو یہ ظالم
اگر بیٹھے ہوے دیکھے فلک دو چار آپسمین

قیس کی آوارگی ہی دلمین سمجھو تو کہون
ورنہ لیلی ہی ہر اک محمل مین سمجھو تو کہون

چشم کم سے خلق کو آپس مین مت دیکھا کرو
زور ہی جھمکا ہی مشت گل مین سمجھو تو کہون

میکدہ اور کعبہ مین کیا ہی تفاوت شیخ جی
شیشہ ہی پتھر کی ہر اک سل مین سمجھو تو کہون

ناصحو کیفیت اُن آنکھونکی کیا پوچھو ہو تم
مجھسا عاشق ہو گیا اک پل مین سمجھو تو کہون

جانتے ہو عیش تم دنیا مین جسکو ہو نہین
عیش ہی دنیا کی جو محفل مین سمجھو تو کہون

کرتے ہو ہر دم جو وصف چشمۂ آب حیات
آب ہی جو خنجر قاتل مین سمجھو تو کہون

تم جو پوچھو ہو بھڑک دل ہی کا سودا سی سواد
جو تڑپ کا ہی مزا بسمل مین سمجھو تو کہون

خوبرو نہین لدہی کی روش کم بہت ہی یان
خواہان جان جو چاہو تو عالم بہت ہی یان

چو بزم بیچ تجھے دیکھکر کی ہٹ جاوین
یہ شمع رو جو ہین مانند شمع کٹ جاوین

تو اُس چمن مین ہی گل پیرہن ہین ہم شبنم
دگر نہ رو رو گلے سے تری لپٹ جاوین

ہزار طرح جو ملیے بتان سے ہو کر شاد
پر اُنکے دل سے یہ ممکن نہین کہ پٹ جاوین

مرا دل اُس صف مژگان سے کب ٹلتا تھا
ولے مین کیا کرون طالع ہی جب اُلٹ جاوین

ہوے غبار نہ سودا جو چھوٹے دامن یار
پر ابکی ہو کے حنا پاؤن سے لپٹ جاوین

کردے مہر بدکین افلاک ایک پل مین
پھر جاے اُنکی طینت جو چاک ایک پل مین

نادان نہو تو ہووے گر تجکو شادمانی
کردے فلک دل خوش غمناک ایک پل مین

اکسیر سے نہین کم مجھ منکسر کی صحبت
سونا کرے ہی مس کو یہ خاک ایک پل مین

ورنہ تو دے ہی آتش آفاق کو بجھا
کردے ہے سرد چشم نمناک ایک پل مین

دامن کشان چمن سے گذرا ہی کون بلبل
کرتا ہی گل گریبان صد چاک ایک پل مین

کوچے مین یار تیرے مجھ وہم کی برابر
پہونچے جو ہووے قاصد چالاک ایک پل مین

زاہد نے پی ہی سودا چھپ چھپ شراب اُسکی
مسواک گاڑ دین تو ہو تاک ایک پل مین

یار آزردہ ہو رات جو ہی خوشی مین
کیا ہوا ہم سے خدا جانے بیہوشی مین

پہونچے ناصح کا ہمارے نہ گریبان تک ہاتھ
عشق کا چھوڑ دے جو دیل دشمن دامن

کہا زاہد نے مجھے دختر رز گھر میں رکھ
پاک نہا رہیں رکھتی ہے یہ زن دامن

چھوڑ دنیا کو کہ اس مادر بے مہر کا اب
پھر یگا کب تئیں تھا نبے ہوئے گو دن دامن

عشق فولاد مرا حسن ترا مقناطیس
چھوڑ یگا اسکی کشش کا نہ یہ آہن دامن

داغ دل پر ہے مرے دم کی یہ صورت سودا
جیسے چھپکے ہو کوئی بر در گلخن دامن

بلبل تصویر ہوں جو نقش دیوار چمن
نے قفس کے کا دکا ہرگز در کار چمن

کیا گلا صیاد سے ہمکو یونہیں گذرے ہے عمر
اب اسیر دام ہیں تب تھے گرفتار چمن

نوک سے کانٹوں کے ٹپکے ہے لہو ہے یا عیاں
کس دل آزردہ کے دامن کش ہیں خار چمن

زخم پر ہر گل کے چھڑکے صبح محشر کا نمک
سیکھ لے گر ہمسے رونا شبنم زار چمن

محنت دل کرتے خزاں میں جا ہے برگ ہے عندلیب
ہم اگر ہوتے تری جا گر گرفتار چمن

فصل گل جاتی ہے سودا دیکھ لے نرگس کو تک
باغ میں مہمان کوئی دن ہے یہ بیمار چمن

سمجھ کے باندھا تھا آشیاں ہم ہیگا آفت باغبان
یہی کہ غنچہ ہے آنکھ کھولی خیال گل تھا خواب گلشن

نگاہ بھر بھر کے تو جو دیکھے ہے لا سکیگا یہ تاب گلشن
مجھے ہے ڈھڑکا کہ بجائے چمن سے ہو کر خراب گلشن

سوسم گل ہی مین صیاد سی جا کر یارو
ذکر مرغان گرفتار کرون یا نہ کرون

حال باطن کا نمایان ہی مرے ظاہر سے
مین زبان اپنی سے اظہار کرون یا نہ کرون

عہد تھا تجھسے تو بھر عمر وفا کرنے کا
ان سلوکون پہ جفا کار کرون یا نہ کرون

کوچۂ یار کو مین رشک چمن اے سودا
جا کے با دیدۂ خونبار کرون یا نہ کرون

چمن کا لطف سیر اور رونق محفل ہی شیشے مین
پہونچ ساقی کہ اپنی دوستون کا دل ہی شیشے مین

بمعنی آشنا یناہی مے ہی پر زخاموشی
برای ہرزہ گو گفتار الا طائل ہی شیشے مین

تڑپتی ہی یہ خون دل مین ظالم آرزو میری
کہون کیا تجھسے مین کیا وہ اک کسل ہی شیشے مین

پیے جس مے کو تو ای یار بزم غیر مین جا کر
تو پھر اس مے کا ہر قطرہ مرا قاتل ہی شیشے مین

طلب ان دو سی کب ہے ایک کی بھی بادہ جو ازکو
ہوا ابر و فصل گل کی مے سایل ہی شیشے مین

ہمارا مصطبہ کیا کم ہی زاہد تیری مسجد سے
کہ یان تو چار قل کے مے سد اخاطل ہی شیشے مین

اگر بیٹھے ہی تیرے دل مین آکر چور ای زاہد
تو یان بھی دختر رز سی یہ دخیل ہی شیشے مین

جہان بنیاد مین دیکھو شکست اس جا ہی بنیاد
نہین معلوم پھر کس سنگدل کا دل ہی شیشے مین

کہاتا ہی تو ای سودا غلام ساقی کوثر
جو دولت دین و دنیا کی تجھے حاصل ہی شیشے مین

وہ خط اُس دن کتابی پہ ہم پہونچا ہی
سیکڑون مشق ستم کے ہین مضامین جبین

ہی وہی گردن عشاق کہ جز تیغ جفا
ہی حمائل نہ کبھی دست نگارین جبین

صاف طینت سے نہ خوبون کی ہی خاطر مین غبار
زشت رو کا ہی دل آئینہ سے ہی کینہ جبین

ہجر اور وصل سے کچھ کام نہین ہی مجکو
بات وہ کیجیے کہ ٹک دل کو ہو تسکین جبین

عمر دہ روزہ بھی عشرہ ہی خرم کا سا
کہ دل اپنے کو سدا پاؤن ہون غمگین جبین

کار فرما جو ہمین پوچھے تو کیا دینگے جواب
وہ کیا کام نہ دینا ہوئی نی دین جبین

لطف کیا رکھے ہی اس باغ کی سیر اے سودا
شاخ پر دیکھنے دے گل کو نہ گلچین جبین

تجھ بن بچمن ہر خس و ہر خار پریشان
حیران ہی نرگس گل گلزار پریشان

سنبل سے صبا کسکے لے آئے بہ قفس تو
ہی زمزمہ مرغ گرفتار پریشان

کیا چیز دل اُسکا ہی جو ناکی کی ہو خصمت
کر دیجیے جمعیت کہسار پریشان

گہ کفر کا مائل ہی یہ دل گہ سوے اسلام
ہی در طلب سبحہ و زنار پریشان

اس جنس کا انسان ہی تو پیارے کہ تجھے دیکھ
یوسف کی ہو جمعیت بازار پریشان

مین حال دل اسواسطے کرتا نہین اظہار
تا غم نہ کرے خاطر غمخوار پریشان

اختر نہ سمجھیو یہ مری آہ شرربار
ہوتی ہی فلک پر تپیٹا پر پریشان

ایک اُس شوخ کے دل میں نہیں آتا ہے رحم
وہ نہ ہمسون پہ بھی لطف و کرم رکھتے ہین

کوئی پوچھے تو بتو لیے ہوا کیا مجھسے گناہ
اتنا کیون مجھ پہ روا جور و ستم رکھتے ہین

تجھسے واقف جو نہون اُنکو ہو باور وعدہ
تیری قسمون کی عوض ہم تو قسم رکھتے ہین

جتنے ہین یہ فلک عاشق شیدا مفتون
چھاتی پر اپنی یہ سب داغ بہم رکھتے ہین

جنکا مولا ہے علی باغ جہان مین سودا
وہ نہین دل مین کسیطرح کا غم رکھتے ہین

دے صورتین الٰہی کس ملک بستیان ہین
اب دیکھنے کو جنکے آنکھین ترستیان ہین

آیا تھا کیون عدم سے کیا کر چلا جہان مین
یہ مرگ و زیست تجھ بن آپسمین ستیان ہین

کیونکر نہو شکستہ شیشہ سا دل ہمارا
اُس شوخ کی نگاہین پتھر مین دھستیان ہین

برسات کا تو موسم کب کا نکل گیا پر
مژگان کی یہ گھٹائین اب تک برستیان ہین

لیتے ہین چھین کر دل عاشق کا پل مین دیکھو
خوبان کی عاشقون پر کیا چیرستیان ہین

اسواسطے کہین یہ وحشی نکل نہ جاوین
آنکھونکو میرے مژگان در دستے کستیان ہین

قیمت مین اُنکے گو ہم دو جگ کو دیکھ آب
اس یار کی نگاہین تسپر بھی سستیان ہین

جب مین کہا یہ اُس سے سودا سے اُنکے ملکے
اس سال تو ہے ساقی اور مے پرستیان ہین

اُن نے کہا یہ مجھسے اب چھوڑ دست زر کو
پیری مین اے دیوانے یہ کون مستیان ہین

اک ذرہ حلال اسکو بھی ہین کرکے نکھایا
تو کر جو خرابات مین مے و جام کا ہونین

نے فکر ہو دنیا کی نہ دین کا استلاشی
اس ہستی موہوم مین کس کام کا ہونین

یکرنگ ہین آتی نہین خوش مجکو دورنگی
منکر سخن و شعر مین ایہام کا ہونین

مطلوب دعا حق مین نہین اپنے کسوکی
طالب لب محبوب سے دشنام کا ہونین

بندہ ہی خدا کا تو یقین کر کہ بتان کا
بندہ یہان بے زر و سیدام کا ہونین

ہر شیشہ مے عینک پر ہی مجھے سودا
نظارہ کن اب شیب کے ایام کا ہونین

زندگی محبوب کیا کیا اسمین ہین محبوبیان
بیوفائی نے پر اسکی بیٹھ ہین محبوبیان

نامہ پیچیدہ کو جون شمع وہ دیتا ہی آگ
کسطرح اسکی پھلین باتین مری مکتوبیان

رکھتی ہی چشم محبت کیا ہی یارو فیض حسن
جس سے نظر ہین از یوسف ہین اسلوبیان

آہ و نالہ سے مرے ساتون فلک سے ابتر ہین
رہتے ہین نیم بگوش اب رشک کوکبیان

عشق یا پیغمبر وقت اسکو یارو کیا کہون
دل تو آتو بی ہوا آنکھین مین ہین محبوبیان

حسن بالا دست تیرا کیا مغا شورا ہی
تیرے کوچے مین سدا رستی ہین سینہ کوبیان

تھین مری آنکھین الٰہی یا کہ طوفان تنغ
ساتھ اپنے یہ جو اک عالم کو لیکر ڈوبیان

زیب و زینت کا مین دنیا کی نہین باتا کنا
زائل عزت ہین اپنی طبع کی مرغوبیان

اگر ہی گوش فہم اپنا ورنہ یون کہتا ہی چند
تھی نہ آبادی جہان ایسا تو ویرانہ نہین

باغبان مت دور کر گلشن سے تو مجکو کہ ہی
آشنائے رنگ گل یہ سبزہ بیگانہ نہین

صبح دیکھا تھا جو کچھ وہ کم نہین ہی جو اسے
ذکر اسکا شام ہو تو بیش از افسانہ نہین

بے تجلی طور کے کس سے دل گرمی کرے
جل بجھے ہر شمع پر اپنا وہ پروانہ نہین

زاہد کنگھی کی مت کر فکر آئینہ تو دیکھ
چین چھٹ جامی کی اور اس ریش کا شانہ نہین

ہائے کس ساقی نے ٹپکا اسطرح مینا کے دل
ہو جہان ریزہ نہ اسکا کوئی میخانہ نہین

سنکے ناصح کا سخن مجنون نے سودا سے کہا
ایسے احمق سے مخاطب مین یوانہ نہین

آپکو تو گو سمجھتا ہی کہ وہ دانا نہین
حق بجانب ہی ترے تئین اسکو پہچانا نہین

گر کہو نہین جال پہ اسکے غافل ہو دو چند
درد دل میرا تو اسکو بیش از افسانا نہین

عشق کے کوچے مین اپنا مت قدم رکھو بلو
گر تجھے منظور دان سر سے گذر جانا نہین

زلف مین شانہ کو دی جا گو اسکا کیا گناہ
یہ دل صد چاک بھی تو کچھ کم از شانا نہین

پھل نکوئی کا تو لیتا جا اگر لیجا سکے
پھر پھر اس گلشن مین ای نادان تجھے آنا نہین

سنگ سے بیت الحرم کی شیخ اٹھائی ہی بنا
آئنہ دل کا مجھے اس گھر مین بٹھلانا نہین

ناصحا بالین سے میرے اٹھ خدا کیواسطے
جان کہانی اسکو کہتے ہین سمجھ جانا نہین

احیا ہوے موتا تری شیرین سخنی سے
سودا دم عیسیٰ ہی تری نائے قلم میں

جب لبوں پر یار کے مسی کی دھڑیاں دیکھیاں
جوں زحل کی ساعتیں اس دل پہ گھڑیاں دیکھیاں

عشق دولہا کی ہی سر سہرا کہ تار اشک سے
موتیوں کی عاشقوں کے منھ پہ لڑیاں دیکھیاں

داغ چیچک کے سے تبلاتے تھے اکثر ہی تیز
چھیاں سی ہمنے اس مکھڑے پہ پڑیاں دیکھیاں

دیکھ لو اس شوخ کی زلفوں کو سر تا پا
حسن کے پاؤں پہ زنجیریں جو پڑیاں دیکھیاں

عہد میں تجھ حسن کے ماریں ہیں انکو چوب گل
پھولوں کی جن پر کبھو چھوٹی نہ چھڑیاں دیکھیاں

کیونکے دل اپنا مکدر زندگی سے اب نہو
صورتیں کیا کیا زمیں پہ ہمنے گڑیاں دیکھیاں

جب سے وعدہ تو نے سودا سے کیا ہی وصل کا
آٹھ پہر اسکے تئیں گنتے ہی گھڑیاں دیکھیاں

خاک کی خوبیں صورتیں کیا کیا نہ لیاں دیکھیاں
ای فلک باتیں تری کوئی نہ بھلیاں دیکھیاں

وہ ریا دست تاسف کے تئیں ملتا ہوا
جس نے وہ انکھیاں خمار آلودہ لیاں دیکھیاں

ہاے جسدن سے گیا ہو کر خفا وہ تند خو
غنچۂ دل کی کھلی پھر میں نہ کلیاں دیکھیاں

کسکے گھر میں چھپ گیا ای شوخ تو کیا جانیے
ہمنے سارے شہر کی دن رات گلیاں دیکھیاں

آدابی میں ٹھمر ڈھونڈھی ہی اسکو دا تو کیا
بید مجنوں کی نہ شاخیں ہمنے پھلیاں دیکھیاں

باندھا ہم اس چمن میں اگر آشیان تو کیا
ہو گل میں کی بے رنگ وفا کی تو بو نہیں

سر گوشی پر مری ہے تو آشفتہ کیوں ہوا
میں نے دل کہا ہے یہ کچھ اور تو نہیں

جو چاہیں یار حال کو دیں میرے اشتہار
پر کچھ ایسی باتوں کی اس شوخ کو نہیں

سودا نہ کرتے کاش ترا وصف پیش یار
اب ہمکو اس سے آنکھ ملانے کا رو نہیں

کسی ہے توبہ پہ زاہد کہ تجھکو دین تو نہیں
بھرا دے خم ہے مرے منھ سے چل نہیں تو نہیں

دلا میں پیتے ہی پیتے پیونگا عشق کی مے
یہ جام زہر ہے پیارے کچھ انگبین تو نہیں

یہ خوے دوستی غیر و دشمنی میری
کسی سے کچھ اسے منظور بھی دکھین تو نہیں

جو کوئی دے مجھے دامن پسار کر دشنام
ترے بھی ہاتھ میں کچھ صرف آستین تو نہیں

دلا خموشی کی میری تو دیکھیو تاثیر
موثر اسکے ترا نالۂ حزین تو نہیں

نگار خانۂ گردوں کی سیر کی سودا
ولیک وار ہے گھر اپنے دلنشین تو نہیں

جو کچھ ہو تو مجھے بھاگنا ترے در سے کارا نہیں
کہاں چھپے ہے یہ دسیہ کوئی ہے جگہ جہاں تو نہیں

دو جہاں کے آئینہ خانہ میں ترے عکس رو کی صورتیں
پھرے چنبیٹ تک ترا منھ انھیں کسیو جو چھپیں نہیں

چمن زمانہ کا میں بیان کروں کیا ہے مسلح انس و جان
کوئی گل بتا تو مجھے یہاں کہ خونکی جسمیں کہ نہیں

سودا

کوئی تعمیر کی میرے نہیں ڈر پی ہیہات
شکل دیوار خرابی کی میں ڈھا جاتا ہوں

فکر موزون نہیں کرنے کو گرفتار مرے
ہوں میں مضمون تری باتوں میں بندھا جاتا ہوں

سوچوں ہوں اپنے تئیں جوں سخن نغمہ زیاد
گاہ بیگاہ اگر آپ میں آ جاتا ہوں

گرم جوشی نہ کرو مجھ سے کہ مانند چنار
اپنی ہی آگ میں میں آپ جلا جاتا ہوں

ہو نہیں وہ وحشی رم خوردہ کہ تا دشت عدم
پات کھڑکے ہی تو مانند صدا جاتا ہوں

صفحۂ ہستی پہ یک حرف غلط ہے سودا
جب مجھے دیکھنے بیٹھو تو اٹھا جاتا ہوں

نے بلبل چمن نہ گل نو دمیدہ ہوں
میں موسم بہار میں شاخ بریدہ ہوں

گریاں بشکل شیشہ و خنداں بطرز جام
اس میکدہ کے بیچ عبث آفریدہ ہوں

تو آپ سے زبان زد عالم ہے ورنہ میں
یک حرف آرزو سے بلب تا رسیدہ ہوں

کوئی جو پوچھتا ہے کہ کس پر ہو داد خواہ
جوں گل ہزار جا سے گریبان دریدہ ہوں

تیغ نگاہ چشم کا تیرے نہیں حریف
ظالم میں قطرۂ مژہ خوں چکیدہ ہوں

کس سے کروں میں دعوی اول جا کے آخر
دل دادۂ زلف رخ دلبر ندیدہ ہوں

کرتا ہے جا کے گل کی تسلی چمن میں تو
خون جگر سے میں بھی تو دامن کشیدہ ہوں

غافل ہے کیوں ترا مری فرصت سے گوش دل
ای بیخبر میں نالۂ حلق بریدہ ہوں

حسرت سے آئینہ کا دل کیونکہ ہو نہ پانی
شانہ حضور اسکے زلفونکی لے بلائین

واشد ہو خرمی سے یہ کیا حساب تجھ بن
ہے زندگی سے اپنے دل کو حجاب تجھ بن

اس برگ خشک کی آسا جو نخل سے جدا ہو
پھرتا ہون نالہ کرتا ہے سو خراب تجھ بن

جلدی پہونچ کہ مجکو ڈرتا ہون لے بجاوے
ہون جس جگہ مین وان سے نکھونکا آب تجھ بن

بے اختیار منھ سے نکلے ہے نام تیرا
کرتا ہون جس کسیکو پیارے خطاب تجھ بن

مل جا جو چاہتا ہے سودا کی زندگانی
کچھ بیطرح سے اسکو ہے اضطراب تجھ بن

ملائم ہو گئین دیپر برہ کی ساعتین کڑان
پھر گئی ٹلکر ان بن جنھون بن کاٹتے گھڑیان

گتھی نکلی ہین بخت اسیہ تار اشک کی لڑیان
یہ انکھیان کیون مرے جی کی گلی کی ہو رہین پال

ہنوز آئینہ گرد اس غم سے اپنے منھ کو ملتا ہے
خدا جانے کہ کیا کیا صورتین اس خالین گڑیان

گرہ لاکھون ہے غنچہ کی صبا اکدم مین کھولے ہے
نہ سلجھین تجھسے اے آہ سحر اس دل کی گلجھڑیان

دیوانہ ان لٹونکا ہون فہم ہے روح مجنونکی
نہ مارو چوب گل مجکو بغیر از بید کی چھڑیان

چھری تلوار ہدیگر گل و بلبل ہے گلشن مین
تمھاری سچ کہو دونون مین کس سے انکھڑیان لڑیان

کھلائے گو کہ شانہ سے تم اپنی زلف کے عقدے
نہ سمجھے کیسی دل مین ہزارون ہین گڑیان

کیون ہی نہین ہی کاوش انکھون سے دلکو چین
مژگان نکر سکین تو نگاہین پھیولیان

کیا چاہیے تجھے سر انگشت پر حنا
جس بیگنہ کے خون مین چاہین نہ بولیان

جون برف ہوگئے ہین خنک آب تیغ ہند
انسے تو بلکہ گرم ہین کابل کی بولیان

سودا کے دل سے صاف نہ ہوتی تھی زلف یار
شانے نے بیچ پڑکے گرہ اسکی کھولیان

نہ اشک آنکھون سے بہتے ہین نہ دل سے اٹھتی ہین آہین
سبب کیا کاروان رو کی سدا وہین راہین

مرے گلشن مین کب نالہ ترا سرسبز ہو قمری
بجای سرو یان خاک چمن سے اگتی ہین آہین

روئے ہین ہم زمین پر چاہیے دہقان
بجاے دانہ دل بو دین گر اگی زمین کا ہین

بتان کی دوستی پر مطمئن ہوئے سودا کافر ہو
یہ ظالم مار ڈالین بات کے کہتے جسے چاہین

نہ پہونچا منزل مقصود کو مجنون بھی ای سودا
سمجھکر جائیو لٹتی ہین ملک عشق کی راہین

تو نے سودا کے تئین قتل کیا کہتے ہین
یہ اگر سچ ہی تو ظالم اسے کیا کہتے ہین

جس سے پوچھا کہ دل خوش کو ہین نیا ہین
رو دیا اُن نے اور اتنا کہا کیا کہتے ہین

محتسب نے کسی میخانہ مین جا ای زاہد
ایک شیشے کو بھی ثابت نہ رکھا کہتے ہین

تو تو اس معنی سے کیا شاد ہوا ہوگا
پوچھیے اہل جنون سے کہ وہ کیا کہتے ہین

بس خشت کو اٹھا کر دیکھیں وہ چشم دل سے
صورت کو اپنے آپ میں موجود جانتے ہیں

کیا شکر و کیا شکایت اپنی ہی شکل سی تھی
دونوں سے آپ ہی کو مقصود جانتے ہیں

گاڑا قدم جنھوں نے کوئے قناعت اندر
کب مجلسوں میں جا کر وہ کو و جانتے ہیں

آوے ہیں کاسہ گر کھرنا جو ہو سفالی
شیخ آپ کو اسی پر موجود جانتے ہیں

عجز و غرور دونوں اپنی ہی ذات میں ہیں
ہم عبد سے جدا کب معبود جانتے ہیں

ہم سر نوائیں کسکے آگے کہ بیدا سا
اپنے قدم کو اپنا مسجود جانتے ہیں

سودا سے یہ کہا ہیں تجھ درد کے حق میں
کرنے دعا دوا سے ہم سود جانتے ہیں

یہ بات سنکے مجھسے بولا وہ آہ بھر کر
تدبیر ہم بھی یہ ہی محمود جانتے ہیں

لیکن نہ وہ دعا ہی جسکو اثر کی درکار
گو بندگان آہیں مردود جانتے ہیں

باتیں کتنی ہیں نہیں منھ لگنے سی منظور ہیں
سو میسر ہوا تا بلب گور ہیں

قدرت اور ونکو ہی سرگرم سخن ہونے کی
نہیں بھرنے کا دم سر کی مقدور ہیں

کام ہی چشم کا نظارہ پہ ہے شب و روز
آنکھ خالق نے رقیبوں کو دی ناصور ہیں

ساقیا بزم نہیں آج خلل سے خالی
جام کچھ اور دے دیتا ہی تو معمور ہیں

نیش زن کام میں اپنے ہیں یہ اپنی شکلیں
لگے آئینہ محل خانۂ زنبور ہیں

آئے تھے سبھی ہمنفس اک بار تہ دام
آزاد ہوئے اور گرفتار رہا مین

پیارے نگہ لطف نہ بھر عمر کی تو نے
آنکھون کو تری دیکھ کے بیمار رہا مین

تجھ حسن کی اسواسطے ہے گرمی بازار
ای شوخ ترا بسکہ خریدار رہا مین

اکدم نہ تھمنا خون مری آنکھون سے کھو یا
از بس ترے ہاتھون سے دل افگار رہا مین

صد شکر کہ رحمت کا سزاوار ہون سودا
گر شیخ کے نزدیک گنہگار رہا مین

ناوک نے ترے صید کچھوڑا رہا نی مین
تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے مین

کیونکر نہ چاک چاک گریبان دل کرون
دیکھون ہون تیری زلف کو نیست شانہ مین

زینت دلیل مفلسی ہے ٹک کمان کو دیکھ
نقش و نگار چھپ نہین کچھ اسکے خانے مین

ای مرغ دل سمجھ کے تو چشم طمع کو کھول
تو نے سنا ہے دام جسے ہے وہ دانے مین

چلے مین کھینچ کھینچ کیا قد کو جون کمان
تیر مراد پر نہ بٹھایا نشانے مین

پایا ہر ایک بات مین اپنے مین لون تجھے
معنی کو جسطرح سخن عاشقانے مین

دست گرہ کشا کو نہ ترین کرے فلک
سخدی بندھی دیکھی ہین انگشت شانے مین

ہمسا تجھے تو ایک ہین تجھسے ہین کئی
جا دیکھ لے تو آپ کو آئینہ خانے مین

سو وا خدا کیواسطے کر قصہ مختصر
اپنی تو نیند اڑ گئی تیرے فسانے مین

فلک مجھے ملاتا ہے گلون مین
بھلا نہ تجھے دل خس جو نشانہ ہون مین
تو گرد ہون تو رہون خاک ہون مین
عاشق کی بھی کٹتی ہین کیا خوب راتین
اور دون سے چھڑ دلبر دلدار ہوا ہم

کہاں طاقت ہے اٹھنے یا نہ جانے کے تو کیا معنے
نظر آتا ہے مجھکو یار قلم فرسنگ آنکھوں میں

ندے فرسنگ کسی کے خونی یکقطرہ یکے بہنے کے
وگرنہ ہم تو رکھتے ہیں چین اور فرنگ آنکھوں میں

نہیں ہرگز تری چشم سیہ محتاج سرمہ کی
لگے ای شوخ تیرے شمنوں کے سنگ آنکھوں میں

نشے سے جھک گیا سودا تو دیکھ اس خط کے سبزے کو
رکھے ہے زور کیفیت یہ کا فرنگ آنکھوں میں

گرد دا کرنی ہے کیا ای یارون دو چار میں
ورنہ مر جائے گا یہ بیمارون دو چار میں

جسم کا معلوم رہنا گر یہی ہے سیل اشک
بیٹھ ہی جاویگی یہ دیوارون دو چار میں

اب تو گل کھاتے پھرے ہیں لوگ تیرے نام پر
دیکھیو پھولی ہے یہ گلزارون دو چار میں

جو چلن چلتے ہو تم ہمکو بھی اسکی ہے خبر
اس چلن پر چلتی ہے تلوارون دو چار میں

چھوڑ دیجے یہ طریق اب نہ اس کو چھیڑیے
لوٹتے دیکھے گا اپنے یارون دو چار میں

پیچ پر گر پیچ دیتے ہی چلے جاؤ گے شیخ
ہو کے گنبد سے بری دستارون دو چار میں

جب میں کہتا ہوں کہ وعدہ وصل کا پورا کرو
ہے یہی اس شوخ کی گفتارون دو چار میں

لیکن اسکے قول کو سودا تو یوں جانون ہون میں
یہ سخن کہتا جو ہے ہر بارون دو چار میں

جو مرض مہلک ہوا در بوے تشفی کو طبیب
دور ہو جاویگا یہ آزارون دو چار میں

دلا اب سر کو اپنے پھر مت سنگ ملامت سے
یہی ہوتا ہے نادان عشق کا انجام دنیا مین

اگر سودا تو شکوہ ہم سے دل کی بیقراری کا
محبت کسکو دیتی ہے میان آرام دنیا مین

ای خوشا حال ہوا جو کوئی رسوائے بتان
خوار بازار ملامت ہے بسودای بتان

کفر سے اب تو مرا دل ہے نہایت بیزار
در میان کیا کرون ای شیخ کہ ہے پای بتان

الفت دہر کی ذرہ جو کہین نہین ہو بو
کاش دنیا مین کسی سنگ کو دل جای بتان

بیگنا ہون پہ ناحق جو ستم کرتے ہو
اب کسیطرح بھی تم مین سے یہ خو جای بتان

دل سی تم جنس کو بیقدر کیے رکھتے ہو
کیا مین تمسے کہون قسمین بتان ہای بتان

مول لیتے ہو جو اس دل کو تو یون ہی لیجیے
تم دیے دام مجھے اور مین بھر پای بتان

اب خدا ہی تمھین سمجھاوے مرے دل کا درد
تم سمجھتے ہو کوئی سودا کے سمجھاے بتان

جی تک تو دیکھے لون جو ہو کارگر کہین
ای آہ کیا کرون نہین بکتا اثر کہین

ہوتا نہین ہے صبح نہ آتی ہے مجکو نیند
جسکو پکارتا ہون سو کہتا ہے گھر کہین

ساقی ہوا کے تبسم گل فرصت بہار
ظالم بھرے ہے جام تو جلدی سے بھر کہین

بھرنے لگے جو تو کف دریا بہا بہا
دامن اگر نچوڑیے ای ابر تر کہین

قاصد مرے کے جائیگا تو نے خبر نہین
نامہ لکھا تھا یار کو مین بھیجے کے سے
عالم مین رسم نامہ و پیغام ہے کہین
کیکن سوائے بندگی و بخت و انکسار
نکتہ ہوا نہین حرف تمنا سے کہین
دان لائے مجھکو مارے کرون کیا جگر
پانی کے قطرے کا بھی نہو دے اثر کہین
ورنہ خدا کیواسطے انصاف تو کرو
اتنا ہے ایلچی یہ زوال اس قدر کہین

گردون پھرے حباب کی صورت سبا سبا
آجاوین موج پر جو مری چشم نم کہین

لیکر چلے ہین مہر بتان ہم سوے حرم
ہو جاے شیخ کعبہ نہ بیت الصنم کہین

آہو نہین کو رام کیا ایک عمر مین
ہر آن ہی یہ خوف نکر جاے رم کہین

درکار کچھ نہین مجھے چلنے مین خضر راہ
کوئی سنا نہ بھولتا راہ عدم کہین

اسودا رہیگی آہ اگر آتی متصل
اندیشہ ہی مجھے نہ نکل جاوے دم کہین

مت پھر تو ساتھ غیر کے آیان ہر کہین
ضائع نہ حسن اپنے کی کر شان ہر کہین

جز سنگ کیا ہی دیر و حرم مین جو سر جھکے
سجدہ کیا ہی تجکو مین پہچان ہر کہین

میرے ہی دل پہ بار چلے ہی یہ ہٹ ترا
وعدہ تجھے ہر ایک سے پیمان ہر کہین

میرے ہی ساتھ آپ کے بنتا ہے باولا
ہوتا نہین ہی شوخ تو نادان ہر کہین

جو جو ستم ہین ہم پہ کیے اسکے برخلاف
کرتے ہین ہم بیان ترے احسان ہر کہین

معمورہ کچھ قلمرو امکان مین رہ سکا
یون مین اٹھا جو اشک کا طوفان ہر کہین

کعبہ سے کچھ ہی کام نہ کچھ دیر سے غرض
سودا کرے ہی دیدہ یہ اک آن ہر کہین

یاد میان لب مین تیری وے باتین نیز آتی
کس موشکی چاہ کری آنکھین بھی شیرانی ہین

ہر ایک نیک و بد سے مل بیٹھنا بتان کا
غیرت جنہیں نہ حق نے معبود جانتے ہین

سمجھو شیخ جسکو خلوت مین اپنے پیارے
ہم دل جلونکا اُسکو مکتوب جانتے ہین

کہتے ہین جسکو سودا آفاق رند مشرب
تقوے کو شیخ جی کے وہ خوب جانتے ہین

چاہ کی غرق تجھے ہی یہ کمان تو نہین
ڈوبے گر واب محبت کے کہان تو نہین

اب تو اس بحر سے جیتے جی اُبھرنا معلوم
تہ کے بیٹھے ہوئے بھی کوئی میان تو نہین

لخت لخت ہی مری سینہ مین تجھ بن
برگ گل جون پہ گر آب روان تو نہین

وصل کی رات بھی محروم ہین اک بوسہ کے
آپ حیوان ہین پڑے تشنہ دہان تو نہین

یاد کر مستی مین تجھکو مین جہان دیا تھا
آ جتک یاد رہا مجھ پڑے دان تو نہین

منھ مین تیری سی جو رکھتی ہین سو ہاتھ زبان
بحر مواج سخن مین وہ جوان ترتے ہین

صاحب فہم اُسے کہتے ہین جوہر سودا
دست و پا مار کے یہ گنگ جہان ترتی ہین

اس سرو قد کی دوستی مین کچھ ثمر نہین
نخل محبت آہ مرا بار ور نہین

اُس سنگدل کو حال پہ میرے نہ آیا رحم
ای آہ و نالہ حیف کہ تم مین اثر نہین

یاقوت لعل یار سے بہتر نہین ولے
ہر جوہری کو اسکی پرکھ کی نظر نہین

سودا بھی بدون گا مین کار قرار دل
شہری غزل یہ جو کسی سے ملا کرین

مجھے معلوم ہوتا ہے مری بھی بھیگی آنکھین
کسی کی دیکھکر شاید جہان مین سہمی آنکھین

خدا جانے کدھر کو دیکھ تجھکو وہ نکل جائین
بزور اپنے میانی ورنے ہے اب کسی آنکھین

ہجوم از بس تماشا کا ترے قدر ہے پیارے
لبان و سنہ نرگس سرتا پا رسی آنکھین

مری آنکھین جو ان پارے پڑین لو کیا تعجب ہے
تری زلفون نے کیا کیا ایک خلقت کی لی آنکھین

نقاب رخ پہ رکھ چہرے سے کس سے منہ چھپاتا ہے
قدم ترے کو ملتے ملتے عالم کی کھسی آنکھین

ترا وہ حسن دلکش ہے نکالے جسکو تو گھر سے
پلٹ کر پھر طرف گدی ہی کا اسکی ڈوبی آنکھین

مرے رونیکا آگے یار کے ہر دم یہ باعث ہے
دکھاتی ہین اسے سودا یہ اپنی بھیگی آنکھین

طلب مین سلطنت جم کی ہر صبح و شام کرتا ہون
دیخانہ پر جا کر سوال جام کرتا ہون

پرستار خدا کہ کیا برا مین کام کرتا ہون
جہان مین بت کو دیکھون مین نہین پنا رام کرتا ہون

روا کب باز پرس محتسب ہے مجھپہ اے زاہد
کہ مستی از نگاہ ساقی گلفام کرتا ہون

جو آزادی مین یاد آجاتی ہے لذت اسیری کی
تو کر پرواز گلشن سے تلاش دام کرتا ہون

جو دل تھا کر دیا پامال تو نے اب تو جا ہے
کسی سے جا کے اکدل اور قرض دام کرتا ہون

چمن مین پھر نہ بیٹھے شاخ گل پر بلبل
جو اس گلرو کے کوچے کا خس و خاشاک کھاوے

چلا اُٹھ سایہ سے دیوار جو تک شیخ مجذوب
تجھے نیرنگی قدرت پر تماشا کھلاؤن

پڑے دونون کی ناگردستی مین جلتوائی سی
گل و بلبل کو گرد روی آتشناک کھلاؤن

پرستش چھوڑ دے کعبہ کی سودا شیخ گر اُسکو
جو میرے دل مین بستا ہے بت بیباک کھلاؤن

ردیف واو

دماغ اصلاح دنیا کا نہین کہدو دلالی کو
کہ فکر شعر ہے اسوقت میرے طبع عالی کو

بغیر از بادہ سمجھون بزم کو مین حلقہ ماتم
تصور قالب خالی کرون مینا ہے خالی کو

ترا خط دیکھ کر بھولین ہین سب قرآن کا پڑھنا
کہ جون تہ کر رکھین تقویم ہا پارسالی کو

کہے ہے سرنگون اس باغ مین کثرت تعلق کی
ثمر کا بیشتر ہونا جھکا دیتا ہے ڈالی کو

نشست شیخ نے مجلس مین تو چھاتی پہ ڈالی
لے آؤ یان کوئی سودا سے اب جالا اُبالی کو

جو بے گنہ ہے گنہگار رہے تو وہ ہو
وہ شوخ قتل کو تیار رہے تو وہ ہو

بغیر یار ہو کیسا ہی کچھ تو مارین ہین
ہم ایسے ہونے پہ بیزار رہے تو وہ ہو

غیر کو گھر مین جگہ دی کرتے ہو سودا کو منع
ہوش دیکھا بس تمہارا واہ یہ ہو وہ نہو

حال دل پوچھے ہو کیا تجھسے مرا اے یار تو
سن لے جا عالم سے ہر کوچے مین ہر بازار تو

اب نکل سکتا نہین دل کن تجھے یان سے دلا
زلف کے حلقہ مین ہے جون نقطہ پرکار تو

ہو گیا آشفتہ سر ہر ایک اسکو دیکھکر
باندھکر نکلا نگر یہ پٹی دستار تو

کچھ تو یان نسبت ونکو ہو بھلو اے چشم
گو کہ ہین باغ جہان ہین خار ہم گلزار تو

گر ہین تک رخصت اے صیاد تین تیا نہین
جانے کی فرصت ہمین ہو تک سر پرواز تو

گر نہین ابکی میسر ساقی و ابر بہار
جام دے اے دل برس اے دیدہ خونبار تو

زندگی اپنی اگر ہے ناصحا تجھکو عزیز
مان سودا سے نہ کر ہر وقت یہ گفتار تو

لو اس چشم کا پھر سے ناصح بند کیونکر ہو
جو دل ٹوٹے کسی کے ہاتھ سے پھر بند کیونکر ہو

ملے ہے غنچہ گل خاک مین یک لب تبسم سے
کسو کا دل کہو اس باغ مین خرسند کیونکر ہو

فراہم مال و زر گھر مین کیا اپنے تو کیا عاجز
غنی جسکا نہین ہے دل وہ طالع مند کیونکر ہو

مقابل ہو کے میرے مہروش کے ناخن ماہ سے
جو جاتے ماہ نو وہ چند ہو وہ چند کیونکر ہو

حلاوت شہد سے بھی یاد آتی ہے جسکی باتون مین
برابر اس لب شیرین کے یارو قند کیونکر ہو

ایک عالم کو زمانے نے دیا کیا کیا کچھ
پر کبھو مین نے کہا اس سے کہ دوران مجکو

کسکی ملت مین گنون آپ کو بتلا ای شیخ
تو مجھے گبر کہے گبر مسلمان مجکو

مجھ مین دریا رون مین ہے بلا سیند و تنگ
اتکی جوشش نے کیا اسنے گریزان مجکو

ریختہ اور بھی دنیا مین رہے ای سودا
جیتے دیوے جو کبھو کاوش دوران مجکو

بس ہو تو رکھون آنکھون مین اس آفت جان کو
اور دیکھنے دون مین نہ زمین کو نہ زمان کو

جب عزم کرون گھر سے کوئی دوست کا یارو
دشمن ہو مرا وہ جو کہے یہ کہ کہان کو

موجب مری بخشش کا جو پوچھے ہو تو جان
موندونگا نہ پھر کھول کے جو غنچہ دہان کو

ابرو نے نگہ نے نگہ یار نے یارو
بے رتبہ کیا تیغ کو خنجر کو سنان کو

اسرار خرابات سے واقف ہو جو زاہد
کعبہ سے نہ کم سمجھے در پیر مغان کو

یہ رسم نہین تازہ کچھ ای شیخ جہان مین
بھاگے حرم دلمین جو ہی بتان کو

ناصح یہ مجھے راست کہے تھا کہ بجز داغ
کیا لیوے گا دل دے کے تو ان لاکھ جوان کو

دل کسکے دم تیغ کا پیاسا ہے کہ سودا
بسمل کی طرح تڑپے ہے دیکھا آپ وان کو

منڈا کر خط تم اپنے حق مین کیون کاٹے ہو ای
نہ ہوگی اب یہ عارض گل عیش سبزہ یہ کھو ای

کیا کروں پاکیزگی کا شمع کی اُسکی بیان
بھیجوں ہوں خونابہ لے کے دھوکے ہیں جنگام کو

مست پیشی کا طعنہ ہو کر کعبہ دل کا طواف
دور کر اے شیخ تن سے جامۂ احرام کو

شفق مست سمجھو یار و خدا جانے فلک
پوچھے ہے دامن سے کسکے تیغ خوں آشام کو

یہ کہیں دل دینے کی ہمنے تو کھائی ہے قسم
دل جو دیتا ہے کوئی تو جان کے آرام کو

کر کے توبہ ناصحا سودا مصلے کل ہوا
آج پھر لی ہے مصلا رکھ گرو و جام کو

بادشاہت دو جہان کی بھی جو ہو دے مجھ کو
تیرے کوچے کی گدائی سے نکوے مجھ کو

اٹھ پہر اسکو ہے نظارۂ خوبانی تلاش
کہیں یہ دیدۂ ڈرون نہ ڈبوے مجھ کو

کی میں جب عرض تمنا تو یہ ظالم بولا
پھر کہی مجھ سے تو یہ بات تو روے مجھ کو

خرمن برق زدہ کا ہوں وہ دانہ کہ مجھے
نہ کوئی مرغ چگے نے کوئی بوے مجھ کو

خشک رکھتی ہے کبھو چشم جو دامن تجھ تن
آستیں چاہتی ہے خون سے بھگوے مجھ کو

کچھ کہیں گو کہ مخالف مرے حق میں سودا
دون سمجھے وہ مجھے کہتے ہیں جو دے مجھ کو

ہوں گریبان دل یار میں الفت کا کل
داغ نہیں اس عجب صحت جو دھوے مجھ کو

آلودہ قطرات عرق دیکھ جبیں کو
اختر پہ جہاں تک ہیں فلک پر سے زمیں کو

نہ پوچھو قتل کرنے میں کسو کی پیر ہو اسکو
چلے تلوار تو آب دان کی سیر ہو اسکو

یہ عاشق پیشہ عہد اسکے میں سمجھیں قید ناصح کی
نصیحت کرنے سے منظور سبکی خیر ہو اسکو

شکار انداز انسان کا ہو وہ کب جا صحرا میں
سوائے مرغ دل کب عشق جوش دیا ہو اسکو

سبب آرام دل میرا کا ہو بے الفتی اسکی
نہ اپنے سے محبت ہو نہ مہر غیر ہو اسکو

گیا برگشتہ دین سودا کو کس کافر کی مژگان نے
کہ سرمہ چشم کا اب خاک راہ دیر ہو اسکو

تو نہ دے تو شب ہجر دے جینے ہم کو
خالق ای صبح سلامت کے تیرے غم کو

شادی خوش باش رکھی ہر نے آفاق کے بیچ
دائم افسس کیا دل میں ہمارے غم کو

آدمی ہو تو ہم آپ میں دے کچھ فضل
ورنہ بدنام نہ کر تو نسب آدم کو

ہم کسو کی نہ چڑھے نظر دنیں عشقا کسطرح
دیکھ ڈالا ہے بیک آن ہم اک عالم کو

عشق کی تیغ کا گھائل ہوں سناؤ نہ مجھے
زخم الماس طلب کے ہو تم مرہم کو

ہے کہ اب لب کے دکھا دیں اسے تجھکو ناصح
مت نصیحت ہو عبث کرکے نصیحت ہم کو

پونچھوں عارض سے عرق اسکے تو یوں کہتا ہے
خیر ہے چھونے میں اس نے دون نامحرم کو

حسن فیاض ہے گل کا کہ سحر پنجۂ مہر
جسکے دامن سے چنے ہے گہر شبنم کو

بادہ پیتا تو دماغ لطف اٹھاتا سودا
فائدہ جام بنانے سے ہوا کیا جم کو

جا صاف ہے یہ نقش سے اپنے دل عالم
آئینہ کو تنہا کیجیے تو وہ چین جبین ہو

مت دیر و حرم کے تو سجدہ میں جھکے
پتھر ہی کا جب پوجنا آیا تو کہیں ہو

سودا کے خیالات میں جھلکے ہے خدائی
جو اپنے تخیل میں یہ چاہے سو وہیں ہو

خط اسکا سادہ لوحی پہ تا روئے پوچھو
غرور و کفر عجب کا ذکر کا دینداری پوچھو

نہ استفسار کیجیے ہمسے اس لب کی حلاوت
شکر کا ذائقہ خون جگر خوار نوش پوچھو

طلبگار نشان ہے ہوا اس خوش قد کے کوچہ سے
بہشت سایۂ طوبیٰ گنہگار نوش پوچھو

ہمیں گر نالۂ کنج قفس کیجیے تو آتا ہے
چمن کے زمزمے کرنا گرفتار نوش پوچھو

فراموش اندنوں ہم شہریوں کے کی سودا ہے
خبر اسکی جہان آباد کے یار دنیست پوچھو

مرے نامے کے قاصد غیر دل سے کون بہتر ہو
تجھے نامہ لکھوں اور نامہ بر میرا کبوتر ہو

لکھوں گر شرح سوز دل تو ہر ایک حرف نامہ
شرار کاغذ آتش رو کی طرح مضطر ہو

کیا ہے عہد و پیمان اشتیاق اپنے سے پہلے
کہ جس ساعت گلے لگنا مجھے تیرا میسر ہو

رو و تیغ ہم داغ سینہ سے اسوقت کیا خاطر
مبادا مانع نظارہ اشک آنکھوں کے گر ہو

خط اپنے مرغ جانکے پر باندھا ہے سودا نے
نہ کھینچا انتظار اتنا کہ تا پیدا کبوتر ہو

عالم کی گفتگو سے تو آتی ہے بو خون
بندہ ہے اک نگہ کا گنہگار کچھ کہو

بہار باغ ہو مینا ہو جام صہبا ہو
ہوا ہو ابر ہو ساقی ہو اور دنیا ہو

روا ہے کہ تو بھلا اے سپہر نا انصاف
رہائے زہد چھپے راز عشق رسوا ہو

بھرا ہے اسقدر اے ابر دل ہمارا بھی
کہ ایک لہر میں دے زمین دریا ہو

جو مہربان ہیں وہ سودا کو مغتنم جانیں
سپاہی زاد دنے ملتا ہے دیکھیے کیا ہو

بوؤں میں تخم دل کو وہاں نے قوم ہو
پالوں جو عندلیب قفس میں تو بوم ہو

اپنے چمن کو فائدہ کیا تجھ سے اے صبا
یہ چاہیے وہ کہ باغ میں عیسی اسم ہو

اس رو دل سے موت ہو یا دلکو تاب ہو
قسمت میں جو لکھا ہوا کبھی شتاب ہو

اس کشمکش کے دام سے کیا کام تھا ہمیں
اے الفت چمن ترا خانہ خراب ہو

اے نالہ مت سبک ہو نگار جگر سے تو
مدت سے گر چکا ہے جگر کی نظر سے تو

دامن مکان اشک سے ہو دو قدم کی راہ
آنکھیں پڑا نہ تخت دل اتنے سفر سے تو

ہو مرغ زصیاد گل اندام قفس ہو
جس طائر بے چین کو آرام قفس ہو

راضی ہے اسیری پہ تری چشم کا مائل
اس شرط سے گر صورت با دام قفس ہو

چھوڑونگا نہ دامان اسیری کبھو صیاد
ہر صبح رہائی ہو مجھے شام قفس ہو

نہین زخم سے اسکے واقف کوئی
ہی باطن یہ برچھی بظاہر نگاہ

جو ہین ترک چشم اُسکے ابلق سوار
اُٹھونگا ہی نیزہ سراسر نگاہ

دل و جان کا حصہ برابر ہی یان
جفا جو ہین مژگان ستمگر نگاہ

تسلی تھی ٹک وصل کو اب کیا کرون
کرے تھا تو آکر جو اکثر نگاہ

کن انکھیون سے دیکھو ہو جون غیر کو
نہ کی یون کبھو تمنے ایدھر نگاہ

کدر اُسکے دل مین ہی مجھسے کہ آب
کرے آئینے کو مکدر نگاہ

نہ آلودہ خون ہوے دامان برق
نہ ہر خون عشاق سے تر نگاہ

سپر داغ دل کے سوا کیا کرون
بھوین تیغ کھینچین ہین جدھر نگاہ

جو سودا نکلتا ہی تلوار سے
کرے ہی وہی کام اکثر نگاہ

لینے لگا ہی اب تو مرا نام گاہ گاہ
بھیجین گے ہم بھی نامہ و پیغام گاہ گاہ

سائل کو کچھ نہ دینے سے بنا ہی کچھ بھلا
دیتے نہین ہو بوسہ تو دشنام گاہ گاہ

خورشید کیطرح سے یونہین ہرزہ گرد وہ
نکلے ہی ماہتاب مرا شام گاہ گاہ

دیوار گھر کے یار کی مٹ جاوے مثل اشک
کرتا ہون اُسکے سایہ مین آرام گاہ گاہ

جاوے وہ کب کسی کے مگر گھر رقیب کے
لاتی ہی اُسکو گردش ایام گاہ گاہ

غرہ مت ہو کہ زمانے سے تری بن آئی
تھا وہ کیا کیا کہ نہ بگڑا نہ بنا کیا کچھ

شادی آنے کی نہ کر یار نہ جانیکا غم
آیا کیا کیا کہ نہ بگڑا نہ بنا کیا کچھ

سینہ قانون و غنا نالہ دل ہے مضراب
نکلے ہے ساز محبت سے صدا کیا کیا کچھ

دوستو حق ہین ترقی و تنزل اپنے
کیا کہین ہم کہ زمانہ سے ہوا کیا کچھ

ضعف و ناطاقتی و پستی و اعضا شکنی
ایک گھٹنے ہین جوانی کے بڑھا کیا کچھ

سیر کی قدرت خالق کی بتان ہین سودا
مشت بھر خاک ہین جلوہ ہے بھلا کیا کچھ

کہان وہ نور کا شمس و قمر ہین ہے شعلہ
جو حسن یار کا اپنی نظر ہین ہے شعلہ

نظر کرو وہ بنا گوش و گوشوار ہین
کہ مجمر حسن کی ہر ایک گھر ہین ہے شعلہ

غضب ہے ذرہ دل اسکے ہین ہو تو کم مت جان
کہ سنگ ہین ہے شرار راہ رہگذر ہین ہے شعلہ

شرر سے کم نہین آتا ہے گرم قطرہ اشک
ہم عاشقونکی مگر چشم تر ہین ہے شعلہ

سموم عشق کی تاثیر نے جلا مارا
تری بھی اے نفس سرد سر ہین ہے شعلہ

سدا تلاش ہین یارو اس آتشین خو کے
یہ رات دن مرے خور کا سفر ہین ہے شعلہ

ندے تو نالہ کی تکلیف ہمصفیر مجھے
کہ نالہ یان نہین اس مشت پر ہین ہے شعلہ

پڑا جلوں ہین تنہا گھر اپنے ہین تجھ بن
طرح اجاق کے دیوار و در ہین ہے شعلہ

مست مجکو ڈرا واعظ محشر کی صعوبت سے
ہی مبدے صد محشر میرا دل شوریدہ

زاہد نے نہ کی تزئین رندونکی شرارت سے
دن عید کے باندھے ہی عمامہ بوسیدہ

مستی سے کبھو اپنے جز اس دل پر خونکے
شیشہ مے گلگون کا دیکھا ہی نہ غلطیدہ

یان محفل شادی بھی غم سے نہ جدا دیکھی
کیا شیشہ مے رویا جب نے ہوئی نالیدہ

جو مرد ہین تکل انکی یون کسطرح رہین ہی
تصویر ہو شیرون کی جو قالی مین بچیدہ

تحریر مین سودا کی ہی جاے بھلا کسکو
خامہ ید قدرت سے اسکا ہی تراشیدہ

غم کا ہی بسر خوانده اور درد کا پالیدہ
مضمون جو طبیعت کا سودا کی ہی زائیدہ

اس تب کے طبیب اپنا موجب کو نہ سمجھے گا
دامن ہی مق دم کا چھوڑا ہے تن تفسیدہ

مست مجکو ستا ناداں آمان مین کہتا ہون
ہی تیر قضا نادان آہ دل رنجیدہ

ہین جو رتبون سے دل کچھ تازہ نہ دیکھونگا
آنکھین مری ہی ناصح ہین کینہ ستم دیدہ

پکڑا ہی یہ تنگ آکر غم نے مرے سینہ کو
دل سانس کے بھرنے مین ہوتا ہی خراشیدہ

بھیجا تھا دیار اسکے مین نامۂ شوق اپنا
کیا شرح کرون اسکی بہتر ہی وہ نشنیدہ

جون سگ لیے پھرتا ہو ہڈی کسی بستی مین
قاصد کنے یون میرا ہی نامۂ پیچیدہ

ہر چند کہ سب عاشق مضبوط و جوانی ہین
اُڑتا ہی دھوان جیسے سودا سو ہی پروانہ

یان نہ ذرہ ہی چمکتا ہی فقط گرد کے ساتھ
جلوہ گر نور ہی خورشید کا ہر فرد کے ساتھ

زخم کی طرح زمانے مین تو کاٹ اپنی عمر
خندہ با گریہ جو کچھ ہووے سو ٹک درد کے ساتھ

کسطرح خانۂ گردون کی بنا ہووے نہ سست
معنی اس بیت کے اک ہم ہین سو آورد کے ساتھ

قدر نہین دولت بی سعی کی تجکو ورنہ
زر کو نسبت نہین عاشق کی رخ زرد کے ساتھ

من و دل ہو یکجا بر بساط دوران
چوٹ کھاتی نہین وہ نرد جو ہو نرد کے ساتھ

تیغ چوبی سے کہان قبضۂ فولاد ہو نصیب
نہ رہے صاحب جوہر کچھ نامرد کے ساتھ

ہم کہاتے ہین ترے بندۂ بی زر پیارے
گل نے بلبل کو خریدا ہی زر زرد کے ساتھ

صبحدم آج چمن مین بلب جو سودا
شعر بیٹھا وہ یہ پڑھتا تھا نپٹ درد کے ساتھ

دل کو چاہا مین کہ خالی کرون مانند حباب
ہو گئی جان ہوا اک نفس سرد کے ساتھ

شیخی تھی جام کی سو گئی جان جم کی ساتھ
وابستہ ہی طلسم جہان اپنے دم کے ساتھ

اکٹھا ہوا نہ قافلۂ دنیا مین اس سوا
جو یان سے اٹھ چلا سو گیا درد غم کے ساتھ

کیا ربط خورمی سے مانند طفل اشک
پائی ہی پرورش مرے دل نے الم کے ساتھ

جس سمت نگہ کیجے اودھر نظر آتا ہے
لوہو سے ترے سر کے دیوار و در آلودہ

جب میں تجھے سمجھا کر رہ گئے تھے صوتا ہوں
کہتا ہے نہ ہووے گا یار دگر آلودہ

لیکن یہ نصیحت ہے بیفائدہ کیا حاصل
یہ ہے کہ اودھر دھویا رہ ہیں ادھر آلودہ

اسبات میں اے ناداں تبلا تو مزا کیا ہے
پاؤں سے جو تو خون میں ہے تا بسر آلودہ

جسوقت فرض اُن نے یہ بات سنی مجھسے
اتنا ہی کہا بھر کر آہ اثر آلودہ

لذت کو ہلاہل کی کیا آنکو بتاؤں میں
ہے کام و دہن جنکا شہد و شکر آلودہ

نیند سے اُٹھے ہے جبدم دیکھے ہے تو آئینہ
دے ہے باد صبح کو گلزار کے بو آئینہ

حسن لاثانی کا تیرے دوسرا ہوگا شریک
دیکھ پاویگا کہیں گر تیرے منھ کو آئینہ

چاہتا ہے سینہ کو اپنے کروں میں چاک چاک
ہاتھ میں شانے کے جب دیکھے ہے گیسو آئینہ

باز رکھے گا تماشے سے تجھے گلزار کے
روبرو ہونیکا گر پاوے گا قابو آئینہ

فیض تیرے حسن کا یہ عام ہوا ہے مہروش
عکس ویترے سے ہو جاتا ہے مہرو آئینہ

اسقدر رہے شوق نظارہ سے اپنے یار کو
روبرو دیکھوں ہوں اُسکے پا بہلو آئینہ

کیا لگا لیتا ہے مہرویوں کو سودا آپ سے
چشم میں اپنے مگر رکھتا ہے جادو آئینہ

دل کو ٹکڑے نہ کرا ای آئینہ رو ہاتھوں ہاتھ
جنس یہ وہ نہیں جو ہووے رفو ہاتھوں ہاتھ

روٹھ چلتے ہیں اگر ہم تو وہیں مہر و وفا
کھینچ لیجاتے ہیں پھر پیار کے کو ہاتھوں ہاتھ

ہاتھ کیونکر نہ میں اس شاخ سے کاٹوں اپنے
لے گیا شانہ تری زلف کی بو ہاتھوں ہاتھ

فرصت اتنی نہیں رکھتی گل و غنچہ کی بہار
مجکو پہونچا دو مغاں جام و سبو ہاتھوں ہاتھ

مجکو یوسف کی خبر ہو کہ نہیں ای یعقوب
بک گیا مصر میں وہ روکے کو ہاتھوں ہاتھ

شب تری پاؤں سے آلگتی ہی چوری رہی
ایک ہی وزد حنا باندھ لے تو ہاتھوں ہاتھ

ناصحو تار بتار اب کے کرونگا اسکو
گو کیا تمنے گریبان کو رفو ہاتھوں ہاتھ

شیخ جی بزم میں رندوں کے چھپا اپنی ریش
کر تبرک ہی یہ لیجاوینگے سو ہاتھوں ہاتھ

شاہ مردان تری امداد کرینگے سودا
باندھ لے چل کے جو تیرا ہو عدو ہاتھوں ہاتھ

مجھسے پہ لیے پھرتا تلوار بہت تحفہ
مقتول قتل اوپر اسرار بہت تحفہ

بیمار کو تجھ غم کے دینی تھی دوا کوئی
کیا کہیے غرض تھے وہ غمخوار بہت تحفہ

دیکھے سے شفا جنکے ہوتی ہی مریضوں کو
رہتا ہی اُن آنکھوں کا بیمار بہت تحفہ

احوال مرا کہہ کر مغرور کیا اسکو
اغیار تو تھے ہی تھے پر یار بہت تحفہ

دل معنی رنگین سے لبریز ہی سودا کا
اس غنچہ میں پھولے ہی گلزار بہت تحفہ

خاک نشینی کی راہ یون ہی کہ ہو کر فنا
اٹھیے نہ جا گہ سے جون نقش قدم واہ واہ

کہنے لگے ریختہ جو کوئی سودا کی طرح
اُسپہ زمین سے ہوتا لوح و قلم واہ واہ

شیخ تو کعبے کو پہونچے ہی کرامات کی راہ
حرم دل کو جو پہونچا سو خرابات کی راہ

ہرگز اُس بت میں نہیں وعدہ خلافی یارب
کس نے روکی ہی مری قبلۂ حاجات کی راہ

زلف کے پھر نیسے دل چاہ ذقن میں یا
اسلیے کہتے ہیں چلنی ہی بُری رات کی راہ

پھوٹ نکلے ہیں مری پشت قدم پر سر خار
آہ پیدا نہوئی اُسپہ ملاقات کی راہ

ای دل اُسکے تو نہو بات مکرنیسے طول
وہ دہن تنگ ہی اتنا کہ نہیں بات کی راہ

کس صنم سے یہ بھلایا ہی طریق دین کو
اپنے زاہد نے فراموش کی اوقات کی راہ

ناصحو دل تو گھر لئے یہ دیا ہین اُسکو
پر نہ سمجھو زرہ عشق مدارات کی راہ

باز آ پھرنے سے تو کوے بتان کے سودا
جب نہ تب چلتے ہین دیکھا تجھے آفات کی راہ

ردیف یاے مثناۃ تحتانی

نہ دے عاشق نہ دے معشوق جن ہو نہ کچھ تھا
عبث لی ہمنے اب دنیا مین سر اپنے بلا بھی

نامہ کا جواب اپنے آئے نہ کچھ دیکھا
قاصد ہی کی نگہوں میں تشویر نظر آئی

کرتے ہو مداوا کب بیمار غم اپنے کا
جب کام ہوا آخر تدبیر نظر آئی

دل پھیر نہیں سکتے تجھ سے وہ دعا ہرگز
جس سے کہ یہاں پھرتی تقدیر نظر آئی

ہے گردش چشم اسکی حلقہ در محشر کا
موج خط پیشانی زنجیر نظر آئی

اس باغ میں اک گل کو خنداں جو کہیں دیکھا
سو غنچہ کی واں صورت دلگیر نظر آئی

کی عمر عبث ضائع خدمت میں مہوس کی
خاک اپنی ہی جب دیکھی اکسیر نظر آئی

دیکھی نہ بنا ہمنے وہ قصر فریدونی
جو اپنے خرابہ کی تعمیر نظر آئی ہے

صفت کی مصور نے کھولا جو مرقع کو
اک اس میں نہ تیری سی تصویر نظر آئی

اس زلف کو جب دیکھا میں ہاتھ میں سودا کے
بپھرے ہوئے ہاتھی کی زنجیر نظر آئی

یار کا جلوہ مرے کیا شہرۂ آفاق ہے
جسکو سنتا ہوں سو وہ دید کا مشتاق ہے

ذات پر اس شوخ کے بس ختم ہے معشوقیت
جو بشر دنیا میں ہے منجملہ عشاق ہے

ان لبوں کے قابل شانہ مجھ جیسا نہیں
یہ تلطف ہے کرم ہے مہر ہے اشفاق ہے

صبر اس سے زیادہ کرنا کام ہے ایوب کا
تو خبر میری کہ اب عشق کی طاقت طاق ہے

فائدہ اس ہرزہ گوئی سے بھلا ناصح تجھے
زندگی سودا کو اب بے عشق کرنی شاق ہے

جو کچھ ہی رنگ اُسکا سو ہی نظر میں اپنی
گو جامہ زرد پہرے یا چہرہ لال باندھے

تیرے ہی سامنے کچھ بہکے ہی میرا نالہ
ورنہ نشانے ہمنے مارے ہیں بال باندھے

بوسہ کی ہی تو خواہش پر کیسے کیونکر اُس سے
جسکے مزاج لب پر حرف سوال باندھے

مارو گے کسکو جی سے کس پر کمر کسی ہی
پھرتے ہو کیوں پیارے تلوار و ڈھال باندھے

دو چار شعر آگے اسکے پڑھے تو بولا
مضمون یہ تو نے اپنے کیا خوب حال باندھے

سودا ہوا ان نے باندھا لفظوں میں دل سراہی
شعروں میں اُسکے تو نے کیوں خط و خال باندھے

کیا کہیے جو اُس شوخ کی اوقات ہوئی ہی
انسان کا اُسکے قتل تو اکبات ہوئی ہی

نور روز کو چہرے نے ترے یار ہرایا
زلفوں سے شب قدر بھی اثبات ہوئی ہی

مجھ چشم کی جھڑیوں نے ڈبو ماری ہی اک خلق
کیا شمس کی آفاق پہ برسات ہوئی ہی

زلفوں کے خیالات میں شب سوچ سوچ
معلوم مجھے کیا ہی بڑی رات ہوئی ہی

کوچے میں تم اپنے جو پھرا کرتے ہو پیارے
میرے بھی کبھو دل سے ملاقات ہوئی ہی

ای شیخ نہیں تم میں تو اک شیم کرشمہ
داڑھی کی بزرگی ہی کرامات ہوئی ہی

دعوائے غلامی تو ہی اک خلق کو تم سے
کچھ بندگی سودا کی بھی اثبات ہوئی ہی

مجکو سونپا ہی زمانے کے تئین قسمت نے
دست نامرد مین شمشیر بہت اچھی ہی

لیکے کعبے سے کیا سیر مین میخانہ تک
خانۂ دل ہی کی تعمیر بہت اچھی ہی

ذکر کو عیش کے کہتے ہین کہ ہی نصف العیش
ہجر مین وصل کی تقریر بہت اچھی ہی

زلف مین تیری ہین اسواسطے دل سونپا ہی
اس دیوانہ کو یہ زنجیر بہت اچھی ہی

کیون ہی خاموش مری طرح چمن مین بلبل
ترے نالے کی تو تاثیر بہت اچھی ہی

کام دیکھا مین بہت ہاتی و بہزاد کا یار
آنکھون مین تیری ہی تصویر بہت اچھی ہی

نیک و بد سے نہ کرون اپنے لکھے کا شکوہ
جو کہ قسمت کی ہی تحریر بہت اچھی ہی

جتنے ہین کام ترے سونپ خدا کو سودا
تیری تدبیر سے تقدیر بہت اچھی ہی

عاشق تھا کبھی تجھپہ یہ پھر تو وہی ہی
گو عشق نہین اسمین ولے دل تو وہی ہی

خورشید کو کیا رو جو ترا چہرہ وہ ہووے
عکس آئینہ مین دیکھ مقابل تو وہی ہی

کب کر سکے وہ تیغ ادا سے ہو جو کچھ کام
گو زخم نہ معلوم ہو قاتل تو وہی ہی

ہووینگے تری کوچے مین یون دل تو ہزارون
میرا جو دل ایک ہین بسمل تو وہی ہی

خواہش کو تبدیل کر آگے تھی جو تجھ مین
اب میری ملاقات کی مائل تو وہی ہی

کیا فائدہ گر خلق پہ ظاہر ہی مرا حال
جو چاہیے آگاہ سو غافل تو وہی ہی

نہ ورد دل ہی کے کہنے کی ہے تجھے طاقت
نہ چپ ہی رہنے کی تاب توان باقی ہے

کیا کہیے وہ بت آہ کس آئین نگین ہے
سرتا بقدم کافر بے دین نگین ہے

قطرات عرق کا ترے عارض پہ ہے وہ لطف
جون پہلوے مہ خوشہ پروین نگین ہے

کب یہ گل و رنگ پہ گلشن میں مزا ہے
فندق سے جو وہ دست نگارین نگین ہے

یہ حسن کبھو شمع کے شعلہ میں نہ دیکھا
جون سر پہ ترے طرۂ زرین نگین ہے

میٹھا جو لگے بولنے پھر اسکی تو کیا بات
ہو ترش تو حرف لب شیرین نگین ہے

کب چاشنی خواران جفا مہر طلب ہیں
اس دل کو تری دشمنی و کین نگین ہے

سودا یہ مرے شوخ کو کیا چاہیے زینت
جون مہر ہیں آرائش و تزئین نگین ہے

دل جنس فروشندہ بازار ہنر ہے
دیکھو تو کہیں کوئی خریدار ہنر ہے

تا قدر شناسی سے خلائق کے جہاں میں
جسکو ہنر آیا اُسے انکار ہنر ہے

آیا ہے ہنر وہ کہ پھریں جس سے گئے بخت
اس عاصی کو مدت سے سروکار ہنر ہے

عاشق جو ہنر پر ہے ہنر اسکا ہے عاشق
دلبر ہے ہنر جسکا وہ دلدار ہنر ہے

کیجے کو نہ پوچھیں ہنرمند کے ہوتے
اے شیخ یہ بندہ تو پرستار ہنر ہے

میں بندہ ہو گیا سودا اب اس نازک خیالی کا
کہ یار اپنے کو کہتا ہوں مرے پہلو میں بیٹھا ہے

ناصح جفائے عشق اگر میں سہی سہی
تو نے بھی کچھ ذرا نصیحت کہی کہی

دریائے عشق کیا میں بتاؤں کہ جس کے بیچ
کشتی بھرے ہے عقل کی تیری بہی بہی

یہ دل نہ کھول زلف سے ظالم خدا کو مان
لاکھوں گرہ جہاں میں تو یہ بھی ہے ہی

پکڑے ہے تیرے ہاتھ کو ہر ایک دم رقیب
ہمنے بھی گو کمر تری ذرہ گہی گہی

سودا تو چہرے کو ترے سمجھے ہے آفتاب
کہتے ہیں گو کہ اسکو مغل سب مہی مہی

بیمار کی آج اپنے سر شام خبر لے
اس رات خدائی ہو تو ظالم وہ سحر لے

پیغمبر حسن آکے تجھے بولیں گے عشاق
قرآن کی صورت جو خط اس کا پڑھ لے

ہے تنگ زمانے میں بہت عمر کا عرصہ
اسمیں عمل نیک کیا چاہے تو کر لے

دکھ دے کسی دل کے تئیں باغ جہاں میں
گر نخل حیات اپنے سے چاہے کہ ثمر لے

خاک اسکی پرکھ پر جو کوئی جوہری ہے شوخ
آگے لب و دندان کے ترے لعل گہر لے

جوں خضر ہوس عمر ابد کی نہیں مجکو
اسدم کی تمنا ہے جو تجھ پاس گذر لے

دیکھ اسکو اکیلا جو کیا عرض تمنا
بولا کہ تجھے خیر ہے کچھ اپنی خبر لے

جب اس چمن میں چھوڑ کے ہم آشیان چلے
اک ہمصفیر نے بھی نہ پوچھا کہاں چلے

کیا لے لیا تھا ہمنے الجھا جو کوئی خار
جوں گل ہم اسکے باغ سے دامن فشاں چلے

ہر بات میں ہے ایسی کہ بیونت اسکو یاد
مقراض کی طرح سے کہ جسکی زباں چلے

غافل ہماری آہ سے رہنا نہ بیخطر
کر خوف ایسے تیر سے جو بے کماں چلے

جانیکو اپنے گھر سے کہے تھا تو اور ہم
دنیا سے تیرے جور کے ہاتھ اے میاں چلے

سینہ مفارقت سے نہ ہو زخمگان کے داغ
آتش فشاں ہے ہر کہ جب کاروان چلے

راہ عدم بھی زور ہے سودا کہ جسکے بیچ
جسطرح پیر جائے ہے دو ہیں جوان چلے

جاتے ہیں لوگ قافلہ کے پیش و پس چلے
دنیا عجب سرا ہے جہاں آکے بس چلے

کہیو صبا سلام ہمارا بہار سے
ہم تو چمن کو چھوڑ کے سوئے قفس چلے

اے غنچہ آنکھ کھول کے ٹک تو چمن کو دیکھ
جمعیت دلی پہ ترے پھول ہنس چلے

تیرے سخن کو میں بسر و چشم ناصحا
مانوں ہزار بار اگر دل سے بس چلے

نکلا جو دل سے نالہ تو سینہ سے دور تک
سن مردمان قافلہ بانگ جرس چلے

صیاد اب تو کیجیے قفس سے ہمیں رہا
ظالم پھڑک پھڑک کے پر و بال گھس چلے

کام اس گلی میں سر سے یہ سودا گذر چکا
کیا تاب اک قدم جو ادھر بوالہوس چلے

سیر کر باغ کی جسوقت پھرے وہ گلرو
مارڈالو تو نہ اک مرغ چمن مین ٹھہرے

کیا کہون اس دل صد پارہ کا غنچہ نہ زار
کہے اس سے کہ سخن جسکے دہن مین ٹھہرے

یار کا ہی وہ بنا گوش کہ جسکے آگے
تاب کیا ہی جو صفا در عدن مین ٹھہرے

تا بہ نقد دو جہان اسکو نہ بیچین عطار
بو ترے زلف کی گرمشک ختن مین ٹھہرے

بیقرارونکو ترے چین کہان بعد از مرگ
ایک آنہین نہین ایسا کہ کفن مین ٹھہرے

شمع رویان کی اگر اٹھ چلے تو مجلس سے
نہین امکان کہ تا شمع لگن مین ٹھہرے

کوچۂ عشق مین ثابت جو رہے تو جانین
مانین عاشق نہ اسے جو کوئی رن مین ٹھہرے

گر زبان سے تری الفاظ نہ بندش پاوین
معنی کسطرح سے سودا کے سخن مین ٹھہرے

کیا کیا تھے چاؤ دلمین جب آنے تھے قدم
کھلتے ہی آنکھ یار دو بالا پڑا ہی غم سے

محفل تری مبارک ہو نہ دوستونکو
تیری گلی کے سگ کو کیا کام ہی ارم سے

ای چرخ سفلہ پرور ای آسمان بے مہر
واژون ہی عقل تیری اوندھا ہی تو جنم سے

احمق ہین وہ جو تیری بھولین ہین کجروی
ٹک اسطرف نظر کر یہ بات اور ہم سے

مینا و ساغر و مے ساقی و مطرب و نے
یہ ساری خوبیان ہین سودا کے دم قدم سے

جیسے دل کی الفت بے پیر دامنگیر ہی
تب سے موج اشک کی زنجیر دامنگیر ہی

کر چکا تھا سادہ روئی میں ہمیں آزاد یار
پر خط رخسار کی تحریر دامنگیر ہی

حسن و عشق ایسا نہیں ہو جس میں فصل اتصال
جرم عاشق ہو نہ تقریر دامنگیر ہی

کیونکہ میں پہونچوں خدا تک راہ یگانگی
حسن جس بت کا ہی عالمگیر دامنگیر ہی

دیر سے میرے نکلنا جوں جسم آسان نہیں
شیخنا ہر بت کی وان تصویر دامنگیر ہی

کسطرح یہ مرغ دل فتراک سے اسکی بندھے
آہ جسکے زین کا نخچیر دامنگیر ہی

داد وہ ای دل کوئی معلوم گوش خلق کے
گو تری فریاد بے تاثیر دامنگیر ہی

در گذر ای بے خبر تو اپنی تدبیرات سے
تیری ہر تدبیر کے تقدیر دامنگیر ہی

تخلصی سودا کی کچھ حق کے کرم سے ہو تو ہو
ورنہ یاں ہر کام کی تقصیر دامنگیر ہی

ای زاہد اعطای ازل سے خبر مجھے
تجھکو تو زہد خشک ملا چشم تر مجھے

کاٹی مصیبت شب ہجران میں بارہا
واعظ نہیں ہی روز قیامت کا ڈر مجھے

بازار عشق میں غرض اس سر کو بیچنا
نے نفع پر نگاہ نہ سوجھے ضرر مجھے

جوں شمع پاؤں گاڑ کے جاتا ہوں میں کہاں
در پیش آگیا ہی کدھر کا سفر مجھے

رہتا ہی اندلوں میں یار کا خیال
بھاتا ہی ناصحا سخن مختصر مجھے

ہمسے دیوانوں کے عاقل ہو پڑے تدبیر میں
بند ہے ہیں ان پختہ مغزوں کی خیال خام کے

عشق کا آغاز تو جوں توں گذر جاتا ہے لیک
کہ نہیں سکتا دلا حالات میں انجام کے

نے تلاش دین ہے ہمسے اور نہ دنیا کی فکر
اسکی رزاقی ہی وہی ہے ورنہ کسکے کام کے

گذرے تھے آرام سے جب تک نہ تھا دل مبتلا
اسکے لگ جاتے ہی دن جاتے رہے آرام کے

ساغر دل خون سے مالامال رہتا ہے مرا
اہل دل گر مست رہتے ہیں تو ایسے جام کے

ہے بہار انکی نگاہوں میں سودا چار فصل
مست جو ہیں گنگاہ ساقی گلفام کے

پوچھے نہ کبھو اشک وہ مغرور کسو کے
پڑ جائیں اگر چشم میں ناسور کسو کے

تو کہہ کے ہمیں سخت بدنام ہوا صبح
یہ شیشۂ دل ہاتھ سے ہے چور کسو کے

قسمت کہ دل اپنا ہمیں کیا پیس کے سرمہ
تس پر بھی نہیں چشم میں منظور کسو کے

ہو چشم سے کیسا ہی جو نزدیک تو پھر کیا
جس روز پڑا دل سے کوئی دور کسو کے

عاشق پہ تعدی ہے کوئی چرخ سے ایجاد
باندھے ہوئے ہیں دل پہ یہ دستور کسو کے

پتھر کا تی ہو کیا دختر رز شیشہ میں آمیز
تجھ بن نہ رہے گھر میں ہو مستور کسو کے

پلکوں کے ترے نیش کے مارے کہ ہیں
بلکے وہ پڑا کاٹے جو زنبور کسو کے

ڈھلکے جو چلی جاے ہے نرگس کی یہ گردن
دیکھے ہیں مگر چشم وہ مخمور کسو کے

سودا تو عبث رہتا ہے یاد اسکی میں غمگین
وہ ساتھ شب و روز ہے مسرور کسو کے

مجھ چشم سے اب شک نہین آنیکا ناصح
آوے بھی غم دل سے تو لخت جگر آوے

مین منتظر اس دم سے رہتی ہون شب و روز
آیا جو نہ وہ شام تلک تا سحر آوے

پھرتا ہون ترے واسطے مین دیر بدر ہی یار
تجھسے نہ ہوا یہ کہ کبھو میرے گھر آوے

گویا دل عاشق بھی ہے یہ فیل مست
رکتا کہین روکے سے کسو کے جدھر آوے

کھکے دکھا اپنا مین کیا مغز کو خالی
اتنا نہ ہوا اسکے تری چشم بھر آوے

کوچے مین رقیب اسکے ترے ہاتھ سے سودا
ایسا نہین دہکا ہے کہ بار دگر آوے

لاکھ طوفان جہان ہمکو فلک دکھلاوے
کسی عاشق کے نہ آنسو کی ڈھلک دکھلاوے

شعلہ طور ہو موسیٰ کو چراغ مضطر
عشق ذرہ کر اسی اپنی جھلک دکھلاوے

جل رہا ہے ترے ہاتھون سے دگر نہ ای بدر
شام سے داغ جگر صبح تلک دکھلاوے

کیمیا جاگنے کو اس لیے سمجھا ہے شیخ
کہ خدا تا مجھے سونیکی دلک دکھلاوے

چھوڑ افیون کو اگر بنگ پیے تو زاہد
دو ہین لیجا کے تجھے عرش تلک دکھلاوے

تیرے شوریدہ کو جسدن کہ زمین کو سونپا
زلزلہ کو بھی خدا وہ نہ ملک دکھلاوے

آب ہو جاتا ہے فولاد کا زہرا سودا
یار خنجر کو جو تک اپنی پلک دکھلاوے

جب سے کہ چشم خلق صنم تجھ سے جا لگی
کہتا نہین ہے بات کوئی یان خدا لگی

پامال غم ہوا ہے مرا دل نہ جانیے
ہاتھون سے کسکے پاؤنین تیرے حنا لگی

بھڑکی ہے آگ لالہ سے گلشن میں باغبان
کس دل جلے کی باغ مین یہ بددعا لگی

فرہاد بیستون مین باندھے تھا نقش کو
پربت بندھا وہ نقش کہ جب سے پہ آ لگی

کافر ہون گر ارادہ ہو تجھ ساتھ عشق کا
کی یک نگہ کہان ہین کہ گویا بلا لگی

لگ چلنے کی طرح نہ تھی ہر اک سے بیشتر
تمکو بھی اب نہ مانے کی پیاری ہوا لگی

پھاڑے نہ کیونکہ سودا گریبان کو اپنے یار
چسپان ترے گلے سے جو ہو کر قبا لگی

مری آنکھون مین یارو اشک ایسا موج مارے ہے
کہ جیسے ساغر مین بھر صہبا موج مارے ہے

روا ہے ابر دریا دل یہ کسکے حال پر یارو
کہ یون سرسبز ہو کر آج صحرا موج مارے ہے

پھنسے ہین اسکے دل دریا دلونکی اسمین اے پیارے
ترے مکھڑے پہ کیا زلف چلیپا موج مارے ہے

تری دریا دلی کا شور ہے اے مہربان جب سے
ہمارے دل مین دریا کے تمنا موج مارے ہے

عبث تو سیر مین دریا کے دست اوقات کھو سودا
سرشک چشم کو ٹک دیکھ کیا کیا موج مارے ہے

ہمین کیا لطف ہے منھ دیکھنا واں بار کا اپنے
جہان عدہ اسی عالم سے ہو دیدار کا اپنے

تیری دو اسوخت سے خالی مین نہ پایا کوئی
شمع بھی سنکے مری اپنا بھی وا روئی

تا بمقدور کسی سے بمروت پیش آ
سنگ ہی آئینہ رو کے لیے بد روئی

حرکت جو ہی بتان کی سو اسی الفت دل
سمجھے ناز حقیقت مین ہو وہ بد خوئی

پائی محسود پہ رو کے نہ کرا ای حاسد
لکھی قسمت کی کسو کے نہ کسو نے دھوئی

فخر ملبوس پر اپنے تو نہ کرا ای منعم
پشم دونون ہین تری شال ہماری لوئی

عمر ناصح نے نصیحت مین گنوائی اپنی
پر مرے دل سے بتان کی نہ محبت کھوئی

شیخ کعبہ مین خدا کو تو عبث ڈھونڈھی ہی
طالب اسکا ہی تو ہر ایک کی کر دلجوئی

پیر کو پھونک مریدون ہی کی لگتی ہی بدیر
گھر کی ہانڈی مین بجز ناتھ نہ دیکھی ڈوئی

کچھ بجز داغ نہ حاصل ہوا اسکو سودا
تخم سے دل کے زمین عشق کی جس نے بوئی

درد دل کسکو کہون مین وہ کہان ہی تو ہی
پر یقین تو ہی مری جان گمان ہی تو ہی

گو کہ ہی زیر فلک پر نہ تماشا عالم
اپنی نظرون مین تو ای یار جہان ہی تو ہی

حسن کو حق کی تجلی سے نہ خالی پایا
شعلہ طور کا جو کہیے نشان ہی تو ہی

عشق گل محض ہی تہمت چمن بلبل پر
جسکی خاطر وہ بفریاد و فغان ہی تو ہی

تجھ سوا مین نے تو دیکھا نہین دشمن دوست
دوست اپنی کا جو اک دشمن جان ہی تو ہی

درد اپنے کی کرون فریاد کسکے سامنے
داد اوس کا آہ و نالہ آسمانکے پار ہی

اشک کا قطرہ نہ تھا آنکھونسے جسکے روشناس
اُسکی نیرنگ فلک سے ہر ایک خنجر بار ہی

کیا کہون مین حال بیخوابی کہ ظالم روز و شب
اپنے چاہیتے کی طالع کی طرح بیدار ہی

دیکھکر جس مہروش کو صبر ہنگام ادا
پیشکش اپنا گریبان کرنے مین ناچار ہی

صبح یون نکلے ہی وہ گھر سے کہ جون خط شعاع
جیب کا بکھرا ہوا چھاتی پہ ہر اک تار ہی

دل مین جا بیٹھا جو صحرا کی طرف کرتا ہون عزم
جای ہی اُس سمت نے لیوا رہ جدھر کہسار ہی

گرد و پیش افتان خیزان اُسکے خویش و اقربا
کوئی کرتا ہی سماجت کوئی منت دار ہی

وہ قدم جنکو رگ گل سے بھی ہوتی تھی خلش
سجدہ گاہ سنگ ہی یا بوسہ گاہ خار ہی

ساکنان شہر جب یہ دیکھتے ہین ماجرا
ہاے اس کوچے مین ہی اور وے اس بازار ہی

کیا خوشی اس سے ہمین سودا کہ آئی ہی بہار
لالہ و نسرین سے پُر گود دامن کہسار ہی

ہر طرح خون جگر کا غنچۂ گل کی طرح
آنکھ ادھر کھولی کہ اب پیالہ اُدھر تیار ہی

ہر لحظہ اب بہ نشو و نما خطر بار ہی
گلزار کی خرابی کے درپے بہار ہی

جون توں سمیٹ کر مین گرہ دے رکھا ہی یار
سو ٹکڑے ورنہ تجھسے یہ دل غنچہ وار ہی

ابر بہار رہ چمن حسن سے پرے
یان زلف و خال و خط بھی ہوا مشکبار ہی

تجھ عشق کے مریض کی تدبیر شرط ہی
لیکن شفا کو گردش تقدیر شرط ہی

سودائے دل کو زلف گرہ گیر شرط ہی
دیوانے کے علاج کو تدبیر شرط ہی

نالے تو ہین بہت کیے اس بت کے سامنے
پتھر کے نرم کرنے کو تاثیر شرط ہی

ہو خاک راہ عشق مین تا قدر ہو تری
مس کے طلا بنانے کو اکسیر شرط ہی

کافی ہی اک اشارۂ ابرو ترا ہمین
کچھ عاشقون کے قتل کو شمشیر شرط ہی

دل کی شکست و ریخت کی میری تو لے خبر
ہر گھر کے دیر پائی کو تعمیر شرط ہی

کرتا ہی کس گنہ پہ عقوبت ہمین تو یار
تقریر کے تو واسطے تقصیر شرط ہی

سودا مین اس حسین مین ہون جون غنچہ دل گرفت
ماتم سرا مین صورت دلگیر شرط ہی

مجھے تجھ زلف کے سنبل سمجھنے مین تامل ہی
کہ قاتل زہر سے کالی کی بھی اک زہر سنبل ہی

عبور اس بحر بے پایان کے کرنے مین تردد کیا
گذار عمر کی خاطر قد خم پیر کا پل ہی

کسو کی گوش فہم یار شنوا ہی نہین ورنہ
خموشی مین ہماری شور ہی فریاد ہی غل ہی

بکیفیت ہین ساقی جلوہ ہی برق چشمک زن
خروش ابر سے دمساز کیا آواز قلقل ہی

بنایا صانع قدرت نے تجھکو رشک گلدستہ
دہن ہی غنچہ آنکھین نرگس شہلا ہین ہر گل ہی

زنخدان سیب گلشن حسن قامت سرو بانو ہی
یہ لب نیلوفری ہی خال کاکل شکل سنبل ہی

جیتا پھرا نہ جا کے کوئی شہر عشق کا
دیکھا تو ملک حسن کے قابل زمین ہے

مقتول کی تو اپنے لحد کو لحد بجان
ظالم الم کی تیغ سے گھائل زمین ہے

بونے کو تخم عشق جہانمین زمین نہین
ہو چشم آبیار تو اک دل زمین ہے

دوری مین سر پہ خاک کی چشم تر کے ساتھ
دیکھا مین جس جگہ تو وہان گل زمین ہے

کیونکر نہ ملک داری مین باہم ہو کشت و خون
یان زندگی و مرگ کا حاصل زمین ہے

شیشہ دلون کو اپنے نہ دان جا کے ٹیکیو
یارو یہ شہر سنگدلان سل زمین ہے

یون باز اخذ نور سے ہمکو رکھے ہے جسم
جیسے خسوف ماہ کے مائل زمین ہے

گر ہو نہ دست فکر مین فہم رسا جریب
تو اس غزل کی ناپنی مشکل زمین ہے

آگہ نہ قافیہ سے نہ واقف ردیف سے
اُنکے لیے قصیدہ کی قابل زمین ہے

مت دیکھ خاکساری سودا بچشم کم
گر آسمان ہے تو تو مقابل زمین ہے

آتش جو عشق کی ہے سو نور بصر مین ہے
شعلہ زبان دراز مری چشم تر مین ہے

آتے نہین نظر مین کسو کے جو ہم تو کیا
عالم تو سب طرح کا ہماری نظر مین ہے

ہے اب جہان مین بدگہری کس ہنر سے کم
عیب سوز مانہ مین جو کہو سو ہنر مین ہے

ہاجی کا جو سخن ہے مری حق مین ہے وہ بیت
کب نسبہ میری ہجو کا اُسکی نظر مین ہے

قسم دے مجلسیونکو کہ تیری آمد مین
کسی نے بھی بچ شمع نور دیکھا ہی

کرشمہ پیر مغان کا ہی یہ کہ بر ذیر
نشہ مین آج مین زاہد کو چور دیکھا ہی

کشندہ باپ کا بیٹا ہی باپ بیٹے کا
یہ تیرے عہد مین ظالم فتور دیکھا ہی

نظر تو شیخ کو رہتی ہی حسن سلوا پر
پر اپنا زرق بچشم تنور دیکھا ہی

جو پوست تخت پہ ہی خوش گدا وہ شاہونکا
سر پہ پہ نہ کبھو ہم سرور دیکھا ہی

نہین نظر مین ترے وسعت کرم واعظ
مگر ہمارا ہی فسق و فجور دیکھا ہی

کتابی چہرے کے لا کو حسن معنی مین
کتاب فقہ سوا بے شعور دیکھا ہی

کرے ہی توبہ جو واعظ کی ہرزہ گوئی سے
مگر بہار کو سودا نے دور دیکھا ہی

کس سے جا اٹکا ہی دل میرا عجب دیوانہ ہی
شور محشر ایک جسکے شوخی جانانہ ہی

دست دنیا مین اثاثہ کا شانہ ہی
پر تو مہتاب ان موتی کا جسکے دانہ ہی

عکس رو اپنے یہ کچھ آپ ہی نہین مفتون شوخ
جوہر آئینہ تک اس شمع کا پروانہ ہی

کسکی زلفونکے تصور مین ہی یارب وہ شب
دیدہ آئینہ مژگانکی جھپک سوشانہ ہی

مزرع امید عاشق ہی تو بیحاصل نگر
اپنی خاکستر مین کچھ بودے تو خرمن دانہ ہی

بیقراری نکی اپنے ہمسے کیا ہو دیکھیان
برق سے پوچھو تڑپ سے اسکی جو بیخانہ ہی

ہر بات پہ ہی میری اور دنسی اُسے چٹک
مجھ پر وہ کنایا ہی نوکر پہ جو گالی ہی

غیر اُسکے اشارے سے جب کرنے لگے نوکین
اُٹھا ہین یہ کہکر کہ یان مرغ کی پالی ہی

ایک انہین سے یون بولا کیون جاتی ہو تم بیٹھو
جاؤگے تو یہ مجلس پھر لطف سے خالی ہی

اُس شوخ نے یہ سنکر بولا کہ خدا سے ڈر
سر پر سے بلا اپنی جون توں کی پڑ ٹالی ہی

پس غور کر اے نادان جس گھر مین یہ صحبت ہو
وان جاکے خوشی آنا یہ خام خیالی ہی

ہم سے لالچ پہ ارادہ کچھ اگر اسکا ہی
گھر مین جو کچھ ہی سمیت اپنے یہ گھر اسکا ہی

آگے کیا چیز رہے جسکو بتاؤن ہمات
تمہین معلوم جو منظور نظر اسکا ہی

جان تک چاہے اگر وہ تو ہی بندہ حاضر
دل اسے دیوے جو کوئی تو جگر اسکا ہی

کیا مزاج اُسکے بتاؤن کہ عجب آتش ہی
شعلۂ طور بھی شاید کہ شرر اسکا ہی

حسن سے اُسکے ہمان دونون ہین رات کا فرق
شمس ہی چشم نہ اسکا نہ قمر اسکا ہی

کیا ہی تجھ حسن کو تیر نگہ بد سے خطر
داغ اس دل پہ جو ہی سینہ سپر اسکا ہی

مہمان خانۂ آفت ہی جسے کہتے ہین دل
حلقۂ چشم کا دیکھا مین وہ در اسکا ہی

مین نہ کہتا تھا دلا اُس سے نہ لگ چلنا تو
بات جو سودا کی مانے نہ ضرر اسکا ہی

ہر کسیکا نہ پڑے کوچہ مین ایسے کے قدم
جو دم تیغ نہ چلتا ہو گذر اسکا ہی

مجھے پسینا جو تیرے مکھ پر دکھائی دے ہے تو سوچتا ہون
یہ کیونکہ سورج کی جوت کے ہر ایک تارا چھٹک رہا ہے

ہلوری لین لے نہ اُسکی بوند لگ کے پھولونکی پنکھڑی سے
تمھارے کانون مین جسطرح سے ہر ایک موتی لٹک رہا ہے

کہین جو باگ چلنے ساتھ دیتا ہو اسطرحکا کبھی پانی
نجانون پیٹھ سی کر دھول ہو مین جو مجھے تلا جھٹک رہا ہے

کبھو لگا ہے نہ آتے جاتے جو بیٹھکر ٹک اسی نکالو
سجن جو کانٹا ہے تجھ گلی کا سو پگ سے میرے کھٹک رہا ہے

کوئی جو مجھسے یہ پوچھتا ہے کیون تو رہتا ہے کہ تو ہمسے
ہر ایک آنسو مری نین کا جگہ جگہ سر پٹک رہا ہے

گنی ہو کیسا ہی دھیان جسکا ترے گنون سے لگا ہے ساتھ
گیان بہت بھی ہے اسکا تو چھوڑ اسکو شک رہا ہے

جو بات ملنے کی ہو اسکا پتا بتا دو مجھے سجن
تمھارے پٹون مین آج برسون سے ہو سی پٹک رہا ہے

جو سینے سودا سے جا کے پوچھا تجھے کچھ اپنے بھی من کی سدھ ہے
یہ رو کے مجھسے کہا کسی کے تلک مین لٹ کے لٹک رہا ہے

گوہر کو جوہری اور صراف زر کو پرکھے
ایسا کوئی نہ دیکھا وہ جو بشر کو پرکھے

وہ شخص یار خاطر ہرگز نہو کسی کا
جسکا ندیم ہوئے اُسکی نظر کو پرکھے

جوہر نہو جسمین جوہر شناس کب ہے
جو صاحب ہنر ہو وہ ہی ہنر کو پرکھے

دُرِ سخن کے خواہان وہ یار ہین جہان مین
جن مین نہ جھوٹے سچے کوئی گہر کو پرکھے

خاطر مین وہ نہ لاوین کبھی ابر نیسان
جو قطرہ ہائے اشک مژگان تر کو پرکھے

سمجھے کہ چشم عاشق معشوق کا ہے معدن
ظالم اگر تو میرے لخت جگر کو پرکھے

سخن کو ریختے کے پوچھے تھا کوئی سودا
پسند خاطر دلہا ہوا یہ فن مجھ سے

کب اسکو گوش کرے تھا جہان مین اہل کمال
یہ سنگریزہ ہوا ہی در عدن مجھ سے

ہم مین وارستہ محبت کی مددگاری سے
سب سے آزاد ہوئے دل کی گرفتاری سے

سبب غفلت دنیا ہی فقط عیش شباب
خواب آور ہی سحر رات کی بیداری سے

شکوہ ہی جور و جفا کا ترے کس کافر کو
مجھپہ گذرے ہی سو میری ہی وفاداری سے

قطع الفت نہ کرے کب عمل ناہموار
چوب سی چیز تو ہوتی ہی دو نیم آری سے

ایک مین ہی نہ تمھارا ہون جہان مین عاشق
جو جو کرنے سے ہو کر تو میان باری سے

مے پرستی ہی مری باعث آفرش خلق
توبہ صد قوم نے کی ہی مری میخواری سے

کام دل جب تئین تجھسے ہو ہمارا حاصل
کام اپنا تو ہوا جاے ہی بیکاری سے

تجھ طلب مین کھیو آپ کو مینے کہ ندان
طالب اپنا مین ہوا تیری طلبگاری سے

پہونچے گر شہر بتان مین تو پڑے ای سودا
رہیو بازار محبت کی خریداری سے

خورشید و مہ نے پیار سے تجھپہ بنوائی
ریش و بروت و ابرو سب کو صفاتبائی

سر کی خبر نہ تن کو تن کی نہ سر نے پائی
ای تیغ عشق تیری اللہ رے صفائی

تری آنکھوں نے کس پر چھین یاری ایسی کی
کہ اب جچتے نہیں آتے نظر بیاری ایسی کی

تری دوری بہار باغ سے جو کچھ کہ کرتی ہے
خزاں نے کس چمن میں بلبل و گلزار ایسی کی

نظر پھر دیکھ جانے میں نہ تھا افشار دل
مجھے کر منع کس آسان کو تیں دشوار ایسی کی

وفا اگلی کا شاکر ہوں جفا کا ہی شکوہ کیا
بہت دن دوستی کی تو دن چار ایسی کی

جو دیکھے زاہد اسکو دے دیا خانہ چھوڑ
مغاں نے دختر رز اس برس تیار ایسی کی

جدائی سے مجھے ہی دست غم گر کر جدا کرنا
کسی دشمن سے دشمن نے نہیں ایذا ایسی کی

گنہ میرا نہیں جو تیرے دلخواہ ہو نہیں سکتے
نہ دیکھا جب میں کچھ چارا تو پھر چارا ایسی کی

رکھی طرح ملاقات اس سے غیروں کی بھی ملنے پر
گوارا جو نہ تھی دل پر سودہ ہموار ایسی کی

بیک نقد محبت جنس دل ملتی نہیں سودا
بتاں نے داغ دے دے کر خراب و خوار ایسی کی

جدی جدی بجہاں کن بان ہی سبکی
یہ مشت خاک میں جا گہ ندان ہی سبکی

سمجھ نہ دوستی میں زندگی خضر کا طول
کہ عمر دوستی تا امتحان ہی سب کی

زبان سی ہی کہ ہلنے میں جسکے ہو کچھ فیض
وگرنہ یوں حرکت میں زبان ہی سب کی

متاع دین سے میں پنہاں ہوں اسلئے بے فکر
کہ ذات حق جو ہی وہ پاسبان ہی سبکی

جو نازو پوچھو تو دل لے ہی چھین ہر اک سے
ادا جو دیکھو تو خواہان جان ہی سبکی

سودا کو ناشقی سے رکھا چاہتا ہے باز
ناصح نصیحت اپنی سے خوبی شعور کی

بولو نہ بول شیخ جی ہم سے کھڑے کھڑے
یاں چپ کیے ہیں اس سے عمامہ بڑے بڑے

کیا میکدے میں آن کے ہوگی تمہیں
پیو گے اسکی ضد سے تو اب ہم کھڑے کھڑے

قامت نے تیرے باغ میں جا خط بندگی
لکھوا لیا ہے سرو چمن سے کھڑے کھڑے

مل جا گلے سے اب تو مرے یار کیا ہوا
دو روز دوستی میں جو باہم لڑے لڑے

کیا قدر دل بتان کو جھوٹے گلے کی بیچ
دل خاک ہو گئے ہیں کروروں پڑے پڑے

از بسکہ تنگنا ہے گذرگاہ آخرت
جاتے ہیں اسطرف کو دو چھڑے چھڑے

دندان دہن میں وقت تبسم نہ دیکھے ہم
موتی سے کچھ ہیں نظر آتے جڑے جڑے

بوسہ نہیں تو گالی ہو گالی نہیں تو مار
عاشق نہیں ہیں منڈھے جن پہ اڑے اڑے

سودا کے ہوتے وامق و مجنوں کا ذکر کیا
عالم عبث اکھاڑے ہو مردے گڑے گڑے

وہی جہاں میں سوز قلندری جانے
بھبوت تن پہ جو ملبوس قیصری جانے

غلام اسکی ہیں ہمت کا ہوں کہ جو اپنے
جگر کے خون کو خوان تو انگری جانے

فہیم ہے وہی آفاق میں ترا جویا
کہ جس میں یار کے تجھ سے بہتری جانے

مقام عدل پہ جسدم سریر آرا ہوا
ہر ایک خوردو کلان مین برابری جانے

وہی ہو رائے مبارک مین اسکے گوشہ نشین
کہ جسمین عامہ خلقت کی بہتری جانے

ملازمون سے نہ لاوے یہ اسکو بر سرکار
کہ جس سے کار خلائق کی ابتری جانے

چمن ہی ملک رعیت ہی گل انھونکے لیے
بسان ابر سر سایہ گستری جانے

ہمیشہ جود و کرم مین سمجھ ہر ایک کی قدر
مساوی از امرا تا بہ لشکری جانے

بجا جو طرح سپاہی ہو اسکو سمجھے ہو
نہ یہ کہ مرنے کو بیجا سپہ گری جانے

جو شخص نائب داور کہلے عالم مین
یہ کیا ستم ہی نہ آئین داوری جانے

سوائے ان سخنون کے جو تاج زرین کو
خیال اپنے مین سر دھر کے سروری جانے

یہ فخر تاج تو یون نزد فہم ہی جسطرح
خروس آپ کو سلطان خاوری جانے

غرض یہ وہ غزل قطعہ بند ہی سودا
کہ اسکی قدر کوئی کیا جز انوری جانے

مرے ملنے کی اسکو تب ہوس ہووے اگر ہووے
کہ مجھ مین یک رمق باقی نفس ہووے اگر ہووے

کمال اشفاق کا لازم ہین دلکی تسلی کو
ہمین تو یک نگاہ لطف بس ہووے اگر ہووے

زمین کشت امید اپنی کی ہو سرسبز کیا معنے
جو یون تخم گل نو خار و خس ہووے اگر ہووے

فلک کو وعدہ مجھ قسمت سے جو ظل ہما کا ہو
تو سر پر سایہ بال مگس ہووے اگر ہووے

آزاد کرتے تم ہمیں قید حیات سے
اسکے عوض جو دل کو گرفتار کر چلے

اٹھکر ہمارے پاس سے گھر تک رقیب کے
بھیجے کا وہ کوئی جو ہمیں پار کر چلے

تو خوش رہو گھر اپنے ہمیں جس شکل سے ہو تم
دو چار نالے ہم پس دیوار کر چلے

اندوہ و درد و غم نے کیا غرق جب ادھر
ہم کو عدم سے قافلہ سالار کر چلے

سودا نے اپنے خون کی دیت تمسے یک نگاہ
چاہے تو اپنی بات سے انکار کر چلے

پیارے خدا کے واسطے ٹک اپنے دل کے بیچ
انصاف تو کرو یہ کسے مار کر چلے

نہیں معلوم اس سینہ میں کیا جلتا ہے شمع جلتا ہے
دھواں نوک زباں سے بات کر نہیں نکلتا ہے

گھڑی گھڑیال کی سن سنکے میرا جی دہلتا ہے
چلی آتی ہے وہی رات جس میں دن پہ ڈھلتا ہے

ادا تو لیگئی دل کو پر اسکا ناز اے محرم
بغیر از جی لیے کافر مری چھاتی سے ملتا ہے

برنگ شیر اشک آنکھوں سے میرے جوش دیتا ہے
زبس ہر استخوان اب آتش غم سے پگھلتا ہے

اثر نے آہ میں ہر چند تاثیر نالے میں
پر اتنا ہے کہ ان دونوں سے میرا دل بہلتا ہے

مرا وعدہ یکی شب تا صبح اندوہ تفرقہ بیش
پڑا ایک جب سینے کے اندر دل اچھلتا ہے

مجھے تشنیع کیوں کرتا ہے ناصح یہ نہ کہہ بیٹھیں
بس اب خانہ خرابوں سے کسو کا کچھ بھی چلتا ہے

خیال نیچہ مژگاں میں یہ احوال ہے دل کا
کہ جیسے صید کو شاہین کا چنگل مسلتا ہے

آزاد کو میت کی بدنام کر گرفتاری
ایک ہی بیٹھ کچھ تو قصور کس کا ہے
اثر میں اور نہ شیطا میں نور کس کا ہے
دماغ خلق پہ از کم ہے میں حیران ہوں
یہ مشت خاک میں اتنا غرور کس کا ہے
جو پوچھ جہان میں اتنا غرور کس کا ہے
سخن مرا نہ سمجھنا قصور کس کا ہے
یہ بھی میں کہ تو خالی ہے درہم مخلوق
جہان کے ہاتھ سے یاد کسکا ہو جانا
تو وہ گل ہے کہ جس کی پاک نہ ہے تا شاہ
تمہیں

تمیز خوب و بد اے مہربان کب عشق نے پائی
محبت میں سبھی یکساں ہیں جس سے بن آئی

مری تیری ہی سی نسبت گل و بلبل بھی رکھتی ہیں
ترا جلوہ مراد لکشی ہے اُنکا گل کی زیبائی

برائے خوش فغاں ہے جنس جاں حاضر جان ضرور یکو
جو نقد دل تھا سو تو کر چکے ہم خرچ بالائی

سمجھ کر بول جو بولے نہیں یہ بار گشت ایسکو
سخن بیرون لب منہ سے تری جسم و زبان لائی

نہیں ہے گھر کوئی ایسا جہاں اُسکو دیکھا ہو
کنہیا سے نہیں کچھ کم صنم میرا وہ ہرجائی

بغیر از گور زاہد گنج تنہائی کہاں سو بھی
نکیر و منکر اُس جا ہوں تو کیا معلوم تنہائی

محبت کی کروں تجھ بل کی میں تقریر کیا یارو
ستم پر بت ہو تو اُسکو اٹھا لیتا ہے چوں آئی

بجز خون جگر ساقی نہ دیکھا واسطے اپنے
کہ می جام باورین میں ہے زہر چرخ مینائی

جھکا یا تھا مجھے زاہد نے کو چہ رنج دنیا کا
مغاں نے راحت دنیا کی مجکو بات بتلائی

ثمر دولت ہے خواری برگ اُسکا شاخ بدنامی
بوئے مہر تباں دل میں کہ تخم نخل رسوائی

کہیں ہیں یار یوں مجھسے عجب ہی لطف سے سو
چمن میں سنبل و گل نرگس بلکی مرے ہی دکھلائی

پر اس سے کیا تھا ہی زلف نے عارض نے آنکھوں کے
پیارے بانٹ لی باہم مری آنکھوں کی بینائی

جب اُن آنکھوں کا غمزہ بر سر بیداد آتا ہے
قضا سے قتل عالم کی یہی اُستاد آتا ہے

خیال لب سے ہے یوں تقویت دل کو کہ وارد کا
اثر جیسے طبیعت کے لیے امداد آتا ہے

آنکھ اُٹھا کر دیکھ تو اے یار میری بھی طرف
کب سے ہون میں منتظر صاحب سلامت کے لیے

کھا کے تیرا اُسکے کوچے سے نہ ہٹھ کہتا ہون میں
دو قدم بھی کم نہیں اے دل ندامت کے لیے

حرف واعظ مجکو مسجد میں تو لایا ہے لے
ہے اذان ہر وقت کی مانع اقامت کے لیے

زخم سینہ کا تو بھر آیا ہے لیکن داغ دل
رہ گیا ہے دوستی کی یہ علامت کے لیے

اُسکے کوچے میں تو کیون جاتا ہے اے سودا مگر
خلق کی سر اپنے لینے کو ملامت کے لیے

نہ غافل رہ زمانے سے بسر لیجا ہشیاری
کہ خواب پاسبان ہے گرگ طالع کی بیداری

یہ تکھیں جن صدف کب ابر نیساں کی نظر تھیں
عطا اُسکی بنا رہیں گا ہٹھ جو دریا کی ہین جاری

نہیں وشندلان کو وسعت روزی نہ ہین
کہ مہ کو نان گاہی پاؤ گہ آدھی گہے ساری

ہوا زاہد کو عشق خوش لبان سے کی علم ملا
پڑی ہے آتش یاقوت سے پنبہ مین چنگاری

نہ رکھا داغ دل نے تن بدن میں کچھ مجھ میں
بغل کے بیچ کی جون شمع کبتک ہو خبرداری

مدار زخمی تیغ زبان کو نفع کیا تجھسے
نہیں مرہم پذیر اے یار جسدم زخم سوکاری

شہید رسم ملک عشق ہون سودا کہ لیتے ہین
جہان جرم نگہ پر نقد جان رو دل گنہگاری

کیا جانیے کس کس سے نگہ اُسکی لڑی ہے
جس کوچے میں جا دیکھو تو اک تو پڑی ہے

قدر دل سمجھو نہ پھر ہاتھ آئے یہ جب جا چکے
چھٹ کے وہ پھنستا نہیں جو دام میں آ چکے

جان بھی دیجے جو اس جینے کا اب جھگڑا چکے
دین و دل کھو کر میاں اپنی سزا ہم پا چکے

خط آئے پر جو تم کرتے ہو ہم سے اختلاط
کیا سلوک گلے تمھارے ویسے ہم دھلوا چکے

یہ نوید آمد کے پیارے مجھ سے مجکو لیگئے
آپ میں آیا میں تب کتنا کہ جب ہم جا چکے

تیغ ابرو کو نگہ کو تیر مژگان کو چھری
قتل عالم میں ہا اب کیا کہ تم بندھوا چکے

گوش زد اسکے کیا اعدا نے میرا حرف عشق
کیا رہا گھر جانے میں اب آگ وہ سلگا چکے

کچھ علاج ایسا بتا سودا کہ دل چھوٹے نہیں
یار کے ہاتھوں بہت خون جگر ہم کھا چکے

خوب واقف ہیں محبت کے وہ سررشتے سے
حسن اور عشق کے جنکو ہے خبر رشتے سے

سب تن زار ملا آہ کے سررشتے سے
سوزن گم شدہ جو آئی نظر رشتے سے

پشم انکی نہو جز حق کے کہیں مجرائی
باندھیں ہیں فقر کے وہ شخص مگر رشتے سے

دل عشاق مسلسل ہیں بہر یک سر مو
تیرے جسدن سے گندھے گیسوے کمر رشتے سے

کھلے کب بال چمن میں کہ قفس میں ہیں بند
بندھے تھے واں بھی گل کے یہ پر رشتے سے

توڑ کر نخل محبت سے جو پھر باندھے دل
یوں ہے جوں شاخ سے باندھا ہو ثمر رشتے سے

چاک ملنے کا نہیں جیب کا میری جو گل
ناصحا تو تو سیے شام و سحر رشتے سے

جو یون لاٹھی دکھاتا ہون تو دانت اپنے نکوسے ہے
قریب آ گئے ترے دے ہے مجھے بندر کی گھڑکی

چڑھا پھر شیخ مرکب پہ ترے گورند ہنستے ہیں
مریدونکے لیے ہے تو تیا خاک اسکی ہر گھر کی

ترا شاہین یاں خوبی رستا پایا اپنے کو
کہ سنگ آستان میرے کو پوجے قوم آزر کی

کمیت خامہ تازی ہے ترا پر کیا کرون سودا
چلاوے سے تمام اسکی عراقی کی ہوئی ترکی

چاہنا بزم تعیش کا ہوسنا کی ہے
دشمن دور قدح گردش افلاکی ہے

گذرا انسان کا یہانسے جو بچالا کی ہے
جون کمان موج ہوا جلد ہے چالاکی ہے

زخم شمشیر سے جو دوست کے ہے لذت یاب
درگذر کرنی اور اشخاص سے سفاکی ہے

یہ تو بوطرۂ سنبل ہین نہین ہے سچ کہہ
زلف کی کسکے صبا تو نے گرہ وا کی ہے

سر کو نٹھرا کے مصلے پہ جو بیٹھا ہے شیخ
کچھ مراقب نہین ہے تاک مین ہے تریا کی ہے

عشق وہ شے ہے کہ معشوق سے دل عاشق کا
شکر لبریز جو ہووے تو زبان شاکی ہے

ہوش مین کیونکہ وہ حکاک رہا ہے جسکے
ہاتھ سے لعل لب یار پہ حکاکی ہے

زاہد حور بہشتی پہ تری تو ہے نظر
ہمنے بھی میکدہ مین دختر رز تاکی ہے

عزم کعبے کا تجھے حرج برا ہے سودا
دل مین تین گبر و مسلمان کے اگر جا کی ہے

ہمت پہ فلک کو کچھ چشم سہ کی
چاہا بھی تو کچھ اپنے ہی دم اور قدم سے

یہ رنگ ہین تصویر نہ تیری ہی نزاکت
جسکو نہ کوئی دیکھ سکا دیدۂ نم سے

خجلت نے کیا آب صدف کے تئین سودا
دردیزی یہ کچھ یار ہوئی تیرے قلم سے

بینہ کو دور کر مرے سینہ کے داغ سے
سوز شب فراق کو دیکھ اس چراغ سے

آغاز خط کا دیکھ کے رخسار پر ترے
شرمندہ ہو بہار چلے روی باغ سے

بے بادہ یہ دہن سخن آشنا نہو
جون غنچہ لب کھلین ہین تمھارے ایاغ سے

گذرا ہی تو چمن سے کہ بلبل کی اب نگاہ
آتی ہی روئے گل کیطرف کس دماغ سے

سودا اسے وہ چاہے یہ از تخت سلطنت
اک کنج عافیت مین جو بیٹھا فراغ سے

غفلت مین زندگی کو نہ کھو گر شعور ہی
یہ خواب زیر سایۂ بال طیور ہی

شمع و چراغ گو کہ مری شب سے دور ہی
تو گھر مین ہو مرے تو اندھیرا بھی نور ہی

دل کو مرے ہی آہ سحر سے شگفتگی
غنچے کو گلستان مین حیا سے سرور ہی

بلبل چمن مین تیغ نگہ کسکی چل گئی
جس گل کو دیکھتا ہون سو زخموں سے چور ہی

موسے کے کچھ عصا سے کہ اپنے عصا کو تیج
گنتے نہین یہ عقل کا انھین فور ہی

جو پاک رکھی ہے تن کا جامہ کہیں ہیں ناپاک دامن دل
خدا کے نزدیک ہے حصلے نہیں ہیں نہ زہد و تمارہ

ہماری ذلت بدیدہ فہم علیہ احت ہے منعموں کی
جو سرنگوں ہیں نہ آگے آگے تو انکی معلوم سرفرازی

کسیکو یاں غرہ تاج کا ہے کسیکو یاں تخت راج کا ہے
کوئی بھکاری ہے تاج کا ہے یہ جو کیا ہے کہ بے نیازی

گذرا ادھر بھی وہ شاہ خوبان کری جو یکدم تو کیا ہے
ہوئی ہے آگے بھی بادشاہوں سے اسطرح کی گدا نوازی

زبسکہ ٹوٹا ہوا ہے یا میں عشق تیرے ہیں شیشہ دل
جو ٹوٹے حاکم کی گھر کا شیشہ ہو جاوے کھینچے پشیمانی

قمار خانہ میں عشق کے ہے پھر آگے دیکھیں خدا کرے کیا
جو نقد دل تھا اسے تو ہارے لگائی ہے ہم نے جان بازی

اگرچہ عمر خضر سے بھی ہے زیادہ تر لفو کا طول اسکے
بنائی لیکن انھوں ہیں سو واسطے فراق نے کی درازی

دل کسی سے کہ جب پلٹتا ہے
دین و دنیا سے جی اچٹتا ہے

طرۂ زلف شکل چنگل باز
مرغ دل پر مرے جھپٹتا ہے

شمہ برگشتہ بتان کا حسن
صف آرام دل الٹتا ہے

گل ہے عاشق ترا قسم مت کھا
یوں گریبان کسی کا پھٹتا ہے

غنچے سمٹے تو سمٹے ممکن ہے
دل جو بکھرے تو کب سمٹتا ہے

نہیں شرم اتنی کم زبدنامی
اسقدر مجھسے کیوں وہ کٹتا ہے

کیا کہوں اس صفا کے عارض کو
وان نگہ کا قدم رپٹتا ہے

میر جیجو جو گالی دین سووا
پاس اپنے جواب ہو وہ ہی

جان تو حاضر ہی اگر چاہیے
دل تجھے دینے کو جگر چاہیے

گھر سے نکلتے ہی تجھے ہر سحر
قتل کو اک پیش نظر چاہیے

عشق سے ڈر تو وہ خاشاک کو
آگ کے شعلے سے حذر چاہیے

خدا بتوں میں کہاں ہی یہ خلق کا کہ نہوے
غرور و کبر جوان میں ہی از کجا کہ نہوے

نہیں ہی لطف سے خالی بدیر یار کا ملنا
نجانیں وصل کی ہم قدر ہجر تا کہ نہوے

بہار ہوتے ہی آئی خزاں کئی فضا ہی چمن
جو یہ نہیں تجھے منظور جلد آ کہ نہوے

نہیں ہی نقش پہ میرے ٹک اعتنا تجھے در
جو کچھ مسیح سے ہو تجھے دخل کیا کہ نہوے

نیمجاں ہیں یہ ترے چشم کے بیمار کئی
مر گئے خنجر مژگان کے دل افگار کئی

کوئی سکتا ہی کوئی تڑپ ہی کوئی ہی بیچین
آج دیکھے ترے کوچے کے گرفتار کئی

عشق ہی شرط ہی کیا ہو مرض الموت مجھے
یا رب انسان کے مرنے کے ہیں آزار کئی

بلبلو مجھکو نہ تکلیف کرو نالے کی
ڈوب جاویں گے لہو میں گل و گلزار کئی

شیخ مجھکو نہ ڈرا اپنی بڑی پگڑی سے
ایسے تو دیکھے ہیں میں گنبد دستار کئی

خوب دیکھا میں جہان اہل جہان بھی دیکھی
ایک زندان ہی کہ جسمیں ہیں گنہگار کئی

سودا فغان کو خط یہ لکھا اُسکے یار نے
جسوقت اُسکے حال کی اُسکو خبر گئی

سن ای فغان جہان میں عاشق جو ہو گیا
معشوق سے اسے روش اُسکی گذر گئی

شیرین نے جو رکھا کیا کوہکن کے ساتھ
مجنون پہ کیا جفا تھی کہ لیلی نہ کر گئی

کل ہی پڑے سکے تھے بلبل چمن کو بیچ
ذرہ نہ اُسکے حال پہ گل کی نظر گئی

پروانہ رات شمع سے اتنی جلی کہ صبح
خاکستر اُسکی لیکے صبا دوش پر گئی

میں تازہ کچھ کیا ہو کہ بدنامی کو مرے
آوازہ آہ و نالہ تری گھر پہ گھر گئی

حرمت رکھی نہ رعد کی فریاد نے تری
رونے سے تیرے آہ وے ابر تر گئی

لوہو سے تیرے سر کے ہو دیوار گھر کی سرخ
آنکھوں سے موج خون کی بیرون گئی

دل کو ترے نہیں ہو اگر تاب ہجر
تو کار عشق سے تو مرے لال کر گئی

القصہ خط کو پڑھ کے یہ اُسنے کہا کہ خیر
تیرے ہی دل کی مہر جانون کدھر گئی

شیرین کی ایک میں نے کہون رنہ بار یا
لیلے جدھر تھی وادی مجنون ادھر گئی

یا تک تو گھٹ میں لیلی کے مجنون ہو گیا
اس اتحاد سے انھیں باہم بسر گئی

جاری ہوا تھا خون کے مجنون سے وقت قید
لیلی کے پوست مال اگر نیشتر گئی

ظالم کرو رگل کا گریبان ہوا ہے چاک
اک عندلیب گرا جال پنجے سے مر گئی

پروانہ کون سا نہ جلا شام کو شمع
روتی ہوئی نہ بزم سے وقت سحر گئی

چمن میں کسکی مدارات تھی بتا تو نسیم
کہ صبح غنچوں کے تئیں عطر دان کھول دیے

نہیں یہ سرمۂ دنبالہ دار مژگان نے
دلوں پہ ہو کے صف آہ انسان کھول دیے

سمجھ کے باندھیو صیاد بال و پر میرے
کہ تا کہے نہ یہ کوئی زندان کھول دیے

نین کو موند کے سنتا تھا قصۂ عالم
لگے جو کہنے مری داستان کھول دیے

تھے عقدہ غنچوں کے دلمیں طرف سے بلبل کو
نسیم صبح نے آ درمیان کھول دیے

سوا دے تری دادی کی بھوسوا سے
کواڑ چھاتی کے آ درمیان کھول دیے

ساون کے بادلوں کی طرح سے بھرے ہوئے
یہ دو نین ہیں جنسے کہ جنگل ہرے ہوئے

اے دل کیسے بگڑی کہ آتی ہے فوج اشک
لخت جگر کی نعش کو آگے دھرے ہوئے

پلکیں تری کہاں صف آرائی ہو وہاں
افواج قاہرہ کے نہ برہم پرے ہوئے

آنکھوں کو تیری دیکھ کے ہیں باندھوں کیے غزال
جاتے ہیں میری دل کی زراعت چرے ہوئے

بوندی کے جدھر دیکھیے یہ بھرتے ہیں یکدگر
لڑکے مجھ آنسوؤں کے پٹ منگرے ہوئے

انصاف کسکو سونپیے اپنا بجز خدا
منصف جو بولتے ہیں تجھے ڈرے ہوئے

نزدیک اپنے رہنے سے مت کہیو تو منع
ہیں لاکھ دور جب ترے دل ہی پرے ہوئے

مجلس میں چھوکریوں کے جو حجرہ ہے شیخ جی
آویں تو پھر خدا نے کیا مسخرے ہوئے

کہے تھا شمع سے پروانہ رات جلتے وقت
کہ حق بندگی اس طرح سے ادا کیجے

کہا طبیب نے احوال دیکھکر میرا
کہ سخت جان ہی سودا کا آہ کیا کیجے

ہر سحر قتل تری چشم کا اک مفتون ہی
بستۂ زلف پہ ہر شام ہی در شیون ہی

ہر مخبط ہی خیال اپنے میں افلاطون ہی
عقل پر ہوگی اسے وہ جو ترا مجنون ہی

راز افشا نہ کرو غنچے کی خاموشی کا
مجھ جگر سوختہ کی بھی تو دل پر خون ہی

ای فلک کس قدر عنا کو زمین میں گاڑا
سرو جو کھنچے ہی سر خاک سے وہ موزون ہی

جزو بھی کل ہی حقیقت میں تری ہی شرط
قطرہ بڑھتا ہی رہے یار تو پھر جیحون ہی

جو بچے سو ہی غنیمت سمجھ ای خانہ خراب
ورنہ سب اہل گلستان کا چمن میں خون ہی

گل نے شبنم سے لے الماس کو کھایا لیکن
گانٹھ میں غنچۂ لالہ کے ابھی افیون ہی

ایک غماز نے اس تک پسر سے یہ کہا
ہی جو سودا کوئی شاعر وہ ترا مفتون ہی

سنکے بولا یہ کہو میری طرف سے اسکو
باندھنا خون پہ کمر اپنی نیا مضمون ہی

سرو گلشن سے نہ کچھ مفتون ہی
بید بھی قد کا ترے مجنون ہی

جذب طوفان نہ زمین سے ہوتا
تشنہ لب کو نشانیان مدفون ہی

جگر اور دل پہ اب میرے بہار ایسی ہے وہ غونچے
کہ زخم سینہ گویا رخنۂ دیوار گلشن ہے

فلک گوشہ میں تنہائی کو بھی آرام نہیں دیتا
یہ ہمسر شمع کے فانوس میں جلنے سے روشن ہے

دل لیکے ہمارا جو کوئی طالب جاں ہے
ہم بھی یہ سمجھتے ہیں کہ جی ہے تو جہاں ہے

ہر ایک کے دکھ درد کا اپنے کروں بیان ہے
مجکو بھی ہو رخصت تو مرے منہ میں زباں ہے

اس عشق کا تو ہی ہے سزاوار کہ ہر ایک
دل دیکے ترے نام کو جویائے نشاں ہے

جویندۂ ہر چیز ہے یابندہ جہاں میں
جز عمر گذشتہ کہ وہ ڈھونڈھو سو کہاں ہے

پیری جو تو جاوے تو جوانی سے یہ کہنا
خوش رہیو مری جان تو بیدرد جہاں ہے

ہو نجانہ کوئی مرغ کبھو اپنے چمن تک
جز طائر حسرت کہ وہ یاں بال فشاں ہے

تجھ سے تو کسو طرح مرا کچھ نہیں چلتا
جز خون کہ آنکھوں سے شب و روز رواں ہے

ساقی تو نظر کیجیو ٹک صبح چمن کو
اس پیر کے جلوے کا بھلا کوئی جواں ہے

سودا کا ترے دشت میں طفلانہ سی ہے چال
جیدھر وہ کھڑا ہو تو گویا سنگ فشاں ہے

اٹھایا کوہ رستم نے اگر تو سخت ناداں ہے
اٹھانا دل کو دنیا سے عجب کار نمایاں ہے

خوشی و دل کو بھی یکجا نہ دیکھا نہ کہا نہ کیا
چمن میں گل اگر خنداں ہے تو بلبل بھی فغاں ہے

عزیز و نیک و بد رکھتا ہے یہ دوران کہنہ کو
گہر اور پوت کے دل میں جگہ رشتہ کی یکساں ہے

مجھ حال دل کی شاہد ہی یہی کہ جسکو
تونے دکھا دکھا کر اسکا لہو پیا ہی

شملا پڑا ہی اتنا کیون تیرے پیچھے زاہد
پگڑی کو تیری ان نے کیا آگے دھر لیا ہی

شانہ مین شیخ جی کے داڑھی پھنسی سمجھو
ایک چور بال ہی یان وہ کاٹھین دیا ہی

اثبات کرکے تجھسے ایکبات اب کہونمین
لیکن نہ کہنے لگیو مجھ پر یہ طوطیا ہی

آتا ہی یاد کوئی تزیین وقت تجکو
اکثر تو دے کے سرمہ دیکھا مین دردیا ہی

روتے کی تیرے سودا تاثیر کیا کہونمین
عالم کے دل کو جن نے خوننابہ کر دیا ہی

ارض و سما شفق نے لہو مین بھر دیا ہی
یا دل کسو نے جا کر خالی کہین کیا ہی

سینہ اب اپنے دل پر کرنے لگا ہی تنگی
از بسکہ زخم اسکا پھاٹا ہی اور سیا ہی

چون گل ہی مجھپہ احسان کیا ساقی ازل کا
میرے لہو سے مجکو اک جام بھر دیا ہی

کس سے کہون بتا نکے مین جنگ دل ہی کا
ان کافرون نے میرا دل لیکے جی لیا ہی

دل پر کبھو ہمارے تجکو نہ رحم آیا
آئینہ کو جو حیران دیکھا تو رو دیا ہی

یارو فلک جو مجکو احسان کش کرے ہی
اس سفلہ نے کہو تو ایسا وہ کیا دیا ہی

اسکی بڑی عنایت اے دل ہی یہ کہ جسکو
جون غنچہ سو تو جگہ سے پیوند کر دیا ہی

سودا سے یہ کہا مین کچھ ذکر کر کسی کا
خاموشی نے تو تیری عالم کا جی لیا ہی

اور دل جو ہی بغل میں سو اس طرح کا پھوڑا
ہرگز نہ وہ پکے ہی ظالم نہ پھوٹتا ہی

القصہ کیا کہوں میں گلشن میں زندگی کے
تجھ بن نہال سودا پاؤں ہی آلگا ہی

نسیم ہو ترے کوچے میں اور صبا بھی ہی
ہماری خاک سے دیکھو تو کچھ ہوا بھی ہی

ترا غرور و مرا عجز تا کجا ظالم
ہر ایک بات کی آخر کچھ انتہا بھی ہی

جلے ہی شمع سے پروانہ اور میں تجھ سے
کہیں ہی مہر بھی جگ میں کہیں وفا بھی ہی

خیال اپنے میں گو ہوں ترا نہ جان سکا
کہ اپنے کو دل کے کبھی سنا بھی ہی

زبان شکوہ سوا اپنے ہاتھ میں بہیات
کوئی کسی سے یہ ہمدیگر آشنا بھی ہی

ستم روا ہی اسیرن پہ اسقدر صیاد
چمن چمن کہیں بلبل کی اب نوا بھی ہی

سمجھ کے رکھیو قدم خار دشت پر مجنوں
کہ اس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہی

سودا جو سنا ہی کسو کا نام یہی ہی
آوارہ صد زلف سیہ فام یہی ہی

کہتا ہی بنا گوش ترا زلف کے آگے
میں صبح قیامت ہوں مری شام یہی ہی

کب تک قفس اسکے وحشت مری صیاد
اک لفت گل بس ہی کہ سودا دام یہی ہی

سودا نے کہا دیکھ کے اے مردم نافہم
جس سے کہ ہمیں کرتے ہو بدنام یہی ہی

ہر آن اس سے کہنا سودا سے تو نہ ملیو
بد وضع ہین جہان کے مشہور ہی تو یہ ہی

چہرہ مریض لب کا ترے زرد ہی سو ہی
عیسیٰ کنے دوا تری ہی درد ہی سو ہی

گذرا ہی کسکی خاک سے ظالم تو بے خبر
دامن کے ساتھ ساتھ ترے گرد ہی سو ہی

شوخی چھپی نہ حسن کی ہرگز کہ روی مہر
افلاک کے بھی پردہ نشین پردہ ہی سو ہی

ہر دم جو مجھسے پوچھے ہی تو کیا ہی درد تجھے
کہنے کا تجھسے فائدہ بے درد ہی سو ہی

افراد صاد خاص کا دفتر کیا ہی جمع
اپنا لکھا ہی جسپہ وہ اک فرد ہی سو ہی

ابھرے کسو ہی طرح ہین دیکھکر فلک
نظر دن ہین اپنے خانہ پر گرد ہی سو ہی

تیغ و سپر بندھا کو سپاہی رقیب کو
کتنا ہی تم بتاؤ وہ نامرد ہی سو ہی

سودا کلی مین یار سے گو بولتا ہی گرم
پر ہر سخن کے ساتھ دم سرد ہی سو ہی

درد میرے آشنوان کا کیا ترے دمساز ہی
اسقدر اے دل تری محزون کیون آواز ہی

قد کو تیرے جسجگہ مشق خرام ناز ہی
اس جگہ شور قیامت فرش پا انداز ہی

دلکو رکھتی ہی نپٹ جنبش نفس کے بیداد
تجھ بن اب جسی ہوا ہی زندگی ناساز ہی

بیقراری دلکی اڑ جاوے جو تو جوشش کرے
طائر سیماب کو آتش پر پرواز ہی

ہین پھر کے سب طرف سے دی ہی دھونی اب دیر
نہ دیکھی کوئی بستی اس خراب آباد کو پہنچے

کسیکا درد دل پیارے تمھارا ناز کیا سمجھے
جو گذرے صید کے جی پر اُسنے شہبار کیا سمجھے

رہا کرتا ہین صیاد اب پامال کرتا ہی
پھڑکنا بھی جسے بھولا ہو سو پرواز کیا سمجھے

نہ پہونچی داد کو ہرگز ترے کوچے کا فریادی
کسیکے شور محشر مین کوئی آواز کیا سمجھے

نہ پوچھو مجھسے میرا حال تک دنیا مین جیتے ہو
خدا جانے ہین کیا بولون کوئی غماز کیا سمجھے

کہا چاہے تھا کچھ تجھسے ولیکن دل اُٹھر کتا ہی
کہ میری بات کے ڈھب کو تو ای طناز کیا سمجھے

جو گذری رات میرے پر کسی معلوم ہو تجھ بن
دل پروانہ کا جز شمع کوئی راز کیا سمجھے

نہ پڑھیو یہ غزل سودا تو ہرگز میر کے آگے
وہ ان طرزون سے کیا واقف وہ یہ انداز کیا سمجھے

جسدن تری گلی کی طرف ٹک پون بہی
مین آپ کو بھلا کے کرون خاک توتیا

پہونچی نہ تجکو آہ مرے حال کی خبر
قاصد گیا تو اُن نے بھی کچھ اپنی ہی کہی

تڑپے ہی مدتون سے مری جان پر اسے
کچھ سخت آزردہ ہی کہ ابتک اٹک رہی

کیونکر جلے نہ رشک سے فانوس بیچ شمع
جامہ ترے بدن مین ہی اس رات مکتبی

سودا جو بے خبر ہی کوئی وہ کرے ہی عیش
مشکل بہت اُنکو جو رکھتے ہین آگہی

پر میں حیران ہوں کہ جوں سایۂ مژگان ہوا
نہ کیا ایک قدم پھرنے پہ مختار مجھے

حسرت و داغ و الم درد چلا میرے ساتھ
ہجر تیرے نے کیا قافلہ سالار مجھے

تخم گلریز محبت چمن عشق میں تھا
عوض آب دے آتش کیا گلزار مجھے

نہ پھرا ملک عدم سے کوئی یار ای سودا
جانا اب انکی خبر کے لیے ناچار مجھے

اسقدر ابکی ہوا مست ہے ویرانے کی
کسی لڑکے کو نہیں سدھ کسی دیوانے کی

جل ہوا شمع کو دیکھا جو مرے بالیں پر
بدگمانی سے میں اب داغ ہوں پروانے کی

شکر صد شکر نہیں میں کسی خاطر کا غبار
خاک کعبہ کی ہوں یا گرد صنم خانے کی

شیخ وہ رشتہ ہے زنار ہمارا جن نے
پھاڑ ڈالی ہے ترے سبحہ کے ہر دانے کی

نہ تاب اسکے خورشید عشق کے تب کی
نہ طاقت اب کسی مشعل کو ہے مرے شب کی

کسو نے حال سے میرے کبھی نہ تجھ سے بات
اگر کبھی بھی کسو نے تو اپنے مطلب کی

گیا نہ سر سے مرے ہنوز شور جنون
بہار خط کی ترے ہو گئی خزاں کب کی

نشان کفر سے میرے نبی علامت دین
پر اس سخن کی علی الرغم رای ہے سب کی

نہیں ہے رشتۂ تسبیح صورت زنار
قسم ہے شیخ تجھے اپنے دین و مذہب کی

سودا انھین دیا ہی خدا نے کچھ عقل و فہم
انکا حنائے عیش پہ دل کیونکی چل سکے

مارینگے ایک دو کو یا آپ مر رہین گے
پیارے تری گلی مین کچھ ہم بھی کر رہین گے

ای ابر جائیو مت کم رونے پر ہمارے
یہ چشم بھوی بھوی تالاب بھر رہین گے

یارب نمط جرس کے چھاتی تو پھٹ گئی ہی
کب تک ہمارے نالی دور اثر رہین گے

اب تو تری گلی سے جانا ہی مصلحت ہی
دیکھین گے پھر اگر جیتے اگر رہین گے

تمھاری زلف کچھ اینٹھی ہی رتی ہی سوا ہمسے
نہین یہ کج ادائی اور سی اسکو سوا ہمسے

عجب دلشاد ہی غنچون کو صبا دیکھ تو ظالم
نہ کھلوایا کبھو تین اسطرح بند قبا ہمسے

چمن مین آشیان بست کر کہو جا کے بلبل سی
جلا مت مشت خس اپنا عبث تو آتش گل سے

رسائی گر سر مو بھی نہین طالع مین گو مت ہو
پریشانی مین ہمسر ہی مرا بخت سنبل کا کل سے

نے ضرر کفر کو نی دین کا نقصان مجھسے
باعث دشمنی اے گبر و مسلمان مجھسے

آہ و زاری سے مری شب نہین سوتا کوئی
سنجھسے نالا ہون مین اک خلق ہی نالان مجھسے

خار ہون خشک لے آتش سوزان ای بخت
بوجھ کر سبز قدم کھینچے ہی دامان مجھسے

اسکی خوشی نہین محرم نہین رونے سے کام
کیا کیا چاہتے ہین دیدہ گریان مجھسے

نہ بزور و نہ بمنت نہ بصورت نہ بشکل
لیگیا کیونکی مین حیران ہون دل جان مجھسے

دل سے ہوس نکالنے نکلو تو کیے شیخ نے
پیوند کر کے ریش کو موے زنار سے

سودا نہ پوچھ کس سے وہ گلرو ہے آشنا
ہووین جو ایک دو تو بتاؤں ہزار سے

مرجان کا نخل ہوں نہ پھلوں برگ بار سے
ٹپکے ہے رنگ خون مری شاخسار سے

خنجر طلب ہے مرگ سے ہر آہوے حرم
دل بھر گیا ہے کسکی مژہ کا شکار سے

مجھ سے بیان نہ کر طپش عشق کا کہ وہ
تعلیم بر ہے کسکے دل بیقرار سے

ساقی پہونچ شتاب کہ تجھ بن نہیں مجھے
موج مے دو آتشہ کم ذوالفقار سے

کھوئے نہ مرگ صافی طینت کی قدر کی
کرتے ہیں پاک آئینہ میرے غبار سے

جس جا کہ میں بیان کروں دردِ شکستگی
آسیب کب نہ شیشہ کو دان کوہسار سے

سودا جو مے پرست جہاں کی ہیں اُنسے تو
مست کر طلب شراب کی مرجا خمار سے

اُسکو یہ مثل دانۂ انگور دیں گرہ
قطرہ بچے اُنھوں کے اگر زہر مار سے

شکوہ ہے دور ظالم کرنا مروتوں سے
لبریز ورنہ دل ہے تیری شکایتوں سے

پتھر رے بغیر دل کے ممکن نہیں کہ ہووے
معلوم حال میرا تجھکو کتابتوں سے

ہو خامہ اشک یزاں پیش سخن کے کتنے
کاغذ کی چھاتی بھاتی تیری حکایتوں سے

دن رات ہر پلک نے میری جھڑی لگائی
کیا جانے آنکھ تجھسے مین کس گھڑی لگائی

دکھ چوٹ کا نہ میری دل سے گیا طبیبو
مین سو طرح سے گھس گھس بوٹی جڑی لگائی

کرتا تھا خون ناحق یہ تنگ پان دل کا
مسّی کی تو نے ظالم اس پر دھڑی جمائی

جو حسن سوتیون کی تول اُن دنون ہی تھا
تو نے برنج گندم اُسکی دھڑی لگائی

تجھ عشق مین پیارے وہ زیر چوب گلابی
نے پھولکی کسی نے جنکو چھڑی لگائی

آیا نظر تو جسکو سراک پلک نے اُسکی
ملنے مین دیر باہم کتنی بڑی لگائی

غماز کی مین کیونکر کاٹون زبان کہ تجھسے
جو بات کان اسکے مجھسے بڑی لگائی

آنکھون سے آنکھین ناصح ہرگز بندھی نہ چھوٹین
زنجیر کی کڑی پر جیسے کڑی لگائی

اس شور سے ہوا ہی سودا ترا دیوانہ
لڑکون نے چین کے پتھرے گھر گھر بھڑی لگائی

حلقہ تیری زلف کا جب یار منھ کھولے رہے
بچ چکا وہ جسکی خاطر مار منھ کھولے رہے

چشم نرگس کی موندے کسطرح تیرے سامنے
جسکے آگے تجھ سا گل رخسار منھ کھولے رہے

پائی ہی لذت اُسی نے تیری تیغ عشق کی
جسکا زخم سینہ بعد از وار منھ کھولے رہے

خون دل ان شصت اندازون نے یہ میرا پیا
سیر گر پیکان ہو تو سو فار منھ کھولے رہے

عرض مطلب کر گئے غیر اُس سے اپنی یار رہا
رو نہ پایا اسپر ہم بار منھ کھولے رہے

سر بہ پیش افگندہ اکثر میکدہ کی راہ سے
یون چلا جاتا ہی خدمت سے گویا معزول ہی

خشک رہنے سے ہمارا دیدہ تر پاک ہی
خون حباب اس گھر میں جب دیکھو ہو نمناک ہی

منھ پسارے کیا پھرے ہی ای فلک سمجھے ہیں ہم
ایکدن تیرا دہن اور اپنی مشت خاک ہی

تند خوئی سے تری اتنا پھرے ہی دادخواہ
جسجگہ دیکھیو ہون شعلہ کو گریبان چاک ہی

رہنمائی خلق کی چاہی تو راہ کج نہ چل
شیخ ہونے سے عصا محروم چوب تاک ہی

گر چمن میں ہمصفیر دن سے رہا ہی کچھ نشان
آشیان کا انکی آوارہ خس و خاشاک ہی

رات یون کہتا تھا ظالم مجھسے جلاد فلک
یار ہیں تیری ہی سب خوبی یہ ٹک سفاک ہی

فتنہ روئے زمین آنکھونکا ہی تیرے غلام
خادمہ عمر فنکی انکے گردش افلاک ہی

مت سمجھ بیقدر پامالونکی گر رکھتا ہی فہم
توتیائے چشم نقش پا ہماری خاک ہی

کیا لکھون حال تباہ اپنا کہ سودا وہ جو لوگ
چاہتے تھے یہ دن انکے پاس سے وان تک ڈاک ہی

حیران ہون شمع کسکے لیے سوزناک ہی
پروانہ کسکے شعلۂ خو کا ہلاک ہی

زاہد مجھے تھا جس ترے ہونے پر یقین
لیکن جو چیز خشک ہی پھر وہ پاک ہی

قاتل سے کیون جھگڑتے ہو کیا تجھسے پیر ہی
جائے خطر نہین ہی مرا زخم خیر ہی

کس آتشی موہوم پہ نازاں ہے تو اے یار
کچھ اپنے شب و روز کی ہے تجھکو خبر بھی

تنہا ترے ماتم میں نہیں شام سیہ پوش
رہتا ہے سدا چاک گریبان سحر بھی

سودا تری فریاد سے آنکھوں میں کٹی رات
آئی ہے سحر ہونے کو ٹک تو کہیں مر بھی

مجھے کہ چمن میں بہار آئی ہے
یہ مرغ کشتی کب قابل رہائی ہے

نہ چھوڑ پنجۂ مژگان تو دست طفل شکر
ابھی زمین پہ گرے ہے تو رائی کائی ہے

اثر کیا ترے دل میں مجھ اشک نے تو کیا
ڈبا کے خلق کو کشتی مری ترائی ہے

ترے نکالے سے تجھ گھر سے کون جاتا ہے
ندای تو جائیگا پیارے کہ جسکی آئی ہے

غرور تقوی سے کتنے تھے شیخ جی سرکش
پر اب عمامہ نے گردن تلک لوائی ہے

گئے تھے آپ خداوند سیر باغ کو گل
جہاں کھلے ہیں وہاں بوے کبریائی ہے

کہیں ہیں در پہ ترے شیخ و برہمن سجدہ
بتوں کے سنگ ادا تیری یاں خدائی ہے

جہاں ہے کندۂ دل سخت کار ہے فرہاد
دگر نہ کوہ کنی زور آزمائی ہے

تن گداز میں دل کیونکے تیں رکھا سودا
یہ آگ پانی میں کس سحر سے چھپائی ہے

بہار بے سپر جام یار گذرے ہے
نسیم تیر سی چھاتی کے پار گذری ہے

سب کی سوتا ہوں یہ کہدیں کہ پھر آنا
بالین پہ مرے شور قیامت اگر آوے

بیخوابی سے مرتا ہو شب ہجر میں سودا
اب کہنے کو افسانہ کوئی نوحہ گر آوے

اتنی کو یہ طاقت ہو کہ اس سے بسر آوے
وہ زلف سیہ اپنی اگر لہر پہ آوے

شیشہ نہ کہے راز مرے دل کا تو ای جام
سرگوشی سے انکی نہ مری چشم بھر آوے

کیا ہو جو قفس تک مرا تو اب صبح چمن سے
دو برگ لیے گل کے نسیم سحر آوے

سب کام نکلتے ہیں ملک تجھ سے پہ لیکن
میرے دل ناشاد کی امید بر آوے

جب چھوکے ہو تا قوس صنم دائرہ دل شیخ
کعبے کا ترے وجد میں زنار دور آوے

نامے کا ہوا ایک نہ معلوم ہوا کاش
قاصد کے بدونیک کی مجھ تک خبر آوے

میں بھی ہوں نحیف اسقدر اے حور کہ وہ آپ
گذرے مرے سر سے جو ترے تا کمر آوے

دیتا جو کوئی مرغ دل اس شوخ کو سودا
کیا قہر کیا تو نے غضب تیرے بر آوے

اب لے تو لیا ہو پر اسے دیکھیو نادان
پل میں نہ اڑا تا وہ اگر بال و پر آوے

نسیم گر قدم دوستی بجا لاوے
یہ مشت پر ہیں قفس میں چمن کو لیجاوے

جفا نہ ہو جو خاطر میں اب ترے آوے
وہی ہو خوب کہ حق میں جو تجھے بھاوے

جگ مین شراب خوار کی تشہیر کے لیے
سودا جو محتسب ہو تو زاہد کو خر کرے

بدلا ترے ستم کا کوئی تجھ سے کیا کرے
اپنا ہی تو فریفتہ ہوئے خدا کرے

قاتل ہماری نعش کو تشہیر ہو ضرور
آیندہ تا کوئی نہ کسی سے وفا کرے

اتنا لکھ آئیو مرے لوح مزار پر
یان تک ذی حیات کو کوئی خفا کرے

بلبل کو خون گل مین لٹایا کرون مجھے
نالے کی گر چمن مین تو رخصت یا کرے

فکر معاش عشق بتان یاد رفتگان
اس زندگی مین اب کوئی کیا کیا کرے

عالم کے بیچ پھر نہ رہے رسم عاشقی
گر نیم لب کوئی ترے شکوے مین وا کرے

گر ہو شراب خلوت محبوب خوب رو
زاہد تجھے قسم ہے جو تو ہو تو کیا کرے

تعلیم گریہ دون اگر ابر بہار کو
جز لخت دل صدف مین نہ گوہر بندھا کرے

تنہا نہ روز ہجر ہے سودا پہ ہے ستم
پروانہ سان وصال مین ہر شب جلا کرے

ساق سیمین تری شب دیکھلے گوری گوری
شرم سے شمع ہوئی جاتی ہے تھوڑی تھوڑی

نیشکر نے کہین تجھ لب سے کیا تھا دعوی
آج تک اسکی پڑی کٹتی ہین پوری پوری

آگیا رات مین جوش زد حنا تیرے ہاتھ
ورنہ جا پاؤن کو لاگا ہی تھا چوری چوری

معشوق کی الفت ہی بندہ کرے عاشق کو
کس گل نے خریدا ہی بلبل کے تئین زر دے

کب شمع مجالس کی فانوس میں چھپتی ہی
جو حسن ہو بازاری مت اسکو بٹھا پردے

دلکے تئین اک عالم کہتا ہی خدا کا گھر
ای عشق اسے آتش دے ہی تو سمجھکر دے

پانی بھی نہ مانگ اس سے جو ہووے تنگ مایہ
کانسہ کے تئین گل کے شبنم نہ کبھو بھر دے

تھین داد سدا اے دل دیکھی نہ زمانہ کی
خاتم نے سلیمان سے چیونٹی کے تئین پر دے

وی داد مرے دلکی سوزن کہ جب آہ کا
رشتے کی گرفتاری سوراخ جگر کر دے

سودا سے کہا مینے کل سیر گلستان مین
یہ وقت خموشی ہی ظالم غزلی فردے

سنتے ہی غرض اسکے یہ شعر پڑھا اسنے
جس شعر کا ہر مصرع آہ دل پر درد دے

کھلنے تو لگا ہی دل جون غنچہ ہمارا بھی
لیکن نہ صبا تجسے گا ہے بدم سرد دے

سینہ کو ستمون کے نگہ تیری توڑ دے
آنکھون کی ہر پلک صف مژگان کو موڑ دے

آیا ہی تنگ دام مین زلفون کے مرغ دل
سر تا قدم سے دار کے صدقے مین چھوڑ دے

جسدم وہ صنم سوار ہووے
تا صید حرم شکار ہووے

جو اٹھ نہ سکے تری گلی سے
رہنے دے کہ تا غبار ہووے

محکم تو رواق بن سکے ہی
گو عمر کہ پائدار ہووے

سودا جہیں دہر سے چشم نہ کھولے
وہ گل نظر آوے کہ جسے خار نہ ہووے

خیر لخت دل اپنے تو نہ دیکھے گل بے خار
سو کبھی ہو کہ جو مژگان پہ نمودار نہ ہووے

بہر نظر تجھکو نہ دیکھا کبھو ڈرتے ڈرتے
حسرت میں جی کی ہی ہی مرتے مرتے

کیا ہو میان تیغ کیا ہو نہ خنجر
صورت عیسیٰ ہوا ہے حیرت بھرتے

ہر گھڑی شوق ادھر سے جو کوئی ہو نکلا
سمت اس کے طی منزلیں کرتے کرتے

پھول جوانی سے نہ پایا کبھو طفلی نہ گئی
مل گیا خاک میں یاں پاؤں کے دھرتے دھرتے

کیا ہے جہیں فائدہ آنکھوں سے بقول سودا
بہر نظر تجھکو نہ دیکھا کبھی ڈرتے ڈرتے

[illegible]
دیوانگی ہماری کیا کیا جنوں ہو
اب سنگ تجھکو کیا کے سر جو اور چھاتی
آہ آہ تری قدرت نے زبانی
تجھ پہ کے پاؤں کا اپنے گھر نہ لاتی
اک خلق کی نظر خوش سکتی ہے تیری
گو تجھکو لقب ہے دلکش مکانی
تک دیدۂ تحقیق سے تو دیکھ لیتا
کرتا ہوں میں اپنے تئیں سے فاطر پہ گلہ
[illegible]
ہر جا میں ہے تا ہو نظر وسعت ثانی
[illegible]
ہر شخص کے انسان کی پائی گئی ثانی

انصاف کچھ بھی یارو ہے عشق کے لگوں
دل غم سے آب ہو گیا آنسو ہوا رولے

وہ جان پسر وہ ہے یوں ملک کرے
بولوں کے کیا اور پھر کیا بنا جو لے

وہ تو بچے کا ہرگز ہمکو لکھے نہ ماتا
گدڑی میں جا کبوتر لیتا ہے مول گولے

کل یار سے کہا میں سنتا ہی آج سودا
کہتا ہے اک نگہ پر اسکے تمہیں کو بولے

کہنے لگا کہ نادان چھپتا ہے کوئی
اسبند کرنے کو بھی ایسی سیاہ کولے

ہو شاد اس غزل سے روح آبرو کی سودا
تو اس زمین میں نادان طورا پنا کیوں ہے بولے

جوں غنچہ تو چمن میں منہ قبا کو کھولے
پھر گل سے اے پیارے بلبل کہو بولے

آویگا وہ چمن میں مرکے ہی کیشی کو
شبنم سے کہدے بلبل پیالے گلوں کو دھولے

باغ جہان میں اگر کچھ ہے پھول پایا
اک دل نہ آ کے جیسے ہیں سیکڑوں ہولے

ایسا ہی جاؤں ہوں کرتے ہو تو سدا
اس دل پہ کل ہو ہوتی سو آج ہی ہو لے

کم بولنا ادا ہے ہم چند پر نہ اتنا
سو دیا ہے چشم عاشق تو بھی بات کہو لے

چشم پر آب ہیں ہیں آنکھیں خیالی
رکھ کے پڑ گئے ہیں چھاتی پہ سے پھولے

کون ایسا اب کہو یہ سودا کی پیر اسکی
آنکھوں سے ہیں ہم دل کھولکے رولے

زلف سیہ مین ہی دل بکھرا نہ مایۂ خاک
یہ جنس تیرہ شب مین مشکل ہی پھر سمٹنی

خون جگر کا کھانا دل پر نہین گوارا
اُس ترش ابرو نکی جب تک نہو دے چٹنی

آئینہ کہہ رہا تھا خوبونکے صاف منھ پر
ہو ایک ان یہ شکلین سب خاک بیچ اٹنی

کیا پست فطرتون کو بخشی ہی سربلندی
دُنیا کے شعبدے سے تعلیم ہوئے نٹنی

تو نے بٹھائے سودا یہ قافیہ وگرنہ
پائے قلم کو یکسر ہی یہ زمین پر ٹنی

مطلعات

اعجاز نہ تکے ہی ترے لب کے کام کا
کیا ذکر ہی مسیح علیہ السلام کا

تنہا دل اپنی مین تھا جو ایک دل سو دل بھی کھو بیٹھا
مجھے مدت ہوئی پیارے مین اُس سے ہاتھ دھو بیٹھا

یار ہی بیقدر جب سے آشنا دس بیس کا
مثل ماہ عید کے پورا جو ہووے تیس کا

خط مرغ نامہ بر نے تجھے کون سا دیا
مضمون تو نے شکے نہ جس کا اڑا دیا

غنچون کو گو شگفتہ چمن مین صبا کیا
لیکن ہمارے غنچۂ دل کو نہ وا کیا

کیا جانیے نگہ نے ترے کیا بلا کیا
مجھسے لے دل کو اپنی طرف مبتلا کیا

کسو نے روم کی قسمت مین کوئی شام آیا
ہمین لے کچھ نہ آیا ایک تیرا نام آیا

سنکے یہ کہتا ہو میرے نالۂ جانکاہ کو
کیون مجھے ایسا بنایا کیا کہون اللہ کو

عشق کے کوچے مین جلوہ ہی تمہارا کس گھڑی
خضر بھی بچکر چلا دیکھا جو وان کا رنگ راہ

وہ سمندر ہی کہ جسکا نہین پاٹ لگے
کشتی عمر مری دیکھیے کس گھاٹ لگے

تبسم دیکھ تیرا کیون نہ دل بیتاب ہو جاوے
اگر بجلی اسے دیکھے تو زہر آب ہو جاوے

اس دل پہ تجھے رحم جفا کار نہین ہی
جس دل سے دل مور کو آزار نہین ہی

مسیحا سن کے اٹھ جاوی جو کچھ کیجیے دوا
محبت سخت بیماری ہی یارو آہ کیا کیجیے

مین کہتا ہون دل اپنے سے کہ تنگ و نام سے گذر
نہو یہ بات گر اس مین تو کیا آرام سے گذرے

کہون کیا عشق کی آتش سے یارو مجھپہ جو گذری
سنی جو شمع نے بھی سرگذشت اپنی تو رو گذری

کہا مین داغ مرے دل کا جون چراغ جلے
دیا جواب مجھے ترک شوخ نے کہ بلے

چمن مین بلبلون نے جب بنائے عشق کی جھکے
لگی سارے چمن کو آگ جتنے تھے کنول دیکھے

کل جو بیٹھا پاس اک جا ترے ہم نام کے
رہ گیا بس نام سنتے ہی کلیجہ تھام کے

قاصد ہی پیام تو جا کہیو یار سے
اک شخص جان بلب ہی ترے انتظار سے

اشراف یا کمینہ طلبگار ہو کوئی
دونگا اسی کو دل جو خریدار ہو کوئی

تو ٹک جگر تو مرے مرغ نامہ بر کا دیکھ
کہ وان اڑے ہی جہان پر چلین فرشتے کے

جب تجھ کو ہمیں نے تو ورا پایا
عصمت نے تری خلق میں شہرہ پایا

مخفی میں رکھا داغ کو دلالہ نے
چھاتی کو کیوں کے تئیں دکھلایا

سن چشم مژہ سے دل رہا تھا اٹکا
اب لا سر زلف سے دیا ہے لٹکا

یہ خانہ خراب عشق جس نے یارو
ہو نچا کے فلک پہ پھر زمیں پہ پٹکا

تیشہ سے جو کوہکن نے سر کو پٹکا
شیریں کا یہ سنکے جان تن سے بھٹکا

وے درد کی داد کیا ہمارے کوئی
ناخن کا جگر پہ کب نے ہے کھٹکا

اس آتشی تن سے دل یہ کیونکر اٹکا
جس میں کہ رہا نہ زندگی کا کھٹکا

طاقت نہیں نالہ کی اب اسکو تیرا
کچھ ذکر ہوا تو کو ملا سا چٹکا

تیں دیر و حرم ڈھونڈھ کے ہارے ہارا
دونوں میں نہ پایا اسے جز اندھیارا

دل داغ سے روشن ہے جسد جوں ہمہ
اپنا تن جان اپنے قدم پر وارا

ہے نزع فلک جتنی کہ یہ موجود ہے
ہر ایک کی اک طرح کے ہے اوقات

ای شیخ کیا خوب ہے یہ تحقیق
شیخی و کرامت ہوں آئے کی بات

پار یکے طول اتنا ہوا کیسے پوت
جز باپ کے تیرے کوہ ہی پڑ کا بھوت

یوں قافلے تجھکو نکالا دان سے
جوں بھان متی ناک سے نکلے ہے سوت

کتنوں کا جہان میں زوال ہے شکر
کتنوں کا ہی باد دولت اقبال ہے شکر

یوں شکر تو سب کرتے ہیں لیکن تو
شاکر ہے وہی جسکو بہ حال ہے شکر

کیا جانے بسا ہے آج کسکے جاکر
آتی نہیں نیند مجھکو تنہا پاکر

جی میں ہے نہ اٹھیے تا بہ صبح محشر
اس رات کو سوئیے کچھ ایسا کھاکر

کل آکے جنوں نے بے نقابی پاکر
میں ترک کیا تھا عشق تیں پھاکر

سن آج کی بات کیا کہیں گے تجھکو
کس منہ سے دکھاؤنگا منہ انکو جاکر

آئی صورت انسان حقیقت میں خر
اے سفلہ تو قیر طلب لوح و قلم

زر سے ہے کہ دمہ کے خریطے کی قدر
ہے لوح خریطہ جو نکل جائے زر

آئی داب قوانین جہان کے دستور
ہم چشم کی مرت تجھے سب کی منظور

الطاف و کرم کا ہے جہان میں جو کام
ایزد نے کیا اسپہ تجھی کو مامور

دنیا ہمیں کہتی ہے کہ دل مجھسے موڑ
مجھ فاحشہ پر تو نہ یہ جی جامہ توڑ

داڑھی کی سیاہی پہ سفیدی ہے فدا
اب رات نہیں صبح ہوئی ہے بیدار

آئی نفس دلی حرف کو میرے کر گوش
دنیا کی طلب میں جو ترا ہو ہمدوش

اس جیفہ پہ غرا نہ اسے دیکھ کے سگ
تیرا تو ہم جنس ہے وہ بھی خاموش

اے منبع فیض و ملجاے خاص و عوام
جاری ہی ہند مین ترا ہی احکام

تو دام رہے دل ہی ترے شادی و سرور
تجھ کو بجہان ہو جشن نوروز مدام

شاہا تری طرف ہی نگاہ عالم
از بس تری ذات ہی پناہ عالم

قائم رہے تا حشر ترا جاہ و جلال
روشن جون آفتاب شاہ عالم

مولا کا اگر عبد ہو کیسا ہی ندیم
یون چاہیے افزون رکھے امید سے بیم

تہدید گنہ گرچہ ہی لازم لیکن
ہی عفو بہ از قصاص از بہر کریم

منھ پھیرے ہی گو دیکھ کے ہمکو عالم
قدر اس سے کچھ اپنی نہین ہوتی ہی کم

اتنا ہی بڑا ہمکو کیا خالق نے
خلقت کی نظر مین نہین آسکتے ہم

مظہر کا ہوا جو قاتل اک مرتد شوم
اور اسکی ہوئی خبر شہادت کی عموم

تاریخ وفات کہی از روے درد
سودا نے کہا ہے جان جانان مظلوم

کیونکر کہون تجھسے یہ کہ مجھسے مل تو
مین شیشہ ہوا جہان مین ظالم سل تو

جانے گا تب ہی تو اس محبت کی قدر
تیرا دل مین ہون اور میرا دل تو

دکھ تفرقہ یارون کا کچھ مت پوچھو
جب شکل ملاقات کی باہم یون ہو

دیکھین ہین لب زخم کہین سیتے وقت
آپس مین جو ملتے ہین تو لو ہو رو رو

اس دل کے کنارے ہمارے یارو
کچھ آگ لگی تھی سو بجھائی ہمنے

سودا بجہان اپنی زبانی تو ہی
آفاق میں خاقانی ثانی تو ہی

دے نطق کا ہر چند نہیں تو خالق
پر نطق کا خلاق معانی تو ہی

خاوند وہ ایسا ہی کہ عالم کو دے
دارا کو نہ تنہا نہ فقط جم کو دے

پہونچا کے بہم دیکھ تو کیا کیا نعمت
کھاوے نہ اُسے آپ وہ اور ہم کو دے

جینا یہ ترا وہم کا اک ریشہ ہی
اور فکر معیشت کی ترا پیشہ ہی

مرنا نہ تو کیا جانیے کیا کرتا تو
ای خانہ خراب اسپہ یہ اندیشہ ہی

آنکھوں سے پڑا اشک مرے ڈھلتا ہے
سر کب سے ترے پاؤں تلے رلتا ہی

ای غنچہ دہن پیار سے ٹک ہنسکے بول
کیا دل ہی بھرا تو کہ نہیں کھلتا ہی

کوتاہ نہ عمر می پرستی کیجیے
زلفوں سے ترے دراز دستی کیجیے

ساقی جو نہو شراب ہی آج وہ ابر
پانی پی پی کے فاقہ مستی کیجیے

آنکھیں کہیں بھوؤں سے کہ حصہ کیجیے
ہر ایک پلک چاہے کہ آپ ہی لیجیے

آتی ہی مجھے شرم میاں یہ دل ہی
جو اُسکی ہو قسمت سو اُسے کر دیجیے

آیا ہوں تنگ دور رہتے رہتے
لوگوں سے تھکا پیام کہتے کہتے

سو دہم تمہارا ہی ہین در آپکی ہجو
پیٹ اپنا ہر طرح سے ساجد پالے
بینڈک چھوڑے نہ چھپکلی نے ساہا

لاحول ولا قوۃ الا باللہ
کوا وہ چیل وہ گلہری کھائے
اسکے پھرے ہین ہونڈھ ٹوڑ کے پالے

رباعیات مستزاد

دنیا کی طلب مین دین کھو کر بیٹھے
کرنا ہی نہ تھا جو کام سو کر بیٹھے
ہی عارضی خانہ جسم خاکی سودا
سو مالک ہی اسکے آپ ہو کر بیٹھے

طاقت نہین رونے کی بہت ہجر سے تیرے
کوئی دم کی رمق ہی اب تن مین میرے
بھولے ہی نہین یان کبھو پھر آتا ہی ای یار
کیا مجھسے ترا جرم ہو سانجھ سویرے

ہر چند جہان مین کم ہین وافر ہم ہین
منزل بھی ہمین ہین اور مسافر ہم ہین

ہو کر گم راہ
ای عقل تباہ
بے شبہہ و شک
سبحان اللہ

گو دل مین یہ غم ہی
سو چشم مین نم ہی
اور جا ہی سب جا
جو اتنا ستم ہی

کر دیکھو گناہ
ہر شام و پگاہ

قطعۂ خوش طبعانہ

دیکھ پلنگ اتیت قلندر ہیں آپس میں تینوں ایک
بکرا ریچھ جہان میں بندر ہیں آپس میں تینوں ایک

منتر جنتر انکا فریب دوں سے بھرے ہیں
گو رکھ گوپی چھند چھند ہیں آپس میں تینوں ایک

ہوں ہیں بنام انکے باغ جہاں میں
کدو ڈھینڈر اور حقیقت ہیں آپس میں تینوں ایک

کس سے کیے خباثت انکی ظاہر ہے سب عالم پر
لوطی اور لونڈے قلندر ہیں آپس میں تینوں ایک

قطعہ بطریق طرز شاعری گفتہ

بوقت صبح مری بلبل طبیعت سے
ہر ایک مرغ چمن آن کر لگا کہنے

تری ہی جنس کا گلشن میں ایک طائر اور
ترے ترانہ کو نوع دگر لگا کہنے

کہا یہ ہمنے تری دوستی سے اسکو تئیں
یہ کسکے حق میں تو اے بیخبر لگا کہنے

جو گلستان جہاں میں ہے آسمان پرواز
تو اسکے حق میں ہے بال و پر لگا کہنے

دیا جواب جو ہمنے بھی بد کہا تو کہا
اب اسکا نالہ جہان بے اثر لگا کہنے

میں اسکے نالہ کو بدگاہ گاہ کہتا ہوں
ہر ایک بد اسے شام و سحر لگا کہنے

کہا یہ سنکے مری بلبل طبیعت نے
برا مجھے وہ اگر سر بسر لگا کہنے

شاعر ہوا ہے قدوی کیا شاعروں کا مول
مادہ وہ زن تخلص یاروں کا ہے حرام
مستقبل شعر اس سے گا ہے شاعر
جو ٹین ٹین ٹان ٹون ٹن ٹن دی ٹے ٹے ٹے
کوئی بنا ہے اسکے گھر کا پتا نہ پاوے
اور جو کہے کہ پوچھو بتلاے سب محلا
جس سے وصل وصیا اوتا ہے شاعری
یہاں تک کہ خود اپنا کرتا ہے یہ بلا
پاپوش کا کسو سے قدوی ہے یہ کلا
کہ شاعری ہی اے دھوبی کیا ہے یہ کلا

قطعہ در سوال بادشاہ و جواب درویش کہ بر نشین بدون

یون سنا ہی کہ خسرو اک عصر
دیکھا درویش کو جو خسرو نے
رو کیے آخرت کو بیٹھا تھا
دست مطلب کو کھینچ عالم سے
بادشہ نے کیا جب اسکو سلام
اور بعد از تامل بسیار
دیکھ کر یہ سلوک سلطان نے
کہا درویش سے کہ ای احمق
مجھ سے خسرو کے تئین کی تعظیم
کون دنیا مین آج ہی مجھ سا
کون ایسا ہی اب جہان مین گرد
تجکو سجتا ہی جامۂ نخوت
کہ تو کس چیز سے تجھے ہی دماغ
جب سنا یہ گدا نے خسرو سے
یہ تو روشن ہی آفتاب کی طرح

ایک درویش کے گیا تھا گھر
آیا اس حال مین وہ اسکو نظر
پشت دنیا سے دون طرف دیکر
پا دراز اپنے بوریا اوپر
سر سری سا ہوا وہ دست بسر
کی اشارت کہ جا کے بیٹھ ادھر
ہو کے چین ابرو اور غصہ کر
کچھ بھی تجکو شعور سے ہی خبر
باج دیتا ہی جسکو اسکندر
مالک تخت و صاحب افسر
زور و زر ساتھ مجھسے ہو ہمسر
نہ کہ تجھسے کو ہووے زیب آور
کلہ و بوریا پہ اپنے مگر
کہا ای بادشاہ زور آور
پر دلون مین نہ تجھسے زور آور

اس زمانے کا جو دیکھا تو ہے الٹا انصاف
گرگ آزاد ہیں اور ہوں شبان پہرے میں

سب جگہ قید گنہگار پہ ہوتی ہے ولے
بے گناہوں کو نہیں دیکھا یہاں پہرے میں

ہاتھ خالی پڑے پھرتے ہیں سپاہی بیکار
ڈھال تلوار گرز تیر کمان پہرے میں

کیا کریں بیٹھیں نہ بے کار رہے ہاتھ پہ ہاتھ
جا بجا بند ہے بازار دکان پہرے میں

بیم و امید سے ہے اہل تجارت فارغ
ٹھیر گئے ایک جگہ سود و زیان پہرے میں

نہیں مقدور کوئی کھانے سے باہر نکلے
بسکہ ہے شہر کا ہر خرد و کلان پہرے میں

الغرض جو کوئی اس وقت میں ملک دوجا
اسکے حق میں ہے یہی حکم کہ ہان پہرے میں

آگے اب بولنا کچھ خوب نہیں ہے سودا
کہ یہاں بولتے پڑتی ہے زبان پہرے میں

قطعہ در مدح

کھدا تیرے خاتم پہ جب تیرا نام
سنا اس سے پانے لگے خاص و عام

ہوا ایک عالم کو کاغذ سے فیض
لگی جب سے ہونے تری مہر فیض

جہان میں خلائق کا ہو مہربان
کیا کام مہر اپنی سے تین روان

سراپا تو فیاض ہے اے جناب
نہیں اپنی قسمت سے میں کامیاب

ولہ

باغ دلی مین جو اک روز ہوا سیر گذر
نہ وہ گل ہی نظر آیا نہ وہ گلشن نہ بہار

نخل بے بار پڑے سوکھی پڑی ہین بوٹین
خاک اڑتی ہی ہر اک طرف پڑی ہین خس و خار

مسکراتا تھا جہان غنچہ و گل ہنستا تھا
اشک شبنم کے بھی قطرہ کا نہین نام و نشان

جس جگہ جلوہ نما رہتے تھے سرو شمشاد
مشت پر خمری کے اُس جا نظر آئے اک مار

دیکھتا کیا ہون مگر سوکھی سی اک شاخ اوپر
عندلیب اک ہے بے بال و پر دل افگار

بدم سرد و بصد حسرت و صد سوز جگر
دیکھکر سوے چمن کہتی ہی با نالہ و زار

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

قطعہ مبارکباد عید در مدح عالمگیر بادشاہ ثانی خلد اللہ ملکہ

نوید زیر فلک یون ہوئی ہی شہرہ عام
ہلال عید ہوا اور گیا یہ ماہ صیام

دہل بجا کے منادی کا دی انھون کو خبر
جہان کے بیچ یہ مشہور ہی جنھون کا نام

نشاط و جشن و طرب ہی و امن و امان
خوشی و خوشدلی و عیش و عشرت و آرام

صباح عید یہ حاضر ہی تہنیت کے لیے
اُس آستان پہ کہ ہیگا وہ سجدہ گاہ انام

وگرنہ تیری بخشش کا بیان مین
کرون کیا ہی ادھر از حد تعداد

نگاہ کیمیا تاثیر تیری
طلا معدن مین کر دیتی ہی فولاد

کیا ستاصل انکو پل مین جو تھے
غرور کبر مین ثانی شداد

سمجھتے تھے وہ قوم عاد سب کو
اور اپنی تیغ کو سب قوم برباد

ہر اک اپنے تئین مردانگی مین
گئے رستم سمجھا گاہ پیلاد

ندا آئی جو میدان مین صفین باندھ
طلب کر روح درویزہ سے امداد

مقابل ہوتے ہی افواج دین کی
انھون سے آگے بھاگے انکے ہمزاد

بہت سے دست و پا مارے انھون نے
نہ پہونچی روح درویزہ بفریاد

غرض اس فتح فیروزی سے جسدم
ہوا دل دوستون کا خرم و شاد

تو مین ہاتف سے پوچھا سال تاریخ
وہ بولا ہی یہ فتح نو خداداد

قطعۂ مبارکباد عید در مدح نواب وزیر الملک شجاع الدولہ بہادر

یہ روز عید ہی آفاق مین ہی رسم قدیم
موالی چاہیے مولا کو نذر دین زر و سیم

نواب وزیر الملک شجاع الدولہ بہادر کی مبارکباد و مدح

کہی تاریخ میں تو لطف
اعتقاد اپنے لائق انعام

لیک بعد از حساب کے اسمین
پایا اک سال کی کمی کا مقام

لیک اندیشہ نے کہ کیونکر اسے
پڑھے جا کر حضور میں یہ غلام

تھا اسی فکر و سوچ میں کہ مجھے
ہوا حق کی طرف سے یہ الہام

تاج اقبال سر پہ ہو اسکے
کہ کہ ہے فخر ماہ و ایام

۱۲۹۲ھ

قطعہ مبارکباد نوروز

تری محفل میں شمع دولت افروز
ہوا یہ سال نو فرخندہ فیروز

تری طبع مبارک کو جہان میں
ہوا اس سال کی ہے فرحت آموز

فروغ فیض سے تیرے ہے روشن
بسان شمع جو تیرا ہے دل سوز

نگہ ترک فلک کی باز گشتی
ترے اعدا کو ہے تیر جگر دوز

تفضل سے جناب مرتضیٰ کی
تجھے ہر روز ہووے عید نوروز

قطعہ مبارکباد عید الضحیٰ

یارب بیشک کہ عید قربان ہوئے
ہر دوست ترا خرم و شادان ہوئے

جون دیدہ مدعو سلامت چشم حسود
دیکھے وہ ترا جاہ اور حیران ہوئے

قطعہ سالگرہ

رہے فلک پہ درخشندگی مین تا میزان
ہر ایک سالگرہ مین تو موتیون سے تلے

گٹھاؤ ہو جواب اقبال بخت مین تیرے
الٰہی تا بدم حشر یہ گرہ نہ کھلے

عروج ہو ترے اعدا کا اسطرح کم کم
کہ جیسے مہر کی تابش سے کوہ برف گھلے

قطعہ مبارکباد سالگرہ نواب شجاع الدولہ بہادر

بے شمار ترے عمر سال عالم کے
عروس دہر کی چاہے ہے بال بال گرہ

زمین پہ ہم مین تعداد ایک سے افزود
فلک پہ زیادہ ترا نجم سے ہو خیال گرہ

پر اگرے یہ گرہ رشتہ مین بباغ جہان
شجر سے تا ہو درختون مین ڈال ڈال گرہ

جہان مین ابر کرم کی ہو قطرہ نسبت جو فیض
کرے ہے مہتر و کہتر کو یون نہال گرہ

تو نگر آج کے دن ہر گدا کو کرتے ہین
کلید قفل در فیض کی مثال گرہ

عجب یہ ماہ عجب روز آج ہے جسمین
بسان ناخن قدرت کے ہے کمال گرہ

الٰہی جب تئین دنیا ہو تو ہو دنیا مین
کشاد کار خلایق ہو تیری سال گرہ

مبارکباد سالگرہ نواب احمد خان

قطعۂ مبارکباد عید در مدح نواب وزیر الممالک نواب عماد الملک بہادر

فلک جناب دربارگاہ پر تیرے — ہمیشہ آن کے حاضر ہوں انبساط عید
پھرا کرے تری محفل میں دور عشرت و عیش — صباح و شام پر از بادۂ نشاط عید
دلوں سے انکے جو خدام اس جناب کے ہیں — ہر ایک سال ہو افزود اختلاط عید
الٰہی مسند دولت کی تیرے پا انداز — بچھے قیام قیامت تلک بساط عید

قطعۂ مبارکباد غسل صحت نواب احمد خان غالب جنگ بہادر

جہان میں آب ہوا کی موافقت تجکو — رکھے قیام قیامت تلک صحیح و درست
جو کچھ کہ جنس مع الید سی ہی عالم میں — کسل سے تیری طبیعت کو تھی نہایت سست
پر اب خوشی ہی یہ خلقت کو تیری صحت سے — کہ آج تک نہوئی ہو دیگی از روز نخست
برنگ گل کوئی پھولا نہیں سماتا ہی — بسان غنچہ قبا ہے کسی کے تن پر چست
غرض دعا یہ ہی سودا کی تو سلامت رہ — سلامتی ہمہ آفاق در سلامت تست

یہ وہ در ہے گرد جسکے جون حرم
ہوتے ہین اقوام ساجد صف بصف

اپنے دل مین جو رکھے تیری ولا
دل نہین وہ پر ز گوہر ہے صدف

دوستی رکھین وہ کسکی تجھ سوا
ہین جو سگہاے در شاہ نجف

آن مین گنتا ہے یہ سودا آپ کو
گر قبول افتد زہے عز و شرف

قطعہ

برائے نذر جو مرزا حسن رضا خان ہے
ہوئی علم کی محرم مین اس برس تجدید

بحسب امر مین تاریخ کہنے کو سودا
کیا تھا فکر مین شب حق سے مانگ کر تائید

تو مجکو روح بشارت سے یون ہوا معلوم
قبول ہے یہ علم در جناب شاہ شہید

قطعہ

ترے جو یار ہین اس چمن مین ہم
ڈھونڈتے ہے گل کو عندلیب ہے دوست

تو برا مان مت مضائقہ کیا
فکر ہر کس بقدر ہمت اوست

قطعۂ مبارکباد عید اضحی در مدح حسن رضا خان

خوشی جہان مین ہے عید اضحی کی آج کے روز
طرب ہے سینون مین لبریز دل ہے شاد و خوش

ہر ایک نئے رلے آیا ہے اس جناب کے بیچ
ملازمون مین کہ دم بقدر استعداد

قطعہ

چل قلم کہ حسن رضا خان سے
در دولت سرا جو تیرا ہی

ہی عجب طرح کی زیارت گاہ
جس سے تحصیل دین و دنیا ہی

یان علم نذر حضرت عباس
صدق دل سے ترا جو برپا ہی

اس سبب گل زمین آ گھر کی
یہ نظر سر بعرش اعلے ہی

ای خوشا حال وہ کہ اس سے نذر
مخلصی آخرت کی سمجھا ہی

شاد رہ آفتاب محشر کے
کیا تمازت سے تجکو پروا ہی

سال تاریخ اس علم کی ہی یہ
سر ترا سایہ اس علم کا ہی

قطعہ عامل خیرآباد

حضور میں جو کوئی ہی مقرب الخاقان
کرے ہی لطف و کرم مجھپہ وہ بہر عنوان

کوئی قلم سے کوئی ہاتھ سے کوئی بزبان
میں چاہتا ہوں تری ذات سے یہی احسان

خدا کے واسطے ہاجی جلی ای خان
مرا بخیر تو امید نیست شر رسان

قطعہ عامل شادی

بسان گل کسو نے جیب کی چاک
کرے تھا جون صبا سر پر کوئی گرد

عجب گلشن ہی یہ لیکن کسو سے
نہ حرا سکی رکھے ہی سازنے برد

گئے یان سے وہ محبوبان رعنا
گل نورستہ آگے جنکے تھا گرد

لگا مت دل کو بلبل اس چمن سے
نظر جو آج سبز آوے سو کل زرد

لگی ہی انکے دیوارون میں جو خشت
حقیقت کی ہی وہ ہر ایک کی فرد

لب جو پر ہے جسکی کھلتی ہی آنکھ
حباب اٹھ جاے ہی بھر کر دم سرد

تماشے سے غرض اس بیوفا کے
جنھون نے سوند لیں آنکھیں وہ ہین مرد

قطعہ

لے کے جب جیب سے وزارت جب
عالی گوہر کو شاہ شاہان دے

بہر تاریخ عزل و نصب انکے
یہ سمجھ کیون نہ فیض یزدان دے

خان خانان نے بیل سے لے کر
شتر کے بچے کو قلمدان دے

قطعہ مبارکباد کدخدائی مہربان خان

صبا اس دوست کو جا تہنیت دے
جو عاشق ہی محبت پروری کا

یہ کہیو پڑھ کے بہجت نامہ تحریر
کرے ہی خامہ یون صنعت گری کا

جب اس شادی کو اس شاعر نے دیکھا
جہاں میں وہ جو ہے رشک نوری کا

کہی ای مہربان صاحب یہ تاریخ
ہوا ہے وصل ماہ و مشتری کا

قطعہ تاریخ باغ بنا کردہ ٹکیت رائے

ٹکیت رائے مہاراجہ ساخت باغ
چنانچہ گلشن خرد و سی ہم بود نرسد

چو امر گشت مرا بہر سال تاریخش
خوشی رسید کہ ادراک در عنی نرسد

سر عدوے بہارش بریدم و گفتم
بگلشن تو الٰہی گزند دنے نرسد

قطعہ تعریف چاہ

چشمہ از حکم آصف الدولہ
آنکہ در ہند اشرف الوزراست

بچنین حسن و لطف و شد تعمیر
کہ خضر گفت ہمچو چشمہ کجاست

کارفرماش را چہ جاہ و جلال
چہ بخوبی درو نقش آراست

بشنو اے تشنہ حرف من ہوش
زیست منظور تا ابد چو تراست

بسر دوستی ہمین گویم
آب این را بنوش آب بقاست

ساخت او را بصدق قائم خان
کرد حاصل سعادت دو سرا

از سن ہجریش چو پرسیدند
گفت فی الفور این سخن سودا

سال تاریخ او ز روی بنا
یافتم فخر مسجد اقصا

قطعۂ تعریف مسجد

مسجد نو برائے صوم و صلوٰۃ
ساخت چون مولوی فضل عظیم

گفت سودا بحسب ایمائش
سال تاریخ او بذہن سلیم

سر بت دور ازین خجستہ سرائے
ائی ہذا مقام ابراہیم

قطعہ

کہا کلام یہ سودا سے ایک عاقل نے
کسو سے ربط کوئی زیر آسمان نکرے

کیا جو تجربہ اُن دوستوں کو پدیا
بدی کا جن پہ کسیطرح دل گمان نہ کرے

چکھا انھوں کی جو ہے یار دوستی کا شہد
وہ تلخ کام کہو زہر دشمنان نہ کرے

بغیر بخل و حسد چاہیے کوئی مذکور
انھوں کا مہر و مروت کے درمیان نکرے

مین اُنسے ملکے ندان اختیار عزت کی
دو چار انھوں سے خدا مجکو در جہان نہ کرے

قطعہ در شکایت نواب ضابطہ خان

چنانچہ خسرو و فیضی و آزرد و فقیر	سخن انھون کا مغل کے ہی قابل تحسین
سوا ہی انکے کوئی اور بھی ہو پر شاعر	سواد ہند مین وہ ہی ہین مزہ تمکین

قطعہ بطور پند

ایک عاقل نے یہ سودا سے کہا از سر پند	دل مین پاتا ہون ترے الفت سگہا بوفور
نجس العین فقیہون نے انھین لکھا ہی	انسے جو ہوے مسلمان اُسے دری ہی ضرور
صحبت انسے تو نہ رکھ اتنی وگرنہ ای یار	حشر کے دن بھی تو ہوگا انھین سے محشور
سنکے بولا کہ تو ای دوست یہ سچ کہتا ہی	پر جواب اسکا تجھے دون مین ہون کر مجبور
مسح سے انکی نجس ہوے بدن مین جو عضو	دھونے سے پانی کے وہ پاک ہو ای اہل شعور
ایسے کہہ کیا ہی نجاست وہ گلہ میرا اترا	پاک کرنے پہ کسیطرح نہو وے مقدور
میرے نزدیک ہی یون حق مین انکے نجس	حق نجاست سے رکھے انکے سگ نفس کو دور
غیر خونناب جگر بار ملوث اس کا	پانی سے چاہیے ہو پاک سو یہ کیا ندکور
اور جو اس سے کسی جی کو اذیت پہونچے	عافیت پالنے والے کی تب آوے بظہور
سو تو یہ سگ جدا تجھسے ہوا نی ہوگا	اس نصیحت سے مگر دل شکنی تھی منظور
کاٹے بی کا نا ترے سگ نے مجھے دے یار	سگ مرا بھی جو تجھے کاٹی مجھے رکھ معذور

ہر ورق پر ہی میر کے اصلاح
لوگ کہتے ہیں سہو کاتب ہی

قطعہ

جس بزرگی سے وہ گئے یا نسے
ماجرا اُس کا مجھ سے مت پوچھو
کیا کہوں میں غرض خدا نہ کرے
ایسی غیرت کسی بشر کو ہو
جو ہیں اپنے قدم کو اس گھر سے
رکھا باہر برابر سر مو
یوں ہوئی اہل آسمان سے ندا
جتنے ساکن زمین کے تھے انکو
جائے لاحول اب ہی یہ تاریخ
دفع کرنے کو انکے پڑھنے کو
ہو کے بے آبرو لعین ابلیس
آج نکلا بہشت سے یارو

قطعہ در تعریف مرغ سبزواری

نہیں کلنگ میں جس آگے سبزواری کے
جو میرے پاس ہو تو میں پکاؤں بھر ہنڈا
لڑائی میں بھی اسی کو ہی اسپ فوقیت
کہ اسکا بچہ ہی جسکے اور اسکا ہی انڈا

پہیلی پستان

دیکھے ہم دو ٹوپی دیے
مرد استری اُنسے جیے

پہیلی

تب سے کچھ باہ راہے جانو مین
ہوئی کھاکے جو دے ہی تک سوتی
چھوٹ جاے تو پھیر ہاتھ نہ آئے

بدلے سر سر کے رانون مین
چھوڑ لینے کو وہ کرے چھوٹی
پکڑ وہی پکڑو ماؤ سے اُڑ جاے

پہیلی

ایک پرکھ دو نار کہا دین
پانی مین جب ڈوبے ایک
کہے پرکھ سون بیک پکار

بن جی کی جی تن کو بھاوین
تبھی دوسری ملکے بیگ
پھر اوچھرے تو دوبے نار

پہیلی

دو اسمون کی ہی اک چیز
ایک چرند اور ایک پرند
صورت سیرت مین بھی ایک
نام مین باہم یہ سنجوگ
خلقت مین تو وہ ہی نبات

سمجھے جسے ہو فہم و تمیز
حرمت حلت مین یا بند
کھاوین اُنکو بد اور نیک
فرق سے لیوین کھو نہ لوگ
اسم بعضے ہین حیوانات

کرتا نہین ہی کام قیاس
ہووے گی کچھ باد بتاس

پہیلی شمشیر

سر پر نتھنی مکھ پر بار
جب خصم کرے وہ دو
اُس نار کا ہی یہی بچار
جب وہ ناری پیاری ہو

پہیلی سپر

ایک نار بھوترا سی کالی
ناک نہین وہ سونگھے پھول
کان نہین وہ پہنے بالی
جتنا عرض اُتنا ہی طول

پہیلی چاروب

نیزہ بازون کا ایک ہی لشکر
رد کرین جس طرف برائے مصاف
ایک پٹکے سے سب باندھین کمر
گھر کے گھر کر دین ایک پل مین صاف

پہیلی

کون نارجو وہ درات
رہی ہو وہ سب سے کوئی ناتھ
نہ کی اس سے کوئی ناتھ
جو ہو دیکھا اس سے جیک ہاتھ

پہیلی

نہین ہین نہین ہین ہمنی پکاری
ہین ہین سکین سوتے پیاری
سیہ مرین اور جیوین نار

پہیلی

کون کہا ہین
دو ہین بدجیو نہین بتا دین

پہیلی بھیا

کر جیو نہین سن بھیا
سوا ۱۰۴۳۷
گھڑی اور ٹھیک کر دو جٹ
ایک انگ موتی سے چار
چار رہینا بلکت کو بھاو
پہیلی
تین پاؤن اور پانون نہ ایک
بیٹھی رہے پانون نہین ٹیک
جو بلاوے سوئے اُٹھاوے
ہی وہ ناری دیو بتاوے

پہیلی

ایک نار جگ موہت
تین پہر کی سون نت وہ رہے
ایک

پہیلی

تاؤن جو ہی چھوڑ دن ایک
تین بنا دن تا بتا تی

ایک نارسب نارسی آدمی کی پیاری

پہیلی خط

پہیلی پاؤ

پہیلی شعر

ایک چھپی سوہانہ ہرا
جب چوکے پر دے نہ ڈال
پیالے میں اُسکے چوکا دھرا
سامنے سو ہو اُس کا کال

پہیلی

ایک ناری کے انچھر چار
ہر انچھر بن وہ فوران
تریا ہے یا جادوگر
پہلے انچھر بن ہو یار
تیسرے انچھر بن ہو بیر
کیا ہو وہ بتلا اے یار
بدلے ہو ایک اور برن
ہر دم ہو ناری سے نر
دوسرے انچھر بن ہو مار
چوتھے انچھر بن ہو طیر

پہیلی

ایک نارو کیسی ادجل سے
جاتے جگ میں وہ پانی کو
سر کا کر کا کر پر کل سے
جو برسات لگا دے جی کو

پہیلی انبر

پہیلی ستی

نرناری یاں کوئی کوئی بنا لگائی رہتی ہیں | لوہی کی وہ نارنیائی تانبے کو وہ کہتی ہیں

پہیلی ارگجا

آدھا ارنا سارا ہاتھی | جن دیکھا ان لایا چھاتی

پہیلی شمع

سر طرا مقیش کا اور گوری من کاتا | کھڑی کھڑی روو ہنسے اور کنتھ پوچھتا

پہیلی گلگیر

گال پھولائے لینا تاکے | جب منھ کھولے سر کو کاٹے

پہیلی شمع

چڑھ چوکی پر بیٹھے رانی | سر پر آگ بدن پر پانی

پہیلی ماہی

پہیلی جوتک

پہیلی بیجھ

پہیلی اچار

پہیلی خوبکلان

تول تال کے کیا پورا
جو کوئی ہم کو لارو دکھاوے

اس بن جگ کا کام ادھورا
وہ بے آخر پرکھ کہاوے

پہیلی باز

اتنک سی مین دیکھی نار
بھلی بڑی ہی واکا تاؤن

چمت ہی واکو سب سنسار
بوجھو پہیلی یا چھانڈو گاؤن

پہیلی پالکی

نار ایک سو پرکھ کہاوے
واکی آنکھین میں دکھاؤن

نت آٹھ پہر مینا کھاوے
پھیر مین اسکا ناؤن بتاؤن

پہیلی دشنام

ایک نار وہ چھیل چھبیلی لوگونسی وہ اڑتی ہی

اوپر اپنے مردون پر وہ چڑھتی ہی

پہیلی ناچ برچھی

بن بیل جڑ دوبی رہے واکو پات نہ ڈال
بن پھولے پھل ہو لگے سو کون برچھ کے والہ

پہیلی ہست پھول

جا کی پات نہ کونپل پھل سدی رہے پھلا
یہ تر وہ پھول ہے برچھ دیکھو آئے

پہیلی لالہ

رکت بین اور بھوہن بین شوانون
ناہین ناہین واکو نانون

پہیلی شبنم

تہین کھات کہا تیتو پانی کر دیا
سارے برچھ پھنگ ڈوبی چڑیاں چاپی جائے

پہیلی پوست بار

سب تن واکی ہو گئی کیسے پر کیا ڈھنگ
نیاری ہو نیاری ہی جیسو گیوپی کا سنگ

۴۳۱

پہیلی شان عسل

پہیلی خرگوش

پہیلی حقہ

پہیلی پان

پہیلی طاق

ایک تمہارے ایک تاپن ہارا
نامٹی نا اینٹ نہ گارا

پہیلی کاغذ

وا بن سو کو بھون نہ کھاوے
جفت نہین پے طاق کہاوے

پہیلی سنگھاڑا

وہ ناکشتی نا وہ لڑھا
جیتا لاوو پیٹھ پر لے

سدا رہے خشکی مین پڑا
کبھون پانون پانی مین نہ دے

پہیلی طبلہ مردنگ

ماس سیت رنگ سانورو سنگ ہیں ہاتھ
ہارو نا ہر سب کہین اچت ہی جل ماتھ

مارے سے وہ جی اُٹھے بن مارے مرجاے
بن پانون جگ جگ پھرے ہاتھون ہاتھ بکاے

پہیلی شمع

پہیلی بندوق

کارا منھ اور کاری گات
نت اٹھ مار جو سے کھاے

بن بھوجن وہ کرے نہ بات
بول بول سب سبھا رجھاے

پہیلی بندوق

ایک نار دوائین کھاے
اس نار کا رہی سبھاؤ

پیٹ مین واکے ہاتھی جاے
جن دیکھا تن چھاتی لاؤ

پہیلی دھوتی

ایک نار دیکھی ارد ننگی
جو دھوبن کرتی ہو کام

رکھے ہو وہ ٹانگین ننگی
سو ہے واتر یا کا نام

پہیلی آئینہ

ایک نار پیا کو بھانی
تن واکو سگرا جون پانی

پہیلی عرق

دھوپ لگے سوکھے نہیں اور چھاؤں لگے کملائے
میں تجھ پوچھوں اے سکھی یوں لگے مرجھائے

پہیلی چوپڑ

چار دسا کی سو ہلاتی
سر ما جیپا دا کے ہاتھ
تین پرکھ کے ہاتھ بکائی
کبھی نہ سوئی پی کے ساتھ

پہیلی قندیل

سر باندھا پاؤں کا دیکھا سب کے ساتھی
پیٹ میں دیا آگ گادی گلی میں ڈالی پھانسی

پہیلی بندوق

اک متواری ہو ہتیاری پر پر جلد ٹاپا لے
اُلٹا ہاتھی اپنے بھیڑ ڈالے اور نکالے

پہیلی

جو پیوے سو ہی چرہی چلت ہی بن ناون
پران ہرن ہو ہی سوچ بچار دنا ون

پہیلی

ایک نار کے سات کھنبرے
جو کی ناتھ اور سینگ پورے
ادھ کھدرا کھے گن بہتیرے
ایک آنکھ سو چھپ چھپ گھورے

پہیلی بانسری

چپکی سیدھی ہو پیٹ پھونک اٹھی پکار
تان بان مارے سدا نی بھی یہ بچار

پہیلی چاکو

بہت کام کا ہی اک نر
کھڑا ہو کر گھر میں بیٹھے
آدھے دھڑ میں اسکا گھر
کام کرے نہیں تھالا بیٹھے

پہیلی دوات قلم

ایک پرکھ اک تیسوں کالا
کالا منھ کر داسوں بھاگا

اُنکی تو امت پہ اوقات شریف
کون ہو تیری سیادت کا سفیر
تیرے والد کو ہی تب ایک سال
دق سمجھکر یہ دوا تجویز کی
سول لے اک مادہ خر پینے لگا
عمر باقی تھی غرض پائی شفا
آخر کار اس مرض کے بھی لیے
گذرے ہو خلق و کرم ہی مین مدام
جانتے ہین خاص سے یہ تا عوام
تب حکیمون نے یہ تشخیص تمام
شیر خر یا قرص کافور ایک دام
ہر سحر اس شیر کا اک بھر کے جام
پھر ہوا سوزاک ہو بند احتلام
وہ ہو مادہ خر تھی اُسکے آئی کام

ریم سوزاک پدر ہو تو شریف
رحم مادر مین اُلٹ نکلا ہو میر

مُن تو کل ہی نصف انسان نصف خر
قتل حرمت پر خدا کی خلق کے
پرزہ چین جس جس کے ہو تو خوان کا
رات دن پھرتا پھرے ہی ای لعین
بیش و کم تجھ مین نہ دیکھا عقل و حمق
گھر سے اپنے کھاکے جاوے جسکے یان
ہمنے کیا سید نہین دیکھے مگر
کب کسی سید نے باندھی ہو کمر
ہجو کر اُس اُس کی ہر شام و سحر
اُسکے اُسکے گھر مین اُسکے اُسکے گھر
نطفے کی ترکیب کا ہی یہ اثر
جاتے ہی مانگے ہو اُس سے ماحضر

بھیجے تو ناموس جن کا تا بہ اسپ
دے بھی تیرا بھیجین فیل و خر تلک

خشک تنکا نہین سماوے جس جگہ
وان گھسیٹے خلق چوب تر تلک

جس گہر مین ہو نہ رشتے کی جگہ
بارکش بھیجے گا اُس گوہر تلک

یہ ترا موتی کا ہی قیمت شکن
پھر بہا کب اسکا سیم و زر تلک

مرغ ہووے حیدر آبادی تو خلق
دیکھ لے ہی اُسکے بال و پر تلک

گر اصالت کے نشان پر ہو خلاف
پہونچے ہی وہ کودکش کے گھر تلک

اب نسب تیرا جو ہی اس وضع پر
پہونچے کب پیغمبر و حیدر تلک

ریم سوزاک پدر ہی تو شریر
رحم مادر مین الٹ نکلا ہو میر

تو نہین سید کیا مین امتحان
آل پیغمبر کی کب ہی یہ زبان

جگ مین اب تیری سیادت کا نسب
سمجھے ہین نبوی تلک پیر و جوان

وضع کو تیری نہین اب فائدہ
کیجیے گر قصد بے تیر و کمان

بل اگر پاتے برآمد کا ترے
ایک گز کے بیچ پھر تو تھا کہان

ای نبی ہول ترا روز ازل
خاک آدم مین اگر ہوتا نشان

ہجو کرتا ہون تو اُن اشخاص کی
وہ جو ہین ممتاز زیر آسمان

جو تو سید ہوئے تو دیوون بجھے
یہ روپے تو وہ نہین جیسے کہ تو
کہ معالج خان نے تیرا کیا لیا
میر نواب اور انکے بھائی کی
مین یہ سمجھون ہون کہ تو اس ضع سے
میرزا بہگو سے تا مرزا علی
اور نام انکا تو لے سکتا نہین
تجھ سوا کس میر کی ایسی ہو شکل
تو جتاوے اپنی میری جس گھڑی

خمس کے پیسے تو ہین گھر مین دھرے
رنڈیان لیجانے کے کھوٹے کھرے
تو جو انکا منھ مین اپنے گھ بھرے
ہجو تو کرتا ہی وہ ہین منگرے
آج اگر جیتا بچے تو کل مرے
نظم مین آئے ترے سب سے پرے
جنسے ہین یہ شخص رتبہ مین درے
جسکی صورت دیکھکر شیطان ڈرے
گو یدت این حرف ہر دانشورے

ریم سوزاک پدر ہی تو شریر
رحم مادر مین الٹ نکلا ہی میر

یہ تو ہی ممکن جہان سے تو اٹھے
جس زمین پر بوجھ کھانیکی تو کب
مثل سگ ہی جوع سے تیرے نحال
ہاتھ سے کہنے مین ہی اٹھنے سے حرف

دود اٹھے جس گھر نہ دانسے تو اٹھے
گردش ہفت آسمان سے تو اٹھے
گوشت کھا کر استخوان سے تو اٹھے
یہ تو کیا معنے زبان سے تو اٹھے

قدر و یا بولے ہی مین ہون اُستاد
مین کیا فن شاعری ایجاد

آکے شیدا جو ہو مرا شاگرد
گوش دل سے سُنے مرا ارشاد

مرتبہ اسکے شعر کا ہو یہ
سخن اُسکا سخن کے ہو اُستاد

رفتہ رفتہ سُنا یہ شیدا نے
کہا اُسنے کہ خوانمان برباد

معنی کے گھر کو تو نے ویران کر
پھینک دی اُسکی کھود کر بنیاد

کس طرح سے مین ہون ترا شاگرد
بیت سعدی کی یہ مجھے ہی یاد

کس نیاید بزیر سایۂ بوم
در ہما از جہان شود معدوم

مان میرا کہا خدا سے ڈر
اپنا شاگرد تو کسی کو نہ کر

بولی تیری جو کوئی بولے گا
تیری بولی کا ہوگا اُسمین اثر

آگے کو دیکھیے خدا جانے
اُجڑے اُسکی صدا سے کسکا گھر

جس جگہ بیٹھکر وہ بولے گا
تیر گولی چلے گی وان اُس پر

مار کر جب کوئی گرا دے اُسے
ورنا لوتھ اُسکی کھاٹ پہ دھر

چیلین کاندھے پہ دھر تو بیٹھین گے
یہی کہہ کہ کے اپنا سینہ و سر

کس نیاید بزیر سایۂ بوم
در ہما از جہان شود معدوم

صورتون مین پرینگے رنگا رنگ
چاہے اتو ہی تو رہے بن کر
لال طوسی سفید اور کالے
خلق شاگرد اپنے کر ڈالے

کس نیاید بزیر سایۂ بوم
درہما از جہان شود معدوم

تیری جس باغ تک صدا جاوے
تجکو اس گل زمین سے جلد کوئی
اُس محلے کو تو اُجاڑے ہی
ٹوئیان طوطے کے کچھ اس قابل
گر نہ شاعر جہان مین ہو کوئی
شومی قسمت اپنی سے تجھ تک
پھر کوئی خار و خس نہ وان پاوے
کچھ تصدق دے راہ بتلاوے
آپ کو جس محلے پہونچاوے
ہین جو بولی تو اپنی سکھلاوے
تجکو سوداؔ نہ شعر دکھلاوے
کوئی ناکس ہی آوے تو آوے

کس نیاید بزیر سایۂ بوم
درہما از جہان شود معدوم

ای بیابان نحسیت کے غول
فرخ آباد کے محلون مین
جلد یان سے نکل وگرنہ ترا
بستیون کو نہ کر تو انوا ڈول
حد سے باہر تو کر چکا ہی کلول
بھرم مین اسطرح سے دونگا کھول

در فرقت نہین آسان مجھے کہتا تھا
اسقدر مست ہو تو نادان مجھے کہتا تھا
دیکھ تو ہوگا پشیمان مجھے کہتا تھا
کیون تو لیتا ہی مری جان مجھے کہتا تھا

آنچہ کردی تو دلا با خود و با جان من
کس نہ کرد ست چنین کار گہی با دشمن

تجکو اُس شوخ سے تنہا نہ پڑا ہی پالا
مفت مین تجکو بھی لیجا کے بلا مین ڈالا
ملکے آنکھون سے دوانے تو مرا گھر گھالا
کیون رے دل کہ تو بھلا اپنے ترا کیا ڈھالا
کیون ہوا ہی تو مری جان کا لینے والا
ہائے رے ہائے مین دشمن کو بغل مین پالا

این زمان چارہ نداریم و چہ تدبیر کنیم
کردۂ خود بکہ گوئیم و چہ تقریر کنیم

کیا کرے دل بھی بڑھا ہی یہ محبت کا فسون
کب تلک دل سے مین اس کا دشمن بیجا کو کرون
اس غم و درد بلا ہیچ کہانتک مین کرون
آتش غم سے طرح شمع کے رو رو کے جلون
اب نہین تاب زبان کو جو مین خاموش کرون
کیونکہ احوال دل اُس شوخ سے جا کر کہون

شرح این آتش جانسوز نگفتن تا کی
سوختم سوختم این راز نہفتن تا کی

یار تجھ زلف کی سودا مین پریشان ہی دل
تیرے دیدار کا جون آئینہ حیران ہی دل

مین عبث غیر کا شکوہ یہ کیا تجھسے یارا
دیکھ لینا تھا جو کچھ دیکھ لیا تجھسے یارا

گر بظاہر بکسی خلق نکو خواہی کرد
شوخ بابا تو چہ کردی کہ بادخواہی کرد

شیشۂ دل کو مرے سنگ ستم سے پھوڑا
دل نے میری بھی منھ اب تیری طرف سے موڑا

تم جو کچھ ساتھ کیا میرے نہین وہ تھوڑا
مجکو بھاتا نہین ہر دم کا ترا نکتوڑا

خوبرویون کا جہان بیچ نہین کچھ توڑا
شعر وحشی کا دل اپنے پہ یہین لکھ چھوڑا

سید ہم جاے دگر دل بدل آرائے دگر
چشم خود فرش کن زیر کف پاے دگر

صحبت بد مین تمھین آٹھ پہر صحبت ہی
غیر کے ساتھ شب و روز تمھین خلوت ہی

دیکھکر طرز تمھارے یہ مجھے حسرت ہی
گر ہو تم آدمی زادے تو یہ کیا غیرت ہی

واہ وا چاہیے امرد کو یون ہین حرمت ہی
ایسی برداشت کی اب کسکو میان طاقت ہی

گر چنین ست کہ دائم بملامت باشد
ما بخیریم و شما نیز سلامت باشد

چشم بد دور میان خوب نکالے ہو ڈھنگ
جا بجا ڑون مین قدح بھر کے لگے پینے بنگ

بیٹھکر خندون مین سیکھے ہو یہ نامنھ جنگ
اسقدر آپ سے اب تمنے اٹھایا ہی تنگ

این نہ گویم کہ من از دست تو گشتم دلریش
کردۂ خویش مثل ہست کہ می آید پیش

اب تو کہتے ہین حریفان دغاباز مدام
ہوگا معلوم نکالوگے جو خط انکے کلام
پھر تو رسوا کرینگے ملکے تمھین خاص و عام

ای میان بیٹھی محبت کی تری ہم ہین غلام
سب جلے جائینگے آخر یہ تمھین کر بدنام
دیکھ اب بھی سمجھ ای یار نہ کر ایسا کام

زان بیندیش کہ از کردہ پشیمان باشی
جمع ناجمع نباشی تو پریشان باشی

کاشکے تجھسے مری مہر کے رشتے ٹوٹین
غیر سے ملکے کبھو ہمکو نہ پوچھو جھوٹین
کب تلک زہر کے گھونٹونکو بھلا ہم گھوٹین

تب تو ای یار جلے دلکے پھپھولے پھوٹین
ہم ترستے ہی رہین غیر فرے یون لوٹین
مار بھی ڈالو بلا سے تو بلا سے چھوٹین

آنقدر زندگی خویش مراد شوارست
گر تو ناحق بکشی حق تو برمن یارست

کیا کوئی تجھسا ارے یار نہ تھا دنیا مین
کیا کسو کو کسو سے پیار نہ تھا دنیا مین
عشق سے کسکو سروکار نہ تھا دنیا مین

کیا کوئی اور طرحدار نہ تھا دنیا مین
کیا کہین اور گرفتار نہ تھا دنیا مین
یہ ستم اور یہ زنہار نہ تھا دنیا مین

مسدس در ہجو دختر مولوی ندرت کشمیری

رکھے ہے مولوی دختر کہ دین و دل نیاز اوہ
مطول کو کرے ہے مختصر زلف دراز اوہ
فضیلت نور باشی کی کثیر کا رساز اوہ
اشارات نگاہ چشم ہے جادو طراز اوہ

بدقت میتوان فہمید معنیہاے نازاوہ
کہ شرح حکمت العینیت مژگان درازاوہ

کتابی ہے پہ یون اسکو دھنک کا جل لگایا ہے
کہ لونڈی جسکی اب ہر سطر انوار سہیلی ہے
کب اسکی بیٹھتی ہے ری کی کرہ کڑوی کسیلی ہے
غرض اسکی ادا کا پوچھنا مشکل پہیلی ہے

بدقت میتوان فہمید معنیہاے نازاوہ
کہ شرح حکمت العینیت مژگان درازاوہ

بجا ہے کہیے گر علامہ وقت اسکو ای یارو
رسالہ علم میں غمزے کے جس نے ایسا لکھا ہے
اگر اک ورق اسکا ہاتھ میں ہو مولوی کے دو
کہیں کھ ناک پر عینک مطالعہ کرکے وہ اسکو

بدقت میتوان فہمید معنیہاے نازاوہ
کہ شرح حکمت العینیت مژگان درازاوہ

جو کوئی شعر مشکل مولوی جی کو سناتا ہے
تو معنی کہکے یون بولے ابھی مجکو کیون بکاتا ہے

خسرو انجھسا کوئی دوران ہم پہونچائے تو
باب تخت سلطنت ایسا ہمیں دکھلائے تو

تجھ در دولت پہ یوں لوبے سلیمان آئے تو
اے جہاں بادشاہی راست بر بالائے تو

زینت تاج نگین از گوہر والائے تو

دیکھ تجھ شاہ بلند اختر کو بولیں بیک و بد
آسمان جاہا رہے تیرا طلوع تا ابد

ذات سے ہے تیرے تو رانی نسب تیری کی جد
آفتاب صبح را ہر دم فروغی میدہد

از کلاہ خسروی رخسار مہ سیمائے تو

آسمان تک گر کوئی پہونچے زمیں سے کر کے جست
گرد رہ تیرے کے آگے مرتبہ اسکا ہے پست

فیض کو تیری قدم کے کسکا پہونچے فیض دست
گرچہ خورشید فلک چشم و چراغ عالم ست

روشنائی بخش چشم اوست خاک پائے تو

مردمک ہے چشم تیرے کی مہوس خسروا
خاک کو جسکی نگہ کردے طلائی کیمیا

اوج دولت کو نہ پہونچا کوئی بن تیرے بھلا
جلوہ گاہ طائر اقبال باشد ہر کجا

سایہ انداز ہما از چتر گردون سائے تو

علم کی مبحث میں ہا ہیات جو کی تو نے صاف
اس سے رکھ سکتا ہے کب منقول معقول انحراف

حاشیہ تصنیف کا تیری نہ لکھیں بے خلاف
در علوم شرع و حکمت با ہزاران اختلاف

نکتہ گاہے نشد فوت از دل دانائے تو

غزل کلم مخمس سوم تضمین

جو چاہے تو کہ گرفتار ہوں میں تیری پر
بلطف و خلق توان کرد صید اہل نظر
بدام و دانہ نگیرند مرغ دانا را

ترا سا حسن نہیں جگ میں تو ہے لاریب
ولے نہیں ہمیں معلوم سر عالم غیب
جو فکر قبح میں اب سر کو لاؤ سوئے حبیب
جز این قدر نتوان گفت در جمال تو عیب
کہ خال مہر و وفا نیست روی زیبا را

لبوں کو گر جب اس نوجوان نے خط کو رکھا
چمن چمن میں پڑا شور ہر طرف غوغا
ہر ایک مرغ نے دی باغ باغ ہو یہ دعا
شکر فروش کہ عمرش دراز باد چرا
کہ نفقہ نے نکند طوطی شکر خا را

نصیب کرے سعادت کا تیری بر میں درخت
جو دیویں جام جم اور کیقباد کا بھی تخت
گذشتگان کی طرف سے نہ رکھ تو دل کو سخت
بقیض صحبت احباب و آشنای تخت
بیاد آر محبان دشت پیما را

الٰہی ربط محبت کرے خدائی نیست
بتان کے تانہ کرے خلق کو جدائی نیست
کریگی ہستی کو انکی تو بیوفائی نیست
ندانم از چہ سبب بے نگاہ آشنائی نیست
سہی قدان سیہ چشم ماہ سیما را

کھلے ہے سود و بیاز نہفتہ حافظ
کہ کھلے تو نے ہی شعر شگفتہ حافظ

دل کو دھو ڈال مرے بغض سے لے جام بدست | مذہب صبح و آزاد ہمین یک صف بست

چیست آسائش کونین بسکساری دل

چشم غازہ گر آرام ہو ایسی ہی کہ بس | صبر کی جنس سے چھوڑین نہ یہ ژگان اگر خسر
دل کو بیجا ترے کوچے مین ہے نالی کی ہوس | راہزن را نبود بانگ فریاد و جرس

ترک یغما نکند غمزہ ات آزاری دل

سمجھے سودا ہی یہ بات جو اسکا ہی علیم | دل کا اس بن نہین چارہ کہ یہ ہو جاوے نیم
کون اس حال مین امداد کرے یار و ندیم | عشق چون تیغ کشد بر دل بیچارہ کلیم

کیست جز داغ کہ آید بسپرداری دل

مخمس چہارم

نہ بلبل ہون کہ اس گلشن مین سر گل مجھے بھائے | نہ طوطی ہون کہ دل میرا فضا باغ لیجائے
مین ہون طاؤس آتشبازی کیسی ہی بہار آئے | نہ با صحرا سری دارم نہ با گلزار سودائے

بہر جا میروم از خویش می بالد تماشائے

تسلی اس سبو سے بھی نہین ہوتی مجھے کیون ملے | گرانی اسقدر پاؤن پہ سر ہے اسقدر رنگین
چلو اٹھ اب بلا سے ای ساقی ہوس کو ہے چمن رنگین | پہ گل چیند دماغ آزرو از تشنہ لبان تسکین

جو آنکھیں ہیں تو ہر قطرہ ہے شبنم کے ہے روشن
در ین گلشن نمیبینیست ترک احولی کردن

کہ در ہر برگ گل آئینہ دار حسن یکتائے

کیا ہیں فرض ہیں تسبیح میں ہم تو بیش و کم زاہد
نگاہ دیدۂ تحقیق تو اور اشک ہم زاہد

نہ دے پیری سوداسے تیری یکدم زاہد
من و بیدل حریف سعی بیجا نیستم زاہد

تو و قطع منازلہا من و یک لغزش پائے

مخمس پنجم

وہ کون سی گھڑی تھی جب من لگن لگائی
تن چھوڑتی نہیں ہے یکشب تپ جدائی

اور وصل مانگتا ہے جی مجھ سے منہ دکھائی
من شمع جان گدازم تو صبح دل کشائی

سوزم گرت نہ بینم میرم چو رخ نمائی

دوری سے تیری مجکو اے آفتاب عالم
روتے ہی روتے گذریں راتیں مثال شبنم

جسدم تو منہ دکھاوے تو ہوں فنا میں اسدم
نزدیک آ نشینم دور آنچنان کہ گفتم

نہ تاب وصل دارم نہ طاقت جدائی

مخمس ششم تضمین غزل امیر خسرو رح

پھر تو یہ ولولے تھے دل جنون کے مارے
پھاڑ کر پھینک دیں ہیں کپڑے بدن کے سارے

خیر گذری کہ لے آئی کشش دل بارے
پیشتم آمد بسر کوچہ پری رخسارے

کافرے عشوہ گرے زلف چو زنار بدوش

بسکہ اس دل کو تھی اس آفت دین کی درخواست
اپنے احوال میں بھی رہ نہ سکا کچھ وکاست

ہو کے بے صبر میں جا سامنے اسکے اک رات
گفتم این کوی چہ گوئیست ترا خانہ کجاست

ای مہ نو خم ابروے ترا حلقہ بگوش

کھینچ لایا ہے ادھر عشق مجھے مار کمند
شیخ و زاہد کی میں کافر ہوں جو مانوں ایسند

سنکے یہ عرض مری ہو متامل یک چند
گفت بسبح بخاک افگن و زنار ببند

سنگ بر شیشۂ تقوی زن و پیمانہ بنوش

الفت دین کو دل اپنے سے تو اب کر کے پرے
وے مری امر کو جا گہ تو یہ درجے ہے ورے

شوق جسدم ترا تجھ بیں سے تجھے دور کرے
بعد ازین پیش من آتا بتو گویم خبرے

راہ بنمایم اگر بر سخنم داری گوش

وے ٹپک سر سے یہ عمامہ پرے اے شیخ غضب
پہونچا اس بوجھ سے تو منزل مقصود کو کب

ساغر حور سے رکھ دور ہوس اپنے لب
بگذر از صومعہ و راہ بمیخانہ طلب

خرقہ بیرون فگن و کسوت رندانہ پوش

از دم صبح ازل تا بقیامت مدہوش

نہ تو یاں دیر و حرم کی سی مکانیں تنگی
خانقاہ و مدرسہ کی طرح نہ صحبت جنگی
دل میں سودا تو خیالات نکر جوں تنگی
گر ترا ہست درین کوچہ نہ سر کی تنگی

دین و دنیا بیکے جرعہ چو عصمت بفروش

مخمس ہشتم تضمین غزل شاہ ناصر علی

پسر بعد از پدر گر نیک و نامآور شود پیدا
بدان ماند ز تخم نخل شیرین تر شود پیدا
بوصفش از زبانہا این سخن اکثر شود پیدا
نکوئی گر رود زین بحر نیکوتر شود پیدا

چو گیرد قطرۂ راہ عدم گوہر شود پیدا

ہوا ہی کس بضاعت پر تو ملک عشق کا راہی
نہ خونی اشک نے لخت جگر نہ رنگ ہی کا ہی
خودی اور کبر نے رکھا ہی تجکو دور از گاہی
بطاعت کوش گر عشق بلا انگیز منجہ ہی

متاع جمع کن شاید کہ غارتگر شود پیدا

شباب اپنی کی ہستی سی جو کھویا اختیار از دست
تو وقت شیب کو نادان نکھو تو زنہار از دست
ندے اتنا بھی اب تو دامن ہمت کو تو از دست
بہ پیری سعی کن گر در جوانی رفت کار از دست

ز رگ گشتہ در آتش زخم کاکتر شود پیدا

پاس ناموس محبت ہی میں ہے عاشق کو سود
گو جراحت ہو سر تیغ عشق کی ہر دم فزود

اپنے بالین پر نہ میں جراح کا چاہوں ورود
کے بہر ناخرے چاک جگر خواہم نمود

من کہ زخمش را نہان از چشم سوزن داشتم

کل خمار آلودہ میں گھر سے جو نکلا صبحدم
قتل پر راضی تھا مردی جو دے تیغ بیش و کم

یک بیک پہونچا مجھے جام لب میگون بہم
بزر لال خضر اکنون صد تغافل میزنم

منکہ چشم از تشنگی بر آب آہن داشتم

کون میری طرح عشرت سے ہوا ہے کامیاب
کسنے اس خوبی سے بیٹھا جیا میں پی ہے شراب

ساقی گلفام کی چہرے سے اٹھتی ہے نقاب
روشنی از بزم من ریوزہ میکرد آفتاب

در چراغ عیش تا از بادہ روغن داشتم

عشق رنگے دو پہ میرے جب لگا کرنے نمود
جو ہوئے مانع مجھے سمجھا انھیں نے ہے یہ سود

دوستی سے لالہ رویان کے ہوا آخر یہ سود
ہمچو ماہی غیر داغم پوشش دیگر نہ بود

تا کفن آید ہمین یکجامہ بر تن داشتم

صاحب دیوان تھا جب شام سے تا وقت صبح
کل زمین شعر میں کی تخم معنی کی جو کاشت

پرورش کی ہے سخندان سے رکھی تھا چشم داشت
ہیچگہ ذوق طلب از جستجو بازم نداشت

خوشہ چین بودم من آنروز یکہ خرمن داشتم

غزل از افاخر ملیح پانزدہم تضمین

مشغول صفا تیم و بے ذات نہ رفتیم
ملیح را

از خویش و نہ بیگانہ تو رو پوش نشستی
از من بسر انداختہ تا دوش نشستی

آن فاز و ادا کردہ فراموش نشستی
خون شد دلم از فکر کہ چون دوش نشستی

از

از بهر چه سر پرده در آغوش نشستی

پیمان ترا ای یار نه دیدیم کبھی محکم
ہو عہد ترا ہم سے وفا غیر ہی اسدم

اس عدہ خلافی سے جگر خون کری غم
برخاست نے دل نالہ سو بیہوش فتادم

با غیر چو ای وعدہ فراموش نشستی

دیدار کا شوق اپنے مری چشم سے کھویا
دیدار اپنے کا گوہر مرے کانون مین پرویا

پیغامبرون کا ہون تجھے ندنون جو یا
سازیم ز دیدار بہ پیغام تو گویا

برخاستی از دیدہ و در گوش نشستی

صائب کا ہی اشعار کا ہر ایک ثنا خوان
کہتے ہین فصیحی کہ نہین ہی وہ زباندان

فیضی و ابو الفضل کو طوطی کہین ناوان
از ہوش ربودند مکین ہر زہ درایان

خیر ست چرا این ہمہ بیہوش نشستی

شوکت جو کیو ترہی بخاری کا سو دہ داغ
بیدل زغن ہندی و ناصر علی یکزاغ

تمکین نے کیا تیرے جون لالہ مجھے داغ
شور زغن و زاغ بلند ست درین باغ

ای بلبل خوش لہجہ تو خاموش نشستی

مخمس و ازدہم

سمندر کو فرو دا آتش گل گلزار سے بھائی

محبت جب کار عشق میں آتی ہے ہمت پر
گھر کے سول لیتی ہے حرف کو نقد دل یکسر

اگر تو عاشق صادق ہے کیجو بیچین باور
محبت ہے وہ مشاطہ کہ جس نے شکل رشک کی

بہ از یوسف بنا کر چشم میں خوبانکے دکھائی

محبت میں نہیں خوبی آگے زشت ناکارے
محبت ہو تو ہوں زنگی پسر کے لب شکر پارے

نگہ میں عشق کے لگتے ہیں دونوں ایک سے پیارے
جواہر سرمہ چشم مرغ کو ہیں صبح کے تارے

ہے ظلمت شام کی پشپرک کی آنکھوں میں بینائی

تمیز اسمیں کہاں پائے شراب عشق جس نے پی
وہ ہے خوب اسکی آنکھوں میں جسے چاہے کیا جی

سمجھنا غیر حرف راستی اپنا نہیں ہے ذی
کشش دل کی ہو پیسی شوخ ہے جس رو سو قمر کی

نظر میں حسن طوبی سے بھی حسن سرو بالائی

دل فرہاد و مجنوں لیلی و شیریں پہ شیدا تھا
حسین ان دونوں میں تھی کون کیسا ہو ہویدا تھا

ولے یکساں تھا حال انکا انہوں نے تو پہ شیدا تھا
جمال یار دونوں کے دلوں میں جوں سویدا تھا

محبت میں نہ خوب زشت میں کی نکتہ پیرائی

تمیز نیک و بد واں کب تھی الفت کی جہاں دخل تھی
خرد بیہوش تھی جس دم مقام عشق میں داخل تھی

نہ تھی وہ چیز جو تفریق کی دونوں کی دریا تھی
سنا ہے ربط محمود و ایاز آخر وہ کیا شے تھی

حسن نے دیکھا ہے اک ایسا کہ نہ دیدہ نہ شنید
ہے گل و صبح کا جلوہ بشب تار پدید
گرچہ یہ بات ہے فہمید خلائق سے بعید
دیکھے ہا بین و زلف اسکے سحر و سفید

جن نے دیکھے نہوں یارو بشبستان گل و صبح

کچھ بہار آگئے ان سے بھی ہوئی رسوائی
دیکھا کوئی نہیں سو چمن بھر کے نظر
موجب سکا بھی کچھ ہووے گا اے یار دگر
جب سے دستار سفید اسکے سجی چہرے پر

جلوہ نظروں میں نہیں تو ہیں چمنزار گل و صبح

آج شادی ہے اگر دہر میں کل ماتم ہے
خوشی راحت سے عبث رنج سے بیجا غم ہے
پیروہ سمجھے ہے جو تحقیق سے کچھ محرم ہے
باغ دنیا میں سدا شادی و غم توام ہے

روئے شبنم چمن ہووے جو خندان گل و صبح

ہرزہ گردی ہے فقط ہووے اگر شیشہ و جام
کرنی گلگشت چمن بی مے و ساقی کس کام
ہو میسر جو یہ سامان تو ہے پھر عیش تمام
اپنے سودا سے کہا ہوتے کو ناحق بدنام

دیکھنے باغ میں کیوں جاوے ہے نادان گل و صبح

میں کہوں تجھ سے سخن گوش دل کر تو اگر
عیش دنیا نہیں موقوف بی لوائی اس پر
کہ چمن ہووے پر از گل تو دامان سحر
ہو جہاں بادہ گلنار بلورین ساغر

اپنے نزدیک تو ہے جلوہ کنان وان گل و صبح

اب ہون غرض مین طرفہ مصیبت مین مبتلا — کس سے کرون مین عرض دل جا کے ای خدا

دل دادہ زلف رخ دلبر ندیدہ ہون

آیا نہ رحم تجکو مرے حال پر کبھو — پوچھا نہ تونے آکے مرے چشم سے لہو

دیویگا کیا جواب خدا کے تو روبرو — کرتا ہی جا کے گل کی تسلی چمن مین تو

خون جگر سے مین بھی تو دامن کشیدہ ہون

بسمل صفت نہین مجھے آرام ایکپل — ہی مرگ میرے دم سے نہایت ہی متصل

ملنا اگر ہی مجھسے تو خالم شتاب مل — غافل ہی کیون ترا مری فرقت سے گوش دل

ای بے خبر مین نالہ حلق بریدہ ہون

پوچھا نہ یون کبھو کہ ترا رنگ کیون ہی زرد — کہتا نہ تو کبھو یہ مجھے بھر کے آہ سرد

تو کون ہی کہ ملتا ہی چہرے سے اپنے گرد — مین کیا کہون کہ کون ہون سو اقبال درد

جو کچھ کہ ہون سو ہون غرض آفت رسیدہ ہون

مخمس پانزدہم

کوئی اگر کسی کو اذیت دیا کرے — فکر اسکی ہر طرح وہ مکافات کیا کرے

تیر ار ستم رسیدہ یہ رو رو کہا کرے — بدلا ترے ستم کا کوئی تجھسے کیا کرے

فرصت چمن کی سیر کی لیکن ہمین کہان
فکر معاش و عشق بتان یاد رفتگان
اس زندگی مین اب کوئی کیا کیا کیا کرے

ہو جسکو اس جہان مین راحت بھی بیش و کم
سمجھا کرے وہ یار کو ہر آن مغتنم
اسکی جدائی کا ہی ہر اک شخص پر الم
تنہا نہ روز ہجر سے سودا پہ ہی ستم
پروانہ سان وصال مین ہر شب جلا کرے

مخمس شانزدہم

نہ کر عاشقون مین محبت کہان ہی
سدا ایک سی انکی الفت کہان ہی
تجھے ویسے لوگونسے صحبت کہان ہی
ترے پاس عاشق کی عزت کہان ہی
تجھے بے مروت مروت کہان ہی

مجھے آزردہ ہی زمانے مین اپنی
کہون تیرے آگے کہانی مین اپنی
سناؤن تجھے جانفشانی مین اپنی
بیان کیا کرون ناتوانی مین اپنی
مجھے بات کہنے کی طاقت کہان ہی

کہے ہی مجھے کھینچکر تیغ ہر دن
نہین رہتے میرا گلا تم کیے بن
سمجھنا نہین اسقدر نیک باطن
مین شکوہ کرون جور ظالم سے لیکن

مت پوچھ مرے دل کا سر پہ سے مرے ٹلنا
منھ کر کے سیہ گھر سے ہر صبح نکل چلنا
جب رات کہ ہوتی ہے پھر شمع نمط گلنا
ہر روز کا وہ مرنا ہر رات کا یہ جلنا

کیا کام کیا دل نے دیوانے کو کیا کہیے

تقدیر کے لکھے کو امکان نہیں دھونا
تقصیر نہیں دل کی قسمت کا برا ہونا
ہر چند مسلم ہے اب جی کے تئیں کھونا
لیکن مجھے آتا ہے پھر پھر کے یہی رونا

کیا کام کیا دل نے دیوانے کو کیا کہیے

اس جینے سے بہتر ہے اب مت پڑا مرنا
جل بجھیے کہیں جا کر یا ڈوب کہیں مریے
کس طور کٹیں راتیں کس طرح سے دن بھریے
کچھ بن نہیں آتی ہے حیران ہوں کیا کریے

کیا کام کیا دل نے دیوانے کو کیا کہیے

گلشن میں زمانے کے یوں عمر کٹی ساری
ہر ایک طرف پھرنا کرتے ہوئے میخواری
آزادگی میری بھی سر وار یہ ہے بھاری
انصاف کرو یارو میں اور گرفتاری

کیا کام کیا دل نے دیوانے کو کیا کہیے

جو مجھ پہ گذرتی ہے مقدور نہیں سہنا
خون جگر آنکھوں سے دامان تلک بہنا
جو بات کوئی پوچھے منھ دیکھ کے تک رہنا
دینا نہ جواب اسکو کہنا تو یہی کہنا

کیا کام کیا دل نے دیوانے کو کیا کہیے

آواز ساقی ہی جگر مین ہزار کی | ساقی خبر شتاب لے میرے خمار کی

طاقت نہین رہی ہی مجھے انتظار کی

مژگان پر نگٹ پہ دہ تصویر روز و شب | آپس مین آشنا نہین کیسا ہی یہ تعب

حیران ہون زندگانی کا میری ہی کیا سبب | ظالم پہونچ شتاب کہ اس سے زیادہ لب

طاقت نہین رہی ہی مجھے انتظار کی

گر عاشقون کے گھر مجھے آنا ہی ننگ و عار | اپنی ہی پشت بام پہ آکر کے ایکبار

ابرو ہلال عید کے مانند تجکو یار | ٹک دور سے دکھا دے کہ جون طفل روزہ دار

طاقت نہین رہی ہی مجھے انتظار کی

ظالم شتاب چل کہ تغافل ہی مجھپہ جبر | اٹھا ہی کس بہار سے مژگان کا میرے ابر

کافر ہون مین جو تجکو نجانون نہ دیگر | ایوب تو نہین ہون کہانتک کرون صبر

طاقت نہین رہی ہی مجھے انتظار کی

گذری ہی بات عمر کی اب تجھ بغیر یار | کوئی گھڑی ہی اور ہون دنیا مین میہمان

آنکھون کے تل سے پہونچی ہی میری ہی جان | جاے تشہد اسکو ہی یہ ذکر آن آن

طاقت نہین رہی ہی مجھے انتظار کی

حیران ہون کیا کرون کا مرا وعدہ دیا | اس تجھلے کے بیچ مرا کام ہی تمام

شعر

مخمس بست و یکم

وہ مہر وہ وفا وہ عنایات ہو گئی
وہ مہربان گئے وہ مدارات ہو گئی
صحبت تو رفتہ رفتہ یہ ہیہات ہو گئی
جھڑکی تو بد تون سے مساوات ہو گئی
گالی کبھو ندی تھی سو اب بات ہو گئی

کہنا یہ آن آن مرے گھر سے تو نکل
دشنام دینی شرط محل خواہ بے محل
حرمت میں سب مرے غرض آئی خلل
باقی ہے یار کھانی اب گے سو آج کل
سن لو گے تم اسے بھی یہ اوقات ہو گئی

رسوائے خلق خوار جہاں اب میں ہو چکا
بے شرم و بے حیا مجھے آفاق نے کہا
ہرگز نہیں ہے پند و نصیحت سے فائدہ
اب تو میں چھوڑ دیا نہیں اسکو ناصحا
ہونی جو کچھ تھی قبلۂ حاجات ہو گئی

رکھنا بچشم خلق مجھے خوار تا کجا
رہنا ہمیشہ درپے آزار تا کجا
نت اٹھ کے جور و ظلم جفا کار تا کجا
بس اب ستم سے در گذر اے یار تا کجا
آمال دل مرے کی مکافات ہو گئی

وعدہ بھی تھا یہی کہ میں آؤنگا دن ڈھلے
لیکن نہ بعد شام کے پیش از دیے بلے

پھرنے سے گرد شمع کے شب تار رہ گئے

فرہاد و قیس کی ہی مجھے عہد کی خبر
کیا کیا تھے چور و چاؤ محبت کی یکدگر

مجھ خوش نصیب کا ہی قدم سبز استقدم
تیری گلی میں کر کے مری حال پر نظر

جانے سے مرغ بھی سوے گلزار رہ گئے

عاشق کے سر پہ جور تو ہوتا ہی پیشتر
لیکن ادھر تو دیکھ جفا کار یہ ستم

تو نے تو عشق ہی کو اٹھا کر دیا عدم
معشوق کو بھی جب سے سنا کہتے ہیں صنم

بت پوجنے سے بت کے پرستار رہ گئے

شہرت سے تیری مرغ چمن چھوڑ کر چلے
پروانہ بولے شمع سے کیوں اب کوئی جلے

رہنے کا اس کے سایۂ دیوار کے تلے
آنے کا قصد اس کے مصمم ہی تھا ولے

ان خوبیوں سے ہو کے خبردار رہ گئے

اک خلق کو غرور نے تیرے کیا ہلاک
کہتے ہی مجھ سے کر کے گریبان کو اپنے چاک

کہتے ہیں تجھ گلی میں باواز دردناک
آئینہ سان کیوں نہ ملیں اپنے منہ کو خاک

رو دینے سے ہمیں یہ طرحدار رہ گئے

کرنے لگا ہی سبزۂ خط اس سے سازش
ہی سرو قد بھی نسبت سابق کے کچھ دراز

پڑھ پڑھ ہر ایک رو دے ہی یہ بیت جانگداز
اس گل میں اب تلک تو وہی ہی غرور و ناز

سو آرزو تھی دل میں تو یہ بھی رہی رہی
پر غم ہے یہ تمھیں نہ ہوئی ہم سے آگہی
ہر چند کر کے تم سے ہم اظہار رہ گئے

قربی ہے کیا رقیب میں جو تجھکو بھا گیا
دلال کون سا تجھے اس سے ملا گیا
تو کوڑیوں کے مول اسے ہاتھ آ گیا
قیمت پہ ایک دل کے تو ظالم بکا گیا
یوسف کے ہاتھ ملتے خریدار رہ گئے

شب جنہیں کی تھی بادہ خوری تمنے بیٹھکر
کہتے پھرے ہیں ہمکو وہ کیا کیا جدھر تدھر
پیارے غضب ہے اس کا پڑے اُنکے جھوٹھ پر
اتنا تو سچ ہو کرکے تمھیں مست بیخبر
عیاری سے اپنے وہ ہوشیار رہ گئے

کہتے تھے ہم زمانے کو کیا جانتے ہو تم
دُنیا کا نیک بد کہاں پہچانتے ہو تم
صندل کو اپنے ماتھے پہ کیوں سانتے ہو تم
لیکن ہماری بات کوئی مانتے ہو تم
اپنا سا ہم تو کتنا ہی سر مار رہ گئے

ملنے کو تیرے غیر سے ہم سُن کے رہ گئے
دیکھا جو اپنے آنکھوں تو سر دھنکے رہ گئے
آتش کے بیچ رشک سے جل بھنکے رہ گئے
دیوانے ہو کے تنکوں تلک چنکے رہ گئے
کیا کیا ستم نہ سہکے ہم اے یار رہ گئے

ہے راستی تو یہ کہ وہ ہیں لائق جفا
بے غیرتی تو اپنی سمجھتے ہیں جو وفا

مخمس بست وسوم

ایک تاریخ جو دیکھی تو پڑھا کیا کچھ
کیا کہوں میں کہ مورخ نے لکھا کیا کچھ
وہ تو وہ زیر فلک سب چکا کیا کیا کچھ
ہمسے اب آگے زمانے میں ہوا کیا کیا کچھ
تو بھی ہم غافلوں نے آکے کیا کیا کچھ

کیا کہوں تجھسے میں نقصان کی اپنی باتیں
پانی پہونچا نہ سکے جا کے انھوں تک نکھیں
راہ بیچاروں نے پائی نہ کہ دانی نکلیں
دل جگر جان یہ بے منت ہوئی سبہ میں
گھر کو آتش دی محبت نے جلا کیا کچھ

کیا کہوں میں کہ ترے عشق میں کیا مجھپہ ہوا
جیسے کہتا ہی کوئی ہو ترا صفا صفا
زندگی کے غرض اسباب سے اب کچھ نہ رہا
دل گیا صبر گیا ہوش گیا جی بھی گیا
شغل میں غم کے ترے ہمسے گیا کیا کیا کچھ

ناصحا گرچہ میں چاہا بہت ہی بد گفتار
نہ رہے عشق کی مجھ پاس متاع بازار
شکر صد شکر بدرگاہ خدا بلکہ ہزار
حسرت وصل و غم ہجر و خیال آزار
مر گیا میں پہ مرے جی میں رہا کیا کچھ

عشق بازوں میں مرا کیونکہ نہو جانا شاق
کوئی جگ میں نہ رہا پیچھے رفیق عشاق

جیسے ہم آئے تھے سو وادیٔ بیناسی گئے
لائق اس جا میں کسی چیز کے گویا نہ رہے

دور افلاک نے یاں نشو و نما دی کسے
ایک محروم چلے میر ہمیں دنیا سے

ورنہ عالم کو زمانہ نے دیا کیا کیا کچھ

مخمس بست و چہارم

مے کشو بحث ہو کیوں مجھ دل افگار کے ساتھ
کچھ مجھے کام نہیں بادۂ گلنار کے ساتھ

جو رکھو ذوق ملاقات میں خمار کے ساتھ
جی میں چلیں تھیں مری سو تو گئیں یار کے ساتھ

سر پٹکتا ہوں ترا اب در و دیوار کے ساتھ

کیا کیا وعدے کیے تھے تمنے کہو ہمدم دان
کر شگفتہ ہی چمن جلوہ گر اور آب و ان

سو تو ان چیزوں میں اک چیز نہ دیکھی تو ہیا
یار رو کہتے تھے جو ہم لالہ و گل ہیں سو کہاں

سر پٹکتے تو نہ آیا تھا میں کہسار کے ساتھ

ہمکو تو قید قفس کی نہ تھی کچھ تم سے امید
کہ ہمیں دام میں لا کر کرو یوں ظلم شدید

فصل گل حیف ہی جاتی ہی چمن سے بن دید
ہائے صیاد یہ انصاف سے تیرے تھا بعید

اسقدر ظلم و ستم اپنے گرفتار کے ساتھ

عندلیبوں کے لیے زمزمہ عالم کو بھلے
قمری کو سر و چمن لیتے ہیں سایہ کے تلے

آگے ہی دھول دھپا مین تمکو کہہ سنایا

ضاحک نے تب کہا یون مجھ پاس کب ہین کوڑے
گڑ کے تو گلگلے ہین اور تیل کے پکوڑے
بیٹھا کرو جو منھ کو دھیلے کے ہین گندوڑے
تب شیخ سدو بولا سنتا ہی ای نگوڑے

بھینسا ہی لیکے چھوڑون خاطر مین کیا تو لایا

دمڑی مین منھ کو بیٹھا تجکو ہمارے کرنا
دو تیل کے پکوڑے آگے ہمارے دھرنا
گاے اپنے پر نہ دیکھا تھس کا ہماری بھرنا
بکرا نہ لون نہ بھینسا لون ای گدھ تو اونا

تب جائیگا تو بھڑوے پیرون کو مین منایا

خمس بست و ششم

سنتی ہی ای دولھن یہ ترا کیا بھاؤ ہی
یون کہدے اپنے پیے اسوقت داؤ ہی
یا بل بسا طیون کے نگر کا تو راو ہی
نوشہ مرے کو آرسی مصحف کا چاو ہی

عینک کی جوڑی ساتھ لگائے ہین شیخ جی

دولھن شتاب آکے پہونچ اب نگر تو دھیل
سر منہ نہین ہی آنکھون مین شہ کڑھلا ہی نیل
باقی نہین کچھ انمین فقط ہاڑ ہی اصیل
چوٹی دے انکی بیٹھ کے کہتا ہی یان وکیل

طعمہ ابھی اسی کا ہو جاتے ہین شیخ جی

مخمس بست و ہفتم

حسرت الشرا کو پھر چلے جاتے ہین شیخ جی

یہ تو ہین بوڑھے خرس وہ ہی شوخ چلبلی
انکو تو جانتی ہی کہ ہین شیخون مین ولی
باری کبھو تو دھول کبھی داڑھی نوچ لی
کھلتی ہی انکے جورو کی تب اسطرح کلی

پھولے نہین بدن مین سماتے ہین شیخ جی

جب دیکھتی ہی وہ کہ ہی برسات کی ہوا
آتی ہی انکے پاس لیے تیل اور توا
دس بیس دن جھڑی کو ہوئے بیت نہین کھلا
کہتی ہی یہ نہ مانیے گا آپ اب ذرا

ہم تم کو شیخ ڈونڈو بناتے ہین شیخ جی

جب گھنگرو وہ پہنکے چلے ہی لٹکتی چال
عمامہ سر سے پھینک کے ہو جاتے ہین نہال
آتا ہی شیخ جی کے تئین اس صدا پہ حال
تب مہربانگی سے کہتی ہی وہ چنال

اب ہمکو اپنی چاہ جتاتے ہین شیخ جی

اک روز شیخ جی کو جورو سے جا اڑے
اب بس چھپی رکھو کہین جی پکا نہ گر پڑے
کہنے لگی کہ تم ہو بڑون کے مرے بڑے
ڈرتا نہین ہی مجھسے تو ای بھڑوے منہ سڑے

کہدون ابھی وہ اسے ستاتے ہین شیخ جی

ایسی ہی بے ادب نہ خدا سے بھی وہ ڈرے
شانہ کو انکے داڑھی کے بابو نہین کرے
آکر کے شیخ جی کے مصلے پہ ہگ بھرے
یارب کہ وہ چنال شتابی سے اب مرے

زن مریدی کا دکھ اس امر مین ہی یون بھرنا
پیر سے آپ کو جون پیر کا گھوڑا کرنا

بیاہ کے روز یہ عمامہ سر اوپر دھرنا
زین پر ہوگئی گردن تری جھک کر سرنا

شکل خوگیر کے داڑھی تری چوکور بنے

کہتی ہین پاس تری بیٹھی ہوئی سدھنیان
داڑھی ستھی ہی تری شانہ کھیرا ہی میان

عیب سب ہی ترے پانچون نمین عالم پنہان
دی ہی اندھیاری تری آنکھون پہ مقنو ہی کہان

انہین یہ ہار گلے بیچ ہی گل خور بنے

کاٹے ہی زہد کو ایسا ہی تو ہی دندان گیر
کہنہ لنگی نے کیا گوشۂ عزلت مین پیر

کمری ہی یہ کہ کبھو اٹھ نہ سکے چھوڑ حصیر
مارے کم خوری کے کھاتا نہین کچھ غیر از شیر

تس پہ ہی تجھکو تو ندامر سے شکور بنے

سہرا جب منھ پہ ترے دیکھنے بازار لگا
لوگون کی چشم گمان مین تو طرحدار لگا

یان کہون بی بی کے کھانیکو تو ہر بار لگا
کوچی کرنے سے ترے آگے ہی انبار لگا

بوڑھے گھوڑے کی نہین تھان پہ آخود بنے

کام کا دیو تری پیٹھ پہ جس دم لاگا
مارے مستی کے تجھے سوجھا نہ پیچھا آگا

جاپڑا نیری پہ تو پہن کے سوہا باگا
چھانٹی جب ان نے دولتی تو پھر ایسا بھاگا

جتنا تھا بنھا نہ تھنبا ای مرے منھ زور بنے

لفظ بے ربط ملازم کے لیے جسمین پھرین | اچشم کو آہو سے بن شاخ یہ نسبت نہ کرین

ابرو کو تیغ سے تشبیہ نہ دین بے صیقل

ریش بابا جو سنی ہو کوئی قسم انگور | شانہ دو سمہ بن اسکا دہ نہ لادین نکو

ربط الفاظ کو معنی سے نہ دین تا مقدور | لف و نشر انکو مرتب جو ہو کرنا منظور

رام پور کی پہ کٹاری لکھین اور سیاہل

لفظون سے انکا معنی نہو مفہوم کہین | آفرین کرنے مین قصہ ہو تو ہون صبر نہین

کو عرفی سے طلب کرتے ہین جا کر تحسین | زلف عارض کے جو سامانین کرین زیب تضمین

شب شود نیم رخ و روز شود مستقبل

ہو عبارت مین کہین انکے جو لفظ دو گوش | آستین لے کے نکالین ہین تحسین سر گوش

معنی پوچھو تو یہ جھنجھلائین کہ محفل ہو خموش | پاوے مطلب کبھی مدرکہ صاحب ہوش

الفظ لفظ انکا اگر ڈھونڈھے وہ لیکر مشعل

یان تلک باک نہین ہے کہ اگر ساتھ ہو شہر | زلف کے واسطے بندہ جا کے کہے سانپ کی لہر

چشم کے وصف مین گو ہو دے تو ہو گوش ہر | نہ تلاش انکے سخن کا سا کہ جسمین یہ قہر

باندھین لب کو جو یہ فکر تو دہن کو نقل

عالم ربط مین تھا انسے تو میرا یہ معاش | جای دشنام کہا شعر سن انکا شاباش

لعنت خدا کی بھر دے تف اس منہ پہ کلتبان
حلقے کہ سودہ لعل لب خود نبی پران

آزردہ اش ز خنجر بیداد کردہ

اکدم ترے چچا کو نہ دیتی تھی خلق چین
دارالامارہ آکے یہ کہتی تھی دن درین

پھٹکار تجھ پہ واجب و لعنت ہے فرض عین
کام یزید دادہ از کشتن حسین

بنگر کرا بہ قتل کہ دل شاد کردہ

نانا ترے نے پاکے جب اہل حرم پہ دست
یوں کربلا کے بن سے پھرا خون شتر ہو مست

ہر اک نے اس لعین سے کہا ای ستم پرست
بہر خسے کہ خار درخت شقاوت است

در باغ دین چہ با گل دشمنشاد کردہ

ہوگا فرشتگان معذب کے جب درود
جتنا کہیگا تو کہ میں شیعہ ہوں ای یہود

دینگے وہ یہ جواب جلا کر ترے عمود
چندین ز شیعہ بودنت ای دینگے چہ سود

آخر عمل بہ سنت اجداد کردہ

لعنت بڑوں کو اپنے جو کرتا ہے ای لعین
ہے مومنوں کی سب خوشامد نہ پاس دین

ایمان ہو ترے تو نہ سادات سے ہو کین
از زاد ہائے طبع تو معلوم شد چنین

دنیا و دین تو ہر دو برافتاد کردہ

جیسی یہ ہجو تو نے کی باللہ کار لست
شاعر چھٹ اسکا شعر نہ دیکھا میں نادرست

جب مغلوں کو باپ نے منع کر تھا
سمجھا کہ اس شکر سے نہ ہو یکسر جدا

جھنجھلا کے اس غریب نے تجھ پر یوں کہا
آخر بگو نہ اے پسر این وضع تا کجا

اکون را مگر دکا بچہ قتل کردہ

میدان میں جنگ بھری تھا تو ٹھہرے نہ دیدہ تیغ
غالب تھی کرے تھا پہ تا رسیدہ تیغ

کرتا تھا عشق تو دیکھے تھا جب خوبان کی پیدہ تیغ
تا نصف گیر شہ زد ست بریدہ تیغ

فی الفور قصد رستم دستان کردہ

کم ظرف کس قدر ہے تو اے بھوڑے حیا جب
مارے اگر سپاہ تو لگے کہنے آپ کو

میں وہ سپاہی ہوں اڑوں رستم کو دیکھ
در اشہات گزید در اثنائے گفتگو

شاعر شدی و مرثیہ ایجاد کردہ

مرکب نہیں ہے اسپ بلکہ ہے وہ مشک
بے آب یوں رہے ہے وہ جوں کھنچی ہے مشک

کھینچو تو ڈول ہے وہ جو چاہو چڑھو تو مشک
در گرم کردنش چہ نفس سوختی چو مشک

خرکرہ را تو کرتہ حداد کردہ

اے زنجلے چپ لو چھے ہے سودا سے حرف سرا
کتوں سے اب چھپا ہے جو تجھ کو ملکے ہات

پھر گہ جو کھایا تو نے نہ سو سکی باز خواست
مانند شمع سوختن و کشتنت روا است

مدوح خلق را تو بذم یاد کردہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

میں مدلل یہ سخن کرتا ہوں اپنی بحث کر
ہم شعر و زبان ہم اشعر لب اپنا تو

طرح تشخیص ارش زیبا و دلکش بہار بخشد

خاک کشمیری کی ہو خرطوم ہی ہو دو فنون
لیے باہر تیرے دندان طلع کو پاکیزہ

جو کوئی پوچھے نشان تیرے شکل کا میں کیا کہوں
بینش خرطوم دو دندان طلع ہیں اور کیا

بر سر خود خاک زمین ریل بالا ریخت

خاک تو خرطوم سے ہاتھی کی تیری کم نہیں
پکڑ لے کہ جو رو کا دامن ہاتھ تو آ کر

دیکھ کر تیرا تلون یہ کہے وہ نازنین
ہست سودا تجھ ایسے سے تو لعین

پیکرش استاد قدرت پیل آسا ریخت

راہ کو تج کر چلا جب گھر میں پی تو گمراہ
بد دعا یوں تجھ کو شب دیگی وہ رشک ماہ

میری زلفوں کی طرح سے آب کشتہ یا الٰہ
ہم زبان ہم دلش ہم رو ہو باشد سیاہ

طرح ایجاد نوا ہی این رشحہ بیجا ریخت

جب تو مسجد میں لگا دیوی باواز شدید
یار کا جور و کی تیرے خواب جاوے ناپدید

لے چھری بولے وہ ملا کو کہیں بخلیہ شہید
چون خروس بے محل بانگ کو ہی ناپدید

خون خود این خشک از شور بیجا ریخت

عشق کی تیغ نری جور و کا تو بنا ہی نشست
اور عارض بھی ہوئی تھی جو تیش سے ہو از فت

گھوڑے کو دو ندو لگام منھ کو تنک لگام دو

پڑھتے تھے تم جو یہ غزل آ گئے جو ان پیر کے
دیکھے تھا وان تھین ہر ایک انگلی سے آنکھ چیر کے
کیا کروں اسکو میں جو آپ کو گھسے کا تھیر کے
کہہ رہا ہین اشارون سے واسطے اپنے پیر کے

گھوڑے کو دو ندو لگام منھ کو تنک لگام دو

دفتر کو شعر خوانی آپکی گر بتائیے
کپی مین ڈال کنکری سے تین ملائیے
بزم مین شاعرونکی آپ ہین تو وان نجائیے
جائیے بھی تو آپ کے منھ پہ یہ کہکے آئیے

گھوڑے کو دو ندو لگام منھ کو تنک لگام دو

فاضلون کی تو بزم مین ہے سوچا کے شعر خوان
شاعرون پاس آپکو کہتے ہو نحو و صرف دان
دونون ہو جو جمع سمجھ کے پھر تمھین وان جگہ کہان
بولو جو وان تم آنکر سب کہین تمکو تہرمان

گھوڑے کو دو ندو لگام منھ کو تنک لگام دو

اتنا بھی جھوٹ بول جاتی کہ مرے مت بکاؤ
بولو ہو جسکو تم بنو کہتے ہین اسکو وہ جلاؤ
کانہ کچھو سمجھ کے فارسی اپنی مت جتاؤ
مغلون کے آگے مسخرا کر نہ تم آپ کو بتاؤ

گھوڑے کو دو ندو لگام منھ کو تنک لگام دو

مستو کرو نہ بولینگے گاہی وہ فیل و اسپ کو
انکی زبان مین شانہ کو کاہیکو کہتے ہین کنکو
سنکے ہنسے نہ کیون مغل ایسی لچر یہ گفتگو
مغلون کے آگے مولوی اب ہے اسی مین آبرو

لشکر کے بیچ آج ہی قیل و قال ہی
کھانے کی چیز کھانیکا سبکو خیال ہی
یون دخل امر و نہی مین کرنا محال ہی
جو فقہ دان ہین سبکا یہ اُنسے سوال ہی

اک مسخرا یہ کہتا ہی کوا حلال ہے

حامی اُنھونکے قول کا ہوئے ہی چاند خان
اور دوسرے مین کیا کہون اک اُنکو مہربان
کچھ شک ہا ہی کوے کی حلت کے درمیان
ہے جو کوئی پوچھے تو ہم بھی کہین کہ ہان

اک مسخرا یہ کہتا ہی کوا حلال ہی

یارو بسو ہو تم اسی دیر خراب مین
بیٹھا اُٹھا کرو ہو سدا شیخ و شاب مین
حلت لکھے ہی زاغ کسو بھی کتاب مین
جتنی کتب ہین فقہ کی اُنکے جواب مین

اک مسخرا یہ کہتا ہی کوا حلال ہے

بگڑا ہی آج مجتہدون بیچ کیا یہ نیل
بلا لطیف بولے کہ کھانا روا ہی چیل
کہتا ہی چاند خان کیا کس نے حرام فیل
حلت پہ پینڈکی کی میانجی کو ہی دلیل

اک مسخرا یہ کہتا ہی کوا حلال ہی

ہوگا اگر حلال تو کوا پہاڑ کا
لیکن نہ یہ غضب کہ کٹا ہی کے جھاڑ کا
لازم ہی کیا چھوڑنا ہر ایک ہاڑ کا
زور آوری سمجھ کے مزا اپنی ڈھاڑ کا

اک مسخرا یہ کہتا ہی کوا حلال ہے

اک مسخرا یہ کہتا ہے کوا حلال ہے

جب وقت پڑ گیا غرض آپس میں دوست دار
ایدھر سے دھول جانے لگی اور ادھر سے لات
پکڑ لی انھوں نے ان کے جب انکی بات
میدا ہوا اس فساد کا پیچھے تو اتنی بات

اک مسخرا یہ کہتا ہے کوا حلال ہے

لوگوں نے مار مار کے انکو دیا ہٹا
چیرا اٹھا زمین سے یہ کہہ کے لٹ پٹا
بولے میں یا چیوں کے دہوں تو نہیں گھٹا
لیکن میں کیا کروں کہ دل اس بات سے کٹا

اک مسخرا یہ کہتا ہے کوا حلال ہے

الفار بھی سب انکے اس بات پر اڑے
ہم کو زبان طلب کی تو لینگے کھڑے کھڑے
یہ بولے میں لڑونگا وہ بولے کہ بس لڑے
دے لڑ چکے جنھیں کہیں نظر ٹھہرے ٹھہرے

اک مسخرا یہ کہتا ہے کوا حلال ہے

تنخواہ دینے کو نہ وہ ان کے نہ دام
ناچار ہوا انھوں نے کیا صلح کا پیام
سنکر لگے وہ کہنے کہ اپنا نہیں یہ کام
رہنا انھوں کی طرح جنھیں لیں ہاتھ میں دھام

اک مسخرا یہ کہتا ہے کوا حلال ہے

گذران ہوتے تھے کوا کے بیان چھنے
انکی زبان کے چسکوں سے لیکن نہ آپ سے
کوا تو انکے دل میں غذا آ کر گھٹے
یوں ہے وہ کہیں میں جس جس کے

کیا ہی چرخ بنانے میں اسکے ہیں یہ ہنر
نہیں ہی اصلی و نقلی میں فرق ذرہ بھر
جو اور بوم ہو سو مادہ یہ لگے دو نر
جو راہ بات میں آتا ہی صبح و شام نظر
کہے ہی خلق وہ جاتا ہی الو بنیے کا

نظر کرو تو کہ ذرہ بھی بیٹھ رہے ہو شعور
جو ملنے سے کسی دنیا کسی کے ہو وہ مغرور
کسی کو صحبت شر اس سے کچھ نہیں منظور
ہوتی ہی اسکی صنعت گری ہری شعور
ہر ایک دیکھنے آتا ہی الو بنیے کا

فہیم ہو مری صنعت پہ چاہیے قربان
رکھی ہو طوطی کی میں چرخ بیچ اسکی زبان
کہ جو کہے ہی اسے کچھ نہیں ہی اسپر عیان
جسے سمجھ ہو وہ ہوتا ہی اسکو سن حیران
سخن جب اپنے سناتا ہی الو بنیے کا

کیا ہی کام میں وہ ہی جو لائق انعام
قبول خاطر و اتنا ہی پہ خاص و عام
سو چکے دیکھ کے آئینہ ہے ہی شام
نہ پوچھ کر اسے جو کچھ کیا ہی میں نے کام
مرے ہنر کو سناتا ہی الو بنیے کا

میں کاریگر ہوں اندھے کا سب ہی ہی ظاہر
جو کچھ کہ کوئی کرتا ہوں پیٹ کی خاطر
وہ یوم بنیے میں گر نقص ہو کچھ ماہر
تو اسکی شکل کروں اور جانور کی پھر
عبث یہ شور مچاتا ہی الو بنیے کا

رہی فقط عربی باجی پر انھونکی شان
جو چاہیں اسکو نہ بجوا دیں یہ تو کیا امکان
پر انکا فکر ہی تخفیف خرچ پر ہر آن
رہیگا حال اگر ملک کا یہی تو ندان
سگے ہیں طاشا کہا رونکے پالکی ہیں جھول

انھیں ہی اپنی امارت سے اب ہی منظور
کہ ہوں دو موجھل اور ایک کا ہی سمور
نہ رسم صلح کی سمجھیں نہ جنگ کا دستور
جو انکی قاعدہ دان تھی ہوئی وہ انسے دور
قماش انکی طبیعت کا سب طرح سے ٹھول

امیر اب جو ہیں دانا انھونکی ہی یہ چال
ہوئے ہیں خانہ نشین دیکھکر زمانیکا حال
بچھی ہی سونی خوجا کھڑا جھلے ہی رومال
حضور بیٹھے ہیں اک دو ندیم اہل کمال
دھری ہی سامنے اک پیکدان واک تنبول

جو کوئی ملنے کو انکے انھونکے گھر آیا
ملے یہ اُس سے گرا پنا دماغ خوش پایا
جو ذکر سلطنت اسمیں درمیان لایا
انھوں نے پھیر کے اُدھر سے منھ یہ فرمایا
خدا کیواسطے بھائی کچھ اور باتیں بول

جو مصلحت کے لیے جمع ہوں وہ غیر و کبیر
تو ملک مال کا فکر اسطرح کریں ہیں مشیر
وطن پہونچنے کی سوجھی ہی بخشی کو تدبیر
کھڑا یہ اٹھکے دیوان خاص بیچ وزیر
کہ شامیانہ کے بانسونپہ نقرئی ہیں پول

اسی خیال میں رہتی ہے عقل ڈانواں ڈول

اور اب جو زعم میں آقا کے فیلخانا ہے
جو ہتھنی اندھی ہے اسمیں تو ہاتھی کا نا ہے

نہ ٹھور چارے کا راتب کا نہ ٹھکانا ہے
ہر ایک بھوک سے سوئے عدم روانا ہے

اب اسکو خواہ وہ پائل سمجھلیں خواہ انجھول

کرے ہے بھوک سے شاگرد پیشہ ات معاش
کہیں پلاؤ تو باورچی واں پکاویں آش

کریں قناتوں میں دربان بیٹھے پردہ فاش
تلے سے کھینچے مسند کو آنکر فراش

اگر کہیں کہ ٹٹا اٹکے چاندنی کا جھول

یہ خادمان محل کی ہے اندنوں صورت
نہ خوان ہونے کا کشمیری میں باقی ست

نہ اٹھ کے ہلنے کی ہرگز نہ رونے میں طاقت
بنی ہے بھوک سے دربار یونکے منہ کی گت

کہ بوری بیٹھ کے جسطرح بیٹھ جاے گیول

مچا رکھی ہے سلاطینوں نے یہ توبہ ہاڑ
کوئی تو گھر سے نکل آئے ہیں گریبان پھاڑ

کوئی دراز پہ آوے ہے مارتا ہے کواڑ
کوئی کہے جو ہم ایسے ہیں جیسا ہے ہیگی پہاڑ

تو چاہیے کہ ہمیں سب کو زہر دیجیے گھول

غرض مآل ہے اس گفتگو سے یہ میرا
کہ بے زری نے جب ایسا گھر آنکر گھیرا

تو کوئی قصد کرے نوکری کا بہتیرا
نہیں یہ فائدہ کچھ تا وہ چھوڑ کر ڈیرا

اور

اور اب جو دیکھو تو دل ہو گیا زندگی سے اداس
بجائے گل چمنوں میں کمر کمر ہے گھاس
کہیں ستون پڑا ہے کہیں پڑے ہیں غول

یہ باغ کھا گئی کسی کی نظر نہیں معلوم
بجانے کس نے رکھا یاں قدم وہ کون تھا شوم
جہاں تھے سرو و صنوبر وہاں ہے گاہ و قوم
بچی ہے زاغ و زغن سے اب اس چمن میں بوم
گلوں کے ساتھ جہاں بلبلیں کرتی تھیں کلول

کہیں تھے سر پہ پنگھٹ کے گرد کے دیہات
کہ لب جہاں کے تھے پنہاریوں کے آب حیات
اور اب درختوں کی چھائیں ہے گئی ہے پات
نہ وے درخت ہیں وہاں نہ آدمی کی ذات
کہیں ہیں مردے پڑے ہیں نہ انسان نہ ڈول

جہان آباد تو کب اس ستم کے قابل تھا
مگر کبھو کسی عاشق کا یہ نگر دل تھا
کہ یوں اٹھا دیا گویا کہ نقش باطل تھا
عجب طرح کا یہ بحر جہان میں ساحل تھا
کہ جس کی خاک سے لیتی تھی خلق موتی رول

نہ یاں کبھی وہاں ہیں وہ تھی جس جگہ فانوس
پڑے ہیں کھنڈروں میں آئینہ خانہ مایوس
کہ دور دل پر از امید ہو گئے مایوس
گھروں سے یوں نجیا کے نکل گئی ناموس
ملی نہ ڈولی انہیں جو تھے صاحب ڈول

نجیب دیوں کا اندر تو ہے یہ معمول
وہ برج سر پہ ہے جس کا قدم فلک پہ طول

ہی کیا سبب اس بت کا بزرگ کہ حماقت — حور و نکا نہ عاشق ہون کہ موجب رقابت

دلکش بت ہندی مری حورین تری نخواہ

یہ فرض کیا بدہون مین سچا ہی ترا قول — پر بد مجھے کسطرح تو نظرون مین لیا تول

صحبت مری تیری کا تو اتنا ہی ہاڈول — تین دیکھ مجھے خرز پڑھا مین پڑھا لاحول

سو بھی کسی کوچہ مین گلی مین گہ و بیگاہ

اکثر تو مرے خبث مین کہتا ہی یہی بات — کتو نمین فلانی کی شب و روز ہی اوقات

خود اسکی نجاست کا نہین کتے پہ اثبات — لازم ہی مسلمان نہ کرے اس سے ملاقات

یہ چاہیے صحبت سے رکھے ایسی کے اکراہ

یہ سچ ہی جو کہتا ہی تو مجھپر بھی یقین ہی — کتے کو کہے پاک سو وہ دشمن دین ہی

لیکن وہ سگ نفس ہی جس سے کہ مین ہی — تجھ پر جو ہر اک لحظہ و ہر آن لعین ہی

تو اسکا نہ کہنا کرے تب پاک ہی واللہ

دنیا کے بھی جیفے کا سگ نفس ہی طالب — شیرون پہ جو گیدڑ کو یہ کرتا ہی غالب

وہ مرد ہی جو اسمین کرے فوت طالب — نے خر ہی وہ گو اسپہ ہو اور دکا قالب

اس حرف مین نے شک عقلا کو ہی ناشاہ

سمجھا ہی سگ نفس کو تو اپنے شکاری — اسواسطے اس ساتھ تجھے دل سی ہی یاری

نہوگا پھر کبھو اے سودا جو ہو سو ہوا

کیے ہیں جن نے دیوانے کئی ملک یار رو
دکھا کے چہرے کی اپنے ٹک جھلک یار رو
ہوا ہے میرا ہی قاتل وہ تک پلک یار رو
پہونچ چکا ہے سر زخم دل تلک یار رو

کوئی سیو کوئی مرہم کرو ہوا سو ہوا

دیا ہے آپ سے تم نے جو دل کو اپنے کھو
تو چاہیے کہ رہو ہاتھ اس سے تم دھو
عبث ہے یہ کہ جو باتیں کرو ہو تم رو رو
یہ کون حال ہے احوال تم پہ اے آنکھو

نہ پھوٹ پھوٹ کے اتنا بہو ہوا سو ہوا

دلوں کے قتل کے تئیں لا امان ہے سودا
جنوں کی فوج کا یارو نشان ہے سودا
کیا جب اس نے قلندر زبان ہے سودا
دیا اسے دل و دیں بے جان ہے سودا

پھر آگے دیکھیے جو کچھ کہ ہو ہوا سو ہوا

مسدس

صبحدم کو جو چمن میں ہوا سودا کا گذار
کہا اک بلبل نالاں سے کہ اے عاشق زار
دیکھنا گل کا تنک آٹھ پہر کا دش خار
کہ تو کیا لطف میسر ہو جو یوں فصل بہار
دولت آنست کہ بے خون دل آید بکنار
ورنہ باسعی عمل باغ جنان این ہمہ نیست

کریں ظاہر میں حیدر مصطفےٰ کی یہ ثناخوانی
خدا کی ہر گھڑی طاعت میں رکھیں اپنی پیشانی

قیامت ہو کہ ہووین سید و نکو دشمن جانی
نہ ہے ایمان انکا اور نہ ہے انکی مسلمانی

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

اب ان کشمیریوں میں جو کہ اب علمائے دین ہینگے
سمجھتے ہیں وہ اپنے تئیں جو کچھ ہینگے ہیں ہینگے

اشد بیرحم ظالم نزد رب العالمین ہینگے
خدا عالم ہے سب سوفی ہیں مار آستین ہینگے

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

کمائی واسطے کیا مسخروں نے جال ڈالا ہے
بھلا نوان ملکے پیشوائی کو سارا کر دیا کالا

سبھی مکار ہیں انکے لگا دی سوتا اعلا
بدان اپنا خلائق میں خوب نے نام ڈالا

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

سمائی ہے یہ انکے دل میں یہ واب مکاری
خدع سے پھر مکر سے کرتے ہینگے گریہ زاری

نجاوینگی وہاں محشر میں انکی پیش مکاری
تمہیں دیکھے نہ ڈالیسے کریں جو حق سے عیاری

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

جوانمیں اب بڑا عالم بہت اچھا اصل ہیگا
وہ اسکا علم گر دیکھو تو سارا بے عمل ہیگا

یہ ڈالا سید و نکے حق میں سب اسکا غل ہیگا
زیادہ سب سے غاصب اور ظالم بے بدل ہیگا

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

خصوصاً اس زمانہ میں جو وہ مرزا علی ہیگا
جہان کے اہل خطہ کو جو پوچھو تو وہ جی ہیگا
اُس کی غاصبی حق آل احمد کیا شقی ہیگا
کہون کیا میں غرض اُسکو برادہ آدمی ہیگا

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

دوم مرزا سعادت پادشہ سب کا کہاتا ہی
وہ غاصب حق جد السادات کا سب آ کچھاتا ہی
جو جاے خمس کو سید تو پھر اُسکو دھراتا ہی
وہ یہ کہتا ہوا دیگر اپنے گھر پھراتا ہی

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

جہان ایسے ہی یار و دشمن آل عبا ہووین
محبت میں وہ اس دنیا ہی دونکی عاقبت کھووین
اور اپنا پیٹ بھر نعمت سے گھر میں چپ سے سووین
تو یہ کریں سید کیون نہ انکی جان کو روویں

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

انھیں ابلیس نے ای مومنو گھوڑا بنایا ہی
اور ان پر اُس چست اور قائم جمایا ہی
کہ اپنی راہ میں سب اہل خطہ کو لگایا ہی
یہان ہر ایک کو لاکر کے یہ مصرع بتایا ہی

اگر قحط الرجال افتد ازینہا انس کم گیری

یہ اُسنے کیا کہون بدنام ہین دونو زمین اوپر
بدی ثابت ہی انکی اب جہانکے اہل دین اوپر
یہود ی اور نصاری سے لگا شب کیں اوپر
کہیں ہین طائران قدسیان عرش بین اوپر

آغاز دیوان مرثیه

بسم الله الرحمن الرحیم

حمد بلیغی که عندلیب طبع یک گل پژمردهٔ چمن ابداع اوست و طاؤس نظر
یک گلدسته بریدهٔ رنگ باغ اختراع اوست طوطی شکرخای ناطقه
در محاذی آئینه عرائس معانی سرگرم ادای دلکشای و ساغر تفکر را بسوی جرعهٔ تحقیقش
دماغ آسمان پیمای شور عشق یک نمکدان خوان کرم و شیرینی شکر خوان حاجت مضامین
یک انگشت از زائدهٔ نعم قادری که عقل کل یک پروانه پرتو شمع جمالش قهاری که
معلم الملکوت شرح جریدهٔ عجز جلالش بهشت یک گل بیرون ماندهٔ دیوارگلزار مهرش
سقر یک گرم دودیست برخاسته از مطبخ قهرش محیطی که دریای بیکران فیضان یاین
موج زنی قطره ایست از قلزم اسرارش جبلی که مرات خیالات و عالم اشتاق لیکن بوی دیدارش
کاتب حکمش نوشتن دیباچهٔ نون کن ناتمام گذاشته و دورهٔ افلاک مرکز خاک

نه سپهر دروی کش جام جان بخش و دعالم جرعه نوش جام وحدت آشنایش طرنگهای خیالات سرخوشیست از ساغر هوش بایش ساغر گل امید کونین متوقع قطره واماند از جام مستانه او بلبل عالم علم بطون بی وقفه بحسن طلب مدح خوان او صلواة الله علیه مع آله و اولاده دائما ابدا فی المدح المتکلم والکلام اطبع اگر اثر کلام میخواهی انصاف را از دست مده و بیا بوصف سلطانی المعانی نهنگ بحر سخندانی ابلغ البلغا و فصیح الفصحا میرزا محمد رفیع سودا که حالا اقلیم سخن با نصاف زیر نگین حکم ایشان بست کلام ایشان منصفان عالم را عزیزتر از جان بست علی الخصوص شرح این مرثیه و سلام که مسمی بسبیل هدایت بست تحفه بر بلاغت روزگار میزند محض از برای تربیت اهل صحبت نه برای مخالفت سرانجام شده متفق علیه بلبل طبع منصفان عالم بتوصیفش نغمه سرا بست شیرینی مضمونش اگر مورچه از کاغذ پیدا کند روا است افسون بلاغتش کرا چون گل سراپا گوش گرداند شکر خوابی معنیش هر کس را از ملاحظه بیهوش سازد از مطلعش مطلع آفتاب پامال حیرت میشود اگر اثر تسجیع الفاظش بر خاک مرده بکوبند بهاندم قیامت میشود هر مصرعش چون سرو آزاد است از خلل سنگ بی انصافان هر تیشه پاچ گیرنده از بیت ابروی خوبان بر بیاض بین السطورش واله صد صبح صادق و مقابله دو مصرع مقابل طاق ابروی مهوشان عاشق وه تیشه رشک چهار ابروی دلبران

مرثیون کے سُنے جو کتنے بند
بندش انکی نہ آوے اپنے پسند

معنی انکے تب آوین فہم کے ہاتھ
شرح لکھدے جو مرثیے کے ساتھ

جب بتکرار مین سُنے یہ سخن
دل مین گذرا کہ مرثیے کا فن

ہوئیگا فن شعر سے ماہر
میر کی گفتگو ہی ڈال اسپر

اسکا آگاہ جو کوئی ہو خوب
سیکھیے اُس سے کہنے کا اسلوب

ماہر اس فن کے جب ہین غور
دل مین تسا کوئی نہ ٹھہرا اور

آپ کے مرثیون کو تب اکثر
ڈھونڈھنے مین لگا ہر اک کے گھر

ہاتھ آیا مرے بسعی تمام
غرض اک مرثیہ اور ایک سلام

فہم میرا جب اُن مین در آیا
وہم اپنا بہت بجا پایا

مرثیہ کہنے کا ہی جو آئین
واقعی فن شاعری مین نہین

بلکہ وہ چیز جس سے شعر ہو رد
مرثیے مین روا رکھے ہی یہ کد

مطلب اس کام کی جدی ہی راہ
شاعر اس راہ سے نہین آگاہ

ضد کے مارے تو یون وہ کچھ ہی کہے
چاہے ایسا کہے تو کہہ نہ سکے

شعر کے قاعدے کے موجب ہم
کہنے لاگے تھے مرثیہ کم کم

سوز بانی تمھاری ای مخدوم
ہوا اپنے تئین کو یون معلوم

شرح

پہلا

متن

ای قبلے کے باطنا رہنے کے والی اسلام
قائم رہنے بھی ہو تم اک نوع عالی اسلام

چھوٹی امرت مین بیٹھ کر روون
میں تم آگاہ اس سے تا ہو روون

عمل اور معنی اسکے رکھ دیے
من بھاگے کے حدیث ای نظام کے

پہلے یہ کہیے ای کرم فرما
باطنی رتبہ ہو نبی کا کیا

آپ پر جسطرح سے ہو تحقیق
اپنے مخلص سے بھی کہو تحقیق

دوسری بات یہ جو کہ ڈالی
ہو تم اک نوع اُنسے بھی عالی

اور اس نوع کو بیان کیجیے
مجکو آگاہ اُس سے کر دیجیے

یا وہ جس طرح مجھپہ ہو اثبات
کہو تو عرض مین کرون وہ بات

گرچہ وہ شخص ہو امام حسینؑ
ایکدن جس کو سید الثقلین

لگے فرمانے مجکو بتلا تو
مرتبے مین بڑا ہون مین یا تو

تب یہ چھاتی پہ لوٹ کر بولا
کیون یہ سر رشتہ بات کا کھولا

عرض کرتا ہون مجکو کیجیو معاف
دل مین کر لیجیو سُنکے یہ انصاف

مادر مری فاطمہؑ علیؑ ہو باپ
والدین اپنے اب بتا دین آپ

اور جس شخص کا نواسا ہون
امر ہو تو اُسے بھی بتلا دون

حق مین جسکے ہو آیہ لولاک
بزرگی ہو خالق افلاک

سب نبی جان اُسکو مانین ہین
اپنے تانا کو آپ جانین ہین

نور چشم اپنے سے غرض سُنکر
یہ لطیفہ ہوئے خوش آن سرور

متبسم ہو تب یہ فرمایا
سخن راست حق کو بھی بھایا

گر نہین جانتے تو سن لو اب | ساتھ اسکے ہو جسکا نام و نسب
گر تعلق کمال کا ہوتا | پسر نوح باپ سا ہوتا
منحصر کچھ نہین نسب پہ کمال | جس پہ ہو فضل ایزد متعال
بندش الفاظ کی غلط اسکی | بری ہو معنی کی نمط اسکی
پیش مصرع مین لفظ یہ سے مراد | آپ کو ہو بزرگی اجداد
پر نکلتا ہی اس سے یون بے کد | سب تصدق پدر سے لے تا جد

تمت

لامکان بھی ایک بازیگاہ طفلی ہی ترا | کوئی مکان تجھے نہین پاتا مین خالی السلام

شرح

عوض کوئی مکان جو لفظ فصیح | بولتے کوئی جا تو تھا یہ صحیح

تمت

ہو گریبان گیر گردون تیرے لشکر کا لہو | تا قیامت کم نہین ہوتی ہی لالی السلام

شرح

خون سوا ایسی جا مین لفظ لہو | نہین آیا محاورے مین کبھو
اور لالی کا حرف کردو حک | ہو نہ ثابت شفق سے جو تک

تو بلاشک ہی احمد بے میم
ہی تصوف کی راہ سب یہ درست
نہین لفظون سے معنی کو کچھ ربط
اور ہی راہ جو شریعت کی
کلمہ ہی جو کہ دین کی بنیاد
وہ نبی نے جسے پڑھایا ہی
انا بشر ہی آیۂ قرآن
مشکلم جزو ہی اس آیت کا
کس سے اسکا بیان ہو شان نزول
علما وہ جنھین ہی عقل معاد
دعوت دین جب احمد مختار
دل چھپاتے ہین اپنے ہم اس دم
نہین سنتے ہمارے گوش ہین کر
تب یہ آیت غرض بران سرور
عالمون سے ہین گوش دل کو دے

لی مع اللہ ہین ہر زمان ہی مقیم
بندش الفاظ کی پر آپنی مست
سمجھے وہ ہی جسے ہو مجھ سا خبط
وان خدا ہی خدا نبی ہی نبی
مسلمین کا ہی صبح و شام اوراد
آپ کو عید کہ جتایا ہی
وحی بہر پیمبر دو جہان
منفصل یا ندھنا نہین سمجھا
جس طرح چاہیے سوای رسول
یون زبانی ہی انکے مجکو یاد
لگے کرنے تو بولے یون کفار
ای محمد جو کچھ کہے ہی تو
اپنے آئین کی بات ہمسے نہ کر
ہوئی نازل ز خالق اکبر
سنے ہین معنی یون اس آیت کے

مضمون سینہ مین پیش از مرغ اسیر نہین کہ ہو بیچ قفس کے جسوقت زبان پر آیا
فریاد بلبل ہی واسطے کوس دادرس کے غرض جس اہل سخن کا در منصفی زینت لب
ہی سررشتہ حسن معانی کا اس کلام کی اس سے انصاف طلب ہی اگر حقتعالے
نے صبح کاغذ سپید کے مانند شام سیہ کرنیکو یہ خاکسار خلق کیا ہی تو ہر انسان
کے فانوس باغ مین چراغ ہوش دیا ہی چاہیے کہ دیکھکر نکتہ چینی کرے ورنہ گزند
زہر آلود سے بے اجل کا ہیکو مرے ہر چند کلام استادان سلف پر بھی غلطی کا گمان
ہی کسواسطے کہ انسان مرکب الخطا والنسیان ہی لیکن خدای تعالی نے جنھین شعور
کرامت کیا ہی وہ سمجھتے ہین ناگہ آکر لکھنے کی بدی سے قدرے زر قلب نکل آوے تو اسپر کسیکو
خوض و غور نہین اور نحو خریطہ طرف سے ایسا کچھ پائیے تو اسے کہین ٹھور نہین پس
لازم ہی ذیہوش کو ربط الفاظ سے معنی کو سمجھ کر دے تا وبال فیضان ناطقہ اپنی گردن
نہ لے چنانچہ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہین ؎ اول اندیش و آنگہی گفتار ۔ پای پیش
آمد است و پس دیوار ۔ انسان کہ جس فن سے آپکو کما ینبغی ماہر نہ کرے چاہیے کہ اسمین
اپنی حد سے سخن باہر نہ کرے گفتگوے جاہل پہلوے عالم مورد انفعال بلکہ خموشی
ہی اسکی برابر صد فضل و کمال ؎ بات گر آوے تو چپ رہ کہ گمان کے نزدیک
سو طرح کا ہی سخن پردۂ خاموشی مین ۔ اگر نا آگاہ جس فن کا آگاہ سے اس فن کے

ناظرین پر مخفی نہین کہ ہر فن کی حالت عجیب ہی
مصیبت ہی ماہی ہی ہی ہی ہی ہی ہی ہی
ع ص ق

غرض کیا کہون کس دشت کا غضب ہی | حسین علی کی شہادت کی شب ہی

مرثیہ عن شرح

یہ مطلع جو ہی آپ کا تو عجب ہی | کہ یہ رنجے کہنے والون کا ڈھب ہی
ولے فیض کا ناطقہ کی سبب ہی | نجانو کہ یہ مرثیہ یونہین سب ہی

متن

محبون نے دل سی خوشی سب تجی ہی | ہر اک گھر مین ماتم کی مجلس رچی ہی
عجب طرح کی واے ویلا مچی ہی | کہ روز قیامت کی گویا یہ شب ہی

شرح

تجی کا رچی قافیہ شائگان ہی | سو وہ ہر سہ مصرع مین صورت کہان ہی
رچی اور مچی قافیہ عجب کہ بان ہی | تو یہ قافیہ ہر طرح سے کڈھب ہی

متن

کوئی دل نہین جسکو ماتم نہوے گا | وہ دل دیر ہی جسمین یہ غم نہوے گا
یہ دن کچھ قیامت سے بھی کم نہوے گا | قیامت مین یہ کچھ نہوے گا جواب ہی

شرح

تعینون نے اسکو وطن سے بلایا | بمع اقربا لاکے بن مین بسایا
پھر اس جور سے اسکو مارا ہی پیاسا | کہ بس غم سے خورشید کے تنمین تب ہی

شرح

بمع اقربا نے زا فزونی با | کیا غیر موزون ہے مصرع سراپا
نہین اسمین ہرگز مرا حرف بیجا | کہ اوزان اشعار میرے بلیغ ہی

تتمہ

غرض وہ جفا اسکو دکھلائی ظالم | کہ جسکا وہی آپ رب ہیگا عالم
نہ لینے دیے اسکو اک دم بھی سالم | دیے اسکو کیا کیا تعب پر تعب ہی

شرح

دیے مین دیا ہی یہ کہنا روا ہی | زبان جمع واحد سے یون آشنا ہی
یہ لہجہ مین حیران ہون کس ملک کا ہی | دیے اسکو کیا کیا تعب پر تعب ہی

تتمہ

دونون رات دن تو کیے طرح طرح مین | بظاہر مصیبت پہ باطن فرح مین
سحر پر ہوا خون قضا کے قدح مین | کہا پی لے شبیر تو خشک لب ہی

شرح

قصب اس سوا قسم ہی پارچہ کی | نہ اس معنی سے بھی ہوا اپنی تسلی
جگہ آپ نے جس ارادے کو بیان کی | سو لفظون سے اسکا نکلنا عجب ہے
کہو مرثیہ یہ رولاوے گا کسکو | روئے گا سر اپنا کوئی سنکے اسکو
رولانیکی خاطر سناؤ یہ جسکو | کہو کیا جو پوچھے وہ کیا شے قصب ہے

متن

کہا شاہ دین نے ای میرے غریبو | زمانے سے ساری عمر بے نصیبو
خزانِ دلِ باغ کی عندلیبو | عجب طرح کا تم پر یہ فضل رب ہے

شرح

خزان دل باغ کب گوش زد ہی | خزان باغ دل کی کہو تو سند ہی
غلط گوئی کتنی غرض یان بکد ہی | اگر فرض واجب نہین مستحب ہی

متن

تو اب ہاتھ سے تم رضا کو نہ دینا | جو آوے سر چشم پر اسکو لینا
ای میرے عیال در مری بیٹی پھینا | تمھین مینے اللہ کو سونپا اب ہی

شرح

عیال ای ملا ذان سی کب ماسوا ہی | جنھین دختر و خواہر اس جا کہا ہی

یہ بندش تمھیں کاش یون باندھ آتی — لگی ہر بہن کہنے کوٹ اپنی چھاتی
نہیں تیری فرقت سہی مجھسے جاتی — چلا تو بھی بھائی مرا کون اب ہے
مزاج آپ کی سچ سے جاتی ہے اکڑی — کہون کیا ہین یہ مرثیہ ہے کہ پھکڑی
فراق آگ بیشک ہے لیکن نہ لکڑی — فقط قافیے کے لیے یان خطب ہے

متن

ای بھائی نبی آج گویا سدھارا — علی کا ہوا داغ تازہ دوبارا
ای بھائی پھرین گے کہان ہم اوارا — نکرنے کا جو ہر ہمین کیا سبب ہے

شرح

سر بیت اس بحر مین یہ نجانا — کہ ای کا نہین آسمین ہرگز ٹھکانا
انھین اس جگہ اُن نے موزون فرمانا — جسے شعر تقطیع کرنیکا ڈھب ہے
اوارا فقط تمسے سُننے مین آیا — کسی میر و میرزا کو کہتے نہ پایا
بلا مدار اسے تمکو کن نے پڑھایا — کہو اہل خطہ ہے وہ یا عرب ہے

متن

ہمین اپنے ہاتھون سے تم مار جاؤ — زمین کھود ہم سب کو یان گاڑ جاؤ
لگا ہمکو ایک ایک تلوار جاؤ — ہماری بھی آخر شہادت نسب ہے

شرح

[illegible]

متن

[illegible]

ادھر بیبیون کے ہی دامن کو پکڑا	گریبان اپنے ہی دونون نے پھاڑا
اے بابا جی ہمکو یہ جینا ہی کھاتا	کھلا دو اگر زہر کی کوئی چب ہی

شرح

کوئی نظم مین ہی کہ اتنا ہی درپے	کیا تمنے بیان ہی کوئی دوست کا ہی
کرون منع ہی ہی کے کرنے کو تا کے	تمھین تو یہی سپنا جب تب ہی
نہ ادھر ہی کے لفظ کا ڈھب ہے آئین	نہ صحت قوافی ہی کی اب ہی آئین
نہ بابا ہی جی کا مخاطب ہی آئین	بجز ربط بے ربط جو چاہو سب ہی

متن

اے بابا جی ہم پر برا دن پڑیگا	ہمین اب عمر نحس بندی کرے گا
دکھاتا ہوا جگ مین لیے پھریگا	یہ جینا ہی سر پر ہمارے غضب ہی

شرح

لیے کو مشدد جو تمنے کیا ہی	سبق حاجی مونس سے شاید لیا ہی
پڑیگا پھرے گا جو یہ کر دیا ہی	بھلا کہیے یون قافیہ ٹھیک کب ہی

متن

اے بابا مدینے مین ہمکو بھجا دو	ہمین گور پر فاطمہ کے بٹھا دو

مین اصغر کو بھی اس گھڑی بھولگئی ہون
کہ شب جسکو ساری ہلاتی رہی ہون

مین اسدم تو فانوس سی جل اٹھی ہون
مرا تن بدن شمع سان ملتہب ہی

آتے مین اُدھر عابدین نے پکارا
سر اپنے کے تئین چارپائی سی مارا

کہ باجی مین کیا کرونگا بیچارا
مرا دل عجب طرح سے مضطرب ہی

اری بابا اکیلا مین اب کیا کرونگا
یہ ناموس کیدھر مین لیے پھرونگا

اری بابا مصیبت مین کیا کیا بھرونگا
مین کیا جانون قسمت مین کیا کیا لکھا ہے

مین تم بعد احوال کسکو کہونگا
بچون کا بلکنا مین کیونکر سہونگا

اس آتشکدے مین مین کبتک رہونگا
مرا دل تو تند و رسا ملتہب ہی

مجھے کیسے ناموس کیدھر لیجاؤن
یہی چاہتا ہون کہ سر کو کٹاؤن

کہان جاکے عورات کو مین چھپاؤن
کرون کیا وصیت کہ پاس ادب ہی

ولیکن مین اب انکو کیدھر لیجاؤن
مین چھپنے کو انکے کدھر گھر بتاؤن

کہان سے مین اب یان مدینے کو لاؤن
یہ صحرا تو بیرون حد عرب ہی

کہا شہ نے ہر اک کو چھاتی لگاکر
کہ ای بیکسو صبر ہی ابتلا پر

بوقت مصیبت ز آیات اطہر
فصبراً جمیلاً ہمین منتخب ہی

یہ فرماکے شبیر رن کو سدھارے
کھڑے ہو مخالف کے منھ پر پکارے

متن

آیم ابن قیس اک جوان دلاور
ہوا پہلے پاچون تنون سے کھا در
وہ اپنا لڑا سکو تیغ کیجو باور
کہ اک اک نے سو سو سی کیا حرب ہی

شرح

نشا اس جگہ بولتے ہین زبانون
کہ اک اک نے سو سو سی کیا حرب ہی

متن

وہ باون نے اپنا ہی میدان کیا
تنون سے وہ جنت کا بلیان کیا
جنت کا قربان ہونا حسب ہی

شرح

اسا

مرے یار جو چاہے سو مجکو کہ جا
یہ کیا تو ہی حاجی موش کا لہجا

کہا مین زبان سے کہ خاموش رہجا
زیادہ نہ یک آگے جا ہی ادب ہی

درست اور تو سب ہی معنی کی رو سے
تمہارا جو ہی طور اس گفتگو سے

اسے مین نہ سمجھا یہ پوچھون کسو سے
محبت کا قربان ہونا حسب ہی

تمن

پھر آئی جو اولاد حیدر کی باری
تو کیا کہیے ہر ایک نے کیا سنواری

ہزارون ہی مارے وہ مرد اور ناری
بڑا لشکر کافران مین شغب ہی

شرح

دل و جان سے قائل ہین اس نظم کا ہون
کہ یہ ہر سہ مصرع تجو بی ہی موزون

مگر لفظ ہی چوتھے مصرع مین بیرون
بڑا معنی سے اور تو ٹھیک سب ہی

تمن

غرض آخر ش سب نے پائی شہادت
چہ اصغر چہ اکبر گئے سوئے جنت

رہے شاہ تنہا بمیدان ہمت
کہ یکبارگی ذوالحج کیا دب ہی

شرح

نہین ہر سہ مصرع مین یان بھی قباحت
دو جی ہی رہیگو نکی لیکن فصاحت

اسے تم سناؤ گے جس اہل دین کو
کہونگا بجا کہتے ہو اس لعین کو
علی کا اگر بولب ہوئے قائل
فقط قافیے کے لیے حرف باطل

کہیگا تمھین آفرین اس یقین کو
زبانی پھر ایسے کے یہ کیا غضب ہے
رکھے تب یہ تشبیہ اک نوع حاصل
جناب ایسی مین کیسے دور از ادب ہے

متن

تجھی کو مرا حق نے قاتل کیا ہے
بھلا کہ تو کیا تیرا مین نے کیا ہے

یہ ابلیس کا تجکو حصہ ملا ہے
کہ میرا لہو تجکو شہد و رطب ہے

شرح

بقول آپ کے شہ نے یونہین کہا ہے
تو یون کیون کہین ہین ترا کیا لیا ہے

جو پہلے دو مصرع مین مضمون بندھا ہے
کہ میرا لہو تجکو شہد و رطب ہے

متن

یہ سنکر شمر آئے بیٹھا سرہانے
کہا شہ نے اسکو کہ سن اے دیوانے

لگا ڈھونڈھنے مار سینے بہانے
مجھے اپنے نانا کا اسدم ادب ہے

شرح

زبانی تمھارے فقط یہ ہوا نشا

کچھ آیا نہ تھا شمر نانا کا بھیجا

کہ سجدہ بھی کرنے کی پائی نہ فرصت | تنا قصد سخن مین ہوا تنا غضب ہے

متن

وہ گھر جس مین یہ وای ویلا مچا تھا | کہ عرش اُس گھڑی خوف سے ہل رہا تھا
تو اُس گھر مین غارت کا وہ غل پڑا تھا | کہ جسکو بیان وار کہنا ادب ہے

شرح

مچی حسن مطلع مین ہے وای ویلا | مچا وای ویلا یہان تمنے باندھا
مذکر مونث مین کہیے ملا ذا | اسے مشترک کہنے کا کیا سبب ہے
حقیقت سنو چوتھے مصرع کی صاحب | کہ معنی ہین الفاظ سے اسکے غائب
جو یون کہتے اسکو تو تھا یہ مناسب | بیان وار کہیے تو سوے ادب ہے

متن

وہ خیمے کو پل مارتے مین جلایا | جو کچھ پایا رومال تک بھی چھپایا
پھر آہن کا ہر اک کو گہنا پہنایا | نہ پوچھا کہ تو کون ہے کیا نسب ہے
نہ چھوڑا کہ کوئی اپنے منھ کو چھپاوے | نہ چھوڑا کہ طفلون پہ دامن اُڑھاوے
نہ چھوڑا کہ اک ہوش بیمار پاوے | نہ دیکھا کہ اسہال ہے یا کہ تپ ہے
وہ سب بتلا اشترون پر بٹھائے | تمہارا اُنکے اس ناتوان کو دلائے

اس عابد کی بندی بھی اسوقت آکر
چھوڑا ڈکہ یہ بھی بڑا کار رب ہی

اے شاہ نجف تمنے بیر العلم مین
مسلمان کیے لاکھون جن یکدم مین

ہم آئے ہین جنات کے اب سم مین
یہ کیا قوم ہی جن کا امت لقب ہی

اس امت نے ہمپر بڑا ظلم ہی ڈالا
کسی وقت کا بغض ہم سے نکالا

اے حضرت علی شیر باری تعالی
ہماری حمایت کا پھر وقت کب ہی

اے میر اس حکایت کو کوئی کیا کہیگا
یہ دو حرف ہین اسکے جو مین سون بولا

کوئی مہربان ہو کے کربلا جا
کہ وان جاکے مرنیکی دلکو طلب ہی

مین اسکو جو اک طول دیکر ہی لکھا
غزل نہین ہی ہی مرثیہ نام اسکا

ذرا منصفون سی ہی اب اسکا دعوے
بیان شہادت کا یہ میرے دھب ہے

شرح

تمھین خواہش انصاف کی میری ہی
سنا منصفون نے تو یہ داد دی ہی

طلب یان نہ منصف کو انصاف کی ہی
پر اسکا ہر اک بند معنی طلب ہی

غرض مرثیہ یہ جو تمنے کہا ہی
عجب بحر بے ربطی اسمین بہا ہی

بلاغت کا جی ناک مین آرہا ہی
فصاحت کو دیکھو تو وہ جان لب ہی

مرثیہ چاندرات ماہ محرم

جو عرش پر ہی مخاطب جبرئیل امین
ہمیشہ بھیجے ہی تیرا وہ لیکے نام سلام

تو وہ امام ہی جسپر نماز کے بعد از
جو مقتدی ہو سو بھیجا کرے مدام سلام

قبول ہو نہ عبادات روزہ داروں کی
نہ تجھ پہ جب تئیں بھیجے نہ صبح و شام سلام

جناب قدس خالق سے روح کو تیری
ہمیشہ بھیجے ہی اور شاہ دین پہ مدام سلام

رکھیں ہیں بات سے تیری یہ آرزو بلکو
کہ سرنگون ہو کریں لیکے اس سے جام سلام

غرض زمین سے تا آسمان کی خلقت تک
سبھوں پہ ہیں تری بندگی ہی دام سلام

تری وہ ذات مکرم ہی اے امام شہید
کہ تجھ پہ بھیجیں گے تا حشر خاص و عام سلام

یہ سودا عرض بعجز و نیاز کرتا ہی
شروع مرثیہ ہو نیکو اب تمام سلام

سلام دیگر

حسین تجکو یہ عرش برین کرتی ہی سلام
دیا ہے آن کے روح الامین کرتی ہی سلام

فقط نہ گردن ہی تسلیم میں ہی تیرے خم
تجھے تو عیسی گردون نشین کرتی ہی سلام

وحوش خاک پہ چلتے ہیں اور ہوا میں طیور
جہان ہی جو کوئی تجکو دین کرتی ہی سلام

فلک جو ہی سو کرتا ہی بندگی تیری
ہر ایک ساکن روے زمین کرتی ہی سلام

سلام

تجھ پہ درود جب کہی ابر سیہ پوش السلام
بولا اُسکے ساتھ برق شعلہ بروش السلام

اُدھر دیکھا محرم کا کہ ادھر غم ترا
بولتا ہے ہو کے ہر دل سے ہم آغوش السلام

دیکھکر ہر آن تیرے اہل ماتم کے تئین
درد سینے مین کہے ہو مار کر جوش السلام

غم دلو نین رات دن تسلیم کرتا ہے تجھے
بولتی ہے شادی خاطر فراموش السلام

طوطی و غنچہ پہ گلشن کے نہین موقوف کچھ
بولے تجھکو دیکھ ہر گویا و خاموش السلام

کچھ نہ تنہا دیکھکر تجکو طواف کعبہ مین
بولتا ہے زاہد سجادہ بروش السلام

یاد کر تیرا جمال ای ساقی کوثر کے پور
میکدہ مین کہتے ہین سب مست و مدہوش السلام

اس جنمین جب پڑھی سودا نے تجھ اوپر صلوٰۃ
بولا اُس آواز کو کر گل نے در گوش السلام

سلام

نبی کے نور بصر پر کہو درود سلام
علی کے لخت جگر پر کہو درود سلام

کہے ہے عرش کے سکان سے جبرئیل سدا
امام جن و بشر پر کہو درود سلام

شجر جو باغ نبی مین ہے بہتر از اشجار
اب اُس شجر کے ثمر پر کہو درود سلام

خدا کا امر ہے لے آدمی سے تا بہ ملک
سحاب دین کے گہر پر درود سلام

سلام

بہ صدق دل سے مدام پڑھ لا
کہی ذرت السنا پہ سلام

صاحب شان قل اتی پہ سلام
پڑھ اہل یقین

نظر در کرم یا
نبی نبی پڑھ اہل

بر خلق مین ہے بعضے
سلام نبی

فاطمہ سیدہ النسا پہ سلام
علی جسکی شان مین ہے

پڑھ اُس ہمزہ و معظمہ پہ سلام
نبی

سلام

بین بجتا ہون پڑھ فاطمہ کے لال سلام
علی کے باغ کے اے سرو و نہال سلام

[illegible]

سلام

[illegible]

متقی ہووے جسکی یاد سے خلق
اکہ تو اس شاہ اتقیا پہ سلام

صورت شمر دیکھ شرمایا
اکہ تو اس صاحب حیا پہ سلام

کہتے ہین ساکنان باغ بہشت
گل و گلزار مرتضے پہ سلام

صدق دل سے یہ کہتا ہے سودا
ہر دم اس شاہ انبیا پہ سلام

سلام

ادب سے دور ہے اسجا پہ ای محرم سلام اپنا
خطا اسمین ہے کہتا ہے جو وان عالم سلام اپنا

خدا بھیجی ہے جن اشخاص کو ہر دم سلام اپنا
کرین جز بندگی وان عرش اعظم سلام اپنا

دو عالم مین کچھ رتبہ وہ وہان رکھتے ہین
کہ در پر انھین کے سجدہ کو افلاک رکھتے ہین

اگر سچ پوچھیے وان ہم تو خلق خاک کہتے ہین
نہ بھیجین جا پہ وان حضرت آدم سلام اپنا

بچشم فہم ٹک دیکھو کہ انکا رتبہ ہو کیا کچھ
انھین کے واسطے ہے یہ دو عالم مین ہے جتنا کچھ

انھونکی رتبہ کو آگے سلام اپنا ہے ایسا کچھ
کہ جیسے بحر بیابان کو بھیجے نم سلام اپنا

جہان ہے سید اسکے جھکنے مین کورنش کا عالم ہے
جو پھل ہے شاخ پر سر کا وان سجدہ مین خم ہے

جدھر دیکھو گی ٹہنی گل وہ تسلیم مین خم ہے
کیا باغ جہان نے انکو کس موسم سلام اپنا

نانا ہے جسکا حضرت پیغمبر خدا
اور باپ ہے علی ولی شاہ مرتضیٰ
ماں جسکی ہووے حضرت خاتون کبریا
اُس شاہ قل کفا کو خدا کا سلام ہے
جسکے پدر کو لحمک لحمی کہا نبی
نازل ہوا اُسکو نادِ علیاً سینجلی
حضرت حسین تمکو کہین ہین سبھی ولی
اُس لطف لافتا کو خدا کا سلام ہے
جن نے خدا کی راہ مین اسطرح سر دیا
گذرا جو اُسکے تن پہ اُسے صبر سے لیا
غیر از رضاے حق نکیا اُن نے جو کیا
اُس حامل بلا کو خدا کا سلام ہے
سو وا خموش اب کہ جگر آب ہو بہا
اشک فقط بھی آنکھون مین باقی نہین رہا
جس شاہ اولیا کا لکھا تو نے ماجرا
اُس مرزا نما کو خدا کا سلام ہے

سلام

حسنین کی جناب کا جو کوئی غلام ہے
اُنکے غلام کا یہ غلام اب مدام ہے
وان عرض بندگی کا مری صبح و شام ہے
جنکے جناب پنج خدا کا سلام ہے
کہتا ہے جبرئیل انھونکو بصد یقین
حق کی طرف سے آن کے سو بار آفرین
من بعد اسکے بولے ہو یون با دل حزین
یا شاہ تمکو ارض و سما کا سلام ہے
پیدا ہوا تمھارے لیے جنت النعیم
اللہ نے کیا ہے وہان کا تمھین مقیم

علیہ السلام

ابنۂ حضرت امام حسین

دین و دنیا میں ہی میرا ہی شاہ دین
لیجیو سودا پر دو ہی تو مرثیانی السلام

موسیٰ کاظم امام رہنما ہینگے جو وہ
جا کے انکے بندگی میں کر ادا میرا سلام

بعد انکے پہنچ کو شہر خراسان کی طرف
کیجیو جا کر جانب موسیٰ رضا میرا سلام

بعد حضرت تقی کو کیجیو آداب تمام
وہ بھی حق ہینگے شاہ اتقیا میرا سلام

عرض کیجیو پھر نقی سے با خشوع و با خضوع
ہر دو عالم کا ہی جو وہ پیشوا میرا سلام

اسکے بعد از کہنے کو جا نزد حسن العسکری
وہ جہاں کا ہی جو وہ اک رہنما میرا سلام

تجھسے کہتا ہے یہ سودا اس سخن کو دمبدم
مہدی ہادی سے کہ صبح و مسا میرا سلام

سلام

ای محمد کی دعا میں نشانی السلام
وہی امام رہنما حیدر کے ثانی السلام

کہتے ہیں قرآن ناطق شرع حق کی ذات کو
اس کلام اللہ کے تم ہو معانی السلام

فخر ہو آدم کی شافعت کو تمہارے ذات سے
ایزد کے مظہر از تہانی السلام

مصطفیٰ نے کہا خیر النسا کو مصطفیٰ
اس سرور سینۂ احمد کی جانی السلام

کہتے ہیں جسکو شہادت رتبۂ اعلیٰ جو وہ
ای امام رتبۂ اعلیٰ کی بانی السلام

عرصۂ دنیا پہ ہو سایا ترا تا روز حشر
نور چشم شاہ یا زلامکانی السلام

یہ ظلم کسکی زبانکو ہے کہنے کا یارا
نبی کا قتل کیا ظالمون نے گھر سارا

جو انمین طفل تھا شش ماہہ اُسکو بھی مارا
کیا نہ عمر نے کچھ فرق زائد و کم کا

قضا کی تیغ کا جب سبکو کھا چکا جوہر
رہا نہ اُس شہ مظلوم کا کوئی یاور

زبان نکالکے بولا یہ شمر کا خنجر
کہ مین ہی اب تو ہون اک آشنا تیرے دم کا

کہی جو تو تجھے جدکے کہنے مین لیجاؤن
جو مرضی ہو تو والد کے پاس تجھے پہنچاؤن

ترا اخی جو ہو کہو اُسکے ساتھ ملواؤن
ملاپ چاہی جو تو اُس شہ مکرم کا

سخن یہ سنکے لگا کہنے وہ شہ آفاق
اُنھونکا دلکو مرے اسقدر نہین ہے فراق

رضا ہی حق کی ملاقات کا ہون مین مشتاق
جو ہو رضا ہے ایسے مین تو ہو ملاپ باہم کا

خدا کی مرضی سے دلکو مری محبت ہے
جو آب تجھ مین ہے مجھ تشنہ لب کو شربت ہے

جنھونکے ذائقہ سے دور اُسکی لذت ہے
اثر مزاج مین اُنکے رکھے ہے یہ سم کا

ہمین مزہ یہ شیشین سے چلا آیا
مرے پدر کو بھی حق نے یہ جام پلوایا

اور اب جو تجھ تک آیے ہاتھ بھجوایا
ہمارے واسطے احسان ہے یہ پیہم کا

خنجر سن اُسکو گلے شہ کے لگ لہو دیا
غبار تن جو تھا اُنکے اشک سے دھویا

شہ اُس سے ملکے فراغت سے اسطرح سویا
کہ تا ابد نہ کھلے پردہ چشم پر ہم کا

حرم کی اور کہون پھر کیا نصیبونکی
گرینگے لخت جگر چشم سے جیبون کے

مرثیہ امام قاسم

یہ وہ حسین ہے جو سر پڑا ہے جسکا تن
یہ وہ حسین ہے جسکو ملا نہ گور و کفن
چمک کے اُس سے گئے آبدیدہ ہو وے تھا
ہر ایک زخم سے یون منہ لگا کے رو وے تھا
کہا یہ رو کے نہین سر جو ای پدر تیرا
علم پہ ہے ترا سجاد نے گھر تیرا
برہنہ و نٹو نپہ بیجان خواہر و مادر
چلے ہین شام کو یون چھوڑ کر نبی کا گھر
عمل کیا کیا ان اشقیا امت نے
کہ فائدہ نکیا کچھ تری نصیحت نے
غرض وہ نعش پدر سے یہ حرف کہتا تھا
شفیق اس کنے ایسا وہ کون ہوتا تھا
اگر خوشی سے کہی غم نے یہ حکایت
ہر ایک رو دیگا تا روز حشر روز و شب
زہی نصیب جو سودا دلا وے یا رو وے

یہ وہ حسین ہے جس پر نہین ہے پیراہن
کہ جس حسین کا تو غمگسار ہر دم کا
کہ اپنے اشک سے اُسکا غبار دھو وے تھا
کہ جسطرح سے گری گل پہ دانہ شبنم
مین کے تیری تصدق کہان ہے تیرا
مجھے نظر نہین آتا ملاپ باہم کا
گلے مین اُسکے نہ کرتا نہ اُسکے سر چادر
بیان اُنھونکے ہی یہ صورت مجسم کا
اُنھونکو یان تئین گھیرا ہی اُنکی شامت نے
تجھے نواسا نہ سمجھے رسول اکرم کا
اور اُسکا خون دل آنکھونکی راہ بہتا تھا
لہو جو پاک کرے اُسکے دیدۂ نم کا
تو پھر جہان مین یارو خوشی رہیگی کب
بجا کریگا دمامہ حسین کے غم کا
بجز اشک نامۂ اعمال کسطرح دھو وے

معلوم ہوا تب جو براتی ہین کیے عوز
رنگ کھیلنے کی جا انھین میدان تھا رنگا

کاٹا ہوا وہ سر تھا جو ساچق کا جتا دا
گردن کا خط زخم تھا ٹھیکے کا کلاوا

دولھن نے لیے آستین دولھا کی چڑھا دا
ساچق کا یہ دستور ہے کہ کسکے دلھن کا

جو خوان کہ دولھن کے لیے مہندی کا آیا
تھا خسر و خسر پورہ کا خون اسمین جما یا

دولھا کا لہو ہاتھ مین دولھن نے لگایا
یہ رنگ ہی شادی مین زمانیکا چلن کا

دولھن کو شب عقد جو ہین ملکے سنوارا
بولا یہ رنڈاپا کہ خدا سے نہین چارہ

جسکے لیے سب کچھ تھا گیا رہین وہ مارا
کیا فائدہ اب اُسکے سنگار اور بنکا

تھ کو تو اتار اُس سے کر دیے حوالے
اور خاک کہو اُسکو سر اپنے مین ڈالے

لو تھ آتی ہی اُسکی ہین کہان بیٹھنے والی
اب وقت نہین اور کسی حرف و سخن کا

کیا شہ کی سواری کو کوئی قصے کو باندھے
بن سر لیے آتی ہین اُسی چار کے کاندھے

سہرے تین سر لیے کھاٹ کے باندھے
اسطرح چڑھا بیا ہے شہزادہ دکن کا

گر اُسکے براتی سر و صورت سے ملے خاک
سب چاک گریبان کیے با دیدہ نمناک

فریاد و فغان اُنکی سے بر گنبد افلاک
نے اشک تھا مردکا یہ بیٹھ زنان کا

کہتا تھا ہر اک دیکھکے دولھا کی یہ سنگت
اُس گبرو کی شادی ہوئی ہی گور سے نسبت

ماں باپ کی گھر کی گئی ہی کدھر ست
چھوڑیگا سہاگ اُسکا نشان اُسکے تن کا

دولھا جو سلامی کے لیے سامنے آیا
دولھن کی نظر آیا ہے جب بیکا سنوارا

دولھا کی نشان حلقہ کو بان تو وہ دین کا
چھاتی پہ نظر آیا ہے جب بیکا سنوارا

دیا تھا نشان سکا کا اور تھا اس مین
ثریا کی نوران سکر کی جان

پوچھو کی جو خون تلک کھا کے کہا کے
تھا کیا کہ کوئی تھا اُسکے بیٹے کی جان

شادی تھی سلامی کے لیے سامنے آیا
دولھا جو سلامی کے لیے سامنے آیا

کھوڑا تو کہان لکھ تا بابوت بنایا
اور اُسکے لیے خلعت شادی کو رنگایا

ڈوبا لہو مین بیاہ کے دن رخت بدن کا
بیچارے کی دولھن کے مین کیا لاؤن بیان کا

اُسکے تو جو اتن سے ہو دولھا کا چلا سر
پیچھے تھی دلھن ناچتے پیچھے مقیش تھا در

تھی ہاتھ تمہارا سے جو تھا بھائی دلھن کا
ماں کہتی تھی دولھن کی یہ اور دو کہ اکرم

اب دولھا کے تین شکل دولھن کی تھی ہی
دیکھا ہی سعیت جو کیا دھوم دھام کی

بھوکا ہی تو کیسا ہی جب بھائی کی دولھن
بھوکا ہی بھلا بھی ہی سہاگن

بولی

بولی کوئی مین کیا کہونگا یا شاد یکا یا دگیر
چھپتے ہین کلیجہ کو مرے خلق کی باتین
اور خلق سمجھتی نہین یہ دہر کی گھاتین
بیٹی کا جلا پاجو ہے کیونکر وہ بتاؤن
آنکھین کہو کسطرح مین سدھین سے ملاؤن
منھ دیکھنا بیٹی کا مری اسکو ہے ننگ
شیشے سے فلک کے یہ شب عقد ہے سنگ
کرتے تھے جہان مین غرض اب اور دختر
چھپتا اسکے کہونگا کہ مین ان باتونکو اگر
سو وا الم زانیہ تو اعمال سے جون بید
جس روز قیامت پہ قیامت کا ہو خورشید

پھر کھول رسالت کی بڑا سر حسن کا
سن سنکے گزرتی ہین مجھے بیٹی یہ تن
کیا فکر کرون انکی زبان اور دہن کا
بن سر تن داماد مین کس کسکو دکھاؤن
اس شاد یسے جب اوٹھ گیا اسکے نین کا
اس سیاہ مین اب زندگی اپنی سے ہے تنگ
تن ٹکڑے کیا جن نے کہ یون اسکے بدن کا
اسجا پہ نظر آکے تھا ہنگامہ محشر
ہوتا تھا جگر آب زمین اور زمن کا
اس مرثیہ کے کہنے سے رکھ دل مین امید
سایہ ہو سر پہ شہیدونکے چرن کا

مرثیہ

احوال روزگار مورخ لکھا کیا
اُس محنت و مصیبت و سختی سے وہ حسین
زین العبا کو لیگئے پیش عدوئے دین

جب ال اُٹھا وہ قتل کرو اُسکو بھی لعین
گذری جو فاطمہ پہ اُسے ہمسے پوچھیے

حور و ملک سنکے لگے رونے شکل میغ
نکلی صدا یہ سنکے بھی منہ سے وادریغ

پر جسگھڑی بٹھانے لگا اوسکو زیر تیغ
گذری جو فاطمہ پہ اُسے ہمسے پوچھیے

جسدم سر حسین کو مجلس میں وہ پلید
لائے تو دیکھکر متبسم ہوا یزید

اور چھیڑنے جب اوسکو لگا لیکے چوب بید
گذری جو فاطمہ پہ اُسے ہمسے پوچھیے

یہ حال دیکھ زینب و کلثوم نے فغان
جسوقت کی تو کانپی زمین اور آسمان

جو کچھ کہو درست ہے پر سنکے وہ فغان
گذری جو فاطمہ پہ اُسے ہمسے پوچھیے

اے مہربان خبر نہیں مجکو بھی من و عن
بیتی جو فاطمہ پہ ہو آگاہ ذوالمنن

دعوا مرا غلط ہے جو کہتا ہوں یہ سخن
گذری جو فاطمہ پہ اُسے ہم سے پوچھیے

درد کھا حشر کا رو رو جو کیا آب طلب
تو وہ ناری بھی کہنے لگی ہنس ہنس کر سب

پیاس سے پہونچے اگر جان تمھاری بر لب
ہم نہ دین آب تمھین دین ہمین گو وان آتش

گود کا طفل طرح پھول کے مرجھاتا تھا
سینے مین اسکے کنول مان کا جلا جاتا تھا

آب کو اونہین سے وہ رحم کسی آتا تھا
وہ سالت کی جھونکے بگلستان آتش

اون غریبون پہ شب و روز یہ تھا تھا غذا
تشنگی سے جو انھونہین کوئی ہوتا بیتاب

اسکو دیتے تھے لعین پینے کو گرم ایسا آب
جوش مین جسکے برابر ہو چندان آتش

رتبہ تھا زین عبا کا جو سبھونکا ماوق
پیادہ وہ جاتے تھا اور گرد سوارونکے جوق

گرم یہ دھوپ کی تابش سے گلی مین تھا طوق
کہ اسے طوق کہون یا بگریبان آتش

وہ لعین دیتے ایذا تھے ہر اک جا اسکے
کرتے جاتے تھے ستم سر پہ وہ کیا کیا اسکے

تھی شدت سے تپ اسکو کہ ہوا تھا اوسکے
خون کف پا کا پہ خار مغیلان آتش

تھی نظر چار طرف اسکی بچشم پر نم
ناگہان باپ کا سر نیزے پہ دیکھا جو علم

جوش غم تاب دل اسکی نہ یارا اسدم
کہ برسنے لگی از دیدہ گریان آتش

بھر کے اک آہ جگر سوز کہا وای پدر
ای مین قربان ترے سر کے ترا تیغ ہے کدھر

کچھ تمسے حال سے بیخبر ای نہین داغ جگر
کرتی ہے غم کی دل فاطمہ بریان آتش

اندونکے یہ اخلاق نہ کیا ای شہ دین
بطن سے فاطمہ کے خلق کیا تیرے تئین

چپ ہو سودا کہ شراب ہے پتھر مین
اجر اس نظم کا دیویگا خدا محشر مین

جب محرم مین تو ماتم کی پڑھیگا گھر مین
ہوگی اس مرثیے کی سوز یہ قربان آتش

مرثیۂ دیگر

بنی قاسم کو منھدی کی لگانیکی نہ دی فرصت
سوای عقد سہرا بندھانیکی نہ دی فرصت

بنے کو واسطے اسکی بنانیکی نہ دی فرصت
غرض کہ آن گردش نے زمانیکی نہ دی فرصت

بنا یہ وہ ہوای یار و لگن کی رات کا مارا
پڑا جو دشت غربت مین وطن سے ہو کے آوارہ

کسو کو اسکی شادی مین دہل دف و نقارا
فلک نے جز سر و سینہ بجانیکی نہ دی فرصت

چلا جب وان جہان سے آئے نہ پیغام و نہ نامہ
نشان آستین و بند لگا وہ پھاڑ کر جامہ

اجل نے یہ کیا دیکھ اسکو دلھن ساتھ ہنگامہ
کہ چلتے وقت چھاتی بھی لگانیکی نہ دی فرصت

کرون کیا ذکر اس نوشہ کی گھر شادی کے آنیکا
بغیر از زخم کیا مذکور تھا وان پان کھانیکا

وہ جھوٹا ہو کریگا جو بیان شربت پلانیکا
کسو کے حلق مین پانی چوانیکی نہ دی فرصت

نہ شادی تھی بنی کی آل کی خانہ خرابی تھی
جو آیا اوسمین مرنیکی اسوا اپنی شتابی تھی

بجا ذبح کیلیے اتنی اجل کو اضطرابی تھی
کہ دولھا کو دلھن کی یاد لانیکی نہ دی فرصت

جو مہمان آئے تھے اس بیاہ مین کھانیکو مہمانی
نہ پیکر پیاس کے مارے پیا جی سب نے بن پانی

غرض اس شادی کی غم نے جگر آفاق کا بھونا
کرون مذکور خلعت کا جو شہ کی ہو الم دونا

گئی اوزہ ذرہ گوشت نیز بیسے وہ ملعونا
کفن بھی اسکی میت کو پہنائیگی ندی صحت

برات اور سیاہ ہوتی دیکھتی ہین ناکس و کس مین
سبھی دولھا دلھن ہمکو نظر آئی نہ رنگ مین

رہی منھ دیکھنے کی آرزو دونو کو آپس مین
قضا نے آرسی مصحف دکھانیکی ندی صحت

نہ ہو شادی کہ جسکی نقل سن آفاق مین سوگ
گریبان چاک ہی ہر مرد و ہر زن ہی پریشان سو

سنا اے سودا اب مرثیہ جن نے تو پھر اوسکو
کبھو غم نے خوشی سے دل لگانیکی ندی فرصت

مرثیہ

لگا وطن سے جو ہونے روان حسین غریب
پیام دے تھا سوی دوستان حسین غریب

ملو تو مل لو کوئی دم ہی یان حسین غریب
پھر اوسکے بعد کدھر تم کہان حسین غریب

گھر وسے آئی یہ سنتے ہی سو زناک پیام
اکابران مدینہ با اضطراب تمام

ہوئی جو داخل مجلس لگا یہ کرنے کلام
انھونکے ساتھ بآہ و فغان حسین غریب

تمھین مین اسلیے ملنے کو اپنے بلوایا
کہ یہ سفر سفر آخرت نظر آیا

گیا جو وان کو پھر اوسکا نشان نہ کچھ پایا
چلا ہی تمسے ہو رخصت جہان حسین غریب

سبھونسے کہتے ہین یہ بندہ ہی راضی و خوشنود
کسیکے حق مین جو اس سے ہوا ہی پست و بلند

کرو معاف اسے اس نبی کی ہی سوگند
کہ جسکی آل ہی اے مومنان حسین غریب

کہا یہ سنتے ہی بکر دعا کہ پیش رسول
کریگا سنکر تمہارا بیان حسین غریب

لکھا ہو راوی نے یون بھی انہیں ایک اصحاب
یہ ہم نشینون سے کہنے لگا بچشم پر آب

بنی جو خانہ خدا یہ پوچھے وہ کی جواب
ہو ارضا سے تمہاری وان حسین غریب

تب اس سے ہو کے مرخص تم اسکو جانے دو
جو روز محشر یہ بدنامی اپنے سر پہ لو

کہین جو فاطمہ اپنے محبوبین دیکھو
کھڑا ہو با کفن خون چکان حسین غریب

کرا وسکا قطع سخن بول اٹھا شہ مظلوم
خیال محض ہو ملنا مجھے کفن معلوم

نہ بیوین رخت بدن کاٹ کر گلا وہ شوم
انھون سے یہ نہین رکھتا گمان حسین غریب

عبث یہ فکر کرو ہو نہین کچھ اسکا سود
کفن تو حشر مین تب ہو بدن جو خون آلود

کسیکے لاش کو تکفین کرین جو وہ مردود
کہان کفن کدھر ہی ہمدمان حسین غریب

کیا ہو تم سے کبھو ہو نہ سرور عالم
ہو اسمین جرم تمہارا جو تمسے ہو برہم

قضا نے ڈالی ہو جب سے بنائے تیغ ستم
بنا ہو اسکے پی امتحان حسین غریب

غرض محبون نے ہر طرح اوسکو سمجھایا
وہ اکبر و کا نہ خاطر مین وہ سخن لایا

ندان دشت بلا مین باقربا آیا
اسیر دشمنی آسمان حسین غریب

اب اس سے آگے جو گذرا ہو وہ سپہ رنج و تعب
بیان کو اوسکے تو کرتا ہو منع حداد

بغیر دفن و کفن یہ تو جانتے ہین سب
کہ خاک و خون کی رہا در میان حسین غریب

قافلہ اس مین چلا جلد قضا زنا گاہ
رہ گئے پیچھے وہ معصوم گم اُنسے ہوئی راہ

ہو گئی صبح تو اک نخل مین لائی وہ پناہ
پیچھے اُس نخل کے اک آب کا چشمہ تھا قدیم

وارد اس جا ہوئی آ کر زن حارث کی کنیز
اُسکی بی بی رکھی تھی آل محمد کو عزیز

پانیمین دیکھ کے جو عکس کیے اُن نے تمیز
آئی وان اوسکو نظر شکل و خورشید قدیم

دیکھکر اُنسے کہا اُن نے کہ صاحبزادو
ہو گئے تم کون نشان اپنے گھرانیکا دو

کیسلیے آن کے اس نخل تلے بیٹھے ہو
کونسی بپتہ کہو ایسی مصیبت ہے عظیم

سنکے بولے کہ دو فرزند ہین مسلم کے ہم
باپ کوفے مین ہوا آ کے نہ تیغ ستم

نہ کوئی دوست ہے اسجا نہ کوئی ہے ہمدم
آسرا ہمکو کسیکا نہین جز رب کریم

تب کہا اُن نے کہ تیرے مین جاؤن قربان
ایک بی بی ہو مری بپتہ فدا از دل جان

چلکے تم گھر مین رہو اُسکی کوئی دم مہمان
رکھیگی تمکو نہایت بتواضع تکریم

عرض اُسجا پہ جو وہ خادمہ کرتی تھی سخن
گویا آئی تھی قضا اُن کنیزون صورت

لیگئی بی بی کے انکو بزیر دامن
کہا اُس سے یہ معزز ہین کرانکی تعظیم

پوچھا خاتون نے یہ ہین کون جو آئی ہین یہان
تب کیا جاریہ نے صورت احوال بیان

سنتے ہی بی بی قدم پہ گری ہو کر گریان
پاس لے بیٹھی اُنھین کر کے سلام و تسلیم

پھر لگی کہنے کہ دون آپ کو مین بپتہ فدا
ہو ہی حاجت کچھ اگر تمکو تو بیجے فرما

آ کے یون راوی جانسوز کری ہو گفتار
دونون بھائی جو وہ سوتے تھے بیک حجرہ تار

ایک انمین سے جگا دوسرے کو رو کر زار
کہا آتا ہی نظر صبح پہ گردون ہو دو نیم

خواب مین دیکھو ہو نہین یہ کہ رسول مقبول
کہتے ہین باپ ہمارے سے ترے دل نے قبول

کیون کیا یہ کہ دو فرزند دل و جان سے ملول
پھرین حیران و پریشان بدیہات غنیم

یہ سخن سنکے سراسیمہ ہوا ان نے بھی کہا
خواب مین بھی یہی ہی جان برادر دیکھا

ایک سے ایک گلے لگ کے روئے پھر ایسا
کہ ہوا خواب سے بیدار وہ ملعون لئیم

ہو بر آشفتہ زن اپنی سے لگا کرنے سخن
اے ذغلبا ز چراغ اٹھ کے تو کر لا روشن

تا کہ معلوم کرون مرد کوئی ہی یا زن
کسکی آتی ہی صدا کون ہی اس گھر مین مقیم

زن بیچارہ نے اوسکو نہ دیا سنکے جواب
لایا اٹھکر وہ چراغ آپ ہی با چشم عتاب

حجرہ مین دیکھے تو دو طفل ہین رنگ مہتاب
اشک آنکھون سے رواں انکی مثال تسنیم

دیکھکر انسے کیا حارث ملعون نے سوال
کون ہو تم جو دیار حل نقامت یا ہاں

اس لعین کو بھی انھون نے جو کیا وہ سب حال
بولے ہم دونون ہین مسلم کے ستم دیدہ یتیم

قتلہا مار لگا کہنے سنا یہ جسدم
یا رہ در خانہ و من گرد جہان میگردم

آخرش دونون کے کیسون مین گرہ دیکر بہم
مارا ایک ایک طمانچہ نہ خدا کا کر بیم

در کو اس حجرہ کے محکم کیا دیکر زنجیر
سو رہا اپنی جگہ آن کے پھر وہ بے پیر

آگے کیا اُسکے ستم کو مین کہون واویلا
جسکا تھا نام محمد اُسے پہلے مارا
راوی کہتا ہے کہ جب کاٹ لیا اونکو سر
بیٹھ گئی چھاتی سے چھاتی کو ملا ایک دیگر
آج سودا ہمین تو خوب دلایا تو نے
کہکے یہ مرثیہ جیسا کہ پٹایا تو نے

جسطرح دونون یتیمونکے تئین قتل کیا
پھر جدا تن سے کیا اُن نے سر ابراہیم
دو ہین دریا مین دیا ڈال تنونکو اکبر
آخر الامر تہ آب وہ مظلوم یتیم
دل سے ہر ایک کے شادی کو بھلایا تو نے
حشر مین اسکی جزا دیوے تجھے رب کریم

مرثیہ دیگر

گردون پر از خروش و فغان و مصیبتا
آفاق بزم ماتمیان و مصیبتا
خلقت نے شکل چون مہ تو خاک سے ملی
ہر شہر کوچہ کوچہ وہ ہر دہ گلی گلی
کرنیکو سر پہ خاک اٹھاتی ہین یہ ملک
روح الامین کی خونسے ہو آغشتہ ہر ملک
افلاک ہو درون بروں سے پر از ملال

شیون درون کون و مکان و مصیبتا
عالم تمام گریہ کنان و مصیبتا
دنیا کی جیب چاک ہو جون گل کی ہو کلی
واحسرتا جوان ہو تو وان و مصیبتا
زیر زمین عجب نہین آجاے گر فلک
حورون کی ہو یہ ورد زبان و مصیبتا
لے فرش تا بعرش کیا غم نے پائمال

اس کام سے عجب نہیں امت نے جو کیا
بیٹھے ہوں نرجیب نبی پیش انبیا

ایسے چراغ دین کو بجھا تار کر دیا
عالم بچشم عالمیان وا مصیبتا

حیران ہوں نہیں یہ قوم بد اعمال و زشت خو
عقبے میں ہوگی کیونکہ محمد کے روبرو

جن نے کیا یزید کے اجرائے کار کو
خون اسکی بوسہ گہ سے روان وا مصیبتا

محشر میں آہ فاطمہ جب یوں قدم دھرے
سر ہاتھ میں ہو دوش پہ کپڑے لہو بھرے

اور گود میں جگر کے وہ ٹکڑے ہر سرے
تب کیا کریں یہ بیخبران وا مصیبتا

پوچھے جو سلمیں سے نبی کے وہ نور عین
مارے کس گناہ پہ تمنے مرا حسین

ایمان کا پھر جو فہم ہو جو یاہ مشرقین
اس حرف کا جواب کہاں وا مصیبتا

جس پہ دیئے ملک نہ دی محرمان راز
دیکھا نہ مہر و مہ نے ادھر چشم کر کے باز

اُن اشتروں نے پشت پہ جنکی نہیں حجاز
بیٹھی ہیں اُسپہ پردگیان وا مصیبتا

خورشید سوئے ابر چلا دیکھ وہ گرد
کی خاک سر پہ دشت نے رو باہر ایک کوہ

لرزہ تمام عرش پا این شوکت و شکوہ
آئی ندا ز راز نہان وا مصیبتا

مقتل سے اُس گروہ نے جسدم کیا گذر
آواز ہائے ہائے گئی عرش کے ادھر

تب جبرئیل نے انوے غم سے لگا کے سر
بولا کہ اے زمان وا مصیبتا

جنت کی ہے فضا سے دل اسکا نیٹ اداس
صورت ہے تیرے حال کی ہر آن اُسکے پاس

شاہا ہمیشہ اشک مری چشم نم مین رکھ
اپنے عزا کے تا بقیامت عالم مین رکھ

اس روسیہ کو یان تئین تو اپنے غم مین رکھ
نکلے بدن سے کہتی یہ جان و مصیبتا

مرثیہ دیگر

ہاے وہ ناتی تمھارا یا نبی
فاطمہ کے من کا پیارا یا نبی

ظالمون نے کر بیچارا یا نبی
کیا کہون کس طرح مارا یا نبی

وان موا پیاسا سا تر الخت جگر
تھے جہان سیراب حیوان سربسر

گرچہ تھا اک تیر کے پرتاب پر
وان سے دریا کا کنارا یا نبی

گوسفندون کا جو کاٹین ہین گلا
اونکو بھی دیتے ہین پانی اولا

ذبح کرتے وقت ایسے کو بھلا
نیز نہ بیٹھا نہ کھسارا یا نبی

شاخ سے کوئی اگر توڑے ہے پھول
دیکھنے والے کا دل ہووے ملول

اس تن نازک سے کہ تو کس اصول
ظالمون نے سر اتارا یا نبی

فاطمہ سے کہ ہو وہین داد خواہ
قتل یون شبیر ہووے بے گناہ

وہ گلو جو تھا ترا نت بوسہ گاہ
وان چلا خنجر دو دھارا یا نبی

گر کہین مرجاے کوئی بے وطن
اوسکو بھی ملتا ہو دس گز کا کفن

مل کے سب سمجھا رہے پر اُس محل
مین نہ وان دامن پسارا یا نبی

سو بریکے سر کا برچھی پر وہ حال
تیر کی تھی حلق مین چھوٹی کی بھائی

باپ نے کھینچکر ڈالی نکال
خون کا اُچھلا پھوارا یا نبی

نزع تازہ ہو جہان پانی سے خلق
پیاس سے بچونکو میرے تھا قلق

پانی کا آتے تھے وان وہ تشنہ حلق
ہچکیان لے لے اشارا یا نبی

ڈس گیا داماد کو نیزہ ہو ناگ
ملگیا ماٹی مین دولھن کا سہاگ

اقربا مین ہین عجب میری بھی بھاگ
نحس اتنا بھی ستارا یا نبی

بخت بد کی کیا کہون مین لوگ جھوک
لگ گئی کسکی بجانے مجکو ٹوک

گھر کا گھر میرا دیا آفت مین جھوک
لو نہین جا کس کا سہارا یا نبی

ہو وہ جس دن عرصۂ یوم التناد
لیجیے ہر مظلوم کی ظالم سے داد

حال فرزندون کا اپنے رکھیو یاد
بیکسون کا تم ہو چارا یا نبی

الغرض بانو یہ جب کرتی تھی بین
ہر طرف خونناب دل روتے تھے بین

ایک دل کو وان نہ تھا اک لحظہ چین
آب تھا ہر سنگ خارا یا نبی

سودا مجرم ہے بڑا اے شاہ دین
رو نہین ہے حشر مین جسکے تئین

اور کسی جا گہ مفر اوسکو نہین
ہے یہ اور دامن تمہارا یا نبی

جہان بیٹھے تو ہے لوہو کا تھالا
عجب اُسکے لیے مسند بچھائی

زمین و آسمان گر کوئی چھانے
نہ ان رسمون کے وہ پاوے ٹھکانے

کہین دیکھا کہ دولھا کی قضا نے
لیا ہو ینگ سر سہرا بندھائی

گل آرایش کے بان زخم بدن ہین
کنول کے پھول چاک پیرہن ہین

برنگ لالہ خون سے سرخ تن ہین
اسے کیسے غضب یا کد خدائی

چڑھے جب بیاہنے بنریسے بر کو
لٹایا چرخ نے دولھن کی گھر کو

کوئی کوٹے ہو سینہ کوئی سر کو
جو نوبت ہو تو یہ نوبت دھرائی

زہو شادی کہ جسمین تخت کی رات
انگارے ہو گئی چنے مین تو بات

کہون کیا آرسی مصحف کی ہین بات
نہ پھر دولھا نے شکل اپنی دکھائی

کہین یون بیاہ مین گاوے بدھاوے
کہ ہر اک نوحہ گر نوحے کو آوے

وہ باہم سمدھیانے کو پٹاوے
الم یہ آپ سے لیوے بدھائی

کسی نے کھائے گر اس بیاہ کے پان
اجل کے سرخ ہین لوہو سے دندان

دیے ہین سمدھنو نکو ہار جو یان
سو زنجیر انکی گردن مین پنھائی

بنے یہ بیاہ جسکی حشر تک دھوم
مرین پیاسے براتی ہو کے مظلوم

بچاری سمدھنون کو کھانا معلوم
سبھون نے روہی و جان اپنی کھائی

مرثیہ مفردہ

اے امام زمان واویلا
سید و مہربان واویلا
حرح بیچارہ دلگار حسین
۵۶۳

دھڑ ترا رنمین آہ تڑپے ہے
سر بنوک سنان واویلا

خون مین ڈوبا پڑا ہے گرد تنے
رشک مہر جوان واویلا

کہتے ہین تجکو ورد اہل حرم
اے کس بے کسان واویلا

وارث اب عابدین بن کوئی
نہ ہا درمیان واویلا

منھ پر اُس طفل کے برستی ہو
کیا یتیمی کی شان واویلا

ہاتھ مین اُسکے چھنیتون کی مہار
صورت ساربان واویلا

آج قاسم بنے کا سرخ دہن
خون سے ہو جاے پان واویلا

سر سے تا پا علی اکبر کا
تن ہے لوہو لہان واویلا

علی اصغر کا آب پیکان سے
تر ہوا ہے دہان واویلا

اُسکے ماتم مین شہربانو کی
چشم ہے خون فشان واویلا

یاد کر دمبدم اُسے اب وہ
یون کرے ہے بیان واویلا

کیا ہی تو داغ دے گیا دلمین
ہاے مادر کی جان واویلا

تیر تجھ حلق مین لگا کس کا
تھی وہ کسکی کمان واویلا

نہین چادر بھی مجھ کنے جس سے
پوچھون تیرا دہان واویلا

کاش لیجاتے مین مدینے تجھے
رن مین میرے پران واویلا

پر کبھی روتی ہے ایسا دھار مار
خون دل ہوتا ہو جاری یارسول

کتنی ہون تک چپ ہو بابا آئیگا
بی بی کی خاطر کھلونے لائیگا

ہائے کب بھول اسکے دلسے جائیگا
مین تو اب پھسلا کے ہاری یارسول

باپ کو دیکھے گی یہ روز جزا
جھوٹی باتین مین بناؤن تا کجا

دل ہوا بے آس اس سے بھی مرا
دیکھ اسکی بیقراری یارسول

اسکو مسکین دونین لیجا کر کدھر
روپیسے ذرہ بھی تھمتی ہے اگر

باپکا اسکا دکھا دیتے ہین سر
لاکے یہ ملعون تاری یارسول

جتنا کہتی ہون کہ اسکو مت دکھاؤ
سر کو اسکے باپ کے اس سے چھپاؤ

ڈر خدا کا بھی تو اپنے دلمین لاؤ
کون سنتا ہے ہماری یارسول

چند روز اسکا رہیگا گر یہ حال
پھر نہین جینے کا اسکے احتمال

باپ کا غم جان کا اسکی ہو کال
اسکو ہے اب دم شماری یارسول

اکبر و اصغر سے ہو بیٹھی نراس
عابد بیمار کی ہے کسکو آس

میرے سیامی کی یہی اک میرے پاس
رہگئی ہے یادگاری یارسول

یہ ستم اور ظلم مین کب تک سہون
جی مین آتا ہے کہین جا مر رہون

ایک کہ ہو دل پہ تو اسکو کہون
زخم ہے کاری پہ کاری یارسول

اس مصیبت سے کب ہوتی تسکین
حال ہے مجھ پر یہ طاری یا رسول

مرثیہ کرتی تھی جب بانو یہ بین
تھا عجب ارض و سما میں شور و شین

پیٹ سر گاہے کہی تھی واحسین
گاہ رو رو کر پکاری یا رسول

مرثیہ دیگر

غم ہی مجنون حسین و دل عالم وادی
اشک کی فوج ہو زنجیر بازو فولادی

چاک نے پیرہن خلق کے ہو کر ہادی
چشم سے تا بقدم راہ اسے بتلادی

غم ہو سینے میں تو کیونکر نہ کرے اشک ہجوم
طفل و دیوانہ چلے آئے ہیں لازم ملزوم

ملکے باہم یہ محرم میں مچاتے ہیں دھوم
جسکو دیکھو ہوں سیاہ تن انکی سے ہو فرد ماتم

پھر یہی از سر نو جب سن ہجری کا سال
شعلہ کرتے ہے اسے ماہ محرم کا ہلال

دیکھکر اسکو یہ ہو جاتی ہے اسکا احوال
کہ نہ ویرانہ ہی چھوڑے ہے نہ پھر آبادی

آہ ہو اسکا علم اور سر شک اسکی فوج
آتی ہے سینے سے وہ چشم تلک مارکے موج

گرد کو عشرت کی معاینہ کرے ہے سکوج
تاب کیا رہ سکے دلمیں جو سر دشتی

ایکدن غم سے خوشی نے یہ کہا سن اے غم
تجھسے بیچین ہے تا حور و ملک اے آدم

کام دنیا کا تری ہاتھ رہے ہے درہم
دلکو آفاق کے تئیں کس لیے یہ ایذا دی

وہ جو فرزند محمد کے پڑے تھے بیمار
ایک کی لاش زمین کھود نہ ان کو دی گاڑ

تا چہل روز بہتر تن بیجان اُس ٹھانو
یوں پڑے تھے کہ گویا دھوپ تھی اُنپر گھام

ہائے اسطرح کیا قتل نبی کا وہ گانو
شہر اسلام میں تھی جسکے سبب آبادی

چرخ نے تخم ستم واسطے اونکے بویا
رہا اُس تخم کے پھل کھانیکو اونکا جویا

تیغ کیواسطے تھا رونا زل سے گویا
گردن آل محمد پہ خط آزادی

نہ تو سمجھے یہ بعین ذات خدا کو حاضر
نہ کیا پاس علی کا نہ نبی کی خاطر

دین سے منہ موڑ کے دریا میں لہو کی آخر
کشتی آل نبی شامیوں نے بٹھلا دی

لوٹ کر پھر لیچلے جب اہل حرم کو ہمراہ
اُس مصیبت کی کہاں تاب جو کہ سکتی تھا

جو سوار اشتر و تکی پشت پہ تھیں مستورات
ماں بتول و نہیں کسو کی تھی کسو کی دادی

قصہ لیجانیکا آگے نہ کہے یہ ناکام
ہو یہ ڈر سو ادب پر نہو اسکا انجام

اہلبیت نبوی شقیوں نے پہونچا کر شام
جا کے دی اپنے خلیفہ کو مبارکبادی

عذر وہ آل نبی سو کیا شیطانوں نے
نہ جسے آنکھوں ہی دیکھا نہ سنا کانوں نے

حیف کفار کے نزدیک مسلمانوں نے
کر دیا خانہ دین بیت ہو جون بربادی

پس خوشی از رہ انصاف کر اب اسکو غور
اشقیا جب کریں مولا سے دو عالم پر جور

اندنوں تجھسے مولا کہیں صحبت کسطرح
دلمیں کسطرح سے ہو جاوے شادی

بہن کب تک تری بن دکھ بھریگی
جو تو ہی نہین تو کیا جی کریگی

نہ بھائی ساتھ ہی تیرے مریگی
گئی ہے یہ بہت گھبرائے اصغر

وہ قوم بے حیا و دراز حیت
ستم ہی کی اگر رکھتی تھی نیت

ہمین لے کاشکے دیتی اذیت
روا رکھتی نہ وہ ایذا ہے اصغر

چھٹ اسکے کیا تھی اس بچہ کی تقصیر
کہ رو رو کر طلب کرتا تھا یہ نیر

بھلا اسپر لیے یون مار یے تیر
کہ منھ کو کھول کر رہجائے اصغر

چھدا کر تیر سے پیاسا گلا تو
مجھے دکھا کر اس جگ سے چلا تو

بلا لون بول تو منھ سے بھلا تو
تری مان ڈھگ تری چلائی اصغر

لیے گود مین اُسکو شہربانو
کبھی پیٹے تھی سر اور گاہ زانو

کہے تھی ہائے یارب مین نہ مانو
نہ جبتک تو بھی بلوائے اصغر

یہان اک بوند پانی کی نہووے
کرے کیا گر تری مان وان رووے

ترے کرتے کا لوہو کیونکر دھووے
تجھے کس چیز سے نہلائی اصغر

نہ یان کپڑا نہ ٹکڑا نے کفن ہے
نہ کوئی ساتھ اپنے گور کن ہے

اٹھانیکا ترے کہ کیا جتن ہے
کوئی کیونکر تجھے گڑوائی اصغر

جو روٹھا ہو تو مین اوسکو مناؤن
اگر جاتا رہا ہو ڈھونڈھ لاؤن

دیویگا کون اُسکو وان بھر کے جام پانی
جسکو مین سوچتا ہون سو جرم حسین کا ہو

سب خویش و اقربا تو اُسکے گئے ہین مارے
پانی لے آنیکو وہ کسکے تئین پکارے

سیراب جس جگہ مین ہین وحش و طیر سارے
ہو تو نہ تشنگی سو وان دم حسین کا ہو

سب یار و یاور اسکے مارے پڑے ہین رن مین
کوئی نہین ہے اسکا اب بیکسی کے بن مین

اندیشہ تک کرو تو یارو کہ چوکدے رن مین
غربت سو اکوئی بھی ہمدم حسین کا ہو

جان برلب آ رہا ہو دل زندگی سے مایوس
اندیشہ آبرو کا اور فکر پاس ناموس

کوئی نہ پاس اُنسے تھا وہ جنھون سے مانوس
مین کیا کہون کہ یہ کچھ عالم حسین کا ہو

نے دوست پاس اسکے کوئی نہ آشنا ہی
ڈالے نہ دشمن اوپر ایسی فلک تباہی

آگہ نہین ہے اُس سے کوئی مگر خدا ہی
اس حال مین مجو محرم حسین کا ہو

تیغ ستم سے بھائی جا جس جگہ ہوا ہے
اُسجا بھتیجا مارا وہین پڑا ہے

بیٹا رہا سو دونو کی لوتھ پر گرا ہے
قتل اسطرح قبیلہ بیمیم حسین کا ہے

صورت یہ کشت و خون کی کربلا مین آئی
تڑپے ہی یان بھتیجا وان لوٹتا ہی بھائی

یون گردن اپنی کٹ نے مع اقربا کٹائی
کٹنے کا جسطرح سے عالم حسین کا ہو

جو زیر تیغ آیا چھوٹا بڑا انھون مین
کیا کیا عزیز اسکا بیجان تھا انھون مین

کوئی بھتیجا کوئی ہے بھانجا انھون مین
بیٹا کوئی ہو اُسکا جو غم حسین کا ہو

چرخ کی بدمستی آج ہوئی ہو ابتدا
حال سے خلق کی غافل ہے پٹ یہ بدذات

دین کی راہ زنوں نے ہو فراہم سیہات
لوٹی کربل میں مدینے سے جو آئی تھی برات

غارت اس طرح کیا ہای پیمبر کا گھر
نہ سر زن پہ ہے چادر نہ تن مرد پہ سر

مرنیوالے تو موے جی سے بچے جو اکثر
چاہتے ہیں کریں پوشش کیلئے قطع حیات

گھر کو شادی کے عوض روشنی کو آتش دے
در پہ سر پیٹنے سے خلق کے نوبت باجے

دولہا دولہن کی عجب بھاگ ہیں رو جنکے
تخت کی رات کرے دنکو قیامت کی بات

دونوں سمدھیانے پہ لوٹی گئے کر کے دولہن
عوض خلعت شادی نہ ملا شہ کو کفن

کسکے گھر بیاہ اٹھایا تھا کہ دولہا دولہن
درد سے دل کے بہم کرنے نہ پائی دو بات

صبح سے بیٹھیں ہیں سر پہ برائی تا شام
شام سے صبح تلک لیکے دولہا کا نام

دیکھکر حال یہ کہتے ہیں کھڑے خاص و عام
بیاہ کا دن نہیں دولہا کا یہ ہے روز وفات

کوئی روتا ہے کھڑا ڈال کے سر پہ خاک
سینہ کوٹے ہے کوئی کرکے گریبانکو چاک

کسکا ماتم ہے یہ پوچھے ہے کوئی ہو غمناک
شادی کی آج تلک دیکھو نہیں یہ حالات

غیر زنجیر نہ سمدھن کے گلے دیکھنا ہار
پان جو کھاوے سو ہے سمدھی کی تئیں سوفار

اور شربت جو پوچھو تو کروں یہ گفتار
تشنہ نوشہ کو کیا ذبح لب آب سے فرات

یہ عجب بیاہ ہے جسمیں نہ کہیں رنگ راگ
ورنہ ہر شادی میں سب گاتے ہیں دولہن کے سہاگ

غرض اس شادی سے تا حشر رہینگے غم مین
جتنے مخلوق خدا ہین اس عالم مین

روز و شب خاک بسر ہونگے اس ماتم مین
آدم و دیو پری حور و ملک اور جنات

طاقت اب سننے کی آتی نہین نظم بیان
خون دل ہر مژہ چشم سے کب تک ہو روان

سودا کہتے ہین یہ تجھ سے سبھی اب جے دو کلان
ختم کر مرثیہ بھیج آل محمد پہ صلوات

مرثیہ حضرت

ہائے وہ حیدر کے پیارے کیا ہوئے
کیا کہین بن کو سدھارے کیا ہوئے

تھے وہ شہزادے ہمارے کیا ہوئے
کربلا مین کن نے مارے کیا ہوئے

فاطمہ کہتی ہین رو رو زار زار
کیا ہوئے فرزند میرے تاجدار

اُنکے بن دیکھے نہین مجکو قرار
کوئی اتنا جا پکارے کیا ہوئے

دنکے میرے چین اور نور مین
چاند سے مکھڑے تھے اور گل سے بدن

دھوتی تھی ہر دم مین جنکے پیرہن
سو مری آنکھونکے تارے کیا ہوئے

جنکو مین اتنا کیا تھا بر مین پال
شست و شو کرتی تھی جنکے سر کے بال

دیکھ نہین سکتی تھی بھوکا سو وہ لال
تشنہ لب دریا کنارے کیا ہوئے

گھر مین اب مجکو نظر آتے نہین
روتی روتی غم سے یہ آنکھین نہین

کوئی تو ڈھونڈھو بھلا جا کر کہین
بیوطن بیکس بچارے کیا ہوئے

صفحۂ دنیا کا رو ہی سیاہ تاب — ہائے روح جگ کے اجارے کیا ہوئے

پالنا جنکا جھلاتا جبرئیل — بہر آمرزش تھے امت کے کفیل

باپ سے دلواتے کوثر کی سبیل — ہائے وہ حق کے سنوارے کیا ہوئے

ہو دل عالم کو اونکے غم کا روگ — ساکنان عرش تک ہو اونکا سوگ

جھیلے سب قربا کہتے ہین لوگ — دین کے سالار سارے کیا ہوئے

ہائے جو تھے دین اور دنیا کے تاج — جن سے یان ایمان نے پایا رواج

دھڑ پڑے ہین خاک و خون مین اونکے آج — سر تنوں سے ہو نیارے کیا ہوئے

اب غرض نوحہ کرتی ہین کلام — آنکھوں سے بہتے ہین نالے صبح و شام

رو رو کر کہتا ہے عالم وے امام — حق کی نظروں مین نیارے کیا ہوئے

غم سے اونکے زار ہین سب انس و جان — سر کو اپنے پیٹتے ہین کر بیان

اونکے ماتم مین کہو ہے مہربان — ہائے وہ حیدر کے پیارے کیا ہوئے

مرثیہ مربع

سن لے گردون اگر تو دون نہوتا — تیری گردش سے شہ محزون نہوتا

مدینے سے کبھی بیرون نہوتا — اور اوسکا کربلا مین خون نہوتا

نجانے اسطرح کوفے کو حیدر — بلاتا ابن ملجم بھی سمجھکر

مرثیہ مربع

شام جب اہل حرم ہوئے گرفتار چلے
چشم گریان دل بریان جگر افگار چلے

دیکھ مقتل کی طرف کرتے یہ گفتار چلے
مرنیکو تم جو چلے کیون نہ ہمین یار چلے

کس سبب کرنیسے جو ہر ہمین تم منھ موڑا
خنجر و تیغ و تبر کا تو نہ تھا کچھ توڑا

مگر اس دنکے لیے تم ہمین جیتا چھوڑا
اسطرح لیکے ہمین قوم ستمگار چلے

ہم سوار اونٹ پہ ایسے کہ نہین جنکو جہاز
نہ سے نزدیک اجل اور سفر دور دراز

ناتوان زین عبا جس سے نہ نکلے آواز
کھینچنا انکی مہار آگے وہ بیمار چلے

پا برہنہ ہے وہ اور راہ پر از خارستان
کانٹے چبھ چبھ کے ہر آن لہو سے ہو خون دان

بسکہ ہاری ہے بدن اسکی ہے اب تاب و توان
گاہ بیہوش گہی ہوکے وہ ہشیار چلے

ظالمون نے یہ جفا اور ستم ہمپہ کیے
سو طرح عابد بیمار کو آزار دیے

جسکی ہم آرزوئین کرتی تھی جینے کیلیے
سو وہ یون گریہ کناں زیست سے بیزار چلے

ہجر کا بسکہ تمھارے ہے الم اوسپہ کمال
وای افسوس پہ رو دمبدم اسکا ہے سوال

راہ چلنے مین یہ اسکا ہے نقاہت سے حال
لڑکھڑاتا ہوا جون زخمی سرشار چلے

تن بدن اپنے سے اصلا نہین رکھتا ہے خبر
جا بجا خاک اڑاتا وہ چلے ہے سر پر

یاد کر تم کو وہ کہتا ہے یہ آئین بھر کر
مارین ظالم تمھین ایسے نہ مرا وار چلے

نیزے کی بہر سینۂ اعدا بنی تھی بھال
یا اونکے سر دکھانیکو گھر گھر کیواسطے

اکثر چلانا تیر کا تو دی پہ ہی صواب
یا کیجیے تو وہ سینۂ ابن ابوتراب

اک منصفی سے دوسری بیاں کا جواب
یا رو نبی کی روح مطہر کیواسطے

دیکھا جہاں نہیں کافر و دیندار کا بھی بیر
انکی سی پر فتاوت قلبی کی ہیں سیر

پینے دین آب انس سے لی تا بہ وحش و طیر
مانع ہوں ابن ساقی کوثر کیواسطے

امت ہو وہ کہ خانۂ دین کی ہو پاسبان
یا لوٹ لیوے اپنے پیمبر کا خانمان

آتش برای پختن و پز آئی تھی درجہان
یا دینے کو وہ فاطمہ کے گھر کیواسطے

راوی لکھی ہی خرد و کلاں نہیں جب ہوا
نیزے سے اور تیغ سے سب کا لہو چوا

شش ماہہ طفل اصغر معصوم تک ہوا
طعمۂ عقاب تیر ستمگر کے واسطے

تنہا پھر اس زمین پہ رہا شاہ کربلا
اسکا بھی تیغ ظلم سے آخر کٹا گلا

بعد اس ستم کے خیمہ ہوا مورد بلا
غارت گروں کے ہاتھ سے نور کیواسطے

خیمے میں جب دھسے وہ لعین چھاتیاں
بیٹی چھپی تھی ماں کی ماں بیٹی کی کنے

کیا ہووے اون غریبوں سے جن پر آپ نے
جزیہ کہ دین خدا و پیمبر کے واسطے

تلواریں کھینچ کھینچ یہ بولے وہ بدخصال
جلدی سے تم بتاؤ کدھر ہے متاع و مال

گردن پہ اپنی جان کا ابھی نہ لو وبال
برباد زندگی کو نہ دو زر کیواسطے

گر ہاتھ تھا درست کسیکا جدا تھا پاؤن
یہ شکل اور آل پیمبر کے واسطے

لو تھوپنے جا پڑے نظر انکی جو ناگہان
تاریک و تیرہ ہو گیا آنکھون مین دو جہان

زینب پکار رہی ہو تو ان لو تھوپنے جہان
بھائی جگہ دے اپنی بھی خواہر کیواسطے

ای بیگناہ کشتۂ مذبوح بے سبب
پہنچی ہون تجھ تک آن کے مین بھی بعقب

مین کیونکہ اتنی لو تھوپنے پاؤن تجھی کو جب
پہچاننے کو سر نہو پیکر کے واسطے

تجھ سر کے شام جانیکا مین کیا کہون اصول
لٹکے تھا نوک نیزہ سے اور پڑ رہی تھی دھول

اس سر کے بالین سے سدا پنجۂ رسول
شانہ تھا گیسوان معنبر کے واسطے

نانا روا کو اپنے رکھے تیر افگن خواب
ماں پر نہ دے نہ تن پہ کبھو عکس آفتاب

بابا کی کنیت کے سبب این بوتراب
تین خاک اختیار کی بستر کے واسطے

کپڑون کے غم مین چاہیے در کے وین مردن
کفنا کے کسطرح سے تجھے گود مین دھرون

ای نور چشم فاطمہ تبلا مین کیا کرون
سو تو نہین ہے چادر و معجر کے واسطے

زینب نے فکر رو رو با آواز دردناک
کہتی تھین یہ کہ تیغ ستم سے ہوا ہلاک

یہ خون مین وہ پڑا ہے کہ جسکے قدم کی خاک
سرمہ تھی چشم خسرو خاور کے واسطے

یا مرتضیٰ علی ولی حشر کا قیام
جسرو زبوں عرض کیے رکھے ہے یہ غلام

سو اک بھولیو نہ تو اپنے زفیض عام
دریائے العطش کے شناور کیواسطے

عباس کے کر قتل ستم کیشون نے بازو
ڈالے برلے خاک

جون خشکی مین ماہی ہو نظر آئے ہے مجھکو
یون عابد غمناک

دل دیکھ سکینہ کے پریشان ہوے گیسو
جون شانہ ہے صد چاک

خیر مرگ علاج اسکا نہین کیجیے مرہم
ہو زخم جو تن پر

زینب نے غرض شاہ کی اس نظم بیان سے
سر پیٹ کے اکبار

بولین کہ رہا تو ہی ہے اب خود و کلان سے
جارن مین نہ زنہار

نکلا یہ سخن جس گھڑی زینب کی زبان سے
سنکر شہ ابرار

بولے کہ نہین ہے یہ جگہ مارنے کی دم
یو نہین ہے سفدر

یہ کہکے ہوا شاہ کا میدان کو آہنگ
رخصت ہو بہن سے

اور راست کیے اپنے بدن پر سلح جنگ
ہم شکل کفن سے

اُس آن حرم بیچ قیامت کا ہوا رنگ
فرقت کے محن سے

اکبار گیا شبون دلہاے پر از غم
افلاک سے اودھر

کرتا تھا شہ دین کی کوئی منت و زاری
پڑتا تھا کوئی پاؤن

پیٹے تھا سر اپنے کے تئین وقت سواری
لے لیکے کوئی ناؤن

ڈھونڈھے تھا کوئی مارنے کو اپنے کٹاری
ہر طور ہر اک ٹھاؤن

جب نذر خدا کے خلیل اپنے پسر کو — کرنے لگے قربان
پایا نہ قبول اُسکا خدائی نے کسی رو — شان اپنی کے شایان
گردن گا بنی زاد کے خنجر سے نہ یک مو — کاٹا گیا اُس آن
دینے کو دیا امر الٰہی نے پھر اُسدم — زیر دم خنجر
یہ دیکھ کے احوال رو وہ بنی اللہ — کرنا لگے فریاد
تاریک ہوا نظر دنیں بے ماہی سے تا ماہ — یہ غم ہوا روداد
مقبول مرا ہونے پہ سر حق کے بدرگاہ — تم چاہیے ہو شاد
افسوس صد افسوس کہ شادی کی جگہ غم — ہو تمسونکے دل پہ
اُس سر کے سعادت ہے کہ جو راہ خدا مین — گردن سے جدا ہو
بندا ہے وہی جو ہر رنج و بلا مین — راضی برضا ہو
تک غور کرو آپ کو دو جگ کی بنا مین — تم کون ہو کیا ہو
صابر برضا بیٹھو قدم گاڑ کے محکم — اے عزت اطہر
خنجر یہ وہی ہے جو گلے میرے چلیگا — یہ تمکو یقین ہو
وقت اسکے گلے لگنے کا ذرہ نہ ٹلیگا — گو اب وہ کہین ہو
سر دم تلے ہرگز نہ مرا اُسکے ہلے گا — لرزش نہ زمین ہو

بستر پہ جو بیماری کے ہے عابد بیمار — اُس سے تو یہ کہیو
ایسا ہی جو ہو مرضی حق مین تجھے آزار — راضی ہی تو رہیو
جو ظلم و ستم تجھپہ کرین قوم جفاکار — سر اپنے یہ سہیو
تنہا نہ مصیبت مین گرفتار ہین کچھ ہم — تھے سارے پیمبر
جانا جو ہو قسمت سے مدینے کو تمھارا — جا دیر سے بدیری
کہیو کہ سلام ابن علی کہکے سر دار — ہر دوست کو میرے
جبتک کہ لعینون نے اُسکے کو اُتارا — تھا یاد مین تیرے
مشتاق ملاقات رہا مرگ کے تا دم — فرزند پیمبر
یہ کہکے شہ دین نے کیا گھوڑے کی رخصت — خیمے کی طرف کو
من بعد نصیب اُسکے ہوا جام شہادت — از دست جفا جو
دان سے جو گیا اسپ سوے پردۂ عصمت — مل چہرے مین لہو
پھر کیا کہون تھا حق ہی اُس احوال سے محرم — گذرا جو اُنھون پہ
آیا جو نظر خانۂ زین شاہ سے خالی — مین کیا کہون اُس آن
وحشت ہوئی اک وحشت محشر سے نرالی — از نالہ و افغان
خاک اتنی سر و شکل پہ ہر ایک نے ڈالی — کر بال پریشان

گرد اسکے کھڑین زینب و کلثوم و سکینہ
باد دیدہ خونبار
کہتی تھین کہ ویران ہوا آج مدینہ
اے احمد مختار
کوئی نہ بچا آل کا ڈبا یہ سفینہ
جز عابد بیمار
اس بحر تظلم سے کہو کیونکہ ترین ہم
اب ہو کے شناور
القصہ جو احوال حرم رکھتے تھے اس آن
دیکھا اسکے تئین کو
لو ہو کھڑے روتے تھے چہ انسان و چہ حیوان
ہر جانب و ہر سو
طاقت نہین سننے کی بین اب آگے مہربان
خاموش ہو اب تو
توفیق عزا کی تجھے ہر ماہ محرم
دے خالق اکبر

مرثیہ حضرت

اشجار غم سے ہو گئے بے برگ بے صبا
گل شبنم الم سے ہوئی چشم تر صبا
پھر کس خوشی سے کرتی ہے تو آئے گذر صبا
سیر چمن کو آج سے موقوف کر صبا
ہے گلشن جہان مین قیامت کی اب سحر
غنچے ہوئے خموش گریبان کو چاک کر
جا ہی عبیر ملتے ہین گل گرد منھ اوپر
بلبل کا آہ نالہ سے تڑپے جگر صبا
گلزار فاطمہ کا مین احوال کیا کہون
ہر اک سخن سے دمبدم آتی ہے بو خون

لکھتا ہو اک کتاب مین راوی معتبر
اُس قافلے کا شام مین جس دم ہوا گذر

نیزے پہ لیگئے وہ لعین تب اُتار کر
پیش یزید طشت مین اس کو دھر صبا

اُس لعنتی نے سر کو چھوا بید کی چھڑی
کہنے لگا کہ دانت تو موتی کی ہین لڑی

صف تھی جو اہل بیت کی دان سامنے کھڑی
زینب بولی انہین سے سپر ہٹ کر صبا

ای رو سیہ تو کوڑھ سی ہو جائیگا سفید
مارے ہو بوسہ گاہ نبی پہ چوب بید

جینے سے اپنے جب یہ کہا ہو کے نا امید
بولا یزید پھیر کے منھ کو اُدھر صبا

ای بیوہ تو جو کرتی ہے مجھسے یہ گفتگو
پہنچیگی اپنے بھائی کے اس زمانے تو

راوی کہے ہے ایک فرنگی نیک خو
کہنے لگا یزید کو وہ دیکھکر صبا

سن اے یزید ہم جو ہین عیسے کے دین پر
پوچھین ہین اس علاقے سے نت سم پاے خر

تو نے نبی کی اپنی نہ حرمت رکھی نظر
یہ کہکے اُن نے اپنی کیے چشم تر صبا

اس حرف سے یزید لعین نے غضب مین آ
جلاد اُسکے قتل کو دم مین لیا بلا

دیکھا جو اُس فرنگی نے اُسدم تماجرا
بولا اُٹھا کے طشت سے وہ شہ کا سر صبا

اے سر خدا کیواسطے ایمان کر عطا
نانا کے اپنے دین مین مجکو تو جلد لا

القصہ نے شاہ کے کلمہ دیا پڑھا
راوی معتبر نے یہ دی ہے خبر صبا

آخر یزید لعنتی خلق کے سکے
نالے لہو کے تن سے فرنگی کو دان کے

کس خوشی سے دکھاؤ گے محمد کو منھ
فاطمہ کے یہ دیا جان کو غم کیا کیتا

پوچھینگے حشر تمنا سے تو کیا دوگے جواب
مصطفے کے جو وہ تھا جسم کا دم کیا کیتا

اپنے بنیانکے نواسوں کو کیا پیاسا ذبح
ہوکے افسوس تمن خیر امم کیا کیتا

ٹھور تمنا کہ تئیں نہیں ہے کہیں بن دوزخ
اپنے کرمونکا کمایا یہ کرم کیا کیتا

مہربان ہوئے ہو اے کافرو دنیا کے لیے
کردیا دین کو تمن آپنے عدم کیا کیتا

دیگر مرثیہ مفردہ

دیکھو چرخ کی بیدادی ہاے
فاطمہ آج ہین فریادی ہاے

ہوگئے دست تظلم سے حیف
خانۂ دین کی بربادی ہاے

اہل بیت نبوی بیٹھے ہین
شہر کو تجھکے سوے وادی ہاے

رہنمائی کو چلے اُمت کی
کربلا دین کے جو تھے ہادی ہاے

شام کی فوج نے آکر دیکھو
پل مین ویرانکی یہ آبادی ہاے

مارتا صید حسر کو نہ ڈرا
کیا زمانیکی ہے صیادی ہاے

گرچہ ہو ظلم ترا کام دلے
چرخ اتنی ستم ایجادی ہاے

یا نبی تیری امت نے آج
یون تری آل کو ایذادی ہاے

تخت کی رات ہے ماتم مین دلھن
ہے یہ قاسم کی عجب شادی ہاے

جسکا کہ ہوا لخت جگر وقت پیاسا
وہ ساقیِ کوثر شہِ مردان کہاں ہے

پانی بھی روا شامیوں نے جس پہ نہ رکھا
کربل کے بیابان کا وہ مہمان کہاں ہے

یاں پیاس کے ہاتھوں سے ہوا گنج شہیدان
بے آبی کا دنیا میں تو فرمان کہاں ہے

جمشید سے تھے جسکے غلامان ہزاروں
بتلا تو مجھے وہ شہِ شاہان کہاں ہے

اک نیزہ پہ آیا ہے یہ خورشید قیامت
برچھی پہ سرِ شاہ نمایان کہاں ہے

جس سر کو لیے جاتے ہیں نیزہ پہ لعینان
اُس سر کا تباؤ تن بیجان کہاں ہے

آتا ہے شفق بیچ نظر دین کا خورشید
غرق اُس کا لہو میں تنِ عریان کہاں ہے

جس بن دو جہان چشم خلائق میں ہے تاریک
ہیہات کہ وہ مہرِ درخشان کہاں ہے

جسکا یہ ہوا قتل امامِ دو جہان آج
پوچھوں ہوں میں تجھسے وہ سیدان کہاں ہے

جاتی ہیں یتیم اُسکے گرفتار بہ زنجیر
یارو کہو والی یتیمان کہاں ہے

جاری ہے لہو اُسکے یتیموں کے نین سے
پوچھے جو وہ یہ دیدۂ گریان کہاں ہے

روتے ہیں سبھی اہلِ حرم آجکے دن ہائے
کہتے ہیں ہمارا وہ نگہبان کہاں ہے

کربل میں کہیں جائے کوئی ڈھونڈھے مجھے جان
لو ہو میں پڑا دین کا ارکان کہاں ہے

لے دیو و پری جسکے لیے تا بلخ و مور
سر پیٹتے ہیں اپنا وہ سلیمان کہاں ہے

ہر چند کباب آتشِ غم سے ہے دل خلق
پر فاطمہ کا سا دل بریان کہاں ہے

یہ بنت فاطمہ ہو کہ جن نے بھر دی خاک
خون حسین منھ پہ ملا ہای ہای ہائے

طعمہ مگس کا ہو وہ تن جسکا ایک عمر
رومال فاطمہ نے جھلا ہای ہای ہائے

جنگل مین کنکر و نپہ وہ سویا پڑا ہو آج
جو گود مین نبی کے پلا ہای ہای ہائے

یہ ابن بوتراب ہے جسکا بغیر سر
مٹی مین تن پڑا ہے لٹا ہای ہای ہائے

بویا تھا فاطمہ نے جہان تخم ضد امید
وہ کھیت کس طرح سے چھلا ہای ہای ہائے

پانی جنھین دیا نہ کسینے جز آب تیغ
سو تشنگان کرب و بلا ہای ہای ہائے

بے آب و دانہ تھے جو کئی روز سے حرم
دی انکو خوان غم پہ صلا ہای ہای ہائے

کرتے تھے برگ گل پہ رکھی جو پاؤن مرد
ہر ایک خار آئین گلا ہای ہای ہائے

پوچھو تو آسیا و فلک سے کوئی کہ ہین
کسکے یہ گھر کو ڈھا ہای ہای ہائے

کسکا ہے یہ جمال کہ بے محمل و حجاز
جاتا ہو اشتر برہنہ چلا ہای ہای ہائے

نیزہ اسکے پاؤن تو اسکے گلے پہ لوٹ
یہ کون ہین اسیر بلا ہای ہای ہائے

یہ لعل بیگنہ تھا کسیکا کہ جسکے تیر
لگ کر گلے مین پھر نہ ہلا ہای ہای ہائے

وہ مرتبہ سمجھ کہ جو کچھ تھا حسین کا
تاج انبیا کو سر سے ڈھلا ہای ہای ہائے

ایسے نبی کے لخت جگر قتل ہو گئے
کیا کر گئے عمل جلا ہای ہای ہائے

جو سر نبی کے دوش تھا سو ہے نیزے پہ
دیکھے زمانہ کی یہ کلا ہای ہای ہائے

یارو کیا کہیو عرض ان مظلومون نے
کاٹی شب آنکھون مین دان کرتے خونباری

تھا یہ زبان زد تجھ بن آواز حسینا
کانٹی پہ جون اس سے اب نیست بیماری

رونے روتے سو گئی ناداں سکینہ
خواب مین دیکھا باپ کو ان نے اکباری

کہتے تھے وہ لگ گلے کا میری سکینہ
کون کریگا مجھ بن اب تیری غمخواری

پھوپھیان تیری سوگ مین بیٹھی ہین میری
عابد بھائی ہے تیرا تش کو بیماری

ذکر دوا و غذا کا کیا ہر ایک سے اسکو
چلو پانی کے لیے مت آزاری

کرنیوالا خدا اس رنج و بلا مین
دل جوئی کون اسکی اور تیری دلداری

باتین سن غرض چونکی جو سکینہ
بابا بابا کہکے وہ معصوم پکاری

دیکھ یہ حال اہل حرم سب رونے لاگے
سنکے وہ ملعون نیند سے چونکا یکبارگی

بولا زاریکا سبب کیا جا کے خبر لو
کس نے آج ایسا پڑا ہے یہ دکھ بھاری

بولی سکینہ خواب مین دیکھا اپنے پدر کو
چونک اٹھے ہے یک بیک روتی کھیاری

تب سے برپا حشر کا ہے عالم اس پہ
دیتی ہین تسکین سے پھوپھیان بیچاری

سنکر کہا یزید نے سر اسکے پدر کا
دکھلا دو لیجا اسے تا بھولے وہ ناری

اس ملعون کے امر سے طشت مین دھر کر
کھانیکی جون قاب ہوئی تیاری

لیجا کر جب رکھدیا وہ آگے حرم کے
بھیجے قاب طعام سے پر ہے ساری

لٹ گیا میرا چمن امید کا
وہ مرا سرو صنوبر کیا ہوا
پالتی تھی جس کو میں جیکی طرح
سو وہ میرا ناز پرور کیا ہوا
ساتھ لے سوتی تھی اُسکو ساری رات
خالی اب اُس بن ہے بستر کیا ہوا
رات دن کا تھا وہ میرا مشغلا
تھا مرا دل جس سے خوگر کیا ہوا
مرتدوں نے یہ ستم مجھپر کیا
سنتے ہوا سے دین کے رہبر کیا ہوا
ہو گئی خالی بن اُسکے میری گود
مجھ صدف کا کہ وہ گوہر کیا ہوا
فخر تھا مان ہونیسے جس کے مجھے
سیس کا میرے وہ افسر کیا ہوا
دل مرا خون ہو گیا ہے جس بغیر

واورینا وا ورینغ
ہے ہے اصغر لاڈلا
واورینا وا ورینغ
ہے ہے اصغر لاڈلا
واورینا وا ورینغ
ہے ہے اصغر لاڈلا
واورینا وا ورینغ
ہے ہے اصغر لاڈلا
واورینا وا ورینغ
ہے ہے اصغر لاڈلا
واورینا وا ورینغ
ہے ہے اصغر لاڈلا
واورینا وا ورینغ
ہے ہے اصغر لاڈلا
واورینا وا ورینغ
ہے ہے اصغر لاڈلا
واورینا وا ورینغ
ہے ہے اصغر لاڈلا
واورینا وا ورینغ

اُس بغیر اب کل نہیں ایک پل مجھے	وا دریغا وا دریغ
اب مرا وہ جان مادر کیا ہوا	ہے ہے اصغر لاڈلا
جب تلک جیتی رہونگی تب تلک	وا دریغا وا دریغ
یوں پھرونگی کہتی گھر گھر کیا ہوا	ہے ہے اصغر لاڈلا
کیا کرونگی جی کو اپنے میں تو رکھ	وا دریغا وا دریغ
ظلم دل پر صدمے باہر کیا ہوا	ہے ہے اصغر لاڈلا
مہربان سرور کے بانو جس گھڑی	وا دریغا وا دریغ
کہتی تھیں یوں آہ بھر کر کیا ہوا	ہے ہے اصغر لاڈلا
سامو نکلے کچھ نہ تھے باقی حواس	وا دریغا وا دریغ
کہتے تھے پیٹ کر سر کیا ہوا	ہے ہے اصغر لاڈلا

مرثیہ مفردہ دوہرہ بند

کہتی ہیں بنت پیمبر ہو سرور ہا ہے	اے بنی کے ناز پرور ہا سرور ہا ہے

دیکھ خدا جسکو ذرا کہتے مجھے رسول
لال کو میرے فاطمہ کیوں تیں کیا ملول

دن دونے کے چاند کو مارین شامی گھیر
جگ مین دیکھا ہے کہین ایسا بھی اندھیر

بس نہین چلتا کسی بندیکا کچھ تقدیر سے
کیا کرون آہ سیر دلبر ہی سر ہا ہے

بیکس تجھکو دیکھکر روتی ہون جگ ماتھ
کیا کرون لے لاؤ سے میرا بس کچھ ناتھ

دیکھکر تجھ لاش کو کہتی گئی ہو سوئے شام
تیری یون ہر لیکے خواہر ہی سر ہا ہے

آنکھ مین جن کو نہ پھرے ہے جاسے ہے پیر
پر دیکھا جاتا نہین پڑا ہوا یون بیر

یون کیا غارت شہ گھر کو کہ مستورات کی
سر کی بھی چھوڑی نہ چادر ہی سر ہا ہے

نقد جس سب ظلم سے یون کا اک بار
لوٹ کے لیگئے وہ شقی چھوڑا ایک نہ تار

ظلم جو گذرا ہے تجھپر ہونگی اسکو یاد کر
نعرہ زن ہے تا بہ محشر ہی سر ہا ہے

آراتی ہے گاے بھی شیر جو بچھڑا کھاے
رو دون نہ تجھسا پوت جب موت کے منھ مین جاے

مطلب ان ملرخ تبسم دم حضرت خیر النسا
یہ سخن لائین زبان پر ہی سر ہا ہے

حیف سوئے سوئے تم مین جاگتی ہون اور جیتی ہون — دودھ پینے سے مین تمھاری گھونٹ لہو کی پیتی ہون

ہے ہے اصغر میرے لال

ایسی نیند کہانسوئی دودھ بھی مانگ نہ تم — کاندھے سے لگا کے پکڑ اپنے سوئے سوئے تم

ہے ہے اصغر میرے لال

سونیکو مین نہین ہون روتی اس سے بھی سوتے ہین دیر — اس کروٹ پر جو سویا مین اسکو نہ دیکھا اچھے

ہے ہے اصغر میرے لال

چونکتی نیند آتی ہے آنکھون مین ہر بلے کی — نیند جو ہووے تو تم چونکو یہ تو ڈس کالی کی

ہے ہے اصغر میرے لال

ٹک تو پیار سے کروٹ لیکر مانگی طرف تو منھ کو پھیر — ایسا کیا مین کیا تمھارا روٹھ رہے جو اتنی دیر

ہے ہے اصغر میرے لال

حلق پیاسا کھلا ہوا ہونٹو کو کٹم کریگا یون ارشاد — سوکھے کو مان لے اپنی ذمی ہو کے زیاد منھاد

ہے ہے اصغر میرے لال

ایسا گر مین سمجھتی تمکو لگتی کب توری دے — حلق کی راہ آنکھون مین تمھاری نیند اوگی جی لینے

ہے ہے اصغر میرے لال

کھولکے اب آنکھیان تم اپنی کرو نمان اماں پہ — خاک کے پنجہ مت دبو میری تم اسیر اور آس

بابا ترا آج ملول مان ڈالی ہی سیر میں دھول
تیغ جفا سے تو مقتول تجھ بن اے فرزند رسول
ہوئی یتیم سبھی اطفال ہائے حسینا وائے حسین

سر تا پاؤں مجروح زمین پر ہی تو مذبوح
پیاسی گئیں بن سے روح شام تلک پر صبح
دھوپ سے ہی تجھ تن زوال ہائے حسینا وائے حسین

روتی ہی ہر ایک بہن بیٹی ہی کہہ یہ سخن
گور تجھکو ہی نہ کفن عریاں تیرے خاکمین تن
سر پہ تیرے نیزہ کی بھال ہائے حسینا وائے حسین

لیکے جوان تا طفل صغیر موی بضرب تیغ و تیر
رہی جو ہم سو کر زنجیر لیکے چلے شامی بے پیر
تجھ بن ہمپر احوال ہائے حسینا وائے حسین

عابد پیادہ ہم ہیں جو اونٹوں کی ہاتھ سکی مہار
پائی برہنہ وہ سالار اس بن ہیں جو ہی بیچار
ملو ہی اسکے لہو سے لال ہائے حسینا وائے حسین

پیاس کے مارے خشک ہاں منھ کی باہر اسکی زبان
پانی جو چاہی سو کہاں لشکر سارا دشمن جان
کس سے کرے وہ جا کے سوال ہائے حسینا وائے حسین

دیکھ سکینہ اب سکو ماں سے کہی یہ رو رو
پیادہ چلتی اسکو ندو پاس تم اپنے بٹھلا لو
تا بکجا یوں کریں مقال ہائے حسینا وائے حسین

کس سے کہیں جا کر درد ہم بیکس بھرا آہ سرد
عریاں ہمکو زن اور مرد دیکھیں ہیں اب فرد فرد

سر تا قدم دو دل یا جند کی انگارے
ہو جاوے راکھ کا یون ہر اک دلا کہو تو

کوئی لڑا ہے نہین جسطرح یہ لڑے ہین
کیا زخم تن پہ اپنے کھائے ہین اور سڑے ہین

فالیز سے زیادہ ہر سمت سر پڑے ہین
اسطرح کھیت کسکا پھولا پھلا کہو تو

وہ شخص نہین یارو یون بیخبر ہوئے ہے
ہر اک نفس لہو مین آکے نہ ڈوبے

اور حال سے کچھ اپنے اسکو خبر نہ ہوئے
رومال فاطمہ نے جسکو جھلا کہو تو

چھاتی اُپر بنی کی تھا لوٹنے جو دالا
اور گود پہ اپنی جسکو ڈر لا

جب تک جسے محمد ناز و نعم سے پالا
تن اُسکا خاک و خون مین کیونکر کہو تو

گرد ملال اُسکے گر بیٹھتی تھی
رنج الا مین کے لرزا پڑتا تھا سو بہو

ہر دم جگہ تھی جسکو دوش نبی کے اوپر
نوک سنان پہ دو سر کیونکر چلا کہو تو

کیا چرخ کی جفا کو دنیا مین کوئی کم تھا
یہ خاندان عالی کب لائق ستم تھا

ہر ایک فاطمہ کا ان بیچ ہوش و دم تھا
ایسونکے سر پہ کچھ رنج و بلا کہو تو

ہے کیا ستم جو ہو دین مقصود انس جنکے
کل وقت سایہ ہے کوثر طفیل جنکے

سو اب کنار دریا پیاسے بچونکے انکے
پانی ملے نہ شیرین نے تلملا کہو تو

بازو بنی کہین تھے جس شخص کے پدر کو
کر تشنہ ذبح یارو اسطرح کے بشر کو

تیغ جفا سے ظالم لیجا مین کاٹ سر کو
رہجاے تن لہو یون تلملا کہو تو

فرزند کس کا ہوگا فرزند مرتضیٰ سا
کس زن کا قدر و مرتبہ ہو بنت مصطفیٰ سا

ہو اقربا کسی کا احمد کے اقربا سا
انصاف سے سخن کا مرے جواب دو تم

غم کھائیے کسو کا ایسوں کے غم کے ہوتے
دل کو الم ہو کسکا انکے الم کے ہوتے

روئی ستم جنھوں نے دیکھا ستم کے ہوتے
غمگین کسو کے خاطر انکے سوا نہو تم

اس خاندان میں جو تھا سو مورد جفا تھا
جو گذری جسکے اوپر وہ تابع رضا تھا

سر تا قدم قدا وسکا اک آہ بے صدا تھا
بندے پھر ایسے پیدا ہونگے بھلا کہو تم

کیا چیز انکے آگے ہیں اقربا ہمارے
کر یاد جنکو ہر دم ہم رو دیں غم کے مارے

دنیا سے یوں گئے ہیں پیاسے نبی کے پیارے
احوال سن جنھوں کا پانی نہ پھر پیو تم

نعمات جنکی خاطر دنیا میں خلق ہووے
اطفال انکے راتوں خاطر غذا کے روویں

جب خاک میں محو وہ طفل بھوکے سووے
نے پیٹ بھر کے کھاوے نے نیند بھر کے سو تم

کسکا پدر ہے یارو ساقی حوض کوثر
کسکے چلا ہو تم ہیں پیاسے گلے پہ خنجر

ہر امر میں جو کوئی ایسوں کے ہو برابر
تب کیسے چھوڑا انکو غم اوسکے میں رو تم

تیغ ستم سے کسکا ہر آن کٹا ہے شانہ
تیر جفا سے کسکے بھائی کا سینہ چھانا

احمد کے ہو گھر میں اس ظلم کا ٹھکانا
تم میں کسی پہ یہ کچھ گذرا ہو تو کہو تم

ایسوں کے قتل ہر گہ خویش و تبار ہووے
اور زخم تن پہ اونکے جب دار پار ہووے

محشر مین اسطرح سے آوینگی مان کسوکی
ڈالی ہوئی سر پہ چادر بھری لہو کی

گر فکر وان تمھین ہی کچھ اپنی آبرو کی
دامان و آستین یان اور دو کو تر کرو تم

کن نے کسی کا بیٹا اس حال مین ستایا
کب مار مار چابک یون منزلین چلایا

جو تھک گیا تو اسکو شمشیر سے ڈرایا
اقرار گر کرو یہ تو ہو دروغ گو تم

میت پہ کب یہ جور چرخ کہن رہا ہے
چالیس دن کسیکا بے دفن تن رہا ہے

گھر کسکے جسم موتی دور از کفن رہا ہے
تار مژہ مین دانہ دو اشک کا پرو تم

کسکا وبال کن نے گردنپہ یون لیا ہے
سر کاٹ کر کسیکا تن ٹکڑے کر دیا ہے

گھوڑونکے قصد اوپر دوڑانیکا کیا ہے
افسوس جو نہ ایسے مظلوم پر رو تم

سر کاٹ تم مین کسکا رکھا تنور اندر
تن پہ پڑے ہین کسکے یہ تیر و تیغ و خنجر

انصاف چاہتا ہے اس ماجرے کو سنکر
خونناب ملین رو دو آپ کو ڈبو تم

سمجھو ہو اے عزیزو احوال ہے یہ کسکا
حامی روز محشر نانا نبی ہے کس کا

رونا یہ وہ ہے یارو گر اجر سمجھو اسکا
پھر عمر چاہیے یون رو رو کے آپ و تم

میری زبان پہ اسدم جنکا یہ ماجرا ہے
اولاد ہے علی کی اور آل مصطفے ہے

اس دنیا کا فوائد وابستہ جزا ہے
رو رو کے اپنے دلسے اپنونکے غم کو دھو تم

عرصے مین فاطمہ جب وزجزا کو آوین
اور اشک تمھاری آنکھون مین نم نپاوین

اٹھ آتے ہین سینے کلیجے تا دہن
چلتی ہو ہر چشم سے لوہو کی دھار

بیاہ دیکھا ہو غرض ایسا کہین
جسمین جز ماتم خوشی فرد نہین

غمنے یون ہر ایک کی آنکھین بہین
ہو گئے ہین سینے سنگ آبشار

سونے کو نوشہ نے خوش کی تھی تنگ
چھوڑ کر اپنی نویلی کا پلنگ

کھیلے ہے سارا اکٹھ لوہو سے رنگ
سمدھنین روتی ہین ڈھارین مار مار

کیا کرون آگے ہین ساچق کا بیان
دل پر از خون رنگ کے شیشے ہین یان

لی ہین نیزون پر سرون کی مشکیان
گل ہین آرایش کے زخم بیشمار

کیا کہون اب جو کٹی سعد کی رات
صبح کی افسوس ہین ململ کو ہات

ایسی ہی پھر دھوم سے آئی برات
ہو گیا روز قیامت آشکار

جو براتی ہین گریبان چاک سب
خاک سر ڈالے ہوئے یک یک و جب

شور بور اپنے لہو مین جان لب
گرد شہ کی لوتھ کے زار و نزار

اسطرح لائی غرض دولھن کے گھر
اک تن بے سر کو ڈالے کھاٹ پر

جب پڑی عورات کی اوسپر نظر
عرش کے آواز شیون ہوئے بار

لگ کے اُس تن کے گلے دولھا کی مان
بولی اے نوشہ ترا سر ہے کہان

کیا دھنکا نہین دیا اے میرے جان
سچ تو کہہ کن نے لیا تن سے اتار

عابدین پیادہ چلو ہین سینہ چاک
سیس دن دولھا کا نیزے پر سوار

مان غرض نوشہ کی کرتی تھی یہ بین
سامعونکے دمبدم بھرتی تھی نین

لے زمین سے تا فلک تھا شور و شین
نالہ و فریاد مین تھی کوہسار

سودا اس مرثیہ کو اب اختتام
دیکھے بھیج آل محمد پر سلام

ہونگے محشر مین ترے حامی امام
سب طرح بخشے گا تجکو کردگار

مرثیہ مربع

پہونچ ای ابر کہ مرجھای شجر حیدر کے
زیرین جھڑتے ہین بستانکے ثمر حیدر کے

پیاس سے تڑپے ہین پڑے نور بصر حیدر کے
خشک لب یکہ انھین چشم ہین تر حیدر کے

گذر اے ابر ترا کہ تو نہین کس جا پر
گاہ تو کوہ پہ برسے ہو گئے صحرا پر

حیف صد حیف کہ ترسے مین لب دریا پر
بوند پانیکے لیے لخت جگر حیدر کے

ڈوبا ہے آب بغیر آل محمد کا گھر
یوں تجکو نہ کرے غم سے جو چشم اپنی تر

اشک کی سیل گئی فاطمہ کے سر سے گذر
موج خون پہونچے ہے آتا بکمر حیدر کے

فیض سے نم کے زمین پر ترو تازہ ہو نبات
سبز و شاداب ہو کھیت سنگ ہو ای برسات

وای قسمت کہ جہانمین طلب آب فرات
آب بن ہوتی ہین بے آب گہر حیدر کے

خویش و فرزند وطن سے ہوئے آوارے
ظلم کی تیغ سے مارے گئے وہ بیچارے

نہ میں قاسم کو نہ عباس کو دیکھوں ہوں آہ
نہ پڑی چشم اب اصغر پہ نہ اکبر پہ نگاہ

اسطرح مٹ گئے آگ آنمیں سبحان اللہ
گویا تھے ہی نہ کبھو نور بصر حیدر کے

نہ کوئی یار ہے اپنا نہ کوئی اب ہے شفیق
نہ کوئی دوست ہے اسوقت نہ کوئی ہے رفیق

جو کوئی تھے سو ہوئے رحمت حق کے وہ غریق
کوئی دے جا کے یہ مرقد پہ خبر حیدر کے

ماسوا بحر کے اس قید میں ہے لاکھ گدا
قسمت اپنی کہ موا جو کوئی پیاسا ہوا

آہ کیا جانیے تھی کونسی ساعت کہ ہوا
آکے فرزند و نکا اس جا پہ گذر حیدر کے

پہ شام نے کیا کیسے تعدی جو کی
خیمۂ اہل حرم کی نہیں آگ آنمیں دی

کہ وہ سو زر کھا ایک کے اندام میں جی
قتل عام آگے مچایا ہو نگر حیدر کے

حقتعالی کرے اس قوم کو جلدی نابود
کہ یہ ہیں زیر فلک ہر دو جہاں کے مردود

ان لعینوں نے خدا جانے سمجھ کر کیا سود
کر دیے جی کو عزیزوں کے ضرر حیدر کے

یا بنی نیزے پہ ہر سر کو دیے کھلاتے ہیں
پھر ہمیں اسم با اسم آن کے بتلاتے ہیں

یوں عزیزوں کو تری شام لیے جاتے ہیں
جلد پہونچو کہ عجب قہر ہو گھر حیدر کے

راہ چلنے سے ہمیں کیا پل آرام نہیں
جس کو پوچھو ہیں کہاں لیچلا ای دشمن دین

ہنس کے کہتا ہے وہ ملعون یہ ہم کو ہیں
خویش و فرزند گئے اور جدھر حیدر کے

تھی غرض حضرت کلثوم کی ان سے گفتار
ہر سخن آب کرے تھا دل سنگ کو کار

۵۹۷

سر کا وعدہ کر چکا مین جور کی شمشیر سے
اُسکی الفا کو نہین سکتا مین اپنے سر سے ٹال

جو کوئی تم مین سے باندھو مرنے پر اپنی کمر
سو چلو ہمراہ اور جینے پہ ہو جسکی نظر

اُس سے ہون راضی فاقت دنیہ سے مین لذتا پہ
اُسکی جانب سے نہو ہرگز مرے دلمین ملال

راوی کہتا ہی سن اسکو بولا یون حضرت حنیف
جائیے آپ اقتضا کرتی ہی گرامی شریف

پر حرم کو ساتھ لیجانا ہی تدبیر ضعیف
پاس کنبے کا انھونکی مت کرو ہرگز خیال

ہی صلاح وقت یون اب کہ چلا انکو نہین
انکی دلجمعی کے خاطر چھوڑ دو یا میرے ساتھ

مین ترا بھائی ہون کہنے کو مرے کیجے یقین
ساتھ لیجانا انھونکا سخت ہی تم پر وبال

یہ نکا کہنے وہ سرور سنکے بھائی کا کلام
یون مقدر ہی شریک حال ہو عترت تمام

حق کی مرضی بن کیا اب تک نہین کچھ مین نے کام
آپکو انکے سے چھوڑون انکو یان ہی یہ محال

چاہیے یون سر مرا نیزے پہ ہو وے پیش پیش
اشترون پر سنکے پیچھے ہو مین بے پیسینہ پیش

پاس انکے ہو یہ عابد کوئی فرزند نہ پیش
سو اُسی اسطرح لیجاوین وہ قوم بد خصال

اُسکی قسمت مین ہی یون اُس سے ہو وے اسکو نصیب
پیادہ چلنے سے ہر اک منزل مین وہ کھینچے تعب

چشم تر ہون اشک سے اور تشنگی سے خشک لب
وہ نہ دے قطرہ کہ جس سے وہ پانیکا سوال

لیچلین اُس راہ جسمین ہو وے کانٹونکا فرش
پا برہنہ تپتے ہو وے میرے سینے کا سرور

اسطرح سے جائے ابن مرجانہ کے حضور
اسمین اے بھائی نہین ہے شک وطن کا احتمال

پر ترے سر کیلیے پیش جناب کبریا
کاندھے سے لیکر مری یکساں ہو تا نیزے کی بھال

مطلقا اس امر میں مارا نہیں جاتا ہے دم
گو نبوت یا امامت کے سبب فائق ہیں ہم

جس جگہ سر کھینچتا ہے بے نیازی کا علم
رکھتی ہے اوسجا نبوت اور امامت کیا کمال

یہ زبانی فاطمہ کی تجکو دیتا ہوں جواب
اس سے بہتر ہی نہیں حق میں ترے کوئی صواب

جسطرح حاضر ہوا وان جا حاضر ہو شتاب
تا بدرگاہ خدا ہو سرخرو تیری جمال

یہ سخن کہکر گلے اپنے جگر گوشے کے مل
یا تلک وہ کہ مژگانسے چوا خونناب دل

خاک تھی زیر قدم جتنی ہوئی لوہو سے گل
یوں محمد سے ہوا رخصت کا اسکی اقتصال

دیکھکر یہ خواب جو چونکا شہ دنیا و دین
پونچھتا آنکھیں سوی اہل حرم آیا وہیں

یوں کہا خدام سے کسکو شلیتو کے تئیں
ہو جو اسباب سفر دو پیٹھ پر اونٹوں کی ڈال

ناقل حال سوز یوں کرتا ہے اب کی بیان
لے حرم کو ساتھ اپنے جب لگی ہونے روان

جنکو چھوڑا تھا مدینے میں وہ با آہ و فغان
اُس شہ دنیا و دین سے یوں لگے کرنے سوال

چھوڑ کر ہم کو کیا ہے تم نے جو عزم سفر
کیونکہ پہونچیگی تمھارے حال کی ہمکو خبر

یہ سخن سن شہ نے انکو خاک دی مکٹھی بھر
اور فرمایا کہ رکھیو تم اسے شیشے میں ڈال

تم خبر اس خاک سے پاؤگی میری من و عن
راوی بھی اسطرح لکھتے ہیں چنانچہ یہ سخن

کربلا میں جسگھڑی جو جو وہ ہو کر بیوطن
ہو گئی وہ خاک شیشے میں برنگ خون لال

اس غریبی سے کٹا یا حلقوم — رن مین تین ہاے حسین مظلوم

اُس جگر خستہ کا دو سے معصوم — پیٹین یون لے لیکے نام آج کے دن

جان بلب آب بغیر از اطفال — جو کوئی ہو سو عطش سے ہو نڈھال

دمبدم دیکھ انھون کا احوال — ہے یہ عابد کا کلام آج کے دن

پیاس کے مارے مین ڈرتا ہون ہاے — باقی ماندون سے نہ کوئی مر جاے

پھیر کس کام کا لے جد جو نہ آئے — کام مین کوثر و جام آج کے دن

جاری دریا مین بھری ہین تالاب — مرغ سے مور تلک سب سیراب

بند یہ آل نبی پر ہے آب — قطرہ ہو اونپہ حرام آج کے دن

ہو خدا کوئی یتیمون کا نہین — ڈھونڈھیے روے زمین کو تو کہین

پیادہ پا قید مین کر سب کے تئین — لیگیا لشکر شام آج کے دن

نہ کوئی دوست نہ کوئی ہمدم — کہ کہین جس سے یتیم اپنا غم

کون اسوقت انھین پہونچے بہم — دی نبی کو جو پیام آج کے دن

اس مصیبت کو کہین سو کس سے — غم الم دونا ہے دونا اس سے

ہم نفس کون کرین وہ جس سے — درد اپنے سے کلام آج کے دن

اقربا قتل ہوئے سب کے سب — ایک عابد سو گرفتار بہ تب

فلک سے لے کے جتنے تھے بڑے زمین
لٹ گیا ایمان کا کشور واور یغا و دریغ

کسطرح کھینچین نہ ہم سینوں سے آہ درد ناک
